گھریلو جانوروں اور پالتو جانوروں کے علاج پر بہترین کتاب

گنجینہ طب حیوانات

ڈاکٹری ایلو پیتھک علاج ہومیو پیتھک علاج

VETERINARY GUIDE

عثمان پبلی کیشنز

گنجینہ طب حیوانات

ڈاکٹری ایلوپیتھک علاج ہومیوپیتھک علاج

VETERINARY GUIDE

ڈاکٹر نوید چوہدری
ڈاکٹر عتیق الرحمٰن

ہر قسم کی بکس وی پی منگوانے کیلئے اس پتہ پر خط لکھیں، فون کریں اور ایس ایم ایس کریں

عثمان پبلی کیشنز

عثمان پبلی کیشنز، ملک جلال دین ہسپتال، چوک اردو بازار، لاہور

دکان بند ہونے کی صورت میں نیچے والے پتہ پر تشریف لائیں

عثمان پبلی کیشنز، مچھلی منڈی، نزد اردو بازار، لاہور

Email: upublications@yahoo.com upublications@gmail.com

0333-4275783 - 042-37640094 - 0333-4096572

جملہ حقوق محفوظ

محمد عثمان نے ریاض شہباز پرنٹنگ پریس لاہور

سے چھپوا کر عثمان پبلی کیشنز سے شائع کی۔

مصنف کی آراء سے ادارہ (پبلشر) کا متفق ہونا ضروری نہیں

Rs:450/-

ڈیزائنگ وکمپوزنگ: کمبائن گرافکس 0300-8466944

عثمان پبلی کیشنز

ہر قسم کی بکس کیلئے یا وی پی بکس منگوانے کیلئے اس درج ذیل ایڈریس پر رابطہ کریں

پہلے یہاں تشریف لائیں:

عثمان پبلی کیشنز، ملک جلال دین ہسپتال، چوک اردو بازار، لاہور

دکان بند ہونے کی صورت میں نیچے والے پتہ پر تشریف لائیں

عثمان پبلی کیشنز، مچھلی منڈی، نزد اردو بازار، لاہور

Email: upublications@yahoo.com

upublications@gmail.com

0333-4275783 - 042-37640094 - 0333-4096572

فہرست

قرابادین حیوانات

اس قرابادین یا ویٹرنری میٹریا میڈیکا میں ان دوائیوں کا بیان ہے۔ جو ضرب د زخم کے اندرمال کے لئے جو گھریلو جانوروں کو ہوا کرتے ہیں۔ استعمال میں آتی ہیں۔ یا ان کے تندرستی ان سے قائم رہتی ہے ان ادویات کا اثر ایک دوسرے سے مختلف ہے۔ بعض سے قے آتی ہے۔ بعض سے دست آتے ہیں۔ بعض کے استعمال سے قبض ہو جاتا ہے۔ بعض ان میں سے ایسی بھی ہیں کہ جن کے استعمال سے صحت ہو جاتی ہے اور بعض ایسی ہیں کہ ان کے لگانے سے سوزش ہوتی ہے ان کا سب کا ذکر مفصل طور پر ذیل میں آئے گا۔

ڈی مل سنٹ یعنی مزلقات

ڈی۔مل۔سنٹ وہ چیزیں ہیں جن سے جسم تیز چیزوں کی خراش سے محفوظ رہتا ہے۔ مقام خراش نرم ہو جاتا ہے اور اُس پر پردہ سا بن جاتا ہے۔ مثلاً گوند، موم، چربی، ویسلین، تیل اور دیگر لعابدار اشیاء روغن، روٹی، آرد گندم وغیرہ

ڈائی لواِنٹس

ڈائی لوانٹس چیزوں سے خون اور دیگر رطوبات جسم میں رقیق ہو جاتی ہے۔ جیسے آش جو السی کا جوشاندہ، چوکر مہیلہ، ستو وغیرہ۔ ان کو عموماً اس وقت پلاتے ہیں جبکہ جسم میں فضلات جمع ہو جائیں یا جب اعضائے بول میں خراش ہو۔ عموماً بخاروں میں، شیر گرم پلاتے ہیں۔ لیکن اگر سرد بھی پلائی جائیں تو کچھ مضائقہ نہیں۔ محنت کش جانوروں کو ایسی

چیزوں کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے کیونکہ ان سے ہاضمہ درست ہو جاتا ہے۔ جلد میں خراش
نہیں ہوتی اور جانور، بخار، فارسی وغیرہ امراض سے محفوظ رہتا ہے۔

ان ٹے سپ ٹک

ان ٹے سپ ٹک وہ چیزیں ہیں جو کسی چیز کو سڑنے سے روکیں۔ کسی چیز کے
سڑنے کے واسطے تین چیزوں گرمی، رطوبت ہوا کا ہونا ضروری ہے لیکن پھر بھی جب تک
ان میں کوئی جاندار مادہ باہر سے شامل نہ ہو نہیں سڑتیں۔ اس جاندار مادہ کو زائل کرنے سے
یہ دوائیں جن کو ہم ان ٹے سپ ٹک بولتے ہیں۔ سڑنے سے روکتی ہیں۔ وہ دوائیں یہ
ہیں۔ کوئلہ، خشک مٹی، کاربالک ایسڈ، چونہ، کلورین، پرمیگنیٹ آف پوٹاش، سوڈیم کلورائیڈ یا
کھانے کا نمک، سلفٹ آف کاپر، سلفٹ آف آئرن، بورک ایسڈ، پرکلورائیڈ آف مرکری
یا دار چکنہ

ڈس ان فک ٹنٹ

ڈس ان فک ٹنٹ وہ دوائیں ہیں جو کہ ان مضر مادوں کو جو مردہ یا زندہ اشیاء سے
نکلتے ہیں زائل کر دیتی ہیں وہ تقریباً وہی دوائیں ہیں جو کہ انٹی سپٹک ہیں لیکن فرق یہ ہے کہ
ڈس ان فک ٹنٹ مضر مادوں کو صرف زائل کرتی ہیں اور انٹی سپٹک پیدا ہی نہیں دیتیں۔ عام
پانی، عام ہوا، بہت گرم پانی، بہت سردی کا بھی یہی اثر ہے۔ ان ادویات کی ضرورت عموماً
اس وقت ہوتی ہے۔ جبکہ کوئی متعدی مرض مثلاً گلانڈرس، یا کیٹل پلیگ، پھیل جائے۔ پتلی
گندگی کے واسطے مکڈوگلس پوڈر مفید ہے۔ اگر پانی کو ڈس ان فکٹ کرنا ہو تو کلورائیڈ آف
لائم یا پرمیگنیٹ آف پوٹاش پھٹکری بہت عمدہ ہیں۔ بالٹیوں کو کھرچ کر، فینائل یا میلا
کاربالک ایسڈ سے دو اونس فی گیلن پانی میں ملا کر دھونا ڈالنا چاہیے۔ گاڑی، ساز، زین،
چھت، کو فینائل سے دھو سکتے ہیں۔ بعض صاحب بھپارہ دینے سے بھی یہی فائدہ خیال

کرتے ہیں۔ مکان میں چونہ کی سفیدی اور گندھک کی دھونی سب سے بہتر ہے۔ اگر چمڑے کو ڈس ان فک ٹنٹ کرنا ہو۔ تو کھانے کا نمک بہت مفید ہے۔ انٹی سپ ٹک اور ڈس ان فک ٹینٹ چیزوں کو پانی یا دانہ کے ساتھ اندر بھی دے سکتا ہیں۔ بھیارہ بھی کر سکتے ہیں۔

ڈی۔او۔ڈو۔رائی۔زرس

یہ وہ چیزیں ہیں جو بدبو کو چھپا لیتی ہیں یا زائل کر دیتی ہیں لیکن اگر طبیعت کو ناگوار معلوم ہوتی ہوں۔ تاہم مضر صحت نہیں ہوتی ہیں مثلاً لوبان، کافور کا جلانا اور مختلف خوشبویات اور عطریات کا چھڑکنا، کسکر یلا، لیونڈر، بدبودار گیسیں کیمیائی طور پر نیوٹرل کرنے والی اشیاء سے بھی دفع ہو جاتی ہیں۔ مثلاً سلفورائیٹڈ، ہیڈروجن گیس، کلورین سے اور ایمونیا گیس کی بدبو، ہیڈروکلورک ایسڈ، یا نائٹرک ایسڈ سے اور جاندار اجزاء کاربالک ایسڈ، یا کریازوٹ سے اگر کوئی بدبو پھیلی ہو تو اس کی تدبیر یہ ہے کہ کوئلہ جلادیں یا خشک مٹی ڈال دیں کیونکہ ان سے بدبو جذب ہو جاتی ہے۔

انٹی ڈوٹ

انٹی ڈوٹ وہ اشیاء ہیں جن سے زہروں کا اثر دور ہو جاتا ہے اور زہر کو کسی ناحل ہونے والے مرکب میں تبدیل کر دیتا ہے۔ مثلاً سنکھیا کھا جانے کے بعد ہیڈرٹیڈ پراگسائیڈ آف آئرن دینے سے وہ ایک نہ حل ہونے والا نمک بن جاتا ہے پھر جذب نہیں ہو سکتا۔

عوام الناس زہر اُس کو کہتے ہیں جس کی مقدار سے زیادہ استعمال کرنے سے صحت میں فرق آجائے۔ یہ ضروری نہیں کہ سنکھیا، دھتورہ یا کچلا ہی ہو۔ انٹی ڈوٹ کے طور پر ہم ڈیکل سینٹ اشیاء کہلا سکتے ہیں کیونکہ ان کے استعمال سے اعضاء ہضمیت کے اندر ایک چکنہ پردہ بنجاتا ہے جس سے زہر اپنا اثر کرنے نہیں پاتا۔

کاسٹک

کاسٹک وہ دوائیں ہیں جن کے استعمال سے جسم کی ساخت ایسی گل جاتی ہے کہ مردہ ہو جاتی ہیں۔یا پانی کی طرح بہنے لگتی ہیں۔جس جگہ یہ دوائیں لگائی جاتی ہیں گو اس جگہ کو یہ گلا دیتی ہیں یا مردار کر دیتی ہیں لیکن اُس کے اردگرد کے حصوں میں تروتازگی زیادہ آجاتی ہے اسی واسطے ست انگوروں کو اشٹی مولیٹ یا تحریک کرنے کے واسطے لگاتے ہیں۔ حیوانات کے علاج میں، پھٹکری، جست، سیسہ، تانبا، سیماب، سنکھیا، چاندی کے مرکبات بھی بطور کاسٹک کے استعمال ہوتے ہیں۔کاسٹک سے جلانے کو پوٹنشل کاٹری کہتے ہیں۔ ان تیز کاسٹک دواؤں کو جو کہ تندرست جلد پر لگانے سے بھی اپنا اثر ظاہر کریں۔اس کارانگ یا تیز کاسٹک بولتے ہیں۔مثلاً سلفیورک ایسڈ، کاربالک ایسڈ، نائٹریٹ آف سلور، کاسٹک پوٹاش وغیرہ کاسٹک ادویات کو جب خون کے بند کرنے کے واسطے استعمال کریں۔

ایسڈ

ایسڈ ان اشیاء کو بولتے ہیں جو ذائقہ میں ترش ہوتی ہیں۔اور نباتات کے نیلے رنگ کو سرخ کرتی ہیں۔اور دھاتوں کے ساتھ مل کر مرکبات بنا دیتی ہیں۔مثلاً سلفیورک ایسڈ، ہیڈروکلورک ایسڈ، نائٹرک ایسڈ، گیلک ایسڈ، اگزالک ایسڈ، ایسی ٹک ایسڈ، فاسفارک ایسڈ ان تیزابوں کو خوب پانی ملا کر اور پتلا کر کے پلانا چاہیے۔تاکہ معدہ کو جلانہ دیں اور جب کھاری چیزوں کے کھانے سے زہر ہو جاتا ہے۔تو ان کا انٹی ڈوٹ ایسڈ ہے۔ جب ایسڈوں کو پلاتے ہیں تو ان سے بھوک زیادہ ہو جاتی ہے۔

انٹاسڈ یعنی الکلی

انٹاسڈ یا الکلی ان دواؤں کو بولتے ہیں جو کھاری ہوتی ہیں اور نباتات کے سرخ رنگ کو نیلا کر دیتی ہیں۔چونہ، ایمونیا، سوڈا، مگنیشیا، پوٹاش کے مرکبات کاربونیٹ اور ہائی

کاربونیٹ، معدہ کی ترشی کو رفع کرنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں اور ایسڈوں کا انٹی ڈوٹ ہیں۔

روبے۔فے۔شنٹ

روبے۔فے۔شنٹ چیزوں کے لگانے سے خفیف انفلامیشن ہوکر جلد سرخ ہوجاتی ہے۔جیسے الکوحل، ایمونیا یعنی سنٹ رائی اور زور زور سے رگڑنا، گرمی پہنچانا

وی۔سی۔کینٹ یا آبلہ انگیز

وی سی کینٹ کے لگانے سے جلد کے گہرے حصہ میں انفلامیشن ہوکر چھالے پڑ جاتے ہیں۔مثلاً تارپین، ایمونیا، کن تھری ڈس، کھولتا ہوا آب گرم، گلیشیل ایسیٹک ایسڈ

سپیو۔رنٹ یعنی پیپ پیدا کرنے والی اشیاء

سپیورنٹ وہ دوائیں ہیں۔جن کے لگائے سے۔سپیوریشن یا پیپ پیدا ہوجائے۔ان کا اثر پہلی دونوں جماعتوں سے زیادہ تر ہوتا ہے۔مثلاً جمالگوٹہ، ٹارٹار، ٹارٹا ایمے ٹک، آئیوڈائیڈ آف مرکری کا مرہم۔تیلنی مکھی۔اور رائی بھی جب ایک ہی مقام پر بار بار لگائی جائیں پیپ پڑ جاتی ہے۔

فایارنگ۔یا۔اکچوال کاٹری

گرم لوہے سے جلانے کو اکچوال کاٹری یا فایارنگ بولتے ہیں۔اس کا فائدہ کونٹرا اریٹنٹ ہوتا ہے۔یہ ہڈی کے بڑھاؤ یا عضلات اور رباطات کے امراض میں بطور اخیری علاج کے استعمال کیا جاتا ہے۔

سی۔ٹن

جسم کے کسی حصہ میں فیتہ کے آر پار کردینے کو سی ٹن کہتے ہیں جو کہ بذریعہ سی ٹن

نیڈل کیا جاتا ہے۔ فایارنگ اور عمل سی ٹن علم جراحی کے متعلق ہیں۔ یہ سائی نس سی مواد کے اخراج کو جاری رکھنے اور اُس کی اندرونی جھلی کو ضائع کرنے کیلئے یا عرصہ کی بون سپاون میں بھی استعمال کیا جاتا ہے بعض اوقات جب دیر تک اخرا مواد جاری رکھنا منظور ہو تو اس پر کوئی خراش پیدا کرنے والی چیز یعنی اری ٹینٹ مادہ مل دیتے ہیں ایشیو یا روال کا اثر بھی سی ٹن کے مانند ہوتا ہے۔

ار۔رائین

ار۔رائین وہ دوائیں ہیں۔ جن کے ناک میں لگانے سے چھینکیں آتی ہیں اور رطوبات جاری ہوتی ہیں۔ مثلاً تمباکو، اپیکاک، یوروفیوپیم۔

اسٹو۔ماکک مقوی معدہ

اسٹمک معدہ کو کہتے ہیں۔ اسٹوماکک وہ دوائیں ہیں جو معدہ کو قوت بخشتی ہیں۔ جیسے کولنبا، جین شن، سونٹھ، دھنیا، سونف، الائچی، زیرہ، پیاز، لہسن، ادرک، کالی اور سرخ مرچیں روغن پودینہ، روغن سونف وغیرہ

کار۔مے۔نے۔ٹیو

کار۔ے۔نے۔ٹیو وہ دوائیں ہیں۔ جن کے اندر دینے سے جسم سے ریح خارج ہو جاتی ہے۔ مثلاً سونٹھ، دھنیا، سونف، الائچی، کالی اور سرخ مرچ، لہسن، ادرک، ہینگ، کلوری ایسڈ لائم، ہپوسلفائیڈ آف سوڈا۔ یہ عموماً نفخ شکم (اپھارہ) میں استعمال کی جاتی ہیں۔

اے۔ٹک۔ادویات مقئی

اے ٹک وہ دوائیں ہیں۔ جن کے استعمال سے قے ہو جائے۔ گھوڑے کو قے

نہیں ہوتی کیونکہ گھوڑے کا معدہ چھوٹا ہوتا ہے۔اور پردہ ڈایافرام سے دور ہوتا ہے اور اس واسطے دب نہیں سکتا۔اگر دب بھی جائے تو مری کے آخری سوراخ پر چھلا لگا رہتا ہے جو کہ بند ہوتا ہے اور تری کی میوکس ممبریں اس قدر ڈھیلی ہوتی ہے کہ اُس کی تہیں پڑی رہتی ہیں۔ جن کو روگی کہتے ہیں۔فرض کیا وہاں سے اگر آ جائے تو گھوڑے کا نرم تالو یلسافٹ پیلیٹ اس قدر بڑا ہے کہ غذا منہ میں واپس آ نہیں سکتی۔اس واسطے اگر گھوڑے کو قے آ بھی جائے تو ناک کے راستہ آتی ہے لہٰذا امے ٹک دواؤں کا اثر گھوڑوں پر نہیں ہوتا۔بیل کا معدہ بڑا اور کئی خانوں میں منقسم ہوتا ہے۔اس واسطے اس میں دوائیں ویسی ہی پڑی رہتی ہیں۔کتوں اور خوراک کو قے آسانی سے ہو جاتی ہے اور عموماً کتوں میں بخار کے روکنے کے واسطے ڈسٹمپر وغیرہ میں بھی استعمال کرتے ہیں۔رائی تمباکو، اپیکا کیوانہ، انٹی منی ٹارٹریٹ سلفٹ آف کاپر، سلفٹ آف زنک کھانے کا نمک وغیرہ امے ٹک ہیں۔

اِک۔بالک یا پارٹیوری اینٹ

اک بالک وہ دوائیں ہیں جن کے استعمال سے رحم میں تشنج ہوتا ہے اور جو کچھ اس کے اندر ہو گر جاتا ہے۔ مثلاً ارگٹ، رو، ساون، کنتھر یڈس، گیم بوج، ان دواؤں کو جانوروں میں کم استعمال کرتے ہیں کیونکہ اُن کے بچے آسانی سے پیدا ہو جاتے ہیں۔

اِف رو ڈی، سی، اک

اف روڈی، سی، اک وہ دوائیں ہیں جن سے قوت باہ بڑھ جاتی ہے۔ مثلاً فاسفورس، تیلنی مکھی، تارپین، گرم مصالحہ اور کچلا وغیرہ

پر۔گے۔ٹیو۔یا مسہلات

پر گے ٹیو کے استعمال سے معدہ کی رطوبتیں زیادہ ہوتی ہیں۔اور فضلا جلد خارج ہو جاتا ہے بعض ایسی ہیں جو رودوں کی میوکس پردہ پر خراش کرتی ہیں اور رودوں کی طبعی

حرکت کو بھی تحریک کرتی ہیں جیسے چوکر اور ساگ پات کے ریشہ وغیرہ
جتنی دوائیں زود اثر استعمال کی جاتی ہیں خواہ وہ کسی طرح دی جائے پہلے خون میں جذب ہوتی ہیں۔ مسہلات کے اثر میں بہت فرق ہے۔ چنانچہ جن کا اثر ہلکا ہوتا ہے ان کو لکسی ٹیو بولتے ہیں اور جب ایسے پتلے پانی کی طرح دست آتے ہیں۔ تو ہیڈرو گاک پر گے ٹیو کہتے ہیں۔ جب ان سے پیچش ہوتی ہے تو ڈراسٹک پر گے ٹیو بولتے ہیں۔ بلا کسی خاص اثر پیدا کرنے کے ہرگز جلاب نہ دینا چاہیے۔ کیونکہ جب کسی وجہ کے بغیر جلاب دیا جاتا ہے تو بدہضمی ہو جاتی ہے جلاب میں تین باتوں کا خیال کیا جاتا ہے۔

اوّل: شکم سے غذا غیر منہضم یا سدے یا سمیات یا کرم خارج کرنا

دوم: یہ کہ خون کی ماہیت کم ہو جائے

سوم: رودوں کی صفائی ہو جائے مگر ساتھ ہی خون کی بھی صفائی ہو جائے

اِکس۔ پک۔ ٹو۔ رنٹ

"اکس پک ٹو رنٹ" وہ دوائیں ہیں جن سے ٹریکیا اور برانکائی اور دیگر آلات تنفس کے دیگر حصوں سے بلغم زیادہ پیدا ہوتا ہے۔ ان میں سے بعض کا اثر تو خاص تنفس کے آلوں پر ہوتا ہے۔ جیسے کلورین، آئیوڈین، ایتھر، تمباکو کا دھواں بعض ایسی ہیں جو پہلے خون میں جذب ہو جاتی ہیں اور تب آلات تنفس کی میوکس ممبرین پر اپنا اثر کرتی ہیں۔ مثلاً مدار کی جڑ کی چھال، اپی کک، بعض قسم کی گوندیں اور مرکبات، انٹی منی، جی بورنڈی، ایسڈ، ایمونیا کے نمک، سینگا، ٹرپن ٹائن کی بھاپ، بائسم

ڈایا۔فوری۔ٹکس۔یا۔سیو۔ڈاری۔فکس

یعنی معرقات

ان دونوں لفظوں کے معنی پسینہ لانے کے ہیں حیوانات کے جسم کے متعلق بڑی بھاری خدمتیں ہیں۔ جن میں سے ایک پسینہ لانا بھی نہایت ضروری خدمت ہے۔ پسینہ تندرستی کی حالت میں ہمیشہ خارج ہوتا رہتا ہے۔ اور کاربالک ایسڈ، گیس بھی خارج ہوتی ہے۔ غالباً آکسیجن ہوا بھی اسی کے ذریعے جسم میں پہنچتی ہے لیکن جب سردی لگتی ہے تو جلد کے فعل میں خلل واقع ہوتا ہے اور جلد کی عروق شعریہ سکڑ جاتی ہیں اور حرارت غریزی بڑھ جاتی ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ محنت کش گھوڑوں کو بخار اور زکام ہو جاتا ہے۔ گردے، شش، یا امعاء، بیمار ہو جاتے ہیں۔ تب اسی کے راستہ خون صفا ہوتا ہے اگر اُس کے ذریعے خون صاف نہ ہو تو جانور بیمار ہو جائے۔ اسی واسطے جلد کو صاف اور ستھرا رکھنا ضروری ہے۔ معرقات کے استعمال سے دوران خون کو تحریک ہوتی ہے۔ تب پسینہ آتا ہے۔ جیسے ورزش کرنی گرم لباس پہننے سے ہوتا ہے ان دواؤں کا اثر بہ نسبت انسان کے حیوانات پر کم ہوتا ہے کیونکہ حیوانات کی جلد بھی بھدی ہوتی ہے اور اُس پر کثرت سے بال ہوتے ہیں۔ مویشی کی نسبت گھوڑوں کو زیادہ پسینہ آتا ہے۔ کتوں اور بلیوں میں بہت ہی کم پسینہ آتا ہے کیونکہ جو رطوبت انسان اور گھوڑوں میں جلد کے راستہ خارج ہوتی ہے وہ کتوں اور بلیوں میں پیشاب کے راستہ خارج ہوتی ہے اور ان کے کھلے منہ اور مرطب زبان کے ذریعہ بھی نکل جاتی ہے۔ گھوڑوں اور مویشیوں میں زیادہ تر آسان طریق یہ ہے کہ جانور کو کثرت سے پانی پلادی۔ بدن کو زور زور سے ملیں اور گرم مکان میں رکھیں اور تھوڑی مقدار میں مفصلہ ذیل ادویات میں سے کسی کا استعمال کریں۔ مثلاً ایسی ٹیٹ آف ایمونیا، نائٹرلیس ایتھر، سلفورک ایتھر، اپے کک، مدار کی جڑ کی چھال، لطیف روغن، ڈورس پوڈر، مرکبات انٹی منی یہ دوائیں خون میں منجذب ہو جاتی ہیں۔ لیکن چونکہ جسم کے اجزاء میں سے نہیں (غیر

چیزیں) ہیں خون میں عرصہ تک نہیں رہ سکتی۔ پس جذب ان کو کھلا کر مذکورہ بالا طریق عمل میں لائیں تو ادویات جلد کی طرف کھچ آتی ہیں اور اس کو تحریک دیکر پسینہ آجاتا ہے۔ جب جلد سے اچھی طرح پسینہ نہیں ہوتا اور خون باقاعدہ دور کرتا ہے۔ زائد حرارت گھٹ جاتی ہے۔ اندرونی اعضاء میں اجتماع خون ہونے نہیں پاتا مثلاً بخار، زکام، وغیرہ سوزش دار امراض۔ معرقات کے استعمال سے جلد کی رگوں کو تحریک آتی ہے اندرونی اعضاء میں خون جمع نہیں ہوتا پیشاب کم آتا ہے۔ اور امعاء سے بھی رطوبت کم ہونے لگتی ہے۔ اسی واسطے یہ دوائیں ذیابیطیس اور اسہال میں مفید ہیں۔ جب خون میں ماہیت زیادہ اور فضلات بھی جمع ہوتے ہیں تو ان کو استعمال کیا جاتا ہے۔

ڈایو۔رے۔ٹکس

''ڈایو۔رے۔ٹکس'' وہ دوائیں ہیں جن کے استعمال سے پیشاب زیادہ آتا ہے۔ ان کے استعمال سے گردوں کو تحریک ہوتی ہے اور پیشاب زیادہ پیدا ہوتا ہے۔ تب یہ دوائیں بھی اسی پیشاب کی راہ خارج ہو جاتی ہیں۔ حیوانات میں۔ کھارا اور نمکین ادویات۔ تارپین۔ لطیف روغن۔ نائٹرس ایتھر ڈیجی ٹیلس۔ کنتھاریڈس۔ بطور ڈایوریٹکس کے استعمال کرتے ہیں۔ جب نمکین دواؤں کو زیادہ استعمال کریں تو ان سے دست بھی آجاتے ہیں۔ اس واسطے ان کا استعمال تھوڑا تھوڑا مناسب ہے مرض کے علاج میں مدارت کا استعمال مفصلہ ذیل مطالب کے واسطے کیا جاتا ہے۔

☆ جن امراض میں پیشاب کم پیدا ہوتا ہے ان میں گردوں کو تحریک دینے کیلئے

☆ ڈراپسی کا پانی جذب کرنے کیلئے

☆ خون میں جب کوئی زہر سرایت کر جائے

☆ جب پیشاب گاڑھا آتا ہے یا پتھری بن جانے کا خطرہ ہوتا ہے

☆ سوزش کے رفع کرنے کے واسطے کیونکہ جب پیشاب زیادہ آتا ہے خون میں پانی کم ہو جاتا ہے جس سے انفلامیشن کے مقام پر خون نہیں آتا۔ انفلامیشن رفع ہو جاتی ہے۔

سائے۔لے۔گاگس

یہ وہ دوائیں ہیں جن کے استعمال سے تھوک زیادہ آتی ہے۔دوطرح کی ہوتی ہیں۔ایک وہ جو سینہ میں خراش کرنے سے تھوک زیادہ لائیں۔مثلاً سرخ یا سیاہ مرچ۔ دوسری وہ جو خون میں جذب ہو کر غدوددوں پر اثر کریں جیسے مرکبات سیماب انٹی منی اور آئیوڈین سنی پس۔جنجر پوٹاشی آئیوڈائیڈ

ٹانکس یعنی مقویات

ٹانکس دواؤں سے جسم کو طاقت آتی ہے۔یہ معدہ میں داخل ہو کر خون میں جذب ہو جاتی ہیں۔اوران میں سے جن کی کمی ہوتی ہے پورا کر دیتی ہیں۔مثلاً مرکبات فولاد اور روغن دار اشیاء کا ڈلیورائل وغیرہ۔ان سے بھوک تیز،نبض پر،قوا مضبوط ہو جاتے ہیں۔ عضلات میں طاقت آجاتی ہے۔جب تندرست جانور کو یہ دوائیں دی جائے تو اس کا ہاضمہ بگڑ جاتا ہے اور گاہے گاہے بخار بھی ہو جاتا ہے۔ٹانک اور اسٹی میولنٹ دواؤں میں بڑا فرق ہے ٹانک دواؤں کا اثر آہستہ آہستہ ہوتا ہے اور دیر تک رہتا ہے اوران کے بعد ضعف نہیں پیدا ہوتا۔برعکس اس کے اسٹی میولنٹ دواؤں کا اثر جلد ہوتا ہے اور جلد گذر جاتا ہے اور ضعف پیدا ہو جاتا ہے۔ٹانک دواؤں کو اُس وقت استعمال کرتے ہیں جب کمزوری کے سبب اشتہا کم یا غذا کا بدل ما تحلیل اچھے طور پر نہیں ہوسکتا۔ان دواؤں کو تیز بخار یا شدید انفلامیشن میں نہ دینا چاہیے۔مقویات کو تھوڑی تھوڑی مقدار میں اور بار بار عرصہ تک استعمال کرنا چاہیے۔حیوانات کے علاج میں معدنی مقویات،فولاد،جست ہیں اور معدنی تیزاب کا استعمال کرنا چاہیے حیوانات کے علاج میں معدنی مقویات فولاد،جست ہیں اور معدنی تیزاب کا استعمال کیا جاتا ہے۔اور نباتاتی ادویات مثل،چرائتہ،جن شن،گلو،نیم، کوائیشیاء،روبرب،سنکونا وغیرہ بہت مستعمل ہیں۔چونکہ معدنی مقویات نباتاتی ادویات کی نسبت زود اثر ہیں۔اس لئے حیوانات سفلی میں ان کا استعمال کیا جاتا ہے۔لیکن اس وقت

جب کہ جانور کسی کمزور کرنے والی مرض سے شفایاب ہو جائے تو نباتاتی مقویات استعمال کرنی چاہئیں کیونکہ معدنی مقویات ہضم کرنے کے واسطے معدہ کمزور ہوتا ہے۔

اِسٹی۔میو۔لنٹ

ان ادویات کے استعمال سے عصبی طاقت کچھ عرصہ تک تک بڑھ جاتی ہے اور دل اور دیگر قوا کو تحریک حاصل ہوتی ہے۔خمر، ایتھر، لطیف روغن، تارپین، بالسم بعض گوندیں، فاسفورس، ایمونیا، اسٹی میولنٹ ہیں۔جس عضو کے ذریعے یہ دوائیں جسم سے خارج ہوتی ہیں۔اس کو تحریک دیتی ہیں۔اس واسطے انسے بعض دفعہ پیشاب اور پسینہ بھی آتا ہے۔جو دوائیں زود اثر ہوتی ہیں ان کو ڈیفیوزیبل اسٹی میولنٹ کہتے ہیں۔مثلاً ایمونیا، خمر، ایتھر ان سے مثل ٹانک اور الٹریٹو کے بیماری رفع نہیں ہو جاتی بلکہ عصبی طاقت بڑھ جاتی ہے اور جسم کے کل قوا کو سہارا ہوتا ہے۔یہ اس وقت مفید ہوتی ہیں جس وقت جانور فوراً کمزور ہو جاتا ہے ان ادویات سے خاص موقعوں پر خاص اثر پیدا ہوتے ہیں۔مثلاً جب اشتہا تیز ہو جاتی ہے اور ہاضمہ کو مدد ہوتی ہے تو اسٹوما کک کہلاتے ہیں اور جب ریح خارج کریں تو کارمی نے ٹیو کہلاتے ہیں۔جب تشنج کو رفع کریں۔تو انٹس پازماڈک اور وہ جن کا اثر ظلم عصبی پر ہوتا ہے ان کو نرواسٹی میولنٹ بولتے ہیں لیکن دل پر چنداں اثر نہیں ہوتا۔بجلی سے بھی اسٹی میولنٹ فائدہ حاصل ہوتا ہے۔عموماً فالج میں استعمال کی جاتی ہے۔گھوڑوں اور کتوں کے شدید انفلامیشن میں اسٹی میولنٹ دواؤں کا استعمال نہ کرنا چاہیے۔

آل۔ٹے۔رے۔ٹیو

ان دواؤں سے خون صاف ہو جاتا ہے۔بعضے خون کی ایسی امراض ہیں جو آل ٹے رے ٹیو دواؤں سے رک جاتی ہیں یا رفع ہو جاتی ہیں۔کیونکہ خونکی جس حالت سے یہ مرض پیدا ہوتی ہے وہ اس قسم کی ادویات سے بدل جاتی ہیں۔مثلاً آئیوڈین، سنکھیا، گندھک مرکبات سیماب انٹی منی، نقرہ، جست، مس، سیسہ کھارا اور نمکین ادویات معدنی تیزاب اور

کاربالک ایسڈ یہ دوائیں امعا کی رطوبتوں میں حل ہو کر خون میں جذب ہو جاتی ہیں۔ جسم کی ملائم ساخت پر اپنا خاص اثر کر کے مرض کے مادوں کا زائل کر دیتی ہیں۔ یہ دوائیں تندرست ساختوں کو بگڑنے نہیں دیتیں۔ فاسد مادوں کو پیدا نہیں ہونے دیتیں اور زہریلے مادہ کو خون سے خارج کر دیتی ہیں۔

اسٹرن جنٹ یعنی قابضات

قابض ادویات سے جسم کی ملائم ساخت سکڑ جاتی ہے اور رطوبت منجمد ہو جاتی ہے۔ جیسے کل معدنی تیزاب، پھٹکری، مرکبات، جست، فولاد، سیسہ، تانبا، سیماب، نقرہ اور نباتاتی قابضات یہ ہیں۔

گیلک ایسڈ، ٹانک ایسڈ، اوک بارک (پوست بلوط) پوست ببول، مازو کتھا کریازوٹ، کل قابضات کا اثر پہلے پہل کیمیائی ترکیب سے ہوتا ہے۔ معدنی قابضات جسم کی سانح سے مل کر اس کو سیکٹر دیتی ہیں اور جب جب نباتاتی قابضات جسم کی ساخت کے ساتھ مل جاتی ہیں تو وہ ساخت مثل چمڑے کے سخت ہو جاتی ہے۔ حیوانات کے علاج میں قابضات اس واسطے کھلائی جاتی ہیں کہ میوکس رطوبت جو کثرت سے بہتی ہے کم ہو جائے۔ آلات انہضام اگر کمزور ہو کر ڈھیلے ہو گئے ہوں تو وہ سخت ہو جائیں اور خون رک جائے۔ قابضات کو بہت سی حالتوں میں باہر لگاتے ہیں۔ مثلاً کثرت سے پیپ یا سیرم کا بہنا موقوف کرنے کے واسطے لیکن قابضات کو اس وقت نہ کھلانا چاہیے جب انفلامیشن شدید اور وسیع ہو اور بخار کی حالت میں جب بہت ہی خراش ہو اور ان ادویات کو ان صورتوں میں نہ لگانا چاہیے جب وہ مقام گرم اور خشک ہو۔

اِموِلے۔انٹ

امولے انٹ۔ اور ڈیمل سنٹ میں یہ فرق ہے کہ ڈیمل سنٹ دوائیں اندر دی جاتی ہیں اور امولے انٹ باہر لگائی جاتی ہیں اور دوائیں بھی تقریباً ایک ہی ہیں جب

اموں لے۔انٹ۔دوا باہر لگائی جاتی ہے۔تب وہ جگہ گرمی اور رطوبت کے بعد پھول کر ڈھیلی ہو جاتی اور اس مقام کے اعصاب کو آرام آ جاتا ہے اور اموں لے۔انٹ دوائیں قابضات کی ضد ہیں۔

ری۔فری۔جی۔رنٹ

جبکہ کوئی حصہ جسم کا زیادہ گرم ہوتا ہے۔تو ریفری جرنٹ۔دواؤں کے لگانے سے ٹھنڈا ہو جاتا ہے اور اُس جگہ کی رگیں سکڑ جاتی ہیں اور خون کم پہنچتا ہے اور اُس مقام کی بافت بگڑنے نہیں پاتی۔سرد ہوا، سرد پانی، قلمی شورہ، کھانے کا نمک، نوشادر پانی حل کر کے لگاتے ہیں اور غمرا اور ایتھر کے قسم کی چیزیں بھی لگائی جاتی ہیں۔

سی۔ڈی۔ٹیو

ان دواؤں سے قطعی طاقت پست ہو جاتی ہے۔مثلاً فصدا کونائٹ، پروسک ایسڈ، ٹارٹار ایمٹک، ڈیجی۔ٹیلس۔سی ڈیو ٹیو ہیں جب یہ دوائیں میوکس پردہ یا زخم پر لگائی جاتی ہیں۔تب خون میں جذب ہو کر عصبی مرکزوں اور نخاع تک پہنچ کر ان کے فعل کو پست کر دیتی ہیں اور جب ان عصبی مرکزوں کا فعل بند ہو جاتا ہے تو اعضائے رئیسہ کا فعل بھی پست ہو جاتا ہے۔سی ڈی ٹیو دوائیں بلحاظ اثر کے اسٹی میولنٹ کی ضد ہیں۔اگرچہ نارکاٹک ادویات سے کسی قدر مشابہت رکھتی ہیں لیکن ان سے نہ تو جوش پیدا ہوتا ہے اور نہ ہوش و حواس میں فرق آتا ہے مگر جب زیادہ کھلائی جاویں تو زہر کا اثر کرتی ہیں۔

نار۔کاٹک

نارکاٹکس سے ہوش و حواس میں فرق پڑ جاتا ہے۔جب یہ دوائیں کھلائی جاتی ہیں۔تب خون میں منجذب ہو کر دماغ اور نخاع یا اعصاب میں گذر جاتی ہیں تو پہلے ان کی طاقت کو زیادہ کر دیتی ہیں۔پھر پست کر دیتی ہیں اور ہوش و حواس میں بھی فرق ڈال دیتی

ہیں۔ افیون، گانجا، بلاڈونہ، کافور، تمباکو وغیرہ نارکاٹکس ہیں۔ تھوڑی مقدار میں کھلانے سے اکثر طبیعت میں جوش آجاتا ہے۔ لیکن اگر زیادہ مقدار میں استعمال کی جائیں تو مریض نڈھال ہو کر تلف ہو جاتا ہے جب یہ درد کے موقوف کرنے کے واسطے استعمال کریں۔ تو ان کو انوڈائن بولتے ہیں اور جب انسے نیند آتی ہیں تو ہپنا ٹک کہتے ہیں۔

انس۔ تھے۔ ٹک

ان دواؤں کے استعمال سے جسم بے حس ہو جاتا ہے جیسے کلورافارم، ایتھر وغیرہ یہ اس وقت استعمال کی جاتی ہیں جبکہ جانور کے جسم پر کوئی آپریشن وغیرہ کرنا ہو یا عرصہ تک بیہوش رکھنا منظور ہو۔ مثلاً ہرنیا چڑھانے یا آختہ کرنے کے وقت اس کا استعمال ضروری ہے کبھی خاص قسم کا حس زائل کرنے واسطے بھی اس قسم کی دوا کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اس میں لنٹ تر کر کے اس مقام پر رکھ دینا چاہیے یا آلہ کے ذریعہ اُس پر چھڑک دینا چاہیے۔ چند منٹ بلکہ سیکنڈ کے اندر وہ مقام سن ہو جاتا ہے۔

وہ باتیں جن سے دوا کے اثر میں فرق آجاتا ہے

بہت امر ایسے ہیں جن سے دوا کے اثر میں فرق آجاتا ہے مثلاً دوا کی مقدار سے دوا کے اچھے یا خراب ہونے سے دوائیں پلانے یا کھلانے کی ترکیب سے بیمار کی قسم اور عمر کے سبب سے دوا دینے کے ذریعے وغیرہ وغیرہ سے جب کوئی دوا مختلف مقدار میں دی جائے۔ تو اس کے اثر میں بھی اختلاف ہوتا ہے۔ مثلاً جب تارپین تھوڑی مقدار میں دیا جائے تو پیشاب زیادہ آتا ہے۔ اگر اس کی مقدار ذرہ اور زیادہ کر کے دی جائے تو دل کی حرکت بڑھ جاتی ہے۔ اگر اور زیادہ مقدار سے دیا جائے تو اس کا اثر آنتوں پر ہوتا ہے۔ اسی طرح پوٹاش، سوڈا اور میگنیشیا کے مرکبات اگر تھوڑی خوراکوں میں دیئے جائیں۔ تو الٹریٹو اور پھر ڈایوریٹک ہوتے ہیں زیادہ مقدار میں ان سے دست آتے ہیں۔ مصبر یا ایلوز تھوڑی مقدار میں ٹانک اور زیادہ میں دست آور ہوتا ہے۔ اسی طرح شراب اور افیون اور بہتری

ایسی دوائیں ہیں۔ جن کا اثر مختلف مقدار میں مختلف ہوتا ہے۔

دوا کے اچھے یا خراب ہونے پر بھی منحصر ہے:

مثلاً صاف ایلوز یا ربیڈوز ایلوز۔ ۳ یا ۴ ڈرام دینے سے خوب دست آتے ہیں۔ لیکن اگر بازار کا ایلوز جو خراب ہوتا ہے اگر اُس کو ۸ یا ۱۰ ڈرام دیں تو بھی ایسا اثر نہیں ہوگا جیسا ۳ ڈرام صاف ایلوز سے ہوتا ہے۔

کھلانے پلانے کی ترکیب سے دوا کے اثر میں فرق:

کھلانے اور پلانے کی ترکیب سے بھی دوا کے اثر میں فرق آجاتا ہے اگر دوائی کو خوب پیس لیں تو جلد خون میں جذب ہو جائے گی۔ اور اگر موٹی ہو تو بہت دیر کے بعد حل ہوگی اور پھر جذب ہوگی اگر دو چیزیں جو ایک دوسرے کی ضد ہوں استعمال کریں۔ تو کچھ فائدہ نہیں ہوتا ہے مثلاً اگر ہم ایک ہی نسخہ میں الکلی اور ایسڈ ڈالیں تو وہ الکلی نہ ایسڈ ہونگی بے تاثیر ہو جائے گی اور نہ الکلی کا اثر ہوگا نہ ایسڈ کا۔

اور دواؤں کا اثر جانوروں کی قسم پر بھی منحصر ہے:

چنانچہ گھوڑوں اور مویشیوں کو اے تک دوائیں اثر نہیں کرتیں لیکن خوراک اور کتوں پر بڑی جلدی اثر کرتی ہیں اور بہ نسبت گھوڑوں اور مویشیوں کے کتوں پر مدارت کا اثر کم ہوتا ہے۔

جانور کی عمر اور قد:

یہ قاعدہ ہے کہ جانور جس قدر چھوٹی عمر کا ہوتا ہے اس پر دوا کا اثر بھی اسی قدر زیادہ ہوتا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ جانور جس قدر بڑے قد کا ہو اسی قدر دوا کی بھی اس کو زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ دوائی کا اثر بہ نسبت کھلانے کے دوران خون میں پچکاری کرنے سے جلدی ہوتا ہے۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ دوائی کے طریقے سے بھی مختلف اثر ہوتے ہیں۔

عادات:

جن گھوڑوں کوکوئی دوا کھانے کی عادت ہو وہ ان پر کم اثر کرتی ہے مثلاً وہ گھوڑے جو سنکھیا کھانے کے عادی ہوتے ہیں۔ ۱۰ سے ۱۲ گرین کھا سکتے ہیں۔

فارماکوپیا کے وزن

ایک گرین برابر ہے ...... ایک گرین کے

ایک اونس برابر ہے ...... ۴۳۷.۵ گرین کے

ایک پونڈ برابر ہے ...... ۱۶ اونس یا ۷۰۰۰ گرین کے

اب بہت لوگ فارموکوپیا کے وزن بجائے اپاتھی کیری۔ وزن استعمال کرتے ہیں۔ اس واسطے درج ذیل ہیں اور یاد رکھنا چاہیے کہ یہ گرین کے ۱۱/۱ سے بڑا ہے۔

ایک گرین برابرا ہے ...... ایک گرین کے

ایک سکروپل برابر ہے ...... ۲۰ گرین کے

ایک ڈرام برابر ہے ...... ۳۔اسکروپل یا ۶۰ گرین کے

ایک اونس برابر ہے ...... ۸ ڈرام یا ۴۸۰ گرین کے

ایک پونڈ برابر ہے ...... ۱۲ اونس ۵۷۶۰ گرین کے

برٹش فارماکوپیا میں پیمانے ویسے ہی بحال رکھے گئے ہیں۔ مقطر پانی کا فلوئیڈ اونس گو وزن میں ۴۳۷.۵ گرین ہوتا ہے۔ تاہم ۴۸۰ بوندوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

ایک منیم برابر ہے ...... ایک بوند کے

ایک فلوئیڈ ڈرام برابر ہے ...... ۶۰ بوند کے

ایک فلوئیڈ اونس برابر ہے ...... ۸ فلوئیڈ ڈرام کے

ایک پائنٹ برابر ہے ...... ۲۰ فلوئیڈ اونس کے

ایک کوارٹ برابر ہے ...... ۲ پائنٹ کے

ایک گیلن برابر ہے ...... ۴ کوارٹ کے

پانی کی ایک بوند وزن میں ایک گرین کا ۱۰/۹ ہوتی ہے۔ ۶۰ درجے کی حرارت میں ایک فلوئیڈ اونس ای ڈروپائیس وزن کا ایک اونس ہوتا ہے اور ایک گیالن ۱۰ اپونڈ ای ڈرڈ پائیس کے برابر ہے۔

پاکستانی اور انگریزی وزنوں کی مطابقت

ایک رتی برابر ہے ...... ۱.۸۷۵ گرین کے

۸ رتی برابر ہے ...... ایک ماشہ کے

ایک ماشہ برابر ہے ...... ۴/۱ ڈرام یا ۱۵ گرین کے

۱۲ ماشہ برابر ہے ...... ایک تولہ کے

ایک تولہ برابر ہے ...... ۳ ڈرام یا ۱۸۰ گرین

۵ تولہ برابر ہے ...... ایک چھٹانک

ایک چھٹانک برابر ہے ...... ۱۵ ڈرام یا ۲ اونس اور ۲۵ گرین یا ۹۰۰ گرین

۱۶ چھٹانک کا ایک سیر جو کہ برابر ...... ۲ پونڈ ۴۰۰ گرین یا ۲۴۰ ڈرام یا ۱۴۴۰۰ گرین

بعض اوقات انگریزی باٹ دستیاب نہیں ہوسکتے اس واسطے انگریزی سکہ رائج کی مطابقت کا یاد رکھنا بھی ضروری ہے۔ چنانچہ ایک اٹھنی برابر ہے۔ ۹۰ گرین کے اور ایک چونی ۴۵ گرنی کے برابر ہوتی ہے۔

چمچوں کے پیمانے

ٹی اسپون فل برابر ہے ...... ایک ڈرام کے

ڈیزرٹ اسپون برابر ہے ...... ۲ ڈرام کے

ٹیبل اسپون برابر ہے ...... ۴ ڈرام کے

دوا بنانے کی ترکیب

سفوف یا پاؤڈر:

سفوف علی العموم کھرل یا ہاون دستہ سے تیار کئے جاتے ہیں۔ یہ کھرل لکڑی، لوہے، پتھر یا شیشہ کے ہوتے ہیں۔ دواؤں کو سفوف کر کے کپڑے یا لوہے یا بالوں کی چھلنی سے چھان لیا کرتے ہیں۔ یہ دوائیں پانی میں ملا کر دیتے ہیں یا غذا میں ملا کر یا چھڑک کر کھلاتے ہیں۔

بال یا بولس

یہ بال یا بولس: بیلن کی شکل کے ہوتے ہیں۔ علاوہ پر تاثیر دواؤں کے ان میں ادویہ دوائیں بطور بدرقہ کے ملائی جاتی ہیں۔ تاکہ گولا آسانی سے بن سکے۔ ایسے بدرقہ کی چیزیں السی کا آٹا۔ پانی روغن، صابن، شیرہ، گلابی سی ریں۔ گلقند، راب وغیرہ ہوتے ہیں۔ بولس یا گولوں کو۔ باریک اور ملائم کاغذ میں لپیٹ کر استعمال کرتے ہیں۔

ڈرافٹ یا ڈرنچ

کسی دوا کو جب عرق کے طور پر پلاتے ہیں۔ تو اس کو ڈرافٹ یا ڈرنچ کہتے ہیں۔ اسی طرح سے دوا کا اثر جلد ہو جاتا ہے اور عرق معدہ میں پہنچ کر جلد جذب ہو جاتا ہے کیونکہ ڈرافٹ مطابق ان کے قد کے ۲ سے ۶ اونس تک کافی ہے۔ گھوڑوں کے لئے ۱ سے ۲ پائنٹ، بھیڑی کے لئے ۶ سے ۸ اونس مویشیوں کے لئے عرق کی مقدار کی کوئی حد مقرر نہیں۔ وہ پلاتے وقت جانور کا سر اونچا رکھنا چاہیے اور گھوڑے کو دوا پلاتے وقت پوزمال لگانا چاہیے۔ دوا پلاتے وقت ایک مددگار بھی ساتھ ہونا چاہیے۔ مویشی کا سر سینگ یا کان پکڑ کر قائم رکھنا چاہیے۔ کتے کے منہ میں رسی یا فیتہ کا پھندا لگا دیں۔ تاکہ اُس کا منہ کھلا رہے۔ بلی کو دوا پلاتے وقت بوٹ جوتہ کے اندر رکھ کر۔ کہ سر اس کا باہر رہے۔ دوا پلانی چاہیے۔ گھوڑوں کو

دوا بذریعہ ایسی بوتل کے جس پر چمڑا لگا ہو دی جاتی ہے یا سینگ یا بانس کے نلکہ کے ذریعہ۔

ڈی۔کاک۔شن

نباتات کو پانی میں ملا کر جوش دینے کو ڈی کاکشن کہتے ہیں۔اگر اس کو عرصہ تک رکھنا ہو تو تھوڑا اسپرٹ ملا دیں۔

ان۔فیوژن یا خیساندہ

نباتی دوائی کو کھولتے ہوئے پانی میں بھگو رکھنے کو ان فیوزن یا خیساندہ بولتے ہیں۔

ٹنکچر

معدنی، حیوانی یا نباتاتی چیزوں کو شراب میں ملانے سے ٹنکچر بنتا ہے اور یہ مرکب کئی طریقوں سے تیار ہوتا ہے۔بعض موقع پر اس کو بھگو کر چھان لیا جاتا ہے اور کبھی کبھی پرکولیشن کے طریقوں سے تیار کرتے ہیں۔

اکسٹریکٹ یعنی رُب

جوشاندہ یا خسیاندہ یا ٹنکچر یا درخت کی رس کو حرارت دے کر رُب بناتے ہیں۔ آگ تیز نہ ہونی چاہیے ورنہ اجزاء بگڑ جائیں گے۔

مکسچر

جب کئی دوائیں ملا کر عرق بنالی جاتی ہیں۔تو مکسچر بنجاتا ہے۔

سیرپ یا شربت

سیرپ یعنی شیرہ یا شربت پانی اور شکر ملا کر پکانے سے تیار ہوتا ہے۔اس میں یہ

خیال رہے کہ نہ بہت گاڑھا ہو۔نہ بہت پتلا رہے۔

لوشن

جب کوئی دوا عرق بنا کر جسم کے باہر لگائی جاتی ہے تو اس کو لوشن بولتے ہیں جب کوئی لوشن یا عرق آنکھ میں ڈالا جاتا ہے۔تو اس کو کولیرم یا آئیلوشن کہتے ہیں۔

اینٹ۔منٹ یا مرہم

مرہم میں روغن، چربی یا موم پڑتا ہے اور یہ علے العموم جسم کے باہر لگایا جاتا ہے۔

پلاسٹر

پلاسٹر میں موم اور رال پڑتی ہے اور کپڑے یا چمڑے پر لگا کر استعمال کرتے ہیں۔

فومن۔ٹے۔شن یا تکمید یا سینک

سینک علے العموم گرم پانی سے کیا جاتا ہے۔بعض دفعہ پانی میں سرکہ، نمک یا دوائیں بھی ملائی جاتی ہیں۔پیٹ پر خوب گرم پانی سے مرض، ان ٹے رائی ٹس اور چھاتی پر مرض پلورہ، نیومونیا وغیرہ میں سینک کیا کرتے ہیں۔جب سینک کر چکیں۔جگہ کو خشک کر دینا چاہیے۔

پولٹس

اس کو لاٹن زبان میں "کے ٹاپلازم" اور پنجابی میں لئی یا پولٹس کہتے ہیں۔سرد اور گرم دونوں ہوتے ہیں۔چوکر، گاجر، شلجم یا السی کا آٹا پکا کر باندھا کرتے ہیں۔پولٹس نرم اور تازہ ہونا چاہیے۔اور بار بار بدلنا چاہیے۔اس سے مقام ماؤف نرم اور ڈھیلا ہو جاتا ہے۔

سرد پولٹس بھی اسی طور پر لگائے جاتے ہیں۔ خاص کر سب اکیوٹ انفلامیشن میں جب یہ جوڑوں لے گے منٹ اور پاؤں میں ہو خاص کر مویشی کے پاؤں اور جوڑوں کے مرضوں میں یہ زیادہ مفید ہے۔

کلسٹر یا حقنہ یا پچکاری

حقنہ کو انیما بھی کہتے ہیں اور مختلف مطالب کیلئے طرح طرح کی دوا کا حقنہ کرتے ہیں۔ قبض میں صابن اور پانی کا حقنہ بھی کیا جاتا ہے۔ بعض موقع پر روغن تارپین اور تمبا کو کا دھواں بھی بذریعہ آلہ کے پچکاری کرتے ہیں۔ دستوں کے روکنے کو کانجی میں نباتی قابضات اور افیون ملا کر پچکاری کرنا چاہیے۔ امراض برانکائی ٹس اور ٹے ٹے نس اور اُن امراض میں جن میں بیمار دوا کو اچھی طرح سے نگل نہ سکتا ہو دوا اور غذا پچکاری ہی کے ذریعہ پہنچائی جاتی ہے۔ پچکاری کی دوا کی مقدار مثل کھلانے پلانے والی دوا کے مقدار کی ہونی چاہیے۔ حقنہ کرنے کیلئے ولایتی آلہ بنے بنائے سوداگروں سے مل سکتے ہیں۔

گم۔ اکاشیا۔ گم۔ ارابک۔ یا صمغ عربی

اس کے درخت کو اکاشیا کہتے ہیں۔ ایک قسم کے ببول کا درخت ہے۔ اسکے چھلکے سے جو گوند نکلتی ہے۔ وہ مثل پاکستانی ببول کے ببول کے گوند کے ڈیمل سنٹ ہے اور انہیں بیماریوں میں بھی استعمال ہوتی ہے۔ جن میں اور ڈیمل سنٹ چیزیں استعمال ہوتی ہیں۔ اس کے گول گول اور چپٹے ٹکڑے ہوتے ہیں۔ ذائقہ لیسدار ہوتا ہے پانی میں حل ہو جاتی ہے الکوحل ایتھر اور تیل میں حل نہیں ہوتی۔

انٹی۔ فائی۔ برین

ترکیب: یہ انیلین پر گلیشیل ایسی ٹک ایسڈ کے فعل یا اثر سے پیدا ہو کر بعد میں صاف کی جاتی ہے۔

خواص: بے رنگ، بے بوسفوف، چرپرہ مزہ، پانی میں بہت کم حل ہوتا ہے اور الکوحل اور ایتھر میں بخوبی حل ہو جاتا ہے۔ لیکن ایسڈ اور الکلی کا اس پر بالکل اثر نہیں ہوتا۔

اثر اور استعمال: اٹس۔ پازماڈک۔ انوڈائن۔ اعصابی درد اور روماٹزم کو فائدہ بخشتا ہے۔

خوراک: گھوڑوں مویشیوں کو ایک ڈرام، ایتھر میں ملا کر دیتے ہیں۔ کتوں کو ایتھر میں حل کر کے پانچ کریں۔ اگر آرام نہ ہو ان خوراکوں کو ہر ایک چار گھنٹہ کے بعد استعمال کر سکتے ہیں۔

ایسٹم۔ یا ونی۔ گر۔ یا سرکہ

ترکیب: الکوحل کو ہوا میں آکسائیڈ کرنے سے تیار ہوتا ہے۔

خواص: بھورے رنگ کا عرق ہے۔ ذائقہ ترش ہوتا ہے۔

تاثیر اور استعمال: داخلی طور پر ریفرجرنٹ، اسٹپٹک، اسٹرنجنٹ، ڈایوریٹک۔ لے تھولیتک اور الکلی اور الکلی کاربونیٹ کے زہروں کا انٹی ڈوٹ ہے۔ داخلی طور پر بہت کم استعمال ہوتا ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ا سے ۲ فلوئیڈ اونس۔ مویشیوں کے واسطے ا سے ۲ فلوئیڈ اونس بھیڑ کے واسطے ا سے ۲ فلوئیڈ ڈرام۔ کتوں کے واسطے ۱۰ سے ۲۰ بوند۔

مانع استعمال: اس کو کھاری کاربونیٹ اور کاربونیٹ آف کیلسیم اور میگنیشم کے ساتھ ملا کر نہ دینا چاہیے۔

انٹی ڈوٹ۔ اس کے زہر انٹی ڈوٹ۔ پوٹاشیم۔ سوڈیم۔ کیلشیم۔ میگنیشم۔ کاربونیٹ یا بائی کاربونیٹ ہیں۔

ایسیٹیم کنتھر اڈیز۔ یاونی گراف کنتھر اڈیز

ترکیب:

سفوف کنتھر اڈیز	......	۱۲ اونس
گلیشیل ایسٹک ایسڈ	......	۲ فلویڈ اونس
ایسٹک ایسڈ	......	۱۲ فلویڈ اونس یا حسب ضرورت

۱۳ اونس ایسٹک ایسڈ لے کر گلیشیل ایسٹک ایسڈ کے ساتھ ملاؤ اور کنتھر اڈیز کو مکسچر میں ڈال دو اور دو گھنٹہ تک دوسو درجہ حرارت تک گرم کرو اور پھر اس کو سرد کرو اور بعد میں پرکولیٹر میں ڈال دو۔ اس میں ۵ فلویڈ اونس۔ ایسٹک ایسڈ ملا دو اور چھان لو اور پھر اس قدر ایسٹیک ایسڈ ملا دو کہ کل مجموعہ ایک پائنٹ ہو جائے۔

ایسٹیک ایسڈ

ترکیب: قلمدار سوڈیم ایسی ٹیٹ پر۔ سلفیورک ایسڈ ڈالنے سے تیار ہوتا ہے اور باقی سوڈیم سلفیٹ رہ جاتا ہے۔

خواص: ایک بیرنگ ترش سیال ہے۔ بو اور ذائقہ تیز سرکہ کی مانند رکھتا ہے۔

اثر اور استعمال: بیرونی، اسٹی میولنٹ، اسٹرنجنٹ، اسٹپٹک، روبی فیشنیٹ، ویسی کنٹ ہے۔ وارٹس وغیرہ کے واسطے۔ کاسٹک کا اثر رکھتا ہے اور رنگ ورم۔ میلنڈر، سلنڈر۔ سکیب اور مینج کے واسطے بہت مفید ہے۔ اس سے ایسٹم۔ کنتھر اڈیز۔ اور ڈائیلوٹ۔ ایسٹیک ایسڈ بنتا ہے۔

ڈائیلوٹ ۔ایسیٹک ایسڈ

ترکیب:

ایسیٹک ایسڈ	......	ایک پائنٹ
آب مقطر	......	سات پائنٹ کوملالو۔

خواص: بے رنگ تیز عرق ہے۔

خوراک: تاثیراور استعمال ہرایک بات میں ۔ونی گرد(سرکہ) کی مانند ہے۔

گلیشیل ایسیٹک ایسڈ

ترکیب: سوڈیم ایسی ٹیٹ پر تیز گندھک کا تیزاڈالنے سے تیار ہوتا ہے اور نیچے سوڈیم سلفیٹ رہ جاتا ہے۔جس کواڑانے سے قلمیں حاصل ہوتی ہیں اور ایسڈ بہہ کر دوسرے برتن میں چلا جاتا ہے۔

خواص: بیرنگ عرق معمولی حرارت پر دکھائی دیتا ہے۔ذائقہ تیز چڑپرہ اور ترش ہوتا ہے۔

اثراور استعمال: اندرونی استعمال میں اریی ٹنٹ، پوائیزن، بنی، روبی فیشنٹ، دکما کنٹ کاسٹک۔اور مارٹس کو جلانے کے واسطے استعمال کیا جاتا ہے۔اس کے زہر کا انٹی ڈوٹ پوٹاشیم، سوڈیم کیلشیم، میگنشیم، کاربولیٹ یاہائی کاربونیٹ ہیں۔

ارسینوز ایسڈ یا سفید سنکھیا

ترکیب: خام سنکھیا کے مرکب کو جلانے سے تیار ہوتا ہے۔

خواص: وزنی سفید چمکدار سفوف یا ٹکڑوں کی صورت میں ہوتا ہے اس میں باریک شئے کے سے ٹکڑے ہوتے ہیں۔

اثر اوراستعمال: اندر زیادہ مقدار میں، اریٔ ٹنٹ، پوائیزن، طبی خوراکوں میں دینے سے الٹریٹو، ٹانک ہے اور کرانک روماٹیزم، پرالی سس، اپی لپس، کوریہ، فارسی اور منیج میں مفید ہے۔ بیرونی استعمال میں منیج اسکیب اوردوسری جلدی امراض کو فائدہ بخشتا ہے۔ اور میلگنٹ ٹیومر کو مردار کر دیتا ہے اور وارٹس پر کاسٹک کا اثر کرتا ہے خواہ یہ بیرونی طور پر استعمال ہو بہت ہو یا درکار ہے۔ کیونکہ جلد میں جذب ہو کر ہلاکت کا باعث ہوجاتا ہے۔

خوراک:

گھوڑے اور مویشی کے واسطے	......	۵ سے ۱۰ گرین
بھیڑے کے واسطے	......	ا سے ۲ گرین
کتے کے واسطے	......	۵/ا سے ۱۰/ا گرین

ترکیب استعمال: اگر اندر دینا ہو۔ تو جانور کی خوراک یا دانہ پر سفوف چھڑک دینا چاہیے اگر باہر استعمال کرنا ہو تو لائیکوار اسنی کیلس یا مرہم ارسنی کیلس کے طور پر استعمال کرنا چاہیے۔

انٹی ڈوٹ تازہ تیار کردہ ہیڈریٹ پر آوکسائیڈ آف آئرن یا میگنیشیا دینے یا سر پر سرد پانی کے ترارے چھوڑنے یا ایمونیا سنگھانے سے اس کا اثر رُک جاتا ہے۔

بورک ایسڈ

ترکیب: قدرتی طور پر ملک اٹلی کے شمالی اضلاع کوہ آتش فشاں میں پایا جاتا ہے۔ دیکھو بیان بوریکس

خواص: بیرنگ شش پہلو قلمیں ہوتی ہیں اور ذائقہ قدرے ترش ہوتا ہے۔ اور اس کا ایک حصہ ۲۵ حصہ پانی اور ۱۵ حصہ الکوحل میں حل ہوجاتا ہے۔ اور ۲ حصہ ابلتے ہوئے پانی یا ۵ حصہ الکوحل میں حل ہوجاتا ہے۔ اور یہ الکوحل کا سولیشن سبز رنگ کے شعلہ سے جلتا ہے۔

اثر اور استعمال: خارجی طور پر غیر خراشدار انٹی سپٹک کے طور پر زخموں کو ڈریس کرنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں اور تیز عرق جلد کے کرموں کو مارنے کے واسطے استعمال کیا جاتا ہے ۶۲ حصہ بورک ایسڈ اور ۹۲ حصہ گلیسرین ملانے سے بوروگلیسرائیڈ بنتا ہے اور اس کو ہلکا کر کے پچاس حصہ فیصد طاقت کا۔ انٹی سپٹک فائدہ کے واسطے بناتے ہیں اور ایک حصہ بورک ایسڈ اور ۲ حصہ سفید موم اور قدرے تیل ملا کر زخموں کے واسطے انٹی سپٹک مرہم تیار کرتے ہیں۔ بورے ٹڈ کنٹ یا بورے ٹڈ روئی بھی عرق میں بھگو کر سکھلانے سے تیار ہوتی ہے۔ بعد ازاں ان کو خشک کیا جاتا ہے۔

ایسی۔ڈم۔کاربولیکم یا کاربالک ایسڈ

ترکیب: یہ کوئل ٹارائیل کے مقطر کرنے سے تیار ہوتا ہے۔ تازہ بیرنگ ہوتا ہے۔ رکھنے سے بھدا ہو جاتا ہے اور گرم موسم میں یہ عرق ہو جاتا ہے اور اس کا ذائقہ و بو کریازوٹ کا سا ہوتا ہے۔

خواص: یہ اپنی خاص بو سے پہچانا جاتا ہے۔ روغن تار او خام کریازوٹ سے جو غلطی سے غلیظ کاربالک ایسڈ تصور کئے جا سکتے ہیں۔ اسے اس بات میں فرق رکھتے ہیں کہ پانی میں کم گھل سکتے ہیں پندرہ حصہ پانی میں ایک حصہ اس کا حل ہو جاتا ہے۔ الکوحل ایتھر اور گلیسرین میں خوب حل ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی طور پر زیادہ مقدار میں اریی ٹنٹ پوائزن طبی خوراکوں میں گاہے گاہے بطور انحمل سن ٹاک کے استعمال ہوتا ہے اور کتوں کو قے کے روکنے کے واسطے دیا جاتا ہے۔ بیرونی، کاسٹک، انٹی سپٹک، ڈس انفکٹنٹ، اسٹرنجٹ، اسٹپٹک اور خراب السروں اور زخموں پر لگایا جاتا ہے۔ جن سے گندی پیپ نکلتی ہے۔ گھوڑوں میں کنکر اور تھرش اور بھیڑوں کی مرض فٹ رات میں استعمال کیا جاتا ہے۔ کالرہ، کیٹل، پلیگ اور دیگر متعدی امراض کے زہر کو یہ زائل کر دیتا ہے۔ پیپ کا نکلنا بدل دیتا ہے اور زخموں کے اندر مال میں

مدد دیتا ہے۔ کتوں پر لگانے میں ہوشیاری کرنی چاہیے ورنہ جذب ہو کر ان کو ہلاک کر دیتا ہے۔ جب زخموں پر لگایا جاتا ہے۔ تو قدرے خراش پیدا کر دیتا ہے اس میں نقص ہے۔

خوراک:

گھوڑے کے واسطے	......	۲۰ سے ۸۰ گرین
مویشی کے واسطے	......	۲۰ سے ۸۰ گرین
بھیڑ کے واسطے	......	۵ سے ۱۵ گرین
کتے کے واسطے	......	ا سے ۵ گرین

عرق:

مویشی اور گھوڑے کے واسطے	......	۲۰ سے ۸۰ بوند
بھیڑ کے واسطے	......	۵ سے ۱۵ بوند
کتے کے واسطے	......	ا سے ۵ بوند

طریق استعمال: داخلی طور پر پہلے اس کو ڈائیلوٹ اسپرٹ وائن میں خوب پتلا اور حل کر لو۔ یا لنسیڈ آئیل یا کامن اس میں ملا کر گولی بنا لو ورنہ اس کا اثر کاسٹک پیدا ہوگا اور میوکس ممبرین کو نقصان پہنچے گا یا خارجی بطور کاسٹک تیز ایسڈ۔ اور دوسرے مقاصد کے واسطے لوشن لینی منٹ اور آئنٹ منٹ کی صورت میں استعمال کر سکتے ہیں۔ مکانات، اصطبل وغیرہ اور ان کی ہوا کمبل کے ٹکڑوں کو ایسڈ میں بھگو کر لٹکانے سے ڈس انفکٹ کر سکتے ہیں۔ یا ہلکا ایسڈ دیواروں اور فرش پر چھڑک سکتے ہیں۔

انٹی ڈوٹ اس کے زہر کا فادالبیومن، صابن، ڈیمل سنٹ، اشیاء اور تیل وغیرہ ہیں۔ اس سے گلیسرین آف کاربالک ایسڈ یعنی منٹ، لوشن، آئنٹ منٹ اور ہیموسٹیٹک کلوڈین اور سلفو کاربولیٹ آف سوڈا تیار ہوتا ہے۔

ایسڈم۔کرومیکم یا کرومک ایسڈ

ترکیب: ایک حصہ پوٹاشیم بائی کرومیٹ اور نصف حصہ تیز تیزاب گندھک کو ملانے اور عرق کو سرد کرنے سے تیار ہوتا ہے۔جبکہ کرومک انہائیڈر رائیڈ کی قلمیں بن جاتی ہیں۔

خواص: سوئی کی طرح کرمزی باریک باریک قلمیں ہوتی ہیں جو کہ بہت آسانی سے پانی میں حل ہو جاتی ہیں۔اور ہوا میں سے پانی کھینچ لیتی ہیں اور خود یہ عرق بن جاتی ہیں۔اگر الکوحل کے ساتھ ملایا جائے تو بھک سے اڑ جاتا ہے اور اگر ایک حصہ کرومک ایسڈ اور ۲ حصہ گلیسرین ملایا جائے تو بھک سے اڑ جائے گی۔

اثر اور استعمال: خارجی طور پر عرق، ۵ فیصدی سے ۲۰ فیصدی تک بطور کاسٹک اثر کرتا ہے۔ٹھوس حالت میں یہ جلدی ٹشیوز یا حیوانی بافتوں کو تباہ کر دیتا ہے۔کیونکہ ان میں سے پانی نکال لیتا ہے اور باقی کھر نڈ رہ جاتا ہے یہ بڑا طاقتور ڈس انفکٹنٹ ہے۔

ایسڈم گیلیکم۔گیلک ایسڈ

ترکیب:

درد اسفوف مازو

آب مقطر	......	ایک پاؤنڈ
سلفٹ آف آئیرن	......	حسب ضرورت

اثر اور استعمال میں سیاہ تلچھٹ پیدا کرتا ہے۔ کے ساتھ حسل ٹے نک ایسڈ کے ہے۔

ایسیڈم۔ہیڈر کلوریکم۔ہیڈر وکلورک ایسڈ

ترکیب: سوڈیم کلورائیڈ یا کھانے کے نمک پر گندھک کا تیزاب ڈالنے سے پیدا ہوتا ہے اور بعد میں اس کو تبخیر کیا جاتا ہے اور سوڈیم سلفیٹ، ریٹارٹ میں باقی رہ جاتا ہے اور

ہیڈروکلورک ایسڈ گیس دوسری طرف چلی جاتی ہے۔

خواص: بیرنگ تیز ترش عرق ہے اور اس میں سے تیز بخار نکلتے ہیں اگر اس میں نائٹریٹ آف سلور ڈالیں۔ تو دہی کی طرح تلچھٹ پیدا ہو جاتا ہے جو کہ نائٹرک ایسڈ میں حل نہیں ہوتا لیکن ایمونیا میں حل ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی زیادہ مقدار میں ایڑی تنٹ زہر اور طبی خوراکوں میں ٹانک ہے ارتھی فاسفیٹ اور کاربونیٹ پر۔ لےتھوے تک اثر کرتا ہے۔ غالباً اس کا اثر اُس وقت ہوتا ہے۔ جب اس کو مثانہ میں انجیکٹ کیا جائے۔ اگر یہ اس مطلب کے واسطے استعمال کرنا ہو۔ تو بہت ڈائیلوٹ کر لینا چاہیے۔ خارجی استعمال میں کاسٹک، اسٹرنجنٹ، انٹی سپٹک ہے۔

طریق استعمال: خارجی جس جگہ پر لگانا ہو اس کو تر کر دینا چاہیے۔

انٹی ڈوٹ، کاربونیٹ آف لائم، میگنیشیا کاربونیٹ آف میگنیشیا، ڈیمل سنٹ عرق اور کثرت پانی اس کے زہر کا انٹی ڈوٹ ہیں۔

ڈائیلوٹ۔ ہیڈروکلورک ایسڈ

ترکیب:

ہیڈروکلورک ایسڈ	......	۸ فلوئیڈ اونس
آب مقطر	......	حسب ضرورت

ہیڈروکلورک ایسڈ ۱۶، فلوئیڈ اونس مقطر پانی میں ملا دو اور بعد میں تھوڑا سا پانی اور ملا لو۔ جس سے کل مجموعہ ۱/۲ ۲۶ فلوئیڈ اونس ہو جائے۔

تاثیر اور استعمال میں داخلی ٹانک اور لےتھوے تک ہے۔

خوراک:

گھوڑے اور مویشی کے واسطے	......	۱ سے ۴ فلوئیڈ ڈرام

بھیڑ کے واسطے ...... ۱۰ سے ۲۰ پونڈ

کتے کے واسطے ...... ا سے ۱۰ پونڈ

کاربونیٹ سلفٹ اور چاندی کے نمکوں کے ساتھ ملا کر دینا منع ہے۔ اس کا انٹی ڈوٹ وہی ہے جو خالص تیزاب ہے۔

ترکیب استعمال: اس کو ۱۰۰ اگنا پانی کے ساتھ ملا کر یا نباتی مقویات کے انفیوزن کے ساتھ ملا کر دینا چاہیے۔

ایسڈم۔ ہیڈروسیانیکم۔
ڈائیلوٹم۔ڈائیلوٹ۔ ہیڈرسیانک ایسڈ

اس کو پروسک ایسڈ بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: فیروسائی نائڈ ہائیڈ آف پوٹاشیم پر گندھک کا تیزاب ڈال کر بعد میں پانی ملا لیتے ہیں۔ پوٹاشیم، سلفیٹ اور فروسائی نائیڈ، ریٹاٹ میں رہ جاتا ہے۔ ہیڈروسیانک ایسڈ پانی سے ملا ہوا دوسری طرف چلا جاتا ہے۔

خواص: بیرنگ عرق اور خاص قسم کی بو ہوتی ہے اگر اس میں سلور نائٹریٹ ملا دیں تو سفید تلچھٹ پیدا ہوتا ہے۔ جو سلور سائی نائیڈ ہوتا ہے۔ اور ایمونیا اور ابلتے ہوئے تیزاب شورہ میں حل ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی زیادہ مقدار میں نارکاٹک زہر ہے اور طبی خوراکوں میں۔ سیڈیٹو۔ اینٹی اسپازماڈک انوڈائن ہے۔ اور مرض، کھانسی، کوریہ اپی لیسی اور کرانک جو مادین جانوروں کو ہوا کرتی ہے۔ کارڈ اینٹس پلی پی ٹیشن یا دل کی دھڑکنی۔ وجع المفاصل ورشٹ نس یا چاندنی کی مرض میں استعمال کیا جاتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں اور مویشیوں کے واسطے	......	۲۰ سے ۳۰ بوند
بھیڑ اور خوک کے واسطے	......	۵ سے ۱۰ بوند
کتے کے واسطے	......	۲ سے ۳ بوند

استعمال کی جاتی ہیں۔ پہلے ہمیشہ تھوڑی خوراکیں دینی چاہیے۔ اور بعد میں زیادہ کر سکتے ہیں۔

طریق استعمال: داخلی طور پر پانی میں حل کر کے گھوڑوں میں خراب قسم کی کھانسی میں ۲۰ بوند تیزاب اور بلاڈونہ۔ ایکسریکٹ اور کمفر ہر ایک کا ایک ایک ڈرام لیکر کچھ السی یا سفوف ملٹھی ملا کر گولی بنالو اور دن میں دو یا تین دفعہ دو۔ کتوں کی خراب قسم کے قے میں ۲ بوند ایسڈ اور ۱۰ اگرین کاربونیٹ آف سوڈا۔ ایک اونس پانی میں ملا کر ہر ایک گھنٹہ میں استعمال کر سکتے ہیں۔ ٹیٹ نس کی مرض میں ایک کوارٹ پانی میں ایک ڈرام ایسڈ ملا کر انیما کرتے ہیں۔ دن میں دو یا تین دفعہ استعمال کرنا چاہیے خارجی استعمال میں درد کو موقوف کرنے کے واسطے خاص کر کتوں میں جلد کے خراش کے واسطے دو یا تین ڈرام۔ ایسڈ ایک پائنٹ آب مقطر یا بارش کے پانی میں ملا کر استعمال کرتے ہیں۔ اس کے بخار نہایت موذی ہوتے ہیں۔ اس واسطے اس کے استعمال کرنے میں بہت ہوشیار درکار ہے۔

مانع استعمال: نائٹریٹ آف سلور، سلفیٹ اور الکلائن سلفیٹ اور کلورائیڈ کے ساتھ استعمال کرنا منع ہے۔ شیل کا ہیڈروسیانک ایسڈ طاقت کے بارہ میں بے اعتبار ہے اس کی طاقت ا سے ۴ فیصدی ہوتی ہے۔ انٹی ڈوٹ تازہ ہوا۔ سرد پانیکا۔ سر پر ڈالنا اور ایمونیا یا کلورین کا بھپارہ تازہ تیار کردہ ہیڈریٹ پر آوکسائیڈ آف آئرن جس میں کہ الکلائن کاربونیٹ ملے ہوئے ہوں دینے سے اس کا زہر رک جاتا ہے۔

ایسڈم۔نائٹریکم۔نائٹرک ایسڈ یعنی تیزاب شورہ

ترکیب: پوٹاشیم، نائٹریٹ پر گندک کا تیزاب ڈالنے سے پوٹاشیم ہیڈروجن سلفر ریٹارٹ میں رہ جاتا ہے اور نائٹرک ایسڈ علیحدہ ہو جاتا ہے۔

خواص: بیرنگ عرق ہے جس میں سے تیز اور اکال دم بند کرنے والی جھاگ یا ابخرے نکلتے رہتے ہیں۔ اسکا ذائقہ نہایت ہی ترش ہوتا ہے اور عفوداراشیاء کو آکسائیڈ کر دیتا ہے یا جھیل ڈالتا ہے۔

خوراک: خاص کسی صورت میں نہیں دیا جاتا۔

اثر اور استعمال: داخلی زیادہ مقدار میں۔ اری ٹنٹ پوائزن۔ طبی خوراکوں میں اسٹر بجنٹ ٹانک۔ خارجی استعمال میں ڈیوڈرائی زر۔ ڈس انفکٹنٹ۔ اور وارٹس کے واسطے۔ کاسٹک کی خاصیت رکھتا ہے۔ فنگس کو برباد کرتا ہے۔ کنکر میں بھی مفید ہے۔ فاول اندی فٹ اور فٹ راٹ ان ہلدی زخموں کی بدبو کیریز کو برباد کرتا ہے۔

ڈائیلوٹ۔نائیٹرک ایسڈ

ترکیب:

نائیٹرک ایسڈ ...... ۶ فلوئیڈ اونس

آب مقطر ...... حسب ضرورت

تیزاب میں ۲۴۔اونس پانی ملا کر ۶۰ درجہ فارن ہائیٹ تک رکھو اور اس قدر اور پانی ملاؤ کہ کل مجموعہ ۳۱ فلوئیڈ اونس ہو جائے۔

خواص: بے رنگ ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی طور پر ٹانک اسٹر بجنٹ، کرانک۔ جلدی امراض اور مویشیوں کی

یوری کی امراض میں استعمال ہوتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	۱ سے ۳ فلوئیڈ ڈرام
مویشیوں کے واسطے	......	۲ سے ۴ فلوئیڈ ڈرام
بھیڑ اور خوک کے واسطے	......	۱۰ سے ۲۰ بوند
کتوں کے واسطے	......	۲ سے ۱۰ بوند استعمال ہوتا ہے

طریق استعمال: الکلی الکلائن ارتھ اوران کے آوکسائیڈ، کاربونیٹ، بائی کاربونیٹ، سلفائیڈ سلفیٹ آف آئرن اور ایسی ٹیٹ آف لڈ کے ساتھ ملا کر استعمال کرنا چاہیے۔ انٹی ڈوٹ اس کا وہی ہے جو خالص تیزاب کا ہے۔

ڈائیلوٹ۔نائیٹرو۔ہیڈروکلورک ایسڈ

ترکیب:

نائٹرک ایسڈ	......	۳ فلوئیڈ اونس
ہیڈروکلورک ایسڈ	......	۴ فلوئیڈ اونس
آب مقطر	......	۲۵ فلوئیڈ اونس

تیزاب کو ملانے کے بعد ۲۴ گھنٹہ تک بوتل میں ڈال کر رکھ دو اور بوتل کے منہ کو پورا بند نہ کرو۔ اور تھوڑا تھوڑا پانی ملاتے رہو۔ اور ہلاتے رہو۔ اور بعد میں ایک مضبوط کارک والی بوتل کا کانچ کے ڈھکنے والی بوتل میں رکھ لو۔ ملانے کے بعد دونوں میں تفرقہ اجزا واقع ہوتا ہے۔

خواص: بے رنگ عرق ہوتا ہے اور سونے کے ورقوں کو گلا دیتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی طور پر زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے طبی خوراکوں میں

الٹرئیوٹانک ٹانک وغیرہ کے واسطے نائیٹرک اور ہیڈروکلورک ایسڈ علیحدہ علیحدہ کی نسبت فوقیت رکھتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	۱ سے ۳ فلوئیڈ ڈرام
مویشی کے واسطے	......	۲ سے ۴ فلوئیڈ ڈرام
بھیڑ اور خوک کے واسطے	......	۱۰ سے ۲۰ بوند
کتے کے واسطے	......	۲ سے ۱۰ بوند

طریق استعمال: ۱۰۰ گنا پانی میں ملا کر اس کو استعمال کرتے ہیں۔

مانع استعمال اور انٹی ڈوٹ وہی ہیں جو ڈائیلوٹ نائیٹرک ایسڈ کے بیان میں تحریر کئے گئے ہیں۔

ایسیڈم۔فاسفاریکم۔فاسفارک ایسڈ

ترکیب: فاسفورس، کو ڈائیلوٹ نائیٹرک ایسڈ میں ملا کر گرم کرتے ہیں۔ تاکہ ابخرے نائیٹروایسڈ کے اٹھنے سے بند ہو جائیں اور بعد میں پانی ملا لیتے ہیں۔

خواص: ترش اور شیریں بے رنگ سیال ہوتا ہے۔ ہلکا سولیوشن، سلور نائٹریٹ کے ساتھ زرد رنگ کا تلچھٹ پیدا کرتا ہے۔

اثر اور استعمال: خارجی استعمال میں اریٹنٹ اور اس کے راٹک ہے۔

ڈائیلوٹ۔فاسفارک۔ایسڈ

ترکیب: ۳ حصہ تیزاب میں ۲۰ حصہ پانی ملانے سے تیار ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: جسمانی کمزوری اور ٹیوبر۔ کلوسس کو روکنے کیلئے برتا جاتا ہے اور

برانکیل کٹار میں ایک عمدہ ٹانک ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	ا سے ۲ ڈرام
کتوں کے واسطے	......	۵ سے ۱۰ پونڈ

فاسفیٹ آف ایمونیا، آئرن اور سوڈا اور فاسفیٹ آف آئرن، کونین اور سٹرکنائن کے بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔ صرف فاسفیٹ آف آئرن، کونین، اسٹرکنیا میں جس کو ایسٹن سرپ کہتے ہیں۔ فاسفیٹ آف آئرن ۳۳ .ا۔ اور کونین ۳۳ .ا۔ اسٹرکنائن ۰۴ . ۔ فارسفارک ایسڈ ۸ حصہ قند۔ ۶۰ حصہ پانی حسب ضرورت یا ۱۰۰ حصہ اس کے ایک ڈرام میں ۳۲/ا گرین اسٹرکنائن ہوتا ہے۔

سالی۔سلک۔ایسڈ

ترکیب: کاربانک انہاڈرائیڈ کو سوڈیم فینول میں چند گھنٹوں کے لئے رکھ کر ۴۸۲ درجہ فارن ہائٹ درجہ کی حرارت دینے سے اور باقی ماندہ مادہ کو ڈائیلوٹ ہیڈروکلورک ایسڈ کے ساتھ ملانے سے تیار ہوتا ہے۔

خواص: بے رنگ سفوف ہے۔ چھوٹی چھوٹی قلمیں ہوتی ہیں۔ ذائقہ پہلے میٹھا بعد میں کڑوا۔ اس کا ایک حصہ سرد پانی کے پانسو حصہ میں حل ہو جاتا ہے۔ لیکن گرم پانی میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔ الکوحل اور ایتھر میں آسانی سے حل ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: انٹی سپٹک۔ انٹی پائیرٹک ایسڈ اور سوڈیم سالی سلیٹ روماٹیزم میں بطور خاص دوائیں کے بہت استعمال ہوتے ہیں۔ خارجی استعمال میں زخموں کو ڈریس کرنے کے واسطے استعمال کیا جاتا ہے۔ اگزیما اور سورائی سس میں بہت مفید ہے۔ یہ اوپن جائنٹ میں بھی برتا جاتا ہے۔ ایک حصہ سالی سلک ایسڈ اور سہاگہ ۳۰ سے ۵۰ حصہ پانی میں ملا کر لنٹ انٹی سپٹک کرنے کے واسطے بھگو کر سکھلاتے ہیں۔

مرہم۔ سالی سلک ایسڈ ایک حصہ ۲۰ یا ۲۵ حصہ گرم ویسلین میں ملانے سے تیار ہوتی ہے
دوسری قسم کا مرہم۔ ۱۸ حصہ نرم پیرافین اور ۹ حصہ ہارڈ پیرافین ملانے سے تیار ہوتا ہے۔

سلفیورک ایسڈ

ترکیب: سلفیوز ایسڈ۔ نائیٹرک ایسڈ کے بخار۔ بھاپ اور ہوا ایک کمرے میں پہنچائے جاتے ہیں۔ تو وہ ایک دوسرے پر اثر کرتے ہیں۔ جن سے یہ تیزاب پیدا ہوتا ہے۔

خواص: بے رنگ بھاری روغنی عرق ہے۔ پانی کے ساتھ ملتا ہے۔ تو بڑی حرارت پیدا ہوتی ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی کروسیو ایری ٹنٹ۔ پوائزن۔ خارجی استعمال میں وارٹس اور خراب بڑھاؤ کو جلانے کے واسطے کاسٹک ہے۔

ترکیب استعمال: گندھک۔ لکڑی کا برادہ۔ سفوف۔ کوئلہ یا خشک چکری کے ساتھ ملا کر لئی بنا کر استعمال کرتے ہیں۔

انٹی ڈوٹ۔ وہی ہیں جو نائٹرک ایسڈ کے بیان میں درج کی گئی ہیں۔

ڈائیلوٹ۔ سلفیورک ایسڈ

ترکیب:

سلفیورک ایسڈ	......	۷ فلوئیڈ اونس
آب مقطر	......	حسب ضرورت

صاف پانی کے ۷۷ فلوئیڈ اونس ایک مٹی کے برتن میں ڈالو اور بعد میں ۱۷ اونس خالص تیزاب ڈالو۔ اور جب ۶۰ درجہ کی حرارت پر آجائے تو اس قدر اور پانی ملا لو جس سے ۳ ۱/۲ ۷۔ اونس کل مجموعہ ہو جائے۔

خواص: بے رنگ تیز عرق ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ۔ پوائزن اور طبی خوراکوں میں استر بجنٹ اور ٹانک خارجی استعمال میں استر بجنٹ۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	۲ سے ۴ فلوئیڈ ڈرام
مویشی کے واسطے	......	۲ سے ۴ فلوئیڈ ڈرام
بھیڑ اور خوک کے واسطے	......	۱۰ سے ۲۰ قطرہ
کتوں کے واسطے	......	۲ سے ۱۰ بوند

داخلی استعمال میں یہ بطور ٹانک۔ ۵۰ گنا یا ۱۰۰ گنا پانی میں ملا کر دیتے ہیں۔ ڈار یا ڈیسنٹری میں ۲ فلوئیڈ اونس ایسڈ۔ ایک اونس لاڈینم گرونل میں ملا کر دو دفعہ دن میں دے سکتے ہیں۔ بعض اوقات ایک ڈرام ایسڈ ایک اونس سلفیورک ایتھر اور ایک اونس سنکونہ۔ بارک گرد عمل میں ملا کر ٹائی فائیڈ انفلوانزا میں دیتے ہیں۔ اور السریڈ سور تھروٹ میں ہلکا سولیوشن دیتے ہیں۔ خارجی استعمال میں استر بجنٹ کے طور پر ۳۰ بوند فی اونس پانی میں ملا کر استعمال کرتے ہیں۔

مانع استعمال: اور انٹی ڈوٹ۔ مثل نائٹرک ایسڈ کے استعمال ہوتے ہیں۔

سلفیوروس۔ ایسڈ

ترکیب:

سلفیورک ایسڈ	......	۴ فلوئیڈ اونس
لکڑی کے کوئلہ کا درد اسفوف	......	ایک اونس
معمولی پانی	......	۲ فلوئیڈ اونس

سفوف کوئلہ اور تیزاب کو ایک شیشہ کی بوتل میں جس میں ایک نلکی لگی ہوئی ہو اور دو اونس معمولی پانی بھی ہو اور نلکی کا سرا ایک پائنٹ پانی میں جو کہ بوتل میں بھرا ہے گذار دو۔ فلاسک کے نیچے آگ جلاؤ تا کہ گیس خارج ہو۔

خواص: بے رنگ عرق ہے جو کہ گندھک کے جلانے سے پیدا ہوتا ہے۔ بیرئم کلورائیڈ ڈالنے سے کوئی تلچھٹ پیدا نہیں ہوتا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں سلفیورک ایسڈ نہیں ہے۔

اثر اور استعمال: انٹی سپٹک۔ ڈیوڈورائی زر۔ ڈس انفکٹنٹ۔ خارجی استعمال میں فنگس کو مارنے کے واسطے استعمال کیا جاتا ہے۔ جو کہ خاص خاص جلدی امراض میں ہوتے ہیں۔

طریق استعمال: ایک حصہ تیزاب ۳ حصہ پانی۔ یا ۲ حصہ گلیسرین ملا کر اسپنج سے جلد پر لگایا جاتا ہے۔ مکان کو ڈس انفکٹ کرنے کے واسطے گندھک اور جلتے ہوئے کوئلہ ایک رکابی میں ڈال کر ایک مکان میں رکھ دینے چاہئیں اور کیوڑ تھوڑا عرصہ کیلئے بند کر دینا چاہیے۔

ٹینک۔ ایسڈ

ترکیب: سفوف اوک گال اور ایتھر کو کافی مقدار میں ملا کر تیار کرتے ہیں۔

خواص: زرد رنگ کی پتلی پتلی قلمیں ہوتی ہیں۔ ذائقہ اسٹرنجنٹ اور تاثیر ایسڈ ۱۰ حصہ پانی میں حل ہو جاتے ہیں۔ ریکٹیفائیڈ اسپرٹ اور ایتھر میں بھی حل ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی اور خارجی اسٹرنجنٹ، اسٹپٹک، ڈاریا اور ڈیسنٹری میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ورمی سائیڈ کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔ ٹارٹار امے ٹک۔ اور سٹرکنائن،

مارفیہ اوردوسرے الکلائیڈز زہروں کا انٹی ڈوٹ ہے۔

خوراک:

گھوڑوں اور مویشیوں کے واسطے	......	۲۰ سے ۶۰ گرین
بھیڑ اور خوک کے واسطے	......	۴ سے ۱۲ گرین
کتے کے واسطے	......	ا سے ۳ گرین

داخلی استعمال میں گولی میں یا پانی یا شراب میں سولیشن بنا کر دیتے ہیں۔خارجی استعمال میں ایک حصہ ایسڈ، ۶ حصہ پانی میں حل کر لیتے ہیں۔منرل ایسڈ یا (معدنی تیزاب) الکلی اور لڈ کے مرکبات چاندی، سونا، سرمہ، اکلائیڈ، جیلاٹن اور ایملشن کے ساتھ دینا منع ہے۔

اکونائٹ کی پتیاں

میٹھا تیلیا اکونائیٹم نے پی لس کے کے تازہ پتے اور پھولدار چوٹیاں اُس وقت جمع کی جاتی ہیں جب پھولوں کی کلیاں کھلی ہوں۔یہ انگلستان میں بویا جاتا ہے۔

خواص: اس کے پتے چکنے اور ہتھیلی کی طرح کے ہوتے ہیں اور ان میں پانچ قوس ہوتے ہیں جب ان کو چبایا جائے تو ان سے چھن چھناہٹ ہونٹوں اور زبان پر پیدا ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی طور پر زیادہ مقدار میں سری بروا سپائنل پوائزن ہے طبی خوراکوں میں۔سیڈیٹو اورانوڈائن ہے۔خارجی استعمال میں گاہے گاہے نیورالجیہ اور وجع المفاصل کے درد کو موقوف کرنے کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔لیکن اس مطلب کے واسطے لینی منٹ یا ٹنکچر کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔انٹی ڈوٹ، فوراً سے تک جب استعمال ہو سکے اور اندرونی اور بیرونی طور پر اسٹی میولنٹ ادویات کا استعمال کرو۔ اس سے ایکسٹریکٹ اکونائٹ، ٹنکچر اکونائٹ یعنی منٹ اکونائٹ تیار کیا جاتا ہے۔

اکونائٹ کی جڑ

قدرتی طور پر پیدا ہوتی ہے۔ لمبائی میں ا سے ۳ انچ تک اور موٹائی میں ۳/۴ یا پون انچ سے زیادہ نہیں ہوتی۔ اگر ذرہ سی بھی چبائی جائے تو زبان اور ہونٹوں کو چھن چھناہٹ اور بے حسی معلوم ہوتی ہے۔ انٹی ڈوٹ اوپر بیان ہو چکے ہیں۔
اکونائٹ، ٹنکچر اکونائٹ اور اکونائٹ لینی منٹ کے بنانے کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔

اکونائی ٹین

ایک الکلائیڈ جوہر ہے۔ جو کہ چند قسم کے اکونائٹ کے پتوں اور جڑوں سے حاصل ہوتا ہے ویٹرنری پریکٹس میں بہت کم استعمال ہوتا ہے۔

ایگزانج۔ لارڈ۔ خوک کی چربی

ترکیب: خوک کی چربی نکال کر کوٹ کر پانی میں ملا کر صاف کر کے استعمال کرتے ہیں۔

خواص: نرم سفید رنگ قدرے شیریں، اگر آب مقطر کے ساتھ ملا کر جوش دیں تو کوئی تلچھٹ پیدا نہ ہوگا۔

اثر اور استعمال: صرف خارجی استعمال میں السروں کو ڈریس کرنے کے بعد یا پلسٹر لگانے کے بعد استعمال کرتے ہیں۔ جگہ کو ملائم کر دیتی ہے اور منج اور اسکیب میں استعمال کرتے ہیں۔ ملک پاکستان میں یہ چربی استعمال نہیں ہوتی۔

ایتھر

ترکیب:

ریکٹی فائڈ اسپرٹ ...... ۵۰ فلوئیڈ اونس

تیزاب گندھک	......	۱۰فلوئیڈاونس
کلورائیڈ آف کیلشیم	......	۱۰فلوئیڈاونس
سلیکڈ لائم	......	۲/۱ااونس
صاف پانی	......	۱۳۔اونس

خواص: بے رنگ عرق ہے۔نگار کھنے سے بہت جلد اڑ اتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی اسٹی میولنٹ۔نارکاٹک۔انٹس پازماڈک۔بیرونی ریفرجنٹ اور اپنا اثر۔انس تھی ایٹک کے طور پر بھی کرتا ہے۔اسی غرض کیلئے مقامی حس کو زائل کرنے کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	۱سے۲فلوئیڈاونس
مویشی کے واسطے	......	۲سے۳فلوئیڈاونس
بھیڑ اور خوک کے واسطے	......	۲سے۴ڈرام
کتوں کے واسطے	......	۲/۱ا۔سے۲ڈرام

طریق استعمال: بطور اسٹی میولنٹ اور انٹس پازماڈک یا ریفرجرنٹ کے طور پر کولنگ لوشن میں ملا کر اکیلا استعمال کرتے ہیں۔انس تھی ایٹک کے واسطے اسپنج پر ڈال کر جانور کی ناک پر ایک تو بڑہ میں رکھ کر چڑھا دیتے ہیں۔لوکل انس تھی ایٹک کے طور پر رچرڈس صاحب بہادر کا سپرے کا طریق اچھا ہے۔کلوڈیم کے تیار کرنے میں کام آتا ہے۔

البیومن یا انڈہ کی سفیدی

قدرتی طور پر انڈہ سے نکلتی ہے۔ اس میں کاربان، ہیڈروجن، آکسیجن، نیٹروجن، سلفر، فاسفورس ہوتی ہے۔لیکن ان کی ٹھیک مقدار میں ابھی دریافت نہیں ہوئیں۔

خوراک: حسب ضرورت استعمال کر سکتے ہیں۔

اثر اور استعمال: کردسیو، زہروں کا انٹی ڈوٹ ہے۔ اس کو ایتھر پانی ڈیمل سنٹ ادویات کے ساتھ پیمنٹ کر دیتے ہیں۔ خون کی سیرم یا دودھ بھی اس کی جگہ استعمال کر سکتے ہیں۔

باربیڈوز ایلوز

ایلوز یا مصبر ایک درخت ہے۔ جو جزائر باربیڈوز میں پیدا ہوتا ہے۔ اس کے پتوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ علے العموم اس کے بڑے بڑے ٹکڑے ہوتے ہیں۔

خواص: زردی مائل یا سیاہی مائل، بھورے رنگ کا ہوتا ہے۔ مزہ۔ بد۔ تلخ۔ تے آور۔ سونگھا جائے۔ تو اُس سے ناگوار بو آتی ہے۔ پروف اسپرٹ میں بالکل حل ہو جاتا ہے۔ اس میں۔ ایلوئین رال اور دوسرے ناقصات ہوتے ہیں۔

اثر اور استعمال: زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے۔ طبی خوراکوں میں پر گے ٹیوتے آور ٹانک ڈایورٹیک۔ ورمی فیوج ہے۔ خارجی استعمال میں ٹرومیٹک یا زخموں پر لگایا جاتا ہے۔

خوراک: پر گے ٹیو کے طور پر

گھوڑوں کے واسطے	......	۲ سے ۸ ڈرام
مویشی کے واسطے	......	۱ سے ۲۔ اونس
بھیڑ کے واسطے	......	۱/۲ سے ۱۔ اونس
خوک کے واسطے	......	۱ سے ۴ ڈرام
کتے کے واسطے	......	۲۰ گرین سے ۲ ڈرام

طریق استعمال: گولی یا عرق کی صورت میں کاربونیٹ آف سوڈا میں ملا کر دیتے ہیں

کیونکہ اس سے اس کا ایملشن بن جاتا ہے۔ خارجی استعمال میں زخموں پر سفوف چھڑکا جاتا ہے۔ ٹنکچر ایلوز۔ سلیوشن ایلوز۔ ماس ایلوز کے تیار کرنے میں کام آتا ہے۔

کیپ ایلوز

راس امید سے جس کو انگریزی میں کیپ آف گڈ ہوپ کہتے ہیں آتا ہے اور ایک درخت ایلوز۔ پائی کیڈیا کے پتوں کی خشک رس ہے۔ اس میں ایلوئین رال اور دیگر ناقصات ہوتے ہیں۔

خواص: سیاہ یا سبزی مائل زرد رنگ رال کی طرح کا دکھائی دیتا ہے۔ ہاتھ لگانے سے چور چور ہو جاتا ہے۔ کانچ یا شیشے کی طرح ہوتا ہے جو سخت ناگوار ہوتی ہے۔ ذائقہ تیز اور تلخ ہوتا ہے اثر اور استعمال خوراک وغیرہ ہر ایک چیز مثل باربیڈوز ایلوز کے ہے۔

سوکوٹرین ایلوز

یہ جزائر اسکاٹرا اور ملک زنگبار سے آتا ہے ویسا ہی ہوتا ہے۔ جیسا کہ کیپ ایلوز اثر اور استعمال خوراک وغیرہ ہر ایک اثر باربیڈوز کی طرح ہوتا ہے۔

ایلوئن

ایک جوہر ہے۔ جو ایلوز سے نکلتا ہے اور اس میں قریب چھ فیصدی پایا جاتا ہے۔ یہ اس کے سرد عرق یا سرد جوشاندہ میں ہوتا ہے اور اُس کو اڑانے سے تیار ہوتا ہے۔ پانی میں حل ہو جاتا ہے لیکن الکوحل میں مشکل سے حل ہوتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے وسطے ...... ۱ سے ۲/۱ ڈرام

کتوں کے واسطے ...... ۳ سے ۲۰ گرین

خواص: بھورا رنگ اور ذائقہ کڑوا ہوتا ہے۔

ایلم۔ پھٹکری یا پوٹاشیم ایلومنیم سلفیٹ

ترکیب: وہ مٹی جس میں ایلم کے اجزاء ہوتے ہیں۔ گندھک کے تیزاب کے ساتھ ملا کر تیار کرتے ہیں۔

خواص: بے رنگ شفاف قلمدار صورت میں ہوتی ہے۔ ذائقہ اسٹرنجنٹ ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی استعمال میں زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے۔ اور طبی خوراکوں میں ڈرایا اور ڈیسنٹری میں اسٹرنجنٹ فائدہ کے واسطے استعمال کیا جاتا ہے اور خراب قسم کے ڈایابیٹیز میں فائدہ مندہ ہے۔ لڈ کے مرکبات کے زہر کا۔ انٹی ڈوٹ ہے اور گاؤں میں دودھ کی پیدائش کو روکتا ہے۔ خارجی استعمال میں۔ جوڑوں کے کھل جانے میں یا زخموں کے واسطے اسٹرنجنٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	۲ سے ۴ ڈرام
مویشیوں کے واسطے	......	۲ سے ۴ ڈرام
بھیڑ اور خوک کے واسطے	......	۲/۱ سے ۲ ڈرام
کتوں کے واسطے	......	۱۰ سے ۳۰ گرین

طریق استعمال: داخلی استعمال میں پانی میں حل کر کے یا گولی بنا کر اکیلا یا افیون یا کارمے نے ٹو ادویات کے ساتھ ملا کر کسی طرح استعمال کرتے ہیں۔ خارجی استعمال میں سفوف زخموں پہ چھڑکا جاتا ہے۔ سلیوشن کی صورت میں اوپن جائنٹ کی حالت میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک حصہ پھٹکوی اور دو یا تین حصہ آرد گندم کے ساتھ ملا کر کھلے زخموں پر چھڑکتے ہیں۔

مانع استعمال: ٹانک ایسڈ اور نباتاتی قابضات الکلائن اور الکلائن ارتھ اور ان کے کاربونیٹ اور ایسٹیٹ آف لڈ کے ساتھ ملا کر استعمال کرنا منع ہے۔ اس سے خشک ایلم۔ لائیکوار ایلومینیم اور کمپونڈ ایلم تیار کرتے ہیں۔

خشک پھٹکوی یا ڈرائیڈ ایلم۔ یا جلی ہوئی پھٹکوی

ترکیب: پھٹکوی کی قلموں کو حرارت دیتے ہیں۔ اس طرح سے کہ چینی کی طشتری میں رکھ کر اس کے نیچے آگ جلائیں جب تک بخار نکلنے بند ہو جائیں بقیہ کو پیس کر بند بوتل میں رکھ لیتے ہیں۔

اثر اور استعمال: کاسٹک۔ اسٹرنجنٹ۔ انہیں اغراض کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ اس سے کمپونڈ ایلم پوڈر تیار ہوتا ہے۔

امونی ایکم

ایک قسم کی گوند ہے۔ جس کے گول گول موتی کی طرح کے ٹکڑے ہوتے ہیں۔ جن کا قطر ۲/۱ انچ سے لیکر ۵/۴ انچ تک ہوتا ہے۔ جب توڑی دی جائے تو سفید چمکیلی دھندلے رنگ کی ہوتی ہے۔ پانی میں رگڑنے سے سفید رنگ کا ایملشن بن جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی اسٹی میولنٹ۔ انٹی سپازموڈک۔ فائدہ کے واسطے کھانسی میں اور اعصابی تشنج کے امراض میں استعمال ہوتا ہے۔ کوریا اپی لپسی۔ میں بھی مفید ہے۔

خوراک:

گھوڑوں اور مویشیوں کے واسطے	......	۲ سے ۴ ڈرام
بھیڑ اور خوک کے واسطے	......	۲/۱ سے ۲/۱ ڈرام
کتوں کے واسطے	......	۱۰ سے ۲۰ گرین

طریق استعمال: گولی یا ایملشن کی صورت میں استعمال ہوتا ہے اور ورے فیوج کے طور پر منہ یا مقعد کے راستہ دیتے ہیں۔

امونیم کاربوناس یا کاربونیٹ آف ایمونیا

ترکیب: ایک حصہ امونیم کلورائیڈ اور دو حصہ کیلشیم کاربونیٹ کو ملا کر مٹی یا لوہے کے برتن میں گرم کرنے سے تیار ہوتا ہے۔

خواص: ریشہ دار قلمی بیرنگ شفاف۔ محدب۔ مجوف۔ چکوں کی صورت میں ہوتا ہے۔ مزہ کھاری چرپرہ اور تیز بو ایمونیا کی سی ہوتی ہے۔ سرد پانی اور قدرے گرم پانی میں حل ہو جاتا ہے لیکن الکوحل میں پورے طور پر حل نہیں ہوتا۔ ابلتے ہوئے پانی میں بگڑ جاتا ہے اور ایمونیا اور کاربالک ایسڈ خارج ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی استعمال میں زیادہ مقدار میں اریٹنٹ اور نارکاٹک زہر ہے۔ طبی خوراکوں میں۔ اسٹی میولنٹ۔ انٹاسڈ اور ریزالونٹ ہے۔ انفلوائنزا۔ ٹائی فائیڈ۔ فیور۔ لنکس کی سوزش اور پلوریسی میں استعمال ہوتا ہے۔ سرد گروئل یا گولی میں ملا کر دیا جاتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسے	......	۱ سے ۲ ڈرام
مویشی کے واسطے	......	۲ سے ۴ ڈرام
بھیڑ اور خوک کے واسطے	......	۲۰ گرین سے ۔ا۔ ڈرام
کتوں کے واسطوں	......	۳ سے ۱۰ گرین

طریق استعمال: بولس کی صورت میں یا ٹھنڈی گروئل میں ملا کر دیتے ہیں۔

مانع استعمال: ایسڈ۔ الکلی۔ چونہ کا پانی اور بہت سے دھاتی نمکوں کے ساتھ ملا کر دینا منع ہے۔ اس کا انٹی ڈوٹ۔ ڈیمل سنٹ اشیاء، تیل، میوسلج اور ہلکے یعنی ڈائیلوٹ تیزاب

ہیں۔لائیکوار ایمونیا،ایسی ٹیٹ اور اسپرٹ امونیا،ایرومانک تیار کرنے میں کام آتا ہے۔

ایمونیم کلورائیڈیا کلورائیڈ آف ایمونیا

یعنی نوشادر جس کو سیل امونی ایک کہتے ہیں

ترکیب: عرق ایمونیا پر ہیڈروکلورک ایسڈ ڈالنے سے تیار ہوتا ہے۔

خواص: بے رنگ۔بے بو۔نیم شفاف۔ریشہ دار بڑے بڑے چکوں کی صورت میں پایا جاتا ہے۔مشکل سے ٹوٹتا اور سفوف ہوتا ہے۔پانی اور ریکٹیفائیڈ اسپرٹ میں حل ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی استعمال میں زیادہ مقدار میں۔ایری ٹنٹ زہر ہے۔طبی خوراکوں میں۔اسٹی میولنٹ۔ڈایوریٹک۔ریزالونٹ ہے۔ایکوٹ۔انفلا میٹری علامات فرد ہونے کے بعد میوکس فیور میں استعمال ہوتا ہے۔نرم قسم کے نیومونیا اور سیرس جھلیوں کی سوزش میں اور میوکس ڈاریا۔کرانک روماٹیزم۔پے سوڈاراپسی میں استعمال ہوتا ہے۔خارجی استعمال میں بروز۔اسپرین اور انفلامیسٹری ورموں میں اسٹی میولنٹ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	۲/۱سے ۲/۱ ۱۔اونس
مویشی کے واسطے	......	۲/۱سے ۲/۱ ۱۔اونس
بھیڑ اور خوک کے واسطے	......	۲/۱سے ۲ ڈرام
کتوں کے واسطوں	......	۵سے ۲۰ گرین

طریق استعمال: داخلی استعمال میں گولی کی صورت میں یا پانی میں حل کر کے استعمال ہوتا ہے اور خارجی استعمال میں پوٹاشیم،نائیٹریٹ یا کمفر کے ساتھ ملا کر سلیوشن کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

مانع استعمال: سلفیورک ایسڈ۔ پوٹاش۔ سوڈا۔ لائیم اوران کے کاربونیٹ اور بہت سے دھاتی نمکوں کے ساتھ استعمال کرنا منع ہے۔ اس کا انٹی ڈوٹ زیادہ مقدار میں پانی پلانا اور اگر ممکن ہو۔ تو قے کرانا اور ڈیمل سنٹ اور میلوسلج وغیرہ دیتی ہیں۔ امونیم کلورائیڈ اور کمفر کالوشن اور پاٹاشی نائیٹریٹ کالوشن بنانے کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔

امائی لم یا سٹارچ یعنی نشاستہ

اکثر گندم اور آلو او چاول کے پینے سے حاصل ہوتا ہے۔ سفید ٹکیاں ہوتی ہیں جو سرد پانی میں یا ہاون دستہ میں رگڑنے سے لٹمس کاغذ پر نہ الکلی اور نہ ایسڈ اثر کرتا ہے۔ گرم پانی میں ملا کر ابالنے سے اور ٹنکچر آئیوڈین ملانے سے گہرا نیلا رنگ پیدا کرتا ہے۔

اثر اور استعمال: ڈیمل سنٹ۔ ایمولی اینٹ۔ بصورت گرونل خارجی استعمال میں خشک سفوف کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔ زخموں سے ڈسچارج کو صفا کرتا ہے۔ اوپن جائنٹ میں اس کا آٹھواں حصہ ٹکلکوی میں ملانے سے سائی زویا کو بند کرنے کے واسطے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور اسٹارچ۔ بنڈیج کے بنانے میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

نائیٹریٹ آف ایمائل

ترکیب: نائیٹروس ایسڈ کو ایملک الکوحل میں گذارنے سے تیار ہوتا ہے۔

خواص: ایک زرد ایتھر کے موافق اڑنے والا عرق ہے۔ جس میں ناشپاتی کی سی خوشبو ہوتی ہے پانی میں گھل نہیں سکتا۔ لیکن ریکٹیفائیڈ اسپرٹ میں حل ہو جاتا ہے۔ ایتھر اور کلورافام میں بھی گھل جاتا ہے۔ روغن اس میں حل ہو جاتے ہیں۔ اس کو خوب ڈاٹ لگا کر سرد اور تاریک مکان میں رکھنا چاہیے۔ ورنہ اس کی تیزی کم ہو جاتی ہے۔

اثر اور استعمال: سیڈیٹو۔ انس تھی ٹک۔ انٹی سپازماڈک ہے۔ ٹے ٹی نس کی مرض میں استعمال ہوتا ہے۔

سنگھانے کے واسطے

خوراک: بطورانس تھی تک سنگھانے کے واسطے

	......	ا سے ۲ ڈرام
گھوڑوں کے واسطے	......	۱۰ سے ۲۰ پونڈ
کتوں کے واسطوں		

انس کا پھل یا سفوف

چین، جاپان اورتاتار میں پیدا ہوتا ہے۔ شکل میں بیضوی جس کے دو مساوی حصے ہوتے ہیں جن کے گرد پانچ پتلی باریک شکن ہوتی ہے۔

خواص: زردی مائل بھورا رنگ اور خاص قسم کی خوشبو ہوتی ہے اور ذائقہ گرم اور میٹھا ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: اسٹوماٹک، کارمے نے ٹو اور آروماٹک ہے۔ انڈی جیسٹن نفخ شکم میں اور دواؤں کے ناگوار ذائقہ کو چھپانے کیلئے اور جلابوں کے ساتھ اُن کے مروڑ کم کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے اور حتی روکنے کے واسطے پلایا جاتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	۲/ا سے ۲۔ اونس
مویشی کے واسطے	......	ا سے ۲۔ اونس
بھیڑ اور خوک کے واسطے	......	2 سے 3 ڈرام
کتوں کے واسطوں	......	10 گرین سے 1 ڈرام

ترکیب استعمال: اس کا پھل کا سفوف اکیلا۔ جنجر کے ساتھ ملا کر یا اسپرٹ اور پانی میں ملا کر استعمال کرتے ہیں۔ سفوف کا پھل دوائیوں میں بطور خوش ذائقہ شے کے استعمال کیا جاتا ہے اور کتوں اور دوسرے جانوروں کی جوئیں مارنے کے واسطے بھی استعمال ہوتا ہے۔

کیمو مائل فلاورز۔ یا بابونہ کے پھول

یورپ کے ملکوں میں خوردہوتا ہے۔اس سے ایک لطیف اڑنے والا روغن حاصل ہوتا ہے۔جس کوروغن بابونہ کہتے ہیں۔

اثر اور استعمال: داخلی ٹانک اور کارے نے ٹیو ہے اور انڈائی جیسٹن میں اور سوزش حار امراض کے بعد ضعف میں استعمال ہوتا ہے۔

خواص: اس کی ایک قسم میں زرد اور سفید قسم کی طرح کے پھول یا غنچہ ہوتے ہیں اور ڈبل قسم میں سفید قسم کی شکل کے غنچہ ہوتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسے	......	2 سے 6 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	2 سے 6 ڈرام
بھیڑ اور خوک کے واسطے	......	1/2 سے 2 ڈرام
کتوں کے واسطوں	......	10 سے 60 گرین

خشک پھولوں کے سفوف کو جنجریا کسی اور اروٹانک کے استعمال ملا کر ایک یا دو دفعہ دن میں استعمال کرتے ہیں۔

مانع استعمال: معدنی تیزاب اور نمکوں کے ساتھ دینا ہے۔

اوکسائیڈ آف انٹی منی

ترکیب:

سلوشن کلورائیڈ آف انٹی منی	......	16 فلوئیڈ اونس
کاربونیٹ	......	6 اونس
کامن واٹر	......	2 گیلن

ڈسٹلڈ واٹر جو پانی میں نہیں لیکن ہیڈروکلورک ایسڈ،
خواص: یہ ایک خاکی سفید بے سفوف ہوتا ہے۔ اور نائیٹرک ایسڈ میں گھل کر انٹی منی پنٹا
ٹارٹرک ایسڈ اور ایسیٹک ایسڈ میں گھل سکتا ہے۔
اوکسائیڈ اور انٹی منی ٹیٹرآوکسائیڈ بن جاتا ہے۔
اثر اور استعمال: ڈایافوریٹک ہے۔ اور فیبر یفیوج فائدہ کیلئے کتوں میں بہت استعمال
ہوتا ہے اور زیادہ تر۔ ٹارٹیڈ انٹی منی بنانے کے کام آتا ہے۔ اس سے پلوس انٹی مونی ایلس
اور انٹی مونیم ٹارٹیم تیار ہوتا ہے۔

بلیک انٹی منی

یعنی انٹی مونیم نائیگرم جس کو انٹی منی سلفائیڈ یا بلیک انٹی منی بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: سلفائیڈ آف انٹی منی کو جو انٹی منی کا سب سے کثیر الوقع خام مرکب ہے جب
آگ میں گلا کر صاف کیا جاتا ہے۔ تب تیار ہوتا ہے۔

خواص: خاکی سیاہ کا قلمدار سفوف ہے۔ جو ابلتے ہوئے ہیڈروکلورک ایسڈ میں بالکل حل ہو
جاتا ہے اور سلفیورٹیڈ، ہیڈروجن گیس خارج ہوتی ہے۔

اثر اور استعمال: الٹریٹو، اتھل منیٹک۔ اے مے ٹک۔ اس کا اثر قابل اعتبار نہیں اس
واسطے حیوانات میں استعمال نہیں کیا جاتا۔

سلفر یا نائیٹریٹ آف پوٹاش کے ساتھ ملا کر گھوڑوں کو الیٹریٹو فائدہ کے واسطے
دیتے ہیں۔ نیز لائیکوار انٹی منی کلورائیڈ کے تیار کرنے میں کام آتا ہے۔

ٹارٹریٹڈ انٹی منی یا

انٹی منی ٹارٹریٹ ماٹارٹارایمے ٹک

ترکیب:

اوکسائیڈ آف انٹی منی	......	5 اونس
سفوف ایسڈ ٹارٹریٹ آف پوٹاش	......	6 اونس
آب مقطر	......	2 پائنٹ

ایسڈ ٹارٹریٹ آف پوٹاش اور اوکسائیڈ آف انٹی منی کو کافی مقدار ڈسٹلڈ واٹر کے ساتھ ملاؤ اور 24 گھنٹہ کے واسطے رکھ دو۔ اور پھر باقی پانی بھی ملا دو اور پھر 15 منٹ تک گرم کرو اور چھان لو۔ اور ٹارٹریٹ آف انٹی منی کی قلموں کو بیٹھ جانے دو۔

خواص: شفاف بے رنگ مثلث قلمیں ہوتی ہیں۔ پانی میں حل ہو جاتی ہیں لیکن پروف اسپرٹ میں اس سے کم حل ہوتی ہیں۔ اگر یہ پانی میں گھلا ہوا ہو تو ہیڈرکلورک ایسڈ ملانے سے سفید تلچھٹ پیدا ہو جاتا ہے۔ اگر ٹارٹیرک ایسڈ ملایا جائے تو ہیڈروکلورک ایسڈ سے کوئی تلچھٹ پیدا نہیں ہوتا۔

اثر اور استعمال: داخلی زیادہ مقدار میں۔ اری تنٹ زہر اور طبی خوراکوں میں میوکس ممبرین جلد۔ لیور۔ پنکریاس اور گردوں کی رطوبت کو ترقی دیتی ہے۔ نظام جاذبہ کو تحریک دیتی ہے۔ بڑی خوراکوں میں۔ اس سے متلی پیدا ہوتی ہے اور عضلاتی ریشہ ڈھیلے ہو جاتے ہیں نروس سسٹم کو پست کرتی ہے۔ اور ان حیوانوں میں جو قے کر سکتے ہیں قے آور کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ داخلی استعمال میں۔ بطور۔ الٹریٹو۔ انٹی فلیوجسٹک۔ ناسی انٹ یا (قے آور) سیڈیٹو اور ایمے ٹک کے برتا جاتا ہے۔ سوزش دار امراض کی شروع حالت میں مفید ہے۔ خاص کر نیومونیہ۔ براؔنکائٹس جوڑوں کی دردوں وغیرہ میں استعمال کیا جاتا

ہے۔ اور درمی فیوج بھی ہے خارجی استعمال میں دیسی کنٹ ۔ کونٹرا ایری تنٹ اور کبھی کبھی معمولی ابلہ پیدا کرنے والے مرہموں میں ان کی تیزی بڑھانے کے واسطے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

خوراک بطور الٹریٹو:

گھوڑوں کے واسے	......	1/2 سے ایک ڈرام
مویشی کے واسطے	......	1/2 سے ایک ڈرام

انٹی فلوجسٹک ۔ ناسی انٹ ۔ سیڈیٹو:

گھوڑوں کے واسے	......	1 سے 2 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	2 سے 6 ڈرام
کتوں کے واسطوں	......	1/2 سے 2 گرین

ایمے ٹک:

خوک کے واسطے	......	4 سے 16 گرین
کتوں کے واسطوں	......	1 سے 4 گرین

ورمے فیوج

گھوڑوں کے واسے	......	1 سے 2 ڈرام

طریق استعمال: گولی کی صورت میں اور پانی میں حل کر کے دیتے ہیں کتوں کو ایمے ٹک فائدہ کے واسطے گوشت کے ٹکڑے میں لپیٹ کر دیتے ہیں۔ بیرونی استعمال میں لائیکوار انٹی منی ٹارٹریٹ ۔ یا مرہم انٹی منی ٹارٹریٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

مانع استعمال: گیلک ایسڈ ۔ ٹینک ایسڈ ۔ الکلی ۔ اور لڈ ۔ کے نمکوں کے ساتھ دینا منع ہے۔

انٹی ڈوٹ ۔ ٹینک ایسڈ ۔ یا وہ اشیاء جس میں ٹینک ایسڈ کا جوہر (ٹے نین) ہو۔

کیٹیکو۔یاگالز۔یامازو کا سفوف ہے۔

لائیکوار انٹی منی ٹارٹریٹ۔انٹی مونیل پوڈر اور مرہم انٹی منی ٹارٹریٹ کے بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

انٹی سپائرین

یہ فینائل۔ہائڈرازائن۔یاانیلین سے حاصل ہوتی ہے۔

خواص: سفید قلمدار سفوف سفوف ہے۔ذائقہ کڑوا۔ پانی الکوحل۔کلورافارم میں آسانی سے حل ہوجاتی ہے۔لیکن ایتھر میں کم حل ہوتی ہے۔

اثر اور استعمال: انٹی پائی ریٹک ہے۔ بخار میں حرارت کو بہت کم کرتی ہے۔انوڈائن فائدہ کے واسطے۔نیورا لجیہ۔اور ماٹیزم کی دردوں میں استعمال ہوتی ہے۔بعض اوقات کوریہ میں بھی استعمال ہوتی ہے۔

خوراک:

کتے کے واسطے ...... 15 سے 30 گرین

ڈسٹلڈ واٹر یعنی آب مقطر

ترکیب: معمولی پانی 10 گیلن لے کر تانبے کی دیگ میں ڈال دو۔جس کے ساتھ ایک خالص قلعی کی نلکی لگی ہو۔جوش دو جس سے پانی بخار کی صورت میں ہو کر دوسری طرف چلا جائے گا۔پہلے آدھ گیلن کو پھینک دو اور باقی کے آٹھ گیلن رکھ لو۔جو پانی میں دیگ میں رہ جائے وہ بھی پھینک دو اگر ایک اونس صاف پانی کو اڑایا جائے۔تو باقی کوئی چیز نہیں رہتی۔جس سے یہ ظاہر ہے۔کہ اس میں ٹھوس نقصان نہیں ہیں۔اگر اس میں سلفیوریڈ ہیڈروجن گیس اوگزولیٹ آف ایمونیا نائیٹریٹ آف سلور۔کلورائیڈ آف بیریم۔یالائم واٹر ڈالنے سے کچھ اثر نہ ہوتو معلوم کرو کہ پانی صاف ہے اور اس میں سکہ اور دوسری دھاتوں کے نمک

نہیں ہیں جو کہ سلفیورٹیڈ ہیڈروجن کے ذریعہ تہہ نشین ہو جاتے ہیں۔ چونہ کے نمک۔ کلورائیڈ۔ سلفیٹ۔ کاربونیٹ اورکابالک ایسڈ۔ گیس دیگر نمکوں سے تہ نشین ہو جاتے ہیں۔

اثر اور استعمال: بہت سی دواؤں کو تیار کرنے اور حل کرنے کے واسطے استعمال کیا جاتا ہےاور آبی عرق شناختوں کے تیار کرنے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہےاور اس کا بدل بارش کا پانی بعد جوش اور چھاننے کے ہوسکتا ہے۔

ایکوامنتھی پیپریٹا۔یعنی پیپرمنٹ واٹر

ترکیب:

پیپرمنٹ	......	1.1/2 فلوئیڈ ڈرام
پانی	......	1.1/2 گیلن

لیکراس سے ایک گیلن مقطر کرلو۔

اثر اور استعمال: کارمے نے ٹو۔ اوراسٹی میولنٹ ہے۔ نفخ شکم میں استعمال ہوتا ہےاور دوسری دواؤں کے ساتھ ملا کر بطور بدرقہ استعمال ہوتا ہے۔

خوراک:

گھوڑا	......	8 سے 10 فلوئیڈ اونس
مویشی	......	8 سے 12 فلوئیڈ اونس
کتے	......	1 سے 2 فلوئیڈ اونس

اری کانٹ یعنی سپاری

سپاری کے درخت کا بیج ہے جو قدرتی طور پر ساحل میلابار اوکارومنڈل پر پیدا ہوتی ہےاس کا اثر ٹینک ایسڈ اور گیلک ایسڈ کی وجہ سے ہوتا ہے۔ جو اس میں پایا جاتا ہے۔

خواص: گول وضع کی ہوتی ہے۔ جس کا قطر قریباً 3/4 انچ کے ہوتا ہے۔ یہ سخت اور رنگ میں بھوری سرخی مائل ہوتی ہے۔ ذائقہ اس کا اسٹرنجنٹ ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی طور پر اسٹرنجنٹ اور انتھل منٹک فائدہ کے واسطے استعمال کی جاتی ہے۔ کتوں کی آنتوں کے کرموں کو مارنے کے واسطے استعمال کی جاتی ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	4 سے 6 ڈرام
مویشیوں کے واسطے	......	4 سے 8 ڈرام
کتے بموجب قد	......	30 گرین سے 2 ڈرام

طریق استعمال: سفوف چھالیہ، گولی کی صورت میں یا دودھ یا گروئل میں ملا کر دیتے ہیں۔

مانع استعمال: وہی ہیں جو کہ ٹینک ایسڈ کے ہیں کیونکہ اس میں ٹینک ایسڈ ہے۔

ارجن ٹائی نائیٹراس
یا سلور نائیٹریٹ یا لونر کاسٹک

ترکیب:

صاف چاندی	......	3 اونس
تیزاب شورہ	......	2.1/2 فلوئیڈ اونس
آب مقطر	......	3 فلوئیڈ اونس

چاندی کو فلاسک میں ڈال دو اور اس پر تیزاب اور پانی ڈال دو اور تھوڑی آگ جلاؤ۔ قلمیں بنالو۔ نائیٹریٹ آف سلور کو مضبوط سیاہ کانچ کی ڈاٹ والی بوتل میں رکھنا

چاہیے کیونکہ اس سے روشنی نہیں گذرتی اگر روشنی لگے تو روشنی کے پہنچے سے آوکسائیڈ آ
سلور بن جاتا ہے۔

خواص: بے رنگ چوڑی قلمیں ہوتی ہیں۔ جن کی شکل معین ہوتی ہے پانی اور ریکٹیفائڈ اسپرٹ میں حل ہو جاتی ہے اور اس کا سلیوشن ہیڈروکلورک ایسڈ کے ساتھ ملائیں تو دہی کی طرح تلچھٹ پیدا کرتا ہے۔ جو سلور کلورائیڈ کا ہوتا ہے۔ روشنی میں سیاہ ہو جاتا ہے اور ایمونیا آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی زیادہ خوراک۔ اری ٹنٹ۔ کروسیو زہر ہے۔ طبی خوراکوں میں ٹان اٹس۔ پازماڈک ہے۔ بعض اوقات کتوں کے۔ کوریہ۔ مرگی اور دوسرے اعصابی امراض میں مستعمل ہے۔ نیز۔ ڈرایا۔ ڈیسنری۔ کالرہ میں مفید ہے۔ خارجی طور پر اسٹی میولنٹ اسٹرجنٹ کاسٹک ہے۔ اور کنجکٹو ائٹس میں بطور کلوریم یا آئی لوشن کے استعمال ہوتا ہے ست زخموں۔ رنگ۔ ورم۔ اور دوسری کرانک جلدی امراض میں مفید ہے۔ کاسٹک کے طور پر لوشن۔ وارٹس۔ فنکس اور خراب قسم کے بڑھاؤ کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔ زہریلے زخموں اور پاگل کتوں کے کاٹے ہوئے زخموں پر لگایا جاتا ہے۔

خوراک:

کتے کے واسطے کوریہ اور مرگی وغیرہ میں ...... 1/8 سے 1/2 گرین

ڈارایا۔ ڈیسنٹری اور کالرہ میں ...... 1/4 گرین سے ایک گرین

یہ خوراکیں دن میں دو تین دفعہ استعمال کر سکتے ہیں۔

طریق استعمال: داخلی طور پر گولی یا بولس کے طور پر دیتے ہیں۔ خارجی استعمال میں قلم اور سلوشن کے طور پر استعمال ہوتا ہے مرہم کے طور پر بھی استعمال کرتے ہیں۔

مانع استعمال: سلفیورک ایسڈ۔ ہیڈروکلورک ایسڈ۔ ہیڈروسیانک ایسڈ۔ الکلی اور حل ہونے والے کلورائیڈ کے ساتھ استعمال کرنا منع ہے۔

انٹی ڈوٹ۔ کھانے کا نمک کسی ڈیمل سٹ۔ چیزیں ملا کر سلوشن کی صورت میں دیتے ہیں۔ نائٹریٹ آف سلور سلوشن اور مرہم بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

ارنیکا ریڈیکس یا ارنیکا روٹ

قدرتی طور پر جنوبی اور وسطی یورپ کے پہاڑوں میں پیدا ہوتا ہے۔

خواص: اس کی گانٹھ 1 سے 3 انچ تک لمبی اور 1/15 سے 3/10 انچ موٹی مخروطی اور وضع سی ہوتی ہے۔ اس کا تہ رو بیدار ہوتا ہے۔ جس میں ایک ناگوار اور مرچ کی طرح کڑوا ذائقہ۔ امریکہ میں اس کا ٹنکچر تیار کیا جاتا ہے۔

اسافی ٹیڈا۔ یعنی ہینگ

فریولا نارتھیکس۔ کی ہری جڑوں کو آڑا تر شنے سے گوند کی طرح حاصل ہوتی ہے۔

خواص: بے قاعدہ ڈھیلے۔ رنگت میں زرد۔ لہسن کی سی بو۔ مزہ از بس تلخ اور تیز ہوتا ہے۔ ریکٹیفائیڈ اسپرٹ میں بالکل حل ہو جاتی ہے۔ پوٹاش اور ایمونیا میں بھی گھل جاتی ہے۔ شکل کی سفوف ہوتا ہے۔ اگر اس میں پانی ملا دیں تو دودھیا سا ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: اوسط درجہ کی اسٹی میولنٹ۔ قوی انٹس پاز ماڈک۔ اکسپکٹورنٹ اور وورمی فیوج ہے۔ اکثر کالک اور کھانسی کے علاج میں استعمال کی جاتی ہے۔ کتوں کی کوریہ اور اعصابی امراض میں مفید ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
مویشیوں کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
بھیڑ و خوک کے واسطے	......	1/2 سے 1.1/2 ڈرام
کتے کے واسطے	......	10 سے 20 گرین

انیا اور اسپرٹ ایمونیا۔فی ٹیڈا تیار کرنے میں استعمال ہوتی ہے۔

اٹروپین

سخت زہریلا ایک جوہر ہے۔ جو بلاڈونہ کی جڑ سے حاصل ہوتا ہے۔ یہ جوہر بلاڈونہ کے پتوں اور جڑ ایکسٹریکٹ اور ٹنکچر میں بھی پایا جاتا ہے۔ اس سے سلفیٹ آف اٹروپین ایک حصہ 99 حصہ کمفر واٹر کے ملانے سے جو سلوشن بنتا ہے۔ اس میں فی اونس 4 گرین ہوتا ہے۔

لائیکوار کی خوراک:

گھوڑوں اور مویشیوں کے واسطے	......	1 سے 3 ڈرام
کتے کے واسطے	......	1 سے 3 بوند

ان خوراکوں کا 1/5 جلد میں پچکاری کرنے کے واسطے کافی ہے۔

سلفیٹ آف اٹروپین اور ایسی ٹیٹ آف مارفیا کے سلوشن مساوی مقدار میں ملانے سے بہت عمدہ انٹی اسپاز ماڈک اور انوڈاین فائدہ رکھتے ہیں۔

انٹیمنٹ۔ایٹروپین ایک حصہ 3.1/2 حصہ ریکٹیفائیڈ اسپرٹ اور 55 حصہ بنزولیٹڈ لارڈ یا چربی ملانے سے مرہم ایٹروپین بنتی ہے۔

بالسم آف پیرو

یہ ایک درخت کے تنے سے جس کو مرآکسی لان پرایر بولتے ہیں حاصل ہوتا ہے۔جبکہ چھلکا اتار کر علیحدہ کیا جاتا ہے۔تو رس نکل آتا ہے۔

خواص: سرخی مائل بھورا تقریباً سیاہ رنگ کا عرق ہوتا ہے۔بالسم کی بو اور کسی قدر ذائقہ کڑوا ہوتا ہے۔پانچ حصہ ریکٹیفائیڈ اسپرٹ میں حل ہو جاتا ہے۔جبکہ پانی کے ساتھ ملایا جائے کوئی کمی نہیں ہوا قعہ ہوئی

فائدہ اور استعمال: اینٹی میولنٹ اور اینٹی اسپازماڈک ہے۔ اور ٹنکچر بنزوئن کمپوڈ کے بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

بلاڈونہ کی پتیاں

یہ پتیاں معہ ان شاخوں کے جن سے یہ لگی ہوتی ہیں اور نیز یہ شاخوں سے جدا کی ہوئی پتیاں جو کہ ہوشیار سے خشک کی جاتی ہیں اور باریک سفوف کی جاتی ہیں۔ انگلینڈ کے جنگل اور مرزوعہ پودوں سے جمع کی جاتی ہیں جبکہ پھل بننا شروع ہوتا ہے۔ پتیاں مختلف 3 سے 6 انچ لمبی ہوتی ہیں۔ اس کا رس آنکھ کی پتلی کو پھیلا دیتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی زیادہ مقدار میں نارکاٹک زہر ہے طبی خوراکوں میں سیڈیٹو۔ انوڈائن۔ اینٹی سپازماڈک ہے۔ خواہ کتنی ہی خوراکوں میں اور کسی طرح دوران خون میں داخل ہو جائے۔ پتلی کو پھیلا دیتا ہے۔ کالک۔ ایکوٹ اور کرانک روماٹیزم۔ انفلوائنزا۔ برانکائٹس۔ سور تھروٹ۔ کھانسی کی بیماریوں میں دیا جاتا ہے۔ خارجی طور پر درد ناک رسولیوں پر ڈریسنگ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ بڑھے ہوئے دردناک غدودوں پر لگایا جاتا ہے۔ گارجڈریومن اور سور تھروٹ کے بیماروں میں استعمال ہوتا ہے بلاڈر اور ریکٹم کی خراش کم کرنے اور اور یوٹرس کے عضلاتی سکڑاؤ کو روکنے کیلئے پچکاری کیا جاتا ہے۔

خوراک:

گھوڑا اور مویشی	......	1 سے 3 اونس
بھیڑ	......	10 سے 20 گرین
خوک	......	8 سے 12 گرین
کتے	......	2 سے 5 گرین

ترکیب استعمال: داخلی استعمال میں بولس یا گولی کی صورت میں دیا جاتا ہے۔ دیکھو بیان ایکسٹریکٹ بلاڈونہ ماس۔ خارجی استعمال میں اسپلاسٹرم بلاڈونہ۔ مرہم بلاڈونہ اور

انجکشن کے واسطے ایکسٹریکٹ استعمال کیا جاتا ہے۔ انٹی ڈوٹ، سلفٹ کا پر بطور ایمٹک پر کیو اعضائے ہضمیہ کو خالی کرنے کے واسطے دیا جاتے ہیں۔ قے اور جلاب کے بعد افیون کافی خوراکوں میں بلاڈونہ کے اثر کو روکتی ہے۔ جانور کو ٹہلاؤ۔ سرد پانی کا چھینٹا چھاتی اور سر پر لگاؤ۔ مصنوعی تنفس قائم کرو۔ بجلی لگاؤ۔ ایمونیا، سنگھاؤ اور برانڈی شراب ایتھر اندر دو۔ اس سے ایکسٹریکٹ بلاڈونہ اور ٹنکچر بلاڈونہ تیار ہوتا ہے۔

نوٹ: اگرچہ خشک سفوف شدہ پتوں کی خوراکیں بھی بتائی جاتی ہیں۔ تاہم ایکسٹریکٹ بلاڈونہ یا ٹنکچر بلاڈونہ اندر دینے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

بلاڈونہ روٹ۔ بلاڈونہ ریڈکس یعنی بلاڈونہ کی جڑ

اٹروپیہ بلاڈونہ کی جڑ کو سکھلا لیتے ہیں جو کہ برطانیہ اعظم میں پیدا ہوتی ہے۔ یا ملک جرمنی سے لائی جاتی ہے۔

خواص: 1 سے 2 انچ لمبی 1/2 سے 2-1 انچ موٹی شاخدار بھوری سفید رنگ کی ہوتی ہے اس کا انفوزن پتلی کو پھیلاتا ہے۔ اس سے اٹروپیہ اور بلاڈونہ لینی منٹ تیار ہوتے ہیں۔

بنزوئن یا لوبان

یہ ایک قسم کی رال ہے جو کہ خوشبودار ہوتی ہے اور سٹائیرکس بنزوین سے حاصل ہوتی ہے۔ ایک درخت کی چھال کو سوراخ کر کے رس نکال کر جمع کیا جاتا ہے اور یہ سماٹرا اور سیام سے آتی ہے۔

خواص: اس کی ڈلیاں جڑی ہوئی یا بھوری ابری رنگ کی ہوتی ہیں۔ ذائقہ کم لیکن بو خوشگوار ہوتی ہیں۔ جب اس کو گرم کیا جائے تو اس سے بنزوئک ایسڈ کے بخار نکلتے ہیں۔ ریکٹیفائڈ اسپرٹ اور سلیوشن آف پوٹاش میں حل ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی طور پر اسٹی میولنٹ اور انٹی سپازماڈک۔ لیکن استعمال نہیں کیا

جاتا۔خارجی استعمال میں بطور ٹنکچر بینزائن کمپونڈ زخموں اور چوٹوں کو تحریک دیتا ہے۔

بوریکس یعنی سوہاگہ

ملک تربت اور ایران کی جھیلوں اور مشرقی ہند میں پایا جاتا ہے۔

خواص: سوہاگہ کی قلمیں شفاف اور بے رنگ ہوا کرتی ہیں مگر ہوا لگنے سے بھربھری ہو جاتی ہیں۔ایک حصہ اس کا 22 حصہ سرد پانی میں اور ایک حصہ 2 حصہ کھولتے پانی میں حل ہو جاتا ہے۔لیکن ریکٹیفائیڈ اسپرٹ میں حل نہیں ہوتا۔ایک حصہ اس کا 12 حصہ۔گلیسرین میں حل ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: خارجی ڈٹرجنٹ، اسٹرجنٹ، انٹی سپٹک، ڈس انفکٹنٹ۔ اثار سڑ بھی ہے یہ بالکل خراش نہیں کرتا۔اس واسطے منہ میں جب کوئی زخم ہو۔تو غرارہ کراتے ہیں ایک حصہ سفوف اور چھ حصہ شہد یا گلاسرین میں ملا کر مجروح حصوں پر لگایا جاتا ہے۔

بکولیوس۔یعنی بکو کے پتے

بکوفولیہ۔ایک درخت کے پتوں کو کہتے ہیں۔جو راس امید میں پیدا ہوتا ہے۔

خواص: اس کی پتیاں، خشک، چکنی، دھیمی زردی مائل سبز رنگ کی۔تیز سخت بو اور خوشبودار تلخ مزہ کی ہوتی ہے۔اس میں ایک اڑنے والا روغن اور ایک تلخ شے ہوتی ہے۔

اثر اور استعمال: قدرتی، ٹانک، ڈایورٹیک، ڈایوفورٹیک ہے اور یہ خاص میوکس ممبرین اور یوروجینیٹل آرگنس کے امراض میں کارآمد ہے۔

خوراک:

گھوڑا اور مویشی	......	1 سے 4 اونس
کتے	......	10 سے 30 گرین

20 حصہ پانی میں ملا کر نصف گھنٹہ تک اوپر سے بند کر کے رکھ چھوڑتے ہیں۔یہ

انفیوژن، السی کی چاہ اور بارلی واٹر یا پانی میں ملا کر دیتے ہیں۔اس کو مناسب موقعوں پر، بلاڈونہ، اوپیم ہائیوسائی مس۔اور پوٹاشیم برومائیڈ کے ساتھ ملا کر دے سکتے ہیں۔

کلورائیڈ آف کیلشیم

ترکیب: سنگ مرمر پر ہیڈروکلورک ایسڈ ڈال کر اس میں تھوڑا اسلوشن کیلشیم ہپوکلورائیڈ اور کیلشیم ہیڈریٹ ہر ایک کا ڈالو اوراڑا کر قلمیں بنالو۔ جب کیلشیم کاربونیٹ کو ہیڈروکلورک ایسڈ میں حل کیا جاتا ہے۔تو اس سے کیلشیم کلورائیڈ و پانی و کاربانک انہائڈرائیڈ پیدا ہوتے ہیں۔

خواص: سفید جڑی ہوئی ڈلیاں خشک۔لیکن بڑی جلدی پانی جذب کر لیتی ہیں۔اگر اس پر ہیڈروکلورک ایسڈ ڈالا جائے۔تو کلورین یا ہپوکلوروس ایسڈ پیدا نہیں ہوتا۔جس سے ثابت ہوتا ہے۔کیلشیم۔ہپوکلورایٹ نہیں ہے۔پانی اور الکوحل میں خوب حل ہو جاتا ہے اگر اس میں لوہے کے مرکبات نہ ہوں۔تو لائم واٹر سے کوئی تلچھٹ پیدا نہیں ہوتا۔یہ ایتھر اور بہت سے عرقوں کو صاف کرنے کے واسطے استعمال کیا جاتا ہے۔

سلیکڈ لائم یعنی بجھا ہوا چونہ

ترکیب:

تازہ جلا ہوا چونہ	......	2 پونڈ
ڈسٹلڈ واٹر	......	1 پائنٹ

ایک ڈھکنے والی دھات یا مٹی کے برتن میں چونہ کو ڈال دو اور اُس پر پانی ڈالو جب بخار نکلنے بند ہو جائیں۔تو اس کو بند کر لو اور ایک طرف رکھ دو تا کہ سرد ہو جائے۔جب ٹھنڈا ہو جائے تو اس کو لوہے کی چھاننی میں ڈال دینا چاہیے۔پھر اس باریک سفوف کو چھان لو۔سفوف کو ایک مضبوط کاک والی بوتل میں ڈال دو اور اس کو ہوا سے جلدی بچاؤ تا کہ

کاربانک ایسڈ گیس جذب نہ ہونے پائے۔ جب چونہ کو بجھایا جاتا ہے۔ تو کیمیائی ترکیب سے پانی کے ساتھ مل جاتا ہے۔

خواص: سفید کاسٹک اور تیز الکلائن سفوف ہے۔ پانی میں بہت تھوڑا حل ہوتا ہے۔ لیکن سرد میں گرم کی نسبت زیادہ حل ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی۔ اری ٹنٹ۔ کروسیو۔ اور انٹاسڈ ہے اور مویشیوں کو انٹاسڈ کے طور پر اٹرائی ٹیمپن۔ ڈاریا اور ملی نائیٹس میں دیا جاتا ہے۔ بعض اوقات آرسنک اور اری ٹنٹ تیزابوں کے لئے انٹی ڈوٹ کے طور پر کام آتا ہے۔

خوراک:

گھوڑا اور مویشیوں کے واسطے	......	1 سے 3 ڈرام
بھیڑ اور خوک کے واسطے	......	20 گرین سے 1 ڈرام
کتے کے واسطے	......	5 سے 20 گرین

طریق استعمال: داخلی استعمال میں گولی یا بولس کی صورت میں پانی۔ دودھ یا میوسلج میں حل کر کے دیتے ہیں۔

مانع استعمال: معدنی اور نباتاتی تیزابوں دھاتی اور ایمونیا کے نمکوں اور انٹی منی ٹارٹیٹ کے ساتھ دینا منع ہے۔ کیرن آئل، لائم واٹر، سویٹ لائم واٹر، ییلو واش اور بلیک واش بنانے کے کام آتا ہے۔

کولمبا روٹ

اس کے درخت کو۔ کاکیولس پال مے ٹس کہتے ہیں یہ درخت شمالی افریقہ میں پیدا ہوتا ہے۔ اس کی جڑ دوائی میں استعمال ہوتی ہے۔

خواص: اس کی جڑ کی قاشیں۔ چوڑی گول یا بیضوی شکل کی ہوتی ہیں۔ قطر ان کا 2 سے

4ملائن تک موٹی ملائم زردی مائل اور نہایت تلخ ہوتی ہے۔

کیلیسن اور بربیرین اس کے بڑے جوہر ہیں جو اس میں پائے جاتے ہیں۔اس میں نہ گیالک ایسڈ نہ ٹینک ایسڈ ہوتا ہے۔اس واسطے اس کو فولاد کے مرکبات کیساتھ بخوبی استعمال کر سکتے ہیں چونکہ اس میں اسٹارچ بہت ہوتا ہے۔آئیوڈین ملانے سے جوشاندہ سیاہ ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: بہت عمدہ ٹانک ہے اور اسٹوماکک ہے۔اس کو بدہضمی اور کمزوری میں پرانی۔ڈاریا۔اور ڈیسنٹری میں استعمال کرتے ہیں۔

خوراک: سفوف کی صورت میں:

گھوڑوں کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
مویشیوں کے واسطے	......	2 سے 6 ڈرام
بھیڑ کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
خوک کے واسطے	......	1/2 سے 1 ڈرام
کتے کے واسطے	......	10 سے 20 گرین

جڑ سفوف،انفوژن کی صورت میں استعمال کیا جاتا ہے۔انفوژن کولمبا،اس سے تیار ہوتا ہے۔

لائم۔چونہ کیلشیم اوکسائیڈ

ترکیب: کاربونیٹ آف لائم۔جیسے سنگ مرمر یا کھریا مٹی یا کنکر کو جلانے سے کاربونک ایسڈ گیس خارج ہوتی ہے اور چونہ رہ جاتا ہے۔

خواص: سفید رنگ کے بڑے بڑے ڈھیلے ہوتے ہیں۔جو بڑی جلد پانی کو جذب کر لیتے ہیں۔اور ڈھیلے ٹوٹ کر سفید سفوف ہو جاتا ہے۔اور بڑی حرارت پیدا ہوتی ہے۔سفوف جو کہ اس طرح سے حاصل ہوتا ہے۔ڈسٹلڈ واٹر کے ساتھ ملا کر چھاننے سے ایک سفید سلوشن

بنجاتا ہے۔جس میں الکلائن تاثیر ہوتی ہے۔اور امونیم اوگزلیٹ کے ساتھ سفید تلچھٹ پیدا کرتا ہے۔

اثر اور استعمال: خارجی استعمال میں کاسٹک۔ڈیسی کنٹ۔کروسیو ہے۔سفوف کو مجروح حصوں پر چھڑکا جاتا ہے۔انٹاسڈ بھی ہے۔لائم واٹر بنانے کے واسطے استعمال کیا جاتا ہے۔

کلوری نیٹڈ لائم۔کلورائیڈ آف لائم

ترکیب: بجھے ہوئے چونہ کو ایک پختہ مکان میں بچھا کر کلورین گیس داخل کرتے ہیں اور یہ جذب ہوتی ہے۔

خواص: موٹا سفید سفوف،کلورین کی سی بو۔پانی میں قدرے حل ہو جاتا ہے۔آکسیجن کو جذب کرلیتا ہے اور ہوا میں کھلا رہنے سے تر ہو جاتا ہے۔جب کسی ایسڈ کے ساتھ گرم کیا جائے تو کلورائین جلد خارج ہوتی ہے۔اس میں سے آکسیجن خارج ہوتی رہتی ہے۔اس واسطے بعض دفعہ بوتلیں جو مضبوط بند ہوں پھٹ جاتی ہیں۔

اثر اور استعمال: داخلی طور پر۔ہوون۔اور ٹمپی وائیٹس کے مرض میں استعمال کی جاتی ہے کیونکہ کاربانک ایسڈ گیس کو جذب کرلیتی ہے۔سلفیورٹیڈ۔ہیڈروجن گیس کو زائل کردیتی ہے۔خارجی استعمال میں ڈس انفکٹنٹ۔ڈیوڈرائی رزس۔اسٹی میولنٹ ہے۔تھرش۔کنکر۔گریس۔منج اور دوسری جلدی امراض فیجیے ڈینٹک۔السر۔گنگرین والے زخموں اور فسچولا کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔نیز کنجکٹائیول آف تھلمیا۔اور دوسری محدود سطح کی سوزش کیلئے لوشن کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔

خوراک:

گھوڑا اور مویشی کے واسطے ...... 2 سے 4 ڈرام

بھیڑ کے واسطے ...... 1 سے 2 ڈرام

طریق استعمال: داخلی طور پر پانی میں۔ لائیکوار۔ کیلسس۔ کلورٹیا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ خارج استعمال میں۔ لائیکوار۔ کیلشیم کلوریٹا اور مرہم کیلشیم کلوریٹا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

مانع استعمال: ایسڈ اور بہت سے دھاتی نمکوں کے ساتھ ملا کر استعمال کرنا منع ہے۔

لائیکوار کیلشیم کلوریٹا۔ مرہم کیلشیم کلوریٹا اور کلورین کے بخارات سے تیار ہوتے ہیں۔

گمبوجہ۔ عصارہ ریوند

یہ ایک قسم کے درخت سے گوند کی طرح کی رال حاصل ہوتی ہے۔ اس کے درخت کو گارسی نیا موریلا کہتے ہیں۔ سیام میں پیدا ہوتا ہے۔

خواص: اس کی صورت زرد ٹکڑوں یا بیلن کی شکل کی ہوتی ہے۔ اس کے ٹکڑے آسانی سے ٹوٹ جاسکتے ہیں۔ ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔ بو نہیں ہوتی۔ پانی میں گھولنے سے ایک زرد رنگ کا ایملشن بن جاتا ہے۔ اگر اس میں اسٹارچ ڈال کر ایملشن بنائیں۔ تو پھر آئیوڈین کے سلوشن کے ساتھ ملا کر استعمال کریں۔ تو سبز رنگ ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: زیادہ مقدار میں۔ ایری ٹنٹ۔ زہر۔ طبی خوراکوں میں پرگےٹیو ہے اس کے تیز اثر کے باعث سے کتوں اور گھوڑوں کو نہیں دیتے۔

بعض اوقات مویشی اور بھیڑ کو انڈی جیسچن میں دیا جاتا ہے۔ اور عموماً اس کو ایلوز یا سلفیٹ آف میگنیشیا کے ساتھ ملا کر استعمال کرتے ہیں۔ یہ فارڈل بونڈ یا امپیسم کی روک یا دیگر امراض میں استعمال ہوتا ہے۔

خوراک:

مویشی کے واسطے ...... 4 سے 8 ڈرام

بیئر ...... 15 سے 30 گرین

اس کو پانی کے ساتھ ایملشن بنا کر دیتے ہیں۔

فادزہر۔ڈیمل سنٹ اشیاء اور تھوڑی مقدار میں بار بار اوپیم دینے سے زہر کا اثر

رک جاتا ہے۔

کمفر۔یعنی کافور

ترکیب: درخت کی ٹہنیاں پتیاں اور جڑیں کوٹ کر ایک لوہے کے برتن میں ڈال کر پانی ملا دیتے ہیں اور پھر جوش دیتے ہیں۔جس کے اوپر ایک مٹی کا برتن ہوتا ہے۔بھاپ کے ساتھ اڑنے والا کافور مٹی کے برتنوں میں چلا جاتا ہے اور منجمد ہو جاتا ہے۔اور بعد میں اس کو ان بجھے چونہ کے ساتھ ملا کر صاف کر لیتے ہیں۔

خواص: کافور شفاف ہوتا ہے۔ذائقہ کڑوا چرپڑا اور ٹھنڈا ہوتا ہے۔بو تیز عجیب قسم کی خوشبودار ہوتی ہے۔پانی میں تیرتا ہے۔اگر کھلا رکھا جائے تو آہستہ آہستہ اڑ جاتا ہے۔اس کا شعلہ دھوئیں کے موافق ہوتا ہے۔روشن نہیں ہوتا۔یہ سخت ہے۔اس کا سفوف مشکل سے ہوسکتا ہے پانی میں قدرے حل ہو جاتا ہے۔اگر سفوف کرنا ہو۔تو اسپرٹ ملا کر کر سکتے ہیں۔

اثر اور استعمال: داخلی زیادہ مقدار میں ایری ٹنٹ۔نارکاٹک زہر ہے۔طبی خوراکوں میں اسٹی میولنٹ۔سیڈیٹو۔انٹی سپازماڈک۔نیز دیر تک استعمال کرنے سے ڈائیوریٹک۔گاہے گاہے۔کبھی نائیٹس میں اوپیم یا ڈیجی ٹیلس کے ساتھ ملا کر کھانسی کی مزمن حالتوں میں دیتے ہیں۔خارجی استعمال میں۔کرانک۔موچون۔بروز۔ٹیومر اور سیلولر ٹشو کے ان فلٹریشن میں انوڈائن اور ڈسکوشنٹ ہے۔یہ تیل یا مرہم کنتھاریڈیس میں ملانے سے یا السی کی پلٹس کے اوپر چھڑکنے سے خراش کو رفع کرتا ہے۔اگر چہ اس مطلب کے واسطے ایکسٹریکٹ آف بلاڈونہ استعمال کیا جاتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
مویشیوں کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
بھیڑ کے واسطے	......	10 سے 30 گرین
خوک کے واسطے	......	5 سے 20 گرین
کتے کے واسطے	......	3 سے 10 گرین

طریق استعمال: داخلی استعمال میں اسپرٹ۔ اولیم اور گولی یا بولس صورت میں استعمال ہوتا ہے۔ خارجی استعمال میں کمفر۔ لینی منٹ۔ لینی منٹ ٹربن تھائن۔ لینی منٹم ٹربن تھائن۔ سٹیم سوپ لینی منٹ۔ پیولس اور ٹنکچر کمفر کی صورت میں استعمال کیا جاتا ہے۔ کمفر میں جب تک تھوڑا سا اسپرٹ نہ ملالیں حل نہیں ہوتا۔ کمفر کو ان چیزوں کے ساتھ نہ استعمال کرنا چاہیے۔ جو اس کے برخلاف ہوں۔ لینی منٹ ایکونائٹ۔ کمفر لینی منٹ۔ آئیوڈین لینی منٹ۔ کمپونڈ اوپیم۔ لینی منٹ۔ کمپونڈ سوپ لینی منٹ۔ ٹرپنٹن ٹائن لینی منٹ اور اسپرٹ کمفر بنانے کے کام آتا ہے۔

کنتھارائیڈیز۔ یعنی تیلنی مکھی

ملک آسٹریا ہنگری میں رات کے وقت درختوں کے نیچے کپڑے بچھا دیتے ہیں اور خود آدمی اوپر چڑھ جاتے ہیں۔ درخت پر مکھیاں بہت ہوتی ہیں۔ کیونکہ وہ انہیں درختوں سے پرورش پاتی ہیں درخت کو خوب زور سے ہلاتے ہیں۔ مکھیاں نیچے کپڑوں پر گرتی ہیں۔ بعد میں ان کو چھلنی میں ڈال کر۔ ٹرپن ٹائن سرکہ یا پانی کی بھاپ سے مار کر خشک کر لیتے ہیں۔ شناخت ایک انچ کے دسویں حصہ سے لیکر ایک انچ تک لمبی ہوتی ہیں۔ جن کے دو پر دھاتی سبز رنگ کے جیسے چمکتے ہیں۔ جن کے نیچے اور شفاف جھلی جیسے بازو ہوتے ہیں۔ بو تیز۔ ناگوار ہوتی ہے۔ سفوف سبزی مائل بھورا۔ جس میں سبز رنگ کے ذرے چمکتے ہیں۔

اثر اور استعمال: داخلی استعمال میں زیادہ مقدار میں۔ اریٹنٹ۔ زہر۔ طبی خوراکوں میں اسٹی میولنٹ۔ ڈائیوریٹک۔ بعض اوقات نباتی کڑوی دواؤں کے ساتھ۔ ڈیبلٹی کے مریضوں میں اسٹی میولنٹ ٹانک کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ نیز گلانڈرس۔ فارسی اور دوسری امراض میں مستعمل ہے۔ گاہے گاہے۔ ڈائیوریٹک فائدہ کے واسطے استعمال کی جاتی ہے مگر زیادہ استعمال سے مثانہ میں سوزش ہو جاتی ہے۔ اور پیشاب کرنے میں تکلیف ہوتی ہے۔

خارجی استعمال میں۔ روبی فیشنٹ۔ ویسی کنٹ۔ کونٹرا اریٹنٹ۔ اسی میولنٹ پسٹر کے طور پر بھی استعمال کی جاتی ہے۔ سٹین کے فیتہ پر بھی لگاتے ہیں۔ ان ہیلدی زخموں اور فسچولا کے ایڈیمیٹرن میں ڈیک اور کیلس السرکو اسی میولنٹ کرنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔ بالوں کو بڑھانے۔ رنگ۔ ورم۔ منج۔ جلدی امراض سیلنڈر وغیرہ میں استعمال کرتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	5 سے 10 گرین
مویشیوں کے واسطے	......	10 سے 20 گرین
بھیڑ کے واسطے	......	2 سے 8 گرین
خوک کے واسطے	......	1 سے 4 گرین
کتے کے واسطے	......	1/4 سے 1 گرین

طریق استعمال: داخلی طور پر ٹنکچر کنتھارائڈیز اور بولس کی صورت میں استعمال کرتے ہیں۔ خارجی استعمال میں ڈسچارج کو جاری رکھنے کے واسطے۔ مسٹرو۔ پولٹس وغیرہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ ایک حصہ تیلنی مکھی کو 20 حصہ اسٹیک ایسڈ میں ملا کر بالوں کے بڑھانے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔ ایسٹیم کنتھاریڈس لینی منٹ کنتھاریڈس۔ سلوشن کنتھاریڈس۔ ٹربن تھی نے ٹس۔ اولیم کنتھاریڈس۔ ٹنکچر کنتھاریڈس۔ ٹنکچر کنتھاریڈس

فورٹیر۔مرہم کنتھاریڈس بنانے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔

سرخ مرچ کا بیج

سرخ مرچ کا بیج ہے۔جس کی کاشت ملک زنگبار اور دوسرے ملکوں میں مغربی ہندوغیرہ میں ہوتی ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی زیادہ مقدار میں۔ایڑی ٹنٹ۔زہر۔طبی خوراکوں میں اسٹی میولنٹ کارمے نیٹو۔خارجی استعمال میں روبی فیشنٹ۔ڈیسی کنٹ ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	5 سے 20 گرین
مویشی کے واسطے	......	10 سے 30 گرین
بھیڑ	......	5 سے 10 گرین
خوک	......	2 سے 8 گرین
کتا	......	1 سے 5 گرین

طریق استعمال: داخلی استعمال میں گولی۔بولس۔یا گروئل میں دیتے ہیں۔خارجی استعمال میں بطور مرہم کے استعمال کرتے ہیں۔

لکڑی کا کوئلہ

ترکیب: مختلف قسم کی لکڑی کو بند جگہ میں میں جلانے سے حاصل ہوتا ہے۔

خواص: اس کے بے ذائقہ چمکدار سیاہ رنگ کے ڈھیلے ہوتے ہیں جو کہ اسی صورت کے ہوتے ہیں۔جس صورت میں لکڑی جلائی گئی تھی۔

اثر اور استعمال: ڈیوڈورائی زرس۔ڈس انفکٹنٹ۔ڈیسی کنٹ ہے۔داخلی استعمال

ہیں۔
گیاسٹرک ڈائی جیسچن اوررتح والے دسپپشیا میں دیتے ہیں۔تاکہ گیسوں کو جو نہ پیٹ پھلا دیتی ہیں۔جذب کرے۔ڈاریااورڈیسنٹری میں لید کی بوکو درست کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
سنکھیا۔ایکونائٹ اسٹرکنیااوردیگر نباتاتی زہروں کا فاد ہے۔
خارجی طور پر ڈیسی کنٹ اور ڈیوڈورائی زرس کے طور پر تندرست زخموں اور فجی ڈیبک السروں پر لگاتے ہیں۔ جب ان سے بدبودار اور برا اخراج نکلتا ہے۔ نیز منی۔ اسکیب۔گریس میں برتا جاتا ہے لکڑی کا کوئلہ جب گرم ہوتو استعمال کرنے سے پہلے ٹھنڈا کرلیں اور اصطبل کے فرش پر اور گندی چیزوں پر پھیلا دیں۔تو عمدہ ڈیوڈورائی زر ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1/2 سے 1 اونس
مویشی کے واسطے	......	1 سے 2 اونس
بھیڑ وخوک کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
کتے کے واسطے	......	20 سے 60 گرین

طریق استعمال: داخلی استعمال میں سفوف کر کے میوسلج۔ یا گروائل کے ساتھ دیتے ہیں۔ خارجی استعمال میں زخموں پر سفوف کی صورت میں چھڑکتے ہیں۔ کیٹا۔ پلاسما۔ کابوناس یا چارکول پولٹس بنانے میں کام آتا ہے۔

کارڈیمم۔یعنی الائچی

اس کی کاشت ساحل مالابار میں ہوتی ہے۔اوراس کے بیج نکال کر رکھ لیتے ہیں اوراستعمال کرتے ہیں۔اس کی تاثیر۔لطیف روغن کے سبب سے جواس میں ہوتا ہے۔
شناخت: بیج گوشہ دار پرشکن سرخی مائل بھورے اندر سے سفید ہوتے ہیں۔جن کا گرم

خوشگوار ذائقہ ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال...... خوراک...... طریق استعمال:

مثل ۔انس فروٹ کے ہے۔

سوئے یا زیرہ ولائتی

اس کا درخت جس کا نام کرم۔ کیوڑا ہے۔ جو انگلستان اور جرمنی میں پیدا ہوتا ہے۔اس کے پھل کو سکھلا لیتے ہیں۔اسکا اثر سب اس لطیف روغن کے ہے جو اس میں ہوتا ہے۔

خواص: پھل قریباً دو حصوں میں منقسم ہوتا ہے۔جس کا ہر ایک حصہ ایک انچ کے 2/10 کے برابر ہوتا ہے اور دونوں سروں ٹیڑھا اور گاؤدم ہوتا ہے۔بھورا ہوتا ہے۔جس پر پانچ زردی مائل کنارے ہوتے ہیں۔

اثر اور استعمال...... خوراک...... طریق استعمال:

مثل ۔انس فروٹ کے ہے۔

لونگ یا کیٹر لوفلم یا کلووز

لونگ کے پھولوں کی کلیوں کو جب یہ کھلی نہ ہوں توڑ کر خشک کر لیتے ہیں۔

اسکا درخت پی ننگ وغیرہ جزیروں میں بویا جاتا ہے۔

خواص: لمبائی میں 6/15 انچ ہوتا ہے۔رنگ سیاہ سرخی مائل بھورا ہے۔اس کا ایک قلم کی طرح کا جسم جس پر کہ چار دانت اور گول سر ہوتا ہے۔اس میں تیز خوشبو۔تلخ مصالح دار ذائقہ ہوتا ہے اور جب اس کو ناخن سے چھیلیں تو تیل نکلتا ہے۔

اثر اور استعمال...... خوراک...... طریق استعمال:

مثل ۔انس فروٹ کے ہے۔

اس میں سے ۔اولیم کریوفولائی یا لونگ کا تیل تیار ہوتا ہے۔

کسکر یلا بارک

یہ کروٹن ایلوٹی ریہ کی چھال ہے۔ جو کہ جزائر بہاماس سے آتی ہے۔

خواص: چھال کے ٹکڑے خم کھا کر پرکی قلموں کی شکل کے بنجاتے ہیں۔ اسے 3 یا کئی انچ لمبے ہوتے ہیں۔ اور گولائی 1/4 انچ سے 1/2 انچ تک ہوتی ہے۔ ان ٹکڑوں پر سفید سفید کسی قدر کائی بھورے رنگ کی لگی رہتی ہے۔ ذائقہ تلخ گرم۔ مگر جب جلائی جائے تو اس سے خوشبو نکلتی ہے۔

اثر اور استعمال: ٹانک۔ قدرے اسٹرنجنٹ۔ بعض اوقات اٹڈائی جیسےچن ڈاریا۔ کرانک۔ ٹائیفس۔ بیماریوں میں دیتے ہیں۔ کمزور کرنے والی امراض کے حملہ کے بعد مفید ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	3 سے 6 ڈرام
بھیڑ وخوک کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
کتا	......	1/4 سے 1 ڈرام

پولٹس آف کلوری نیٹڈ لائم

سلوشن کلوری نیٹڈ لائم	......	2 فلوئیڈ اونس
لیسنڈ میل	......	4 اونس
کھولتا ہوا پانی	......	8 فلوئیڈ اونس

لیسنڈ میل کو پانی میں ملا کر ہلاؤ اور اس میں کلورئی نیٹڈ لائم کا عرق ڈال دو اور برابر ہلاتے رہو۔

فائدہ: ڈیوڈورائی زرس۔ انٹی سیپٹک ہے۔ ناتندرست قسم کے السروں اور زخموں کیلئے محرک ہے۔

چارکول پولٹس

سفوف کوئلہ لکڑی	......	1/2 اونس
لیسنڈ میل	......	3.1/3 اونس
کھولتا ہوا پانی	......	10 فلوئیڈ اونس

لیسنڈ میل کو پانی میں ملا کر خوب ہلاؤ تا کہ پولٹس بنجائے اس میں آدھا کوئلہ ملا لو اور آدھا پولٹس پر چھڑک لو۔

فائدہ: گندہ زخموں پر بدبو جذب کرنے کے واسطے لگاتے ہیں۔

ییئسٹ پولٹس یا خمیر کا پولٹس

بیئر ییئسٹ	......	6 فلوئیڈ اونس
آرد گندم	......	14 اونس
پانی جس کی حرار 100 درجہ فارن ہائٹ ہو		6 اونس

ییئسٹ کو گرم پانی میں ملا کر بعد میں آٹا ڈال کر ہلاتے رہو اور پھر آگ کے پاس رکھ دو تا کہ خمیر آٹھ آئے۔

فائدہ: انڈولنٹ السروں کے واسطے۔ اسٹی میولنٹ اور انٹی سیپٹک ہے۔

برین پولٹس یا چوکر کی پولٹس

برین یا چوکر	......	2 سے 3 حصہ
لیسنڈ میل	......	1 حصہ

ابلتاہواپانی ...... حسب ضرورت

برین اور لیسنڈ میل کو ملاؤ اور پھر اس میں پانی ڈال دو اور ہلاتے رہو کہ نرم پولٹس بنجائے۔

فائدہ: ایموی انٹ ہے۔ جس جگہ لگاتے ہیں۔ اس جگہ کی رگوں کو ڈھیلا کر دیتا ہے اور اس طرح سے سوزش و درد رفع ہو جاتا ہے۔

لینسڈ پولٹس یا السی کی پولٹس

لیسنڈ میل ...... 4 اونس

اولیو آئل ...... 1/2 فلوئیڈ اونس

کھولتا ہوا پانی ...... 10 فلوئیڈ اونس

لیسنڈ میل کو آہستہ آہستہ پانی میں ملاؤ اور پھر تیل ملا کر ہلاتے رہو۔

فائدہ: مثل برین پولٹس کے ہے۔ اس میں حسب ضرورت خراش رفع کرنے کے واسطے افیون۔ بلاڈونہ۔ سب اسکی ٹیٹ آف لڈ ملا سکتے ہیں۔

مسٹرو پولٹس یعنی رائی کی پولٹس

سفوف رائی ...... 2.1/2 اونس

السی کا آٹا یا لیسنڈ میل ...... 2.1/2 اونس

گرم پانی ...... 10 فلوئیڈ اونس

السی کا آٹا یا لیسنڈ میل کو آہستہ آہستہ پانی کے ساتھ ملاؤ اور بعد میں رائی کا سفوف ملا کر ہلا لو۔

فائدہ اور استعمال: سیرس اور میوکس ممبرین کے انفلامیشن کو رفع کرنے واسطے روبی فیشنٹ ہے اور نیورالجیہ۔ سپیزم اور دوسرے دردوں یا اعضاؤں کے کنجکشن کو رفع کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

نوٹ: اس میں کھولتا ہوا پانی ڈالنا نہ چاہیے۔ کیونکہ اس کو جوہر ایلاٹل سلفوسائی نائیڈ

جس سے آبلہ بنتا ہے۔ پیدا نہیں ہونے پاتا۔

سفوف رائی سلیوشن ایمونیا:

ہر ایک کافی مقدار میں لیکر ایسی ملاؤ کہ پولٹس بنجائے۔

فائدہ: وہی ہے جو رائی کی پولٹس کا بیان کیا گیا ہے۔ لیکن یہ بہت طاقتور ہے بعض اوقات اس میں روغن تارپین ملاتے ہیں مگر گردوں کے امراض میں لگانا منع ہے۔

پیل کے ٹی کیو۔ زرد رنگ کا کتھا

اس کے درخت کے پتوں کو جن کا نام عقیر یا گیمبر ہے چل کر یا اس کی لکڑی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے پانی میں جوش دیتے ہیں۔ جو ڈیکاکشن حاصل ہوتا ہے۔ اس کو آنچ پر یا دھوپ میں گاڑھا کر کے اکسٹریکٹ کو یا تو مٹی کے سانچوں میں ڈھال دیتے ہیں یا اس کے چوگوشہ ٹکڑے کاٹ لیتے ہیں۔

خواص: مکعب شکل کی قلمیں جنکا قطر تقریباً ایک انچ ہوتا ہے۔ بیرونی طرف سے بھورا اندر سے زردی مائل آسانی سے ٹوٹ جاتا ہے۔ ذائقہ کڑوا۔ میلوسلج کی طرح۔ جس کے بعد تھوڑی سی مٹھاس معلوم ہوتی ہے۔ اور بہت اسٹرنجٹ ابلتے ہوتے پانی میں بالکل حل ہو جاتا ہے۔ جوشاندہ جب سرد ہو جائے۔ تو آئیوڈین سے نیلا نہیں ہوتا۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں اسٹارچ نہیں ہے۔

اثر اور استعمال: اسٹرنجٹ اندرونی استعمال میں میوکس ڈسچارج میں جو کہ خاص کر اعضائے ہضمیت سے ہوتا ہے۔ استعمال کرتے ہیں۔ نیز ڈاریا میں استعمال کرتے ہیں بیرونی استعمال میں سست زخموں۔ السروں اور چھلے ہوئے حیوانہ پر لگاتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑوں اور مویشوں کے واسطے ...... 2 سے 4 ڈرام

بھیڑ کے واسطے ...... 1/2 سے 1 ڈرام

خوک ...... 15 سے 20 گرین

کتا کے واسطے ...... 1 سے 10 گرین

دن میں تین یا چار دفعہ استعمال کر سکتے ہیں۔

طریق استعمال: داخلی اس کی صورت میں۔ انفیوژن۔ ٹنکچر۔ سفوف کو گرویل یا میوسلج میں ملا کر استعمال کر سکتے ہیں۔ اوپیم کے ساتھ خراش کو کم کرنے کے واسطے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور ترشی کو رفع کرنے کے واسطے میگنیشیا۔ یا الکلائن کاربونیٹ میں ملا کر دیتے ہیں۔ ایرومٹک کے ساتھ ملا کر نفخ شکم کو رفع کرنے کیلئے دیتے ہیں۔ خارجی استعمال میں۔ سفوف۔ انفیوژن اور شاذ و نادر مرہم کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

مانع استعمال: الکلی بہت سے دھاتی نمکوں اور جیلاٹن کے ساتھ دینا منع ہے۔

مفصلہ ذیل اشیا اس سے تیار ہوتی ہیں۔

- ☆ انفیوژن کے ٹی کیو
- ☆ ماس کے ٹی کیو کمپونڈ
- ☆ ٹنکچر کے ٹی کیو

پیلو ویکس۔ زرد موم

ترکیب: شہد کو علیحدہ کر کے چھتے کو نچوڑ کر کھلوتے ہوئے پانی میں بھگو رکھتے ہیں۔ بعد ازاں چھان کر سانچوں میں ڈال لیتے ہیں۔ اس طرح جو موم حاصل ہوا اس کو زرد موم کہتے ہیں اس زرد موم کو پانی کی بھاپ پر پگھلا کر چھان کر دو ہفتہ تک ہوا اور دھوپ میں کھلا رکھ دینے سے اس کا رنگ اڑ جاتا ہے اور تب سفید موم بن جاتا ہے۔ اس کا استعمال مرہم اور پلاسٹر بنانے میں کرتے ہیں۔

خواص: زرد رنگ کا موم سخت ہوتا ہے۔ ٹوٹنے پر دانہ دار معلوم ہوتا ہے اور اس میں سے

شہد کی خوشگوار بو آتی ہے۔ ریکٹی فائیڈ اسپرٹ میں حل نہیں ہوتا۔ تیل تارپین میں بالکل حل ہو جاتا ہے۔ اگر اس ابلتے ہوئے پانی میں جس میں ملا ہوا آئیوڈین ملا دیں۔ تو سیاہ رنگ پیدا نہیں ہوتا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں نشاستہ نہیں ہے۔

اثر اور استعمال: ایمولی انٹ ہے۔ مرہموں میں ملا کر استعمال کرتے ہیں تا کہ ان کا قوام سخت ہو جائے۔ اس سے پیچ پلاسٹر اور مرہم بناتے ہیں۔

سروے سی۔ آئی۔ فرمینٹم بیئر ییسٹ

یہ بیئر یا جو کہ خمیر کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ خوردبین سے دیکھیں تو اس میں بے شمار سیلز نظر آتے ہیں۔

اوگزیلیٹ آف سیریئم

ترکیب: ایگزلک ایسڈ میں سیریئم سالٹ ملانے سے سیریئم اوگزیلیٹ تیار ہو جاتا ہے۔

خواص: سفید دانہ دار بے رنگ بے بو سفوف ہے۔ پانی اور الکوحل میں حل نہیں ہوتا لیکن ہیڈروکلورک ایسڈ میں حل ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی استعمال میں بعض اوقات کرانک۔ برانکائٹس اور کوریہ میں استعمال ہوتا ہے۔

ہیڈریٹ آف کلوریل۔ کلوریل ہیڈریٹ

ترکیب: خشک کلورین گیس چند روز ابسولیوٹ الکوحل پر گذارتے ہیں۔ اس ترکیب سے جو کلوروفارم حاصل ہوتا ہے۔ اس کو سلفیورک ایسڈ کے ہمراہ مقطر کرتے ہیں۔ اس میں پانی ملا کر اڑانے سے کلوریل ہیڈریٹ کے چوڑے چوڑے ٹکڑے حاصل ہوتے ہیں۔

خواص: سفید دھندلی ٹھوس قلمیں ہوتی ہیں۔ تیز بو۔ پانی الکوحل اور گلسرین میں حل ہو جاتا ہے اور بو خشل پختہ خربوزہ کے ہوتی ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی استعمال میں زیادہ مقدار میں۔ نارکاٹک۔ زہر ملی خوراکوں میں اسٹی میولنٹ۔ سیڈیٹو۔ انوڈائن۔ انٹس پازماڈک۔ اور نارکاٹک ہے۔ مویشیوں کے ملک فیور میں استعمال ہوتا ہے۔ اس میں افیون کے سبب عمدہ وصف ہیں۔ لیکن افیون کے سے مضر اثر نہیں ہوتی۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1/2 سے ایک اونس
مویشیوں کے واسطے	......	1 سے 2 اونس
بھیڑ کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
خوک کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
کتے کے واسطے	......	10 گرین سے 30 گرین

اس کو بہت مقدار پانی میں حل کر کے استعمال کرنا چاہیے۔

اس کو سرپ کلورلیس کے بنانے کے واسطے کام میں ملاتے ہیں۔

کمپونڈ کلورافارم مکسچر

ترکیب:

مارفائن سلفیٹ	......	4 گرین
پیپر منٹ آئل	......	8 گرین
ایتھر	......	1 ڈرام
الکوحل	......	1 ڈرام
ہیڈروسیانک ایسڈ ڈائیلوٹ	......	5 ڈرام

کلورافارم 3اونس

سرپ 17اونس

10 حصہ کلورافارم۔ایتھر۔انڈین ہمپ۔اور مارفائن ہرایک کالواور دو حصہ ٹنکچر کیپ سیکم اور پروسک ایسڈ۔ 3 حصہ ٹنکچرا یکونائٹ۔اور ہائیوسائی مس ایک حصہ پیپر منٹ آئل 5 حصہ ہیڈروکلورک ایسڈ اور 50 حصہ سادہ سرپ کالو۔دونوں مذکورہ بالا فارمولے اس کو بنانے میں استعمال ہوتے ہیں۔

اثراوراستعمال: انوڈائن۔ اَنٹی پازماڈک ہے۔ گیسٹروانٹس ٹائینل اور برانکیل خراش کورفع کرنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے ...... 2 سے 4 ڈرام

کتوں کے واسطے ...... 20 سے 40 ڈرام

کلورافارم

ترکیب: کلورافارم اس کو فارمائل ٹرائی کلورائیڈ بھی بولتے ہیں۔ریکٹی فائیڈ اسپرٹ اور کلوری نیڈ لائم پانی میں ملاکر مقطر کرتے ہیں۔اس ترکیب سے جو میلا کلورافارم حاصل ہوتا ہے۔اسکو دھوکر مضراجزاء سے صاف کرلیتے ہیں۔

خواص: زردی مائل بے رنگ ساعرق ہے۔سیب کی سی بواورذائقہ میٹھا ہوتا ہے۔ایتھر اورالکوحل میں ہرایک مقدار میں حل ہوجاتا ہے۔پانی میں بہت تھوڑا حل ہوتا ہے۔سبزرنگ کے دھوئیں والے شعلے سے جلتا ہے۔

اثراوراستعمال: زیادہ مقدار میں خواہ اندردیا جائے یا بخار سنگھائے جائیں نارکاٹک زہر ہے۔طبی خوراکوں میں۔اسٹی میولنٹ۔اَنٹی پازماڈک جب ہوا کے ساتھ ملاکر سونگھا

جائے انس تھی ایٹک ہے۔

طریق استعمال: انٹس پازماڈک فائدہ کے لئے اسپرٹ کلورافارم مستعمل ہے۔انس تھی ایٹک کے طور پر ایک سپنج کو خالص کلورافارم میں بھگو کر توبڑہ میں ڈال کر مریض کی ناک کے آگے رکھ کر سر سے باندھ دیتے ہیں۔اس توبڑہ میں سوراخ ہونے چاہئیں تا کہ کافی مقدار ہوا کی آسکے۔

انٹی ڈوٹ۔اس کا فادتازہ ہوا ہے۔

اس سے سپرٹ کلورافارم اور کمپونڈ ٹنکچر کلورافارم تیر ہوتا ہے۔

ییلو سنکونہ بارک

سنکونہ کے درختوں کو کاٹ کر چھال تنوں اور ٹہنیوں سے اتار لیتے ہیں اور حفاظت سے خشک کرتے ہیں حتیٰ کہ اس سے چمکیلا رنگ نکل آتا ہے موٹے اور چوڑے ٹکڑے خشک کر لیتے ہیں اور چھوٹے ٹکڑوں کو کاٹ لیتے ہیں۔

خواص: چوڑے چوڑے ٹکڑے ہوتے ہیں جو 6 سے لیکر 18 انچ تک لمبے ہوتے ہیں ایک سے 3 انچ تک چوڑے ایک انچ کے 2/10 یا 4/10 موٹے ہوتے ہیں۔

اثر اور استعمال: داخلی استعمال میں۔ٹانک۔اسٹرنجنٹ ہے۔ڈبلٹی میں دیا جاتا ہے۔ پیریاڈک اور انٹری ٹنٹ امراض میں دیتے ہیں۔سپازم۔نیورالجیہ۔پریاڈک ہیمرج۔کنٹی نیوڈ فیور۔روماٹیرم اری سپلس اور ہضمیت کی نالی کی مزمن امراض میں مثلاً۔کوریہ۔ ڈسپپشیا۔پے سو ہیمرج میوکس کی ڈسچارج کو ترقی دیتا ہے۔لائیکوریہ۔کرانک ڈاریا۔ اسکرافیولہ اور غدود جاذبہ کے بڑھاؤ اور اس کمزوری کے بعد جو سیز جیکل اپریشن کے بعد ہو استعمال ہوتا ہے۔خارجی استعمال میں اسٹرنجنٹ انٹی سپٹک۔لائیکوریہ اور بیڈ یا بدبودار السروں میں بطور اسٹرنجنٹ اور انٹی سپٹک کے استعمال ہوتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں اور مویشیوں کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
بھیڑ اور خوک کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
کتے کے واسطے	......	1/2 سے ایک ڈرام

دو یا تین دفعہ ایک دن میں استعمال کر سکتے ہیں۔ بعض اوقات کتوں کو سنکونکہ سے قے آجاتی ہے۔

طریق استعمال: داخلی استعمال میں۔ سفوف۔ گولی۔ انفیوژن۔ ٹنکچر کی صورت میں دے سکتے ہیں۔ خارجی استعمال میں۔ انفیوژن اور ٹنکچر استعمال کرتے ہیں۔

مانع استعمال: الکلی۔ الکلائن کاربونیٹ۔ دھاتی نمک اور جیلاٹین کے ساتھ ملا کر دینا منع ہے۔

☆ انفیوژن سکونہ قلیوا
☆ ٹنکچر سکونہ قلیوا۔ بنانے میں کام آتا ہے۔

پیل سنکونہ بارک

ہر ایک چیز استعمال خوراک وغیرہ مثل سکونہ فلیوکارنکس کے ہے۔

ریڈ سنکونہ بارک

ہر ایک چیز استعمال خوراک وغیر مثل سکونہ فلیوکارنکس کے ہے۔

سینی مم۔ دار چینی یا سینی من

اس کے درخت کو سینی مم۔ زی۔ لانی کم بولتے ہیں۔ موٹی شاخ سے جو پتلی ٹہنیاں نکلتی ہیں۔ ان کے اندر کی چھال دوائی میں برتی جاتی ہے یہ درخت سیلون کے ٹاپو

میں پیدا ہوتا ہے۔
اثر اور استعمال: ہیموسٹاٹکس۔ اسٹوماکک۔ کارمے نیٹو۔ ڈاریا کے علاج میں مفید ہے۔ پرگیٹو۔ کے ساتھ مروڑ سے بچانے کیلئے بھی استعمال کرتے ہیں۔

خوراک:

چھال کی خوراک گھوڑا کے واسطے ...... 1/2 سے ایک اونس
تیل کی خوراک بیل کے واسطے ...... 1/2 سے ایک ڈرام
گھوڑا کے واسطے ...... 20 بوند سے ایک ڈرام
کتا کے واسطے ...... 1 سے 4 بوند

کوکین

ایک الکلائیڈ جوہر ہے جو کہ کوکا کے درخت سے ملک پیرو اور بولیویا میں قدرتی طور پر پیدا ہوتا ہے۔

خواص: اس کی بے رنگ قلمیں ہوتی ہیں۔ اسکا ایک حصہ 7.4 حصہ پانی میں حل ہو جاتا ہے۔ کوکین ہیڈروکلوریٹ پانی اور الکوحل میں فوراً حل ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی استعمال میں اسٹی میولنٹ ٹانک ہے۔ سور تھروٹ میں استعمال کرتے ہیں۔ خارجی استعمال میں لوکل انس تھی ٹیک ہے۔ علاج مویشیاں وغیرہ میں آنکھ کے امراض میں زیادہ تر استعمال کیا جاتا ہے۔ کنجکٹیوائٹس میں درد کو رفع کرنے کے واسطے یا خراش سے محفوظ کرنے کے واسطے آنکھ میں فیصدی 4 گرین کا عرق ڈالتے ہیں۔ اپتھلمیا۔ کارنیہ کے السروں اور دیگر امراض میں مستعمل ہے۔ آنکھ کے ملاحظہ کے واسطے۔ سلفیٹ آف اٹروپین کے ساتھ ملا کر استعمال کرتے ہیں۔

پروفیسر ہابڈے صاحب بہادر نے دریافت کیا کہ ہیڈروکلوریٹ آف کوکین کے دو گرین سے زیادہ زیر جلد کتوں میں لوکل انس تھی اشیاء پیدا کرنے کیلئے پچکاری نہ کرنی

چاہیے خاص کر چھوٹے کتوں اور بڑے کتوں میں 4 گرین سے زیادہ نہ کرنی چاہیے یعنی ایسی سلوشن کے ایک ڈرام جو 4 فیصدی کی طاقت کا ہو چھوٹے کتے کے واسطے اور بڑے کتے کے واسطے 2 ڈرام لوکل انس تھی اشیا 3 سے 5 منٹ میں ہوگا۔ اور پچکاری کے گردنواح میں نصف انچ سے ایک انچ تک اثر ہوگا اور اس کا اثر 20 منٹ تک رہتا ہے۔

کالچی سائی کارمس کالچیکم کی گانٹھیں یا سرنجاں تلخ

یہ کالچیکم آٹم نیل کے درخت سے جو ملک انگلستان میں پیدا ہوتا ہے حاصل ہوتی ہے۔ جون کے آخر میں کاٹی جاتی ہے۔ اس میں ایک زہریلا قلمدار الکلائیڈ جوہر ہے جو کہ کالچی سین کہلاتا ہے۔

خواص: تازہ کالچیکم کی گانٹھ اخروٹ کے برابر ہوتی ہے۔ باہر سے بھوری زرد ہوتی ہے اندر سے سفید ہوتی ہے۔ مزہ اس کا تیز کڑوا ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ہے۔ طبی خوراکوں میں کتھارٹک۔ ایے ٹک سیڈ ٹیو یہ گردوں۔ جلد اور آنتوں کی میوکس ممبرین کی رطوبت کو بڑھاتی ہے۔ گاہے گاہے ڈائیوریٹک۔ اور سیڈیٹو فائدہ کے واسطے روماٹیزم۔ روماٹک انفلیوانزا۔ کانسٹی ٹیوشنل افتھلمیا میں استعمال ہوتا ہے۔

خوراک:

گھوڑا کے واسطے	......	1/2 سے 2 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	1/2 سے 2 ڈرام
بھیڑ کے واسطے	......	5 سے 30 گرین
کتے کے واسطے	......	2 سے 8 گرین

طریق استعمال: سفوف یا گولی کی صورت میں دیتے ہیں۔ ٹنکچر۔ کالچیکم کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔

مانع استعمال: ٹنکچر۔ آئیوڈین۔ گوائیکم۔ اور تمام اسٹرنجنٹ دواؤں کے ساتھ دینا منع ہے۔ انٹی ڈوٹ۔ ایسے ٹک۔ جبکہ بعد میں ڈیمل سنٹ اشیاء پلائی جائیں اگر کوما ہو تو برانڈی۔ ایمونیا۔ اور دوسری طاقتور اسٹی میولنٹ دیتے ہیں۔

کالچیکم کے بیج

جب کالچیکم۔ اٹم۔ نیل کے بیج ٹھیک پک جاتے ہیں۔ تو استعمال کرتے ہیں۔

خواص: قد میں سفید رائی کے دانے کے برابر ہوتے ہیں۔ بہت سخت ہے۔ رنگ سرخی مائل بھورا ہے۔

اثر اور استعمال: کالچیکم کی گانٹھوں کی طرح ہوتا ہے۔ بعض کہتے ہیں۔ نرم ہوتا ہے۔ لیکن زیادہ یقینی ہوتا ہے۔

خوراک: وہی استعمال ہوتی ہے۔ جو کہ گانٹھوں کی بیان کی گئی ہے۔ اس سے ٹنکچر کالچیکم تیار ہوتا ہے۔

کلوڈین

ترکیب:

پروکسلین یا گن کاٹن ...... 1 اونس

ایتھر ...... 36 فلوئیڈ اونس

ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ...... 12 اونس

اسپرٹ اور ایتھر کو ملالو۔ اور بعد ازاں گن کاٹن ڈال دو۔ چند دن کیلئے رکھ دو تا کہ تلچھٹ بیٹھ

Intestine
3 Omasum
Esophagus
1 Rumen
4 Aboma
2
Stomach/
Bowel
Lungs
Liver

جائے اور سلوشن صاف ہو جائے اور مضبوط کارک والی بوتل میں بند کر کے رکھ دو۔

خواص: بے رنگ ایتھر کی سی بو اور شعلہ زن عرق ہے۔ ریکٹی فائیڈ اسپرٹ اور پانی میں حل نہیں ہوتا۔ ہوا میں کھلا رکھنے سے خشک ہو جاتا ہے۔ باریک شفاف تہ پیچھے چھوڑتا ہے۔

اثر اور استعمال: چھلی ہوئی جلد۔ السر جلی ہوئی جگہ زخموں پر لگاتے ہیں۔ ایزی پلس میں بہت مفید ہے۔

طریق استعمال: مجروح حصہ پر جرش کے ذریعہ لگاتے ہیں۔ اور چند منٹ کے بعد پھر لگاتے ہیں۔ اور اس طرح بار بار لگانے سے موٹی تہہ بن جاتی ہے جس سے مجروح حصہ ہوا سے محفوظ رہتا ہے اور خراش نہیں ہوتی۔

فلکسیبل کلوڈین یا چپکنے والی کلوڈین

ترکیب:

کلوڈین	......	6 فلوئیڈ اونس
کے نیڈا بالسم	......	120 گرین
کسٹر ائل	......	1 فلوئیڈ ڈرام

لیکر ملا لو اور ایک مضبوط کارک والی بوتل میں بند کر دو

فائدہ اور استعمال: طریق استعمال مثل کلوڈین کے ہیں لیکن تاہم یہ اس سے قدرے اچھی ہوتی ہے۔

ہیموسٹاٹک کلوڈین۔ خون کے بند کرنے والی

ترکیب:

کلوڈین	......	10 فلوئیڈ اونس

کاربالک ایسڈ	......	1اونس
ٹینک ایسڈ	......	1/2اونس

اثر اور استعمال: خارجی استعمال میں اسٹپٹک ہے۔

طریق استعمال: مثل کلوڈین کے ہے۔

کالوسنتھ۔حنظل۔تمان

اس کو بٹر کیو بکر بھی کہتے ہیں۔قدرتی طور پر مغربی ایشیا میں پیدا ہوتا ہے۔ یہ سٹرٹیولس کالوسنتھس کا پھل ہے۔جس پر چھلکا نہ ہو۔

اثر اور استعمال: ہیڈروگاگ پرگے ٹیو ہے جو کہ کرانک کانسٹی پیشن میں دیتے ہیں۔ اس میں مروڑ پیدا کرنے کی خاصیت ہے۔اس واسطے اس کو اروماٹک اشیا کے ساتھ ملا کر عموماً ہایوسائمیں یا بلاڈونہ کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں تاکہ مروڑ نہ ہونے پائیں۔خوراک کیلئے ایکسٹریکٹ کی خوراک 1 سے 2 گرین ہے۔اس کو دوسرے پرگے ٹیو کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں۔

کنفکشن روزاگیلیسی۔کنفکشن آف روزیز۔گلقند

ترکیب:

تازہ سرخ گلاب کے پھول کی پتیاں	......	1پونڈ
صاف چینی	......	3پونڈ

کولیکر پتیوں کو کھرل میں کوٹ لو اور چینی ملا دو

فائدہ: یہ پل ہائیڈرا جیرائی وتھ ارین کے بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

کوریںڈفروٹ یعنی دھنیا

برطانیہ کلاں میں اس کی کاشت کثرت سے ہوتی ہے۔

خواص: دانہ اس کے سفید مرچ کے قد کے برابر ہوتے ہیں۔ اور زردی مائل بھورے رنگ کے ہوتے ہیں۔ جن کے اوپر لکیریں دکھائی دیتی ہیں۔ اور خوشگوار بو ہوتی ہے۔ ذائقہ بھی خوشگوار ہوتا ہے۔

کریازوٹ

ترکیب: تارکوٹپکانے سے حاصل ہوتا ہے۔ یہ کھچڑی سا مرکب کاربالک ایسڈ۔ کری سالک ایسڈ اور دیگر اجسام کا ہے۔

خواص: بے رنگ عرق ہے۔ قدرے زردی مائل تیز تارپین کی سی بو پانی میں تھوڑا حل ہوتا ہے۔ گلیشل ایسٹیک ایسڈ۔ الکوحل۔ ایتھر میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال...... خوراک...... طریق استعمال...... انٹی ڈوٹ:

مثل کاربالک ایسڈ

☆ لیمی منٹ کریازوٹ کمپونڈ

☆ کریازوٹ اینٹ منٹ

☆ کریازوٹ مکسچر

بنانے میں کام آتا ہے۔

کریٹا۔ چاک۔ یا کھریا مٹی

ترکیب: قدرتی کیلشیم کاربونیٹ جو کہ ہاتھ میں لینے سے ٹوٹ جاتا ہے۔ خستہ ہوتا ہے اور اس میں کسی قدر مٹی اور دیگر ناقصات پائے جاتے ہیں۔

☆ پری پے ارڈ چاک بنانے میں کام آتا ہے۔

پری پے ارڈ چاک۔صاف چاک

چاک اپنی ناقصات سے صاف کیا جاتا ہے۔تو اس کو خشک کر کے چھوٹی چھوٹی قلمیں یا ڈلے بنا لیتے ہیں اس کو پری پے ارڈ چاک کہتے ہیں۔

خواص: سفید بے ڈول سفوف ہے اور ہیڈروکلورک ایسڈ میں ملانے سے جوش پیدا ہوتا ہے۔اور حل ہو جاتا ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ کاربونیٹ ہے اور تہہ میں بہت تھوڑا بیٹھتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی طور پر بدہضمی میں بطور انٹاسڈ کے استعمال ہوتا ہے۔کرانک ڈاریا۔ڈیسنٹری میں دیا جاتا ہے۔اگزالک ایسڈ اور دوسرے ایسڈوں کا انٹی ڈوٹ ہے۔خارجی طور اریٹی ٹنٹ اخراجوں کو جذب کرنے کے لئے ڈیسی کنٹ یا خشک کرنے والا ہے۔زخموں اور جلن کو ہوا سے بچانے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔اری سپلس میں بھی لگایا جاتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1/2 سے ایک اونس
مویشی کے واسطے	......	1 سے 2 اونس
بھیڑ کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
خوک کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
کتے کے واسطے	......	5 سے 15 گرین

طریق استعمال: داخلی استعمال میں بطور۔بولس۔یا میوسلج۔گروئل اور دودھ میں ملا کر دے سکتے ہیں۔ڈاریا۔ڈیسنٹری میں دیا جاتا ہے۔علیحدہ بہت کم استعمال کرتے ہیں۔لیکن عموماً افیون سونٹھ۔کتھ کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں۔دیکھو کمپونڈ مکسچر آف چاک۔خارجی طور پر

ڈیسی کنٹ فائدہ کے واسطے پاؤڈر کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔جلن وغیرہ کے روکنے کے واسطے پانی میں ملا کر سخت لئی بنا کر لگاتے ہیں۔

مانع استعمال: تمام ایسڈ چیزوں کے ساتھ ملا کر دینا منع ہے۔

اس سے مفصلہ ذیل مرکب تیار ہوتی ہیں۔

☆ مرکری وتھ چاک

☆ کمپوئنڈ مکسچر آف چاک

سیفرن۔کروکس۔زعفران یا کیسر

زعفران۔اسپین۔فرانس اور اٹلی سے آتا ہے۔

خواص: خشک زعفران کی پتیاں اور پھول ملے جلے ہوتے ہیں۔زعفران کی تیز خوشگوار بو ہے زیادہ مقدار میں نار کا ٹک ہے۔ذائقہ کروڑا کسی قدر خوشبودار جب چبایا جائے۔تو لعاب دہن خارج ہو جاتا ہے۔جب نمدار انگل پر ملا جائے تو تیز ارغوانی رنگ پیدا کرتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی طور پر بہت کم استعمال ہوتا ہے عموماً بطور رنگدار ذائقہ والی چیز کے استعمال ہوتا ہے۔

کروٹن کے بیج۔جمال گوٹہ کے بیج

خواص: کافی کے دانے کے برابر ہوتا ہے۔شکل میں بیضوی اور سروں پر گول دوسطوح رکھنے ہے۔جن میں سے بیرونی اندرونی کی نسبت زیادہ محدب ہوتی ہے۔جب اس کی تھوڑی سے چھال اتاری جائے۔تو اُن کی شکل دغدار نظر آنے لگتی ہے۔اگر ساری چھال اُتار دیں تو بھورا سیاہ رنگ نکل آتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: بطور داخلی زیادہ مقدار میں اریی ٹنٹ پوائزن۔طبی

خوراکوں میں بطور کتھارٹک کے سخت کانسٹی پیش یا قبض میں دیتے ہیں۔ اور جب آنتوں سے کسی چیز کو جلدی خارج کرنا ہو تو استعمال کرتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	30 سے 36 گرین
مویشی کے واسطے	......	30 سے 80 گرین
بھیڑ کے واسطے	......	5 سے 15 گرین
کتے کے واسطے	......	3 سے 10 گرین

طریق استعمال: بیجوں کو کوٹ کر گولی بنا لیتے ہیں یا خوراک میں ملا کر کھلا دیتے ہیں۔ اور السی کے تیل کے ساتھ بھی دیتے ہیں اس سے کروٹن آئل نکلتا ہے۔

کیومن فروٹ

کمن کے بیج۔ قدرتی طور پر پیدا ہوتے ہیں۔

شناخت: اس کے بیج سونف سے قدرے بڑے ہوتے ہیں۔ رنگ بھورا اور سبزی مائل زرد ہوتا ہے۔ یہ سوئے کے بیج سے قدرے بڑے ہوتے ہیں اور کسی قدر اُن سے مشابہت رکھتے ہیں۔ پھل کی بو تیز خوشبودار ہوتی ہے۔ ذائقہ اور بو میں یہ سوئے کے مشابہ ہے اگرچہ اُس سے کسی قدر کم خوشگوار ہوتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال...... خوراک...... طریق استعمال:

مثل سونف کے ہے۔

کیوپورائی اموینم سلفاس
اموینم سلفیٹ آف کاپر

ترکیب:

سلفیٹ آف کاپر کا سفوف	......	2 اونس
کاربونیٹ آف ایمونیا کا سفوف	......	3 اونس

لیکر کھرل میں رگڑ لو حتی کہ جوش بند ہو جائے۔ تب مجموعہ کو بلاٹنگ کاغذ میں ڈال کر مسام دار اینٹوں پر رکھ دو جب خشک ہو جائے تو اس کو عمدہ کارک والی بوتل میں رکھو۔

خواص: نیلہ رنگ کا سفوف ہوتا ہے۔ جس میں ایمونیا کی بو آتی ہے۔ ذائقہ اسٹر نجٹ اور دھاتی ہے۔

فائدہ اور استعمال: ٹانک۔ اسٹی میولنٹ انٹی سپازماڈک۔ اسٹرجنٹ ہے۔ گھوڑوں اور مویشیوں کو انفلوائنزا پلورو نمونیا تھائی سس میں دیتے ہیں دوسری کمزور کرنے والی امراض میں بھی دیتے ہیں۔ کتوں کو کوریا اور دوسرے اعصابی امراض میں دیتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑوں اور مویشیوں کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
بھیڑ کے واسطے	......	5 سے 20 گرین
کتے کے واسطے	......	1 سے 4 گرین

ترکیب استعمال: بولس۔ گولی کی صورت یا ٹھنڈی گرویل یا لعابدار اشیاء میں ملا کر دیتے ہیں۔

مانع استعمال: ایسڈ اور خاص خاص الکلی دواؤں کے ساتھ ملا کر دینا منع ہے۔

انٹی ڈوٹ۔ البیومن یا مٹر یا وال کا آٹا پانی میں ملا کر اس کے زہر کو روکنے کے واسطے دیتے ہیں۔

آئیوڈائڈ آف کاپر وتھ آئیوڈین

ترکیب:

آئیوڈائڈ آف پوٹاشیم	......	2 اونس
سلفیٹ آف کاپر	......	4 اونس
ابلا ہوا مقطر پانی	......	1.1/2 پائنٹ

سلفیٹ آف کاپر کو ایک پائنٹ پانی میں حل کر لو اور آئیوڈائڈ آف پوٹاشیم کو باقی 1/2 پائنٹ میں ملا دونوں عرقوں کو یکجا کر لو اور فلٹر کے تلچھٹ کو جمع کر لو جب صاف ہو جائے اُس کو آپ مقطر سے دھوڈالو اور خشک کر کے ایک مضبوط ڈاٹ والی بوتل میں رکھو۔

خواص: ہلکے رنگ کا بھورا سفوف ہے۔ ذائقہ دھاتی ہے ہوا میں رکھنے سے رنگ بدل جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی ٹانک اور الٹریٹو اور ابسارنیٹ کو اسٹی میولیٹ کرتا ہے اس کو گلانڈرس ڈایابے ٹیز انسپیڈس۔ فارسی۔ نیزل گلیٹ میں استعمال کرتے ہیں۔

خارجی استعمال میں: اسٹی میولنٹ اور اسٹرنجنٹ ہے۔ ٹانگوں کی کرانک اڈیمائس۔ انلارجمنٹ خراب قسم کے السروں اور جیلی گریس میں استعمال کرتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 3 ڈرام

جنشن۔ پائی منٹو یا دورسے کارے ٹیو۔ دواؤں کے ساتھ ملا کر استعمال کریں۔

طریق استعمال: داخلی استعمال میں بولس کی صورت میں استعمال کرتے ہیں۔

خارجی استعمال میں سفوف کو اکیلا استعمال کرتے ہیں یا 4 حصہ چربی ملا کر مرہم بناتے ہیں۔

مانع استعمال: ایسڈ اور ترش نمک الکلیز اور اُن کے کاربونیٹ لائم واٹر اور ویجی ٹیبل استر بجنٹ ہیں۔

سب ایسٹیٹ آف کاپر

اس کو ورڈ گرس بھی بولتے ہیں۔ ہندی میں زنگار بولتے ہیں۔ جب سرکہ کا تیزاب تانبے کے ساتھ ملتا ہے۔ تب زنگار پیدا ہوتا ہے۔

خواص: موٹی موٹی ڈلیاں یا سفوف ہوتا ہے۔ تیز نیلا رنگ ہوتا ہے۔ استر بجنٹ اور دھاتی ذائقہ ہوتا ہے۔ قدرے پانی میں حل ہو جاتا ہے۔ ہیڈرو کلورک ایسڈ میں بالکل حل ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال...... خوراک...... طریق استعمال...... مانع استعمال: انٹی ڈوٹ مثل سلفیٹ آف کاپر کے ہیں۔

☆ لیمی منٹ سب ایسی ٹیٹ آف کاپر

☆ مرہم سب ایسی ٹیٹ آف کاپر کے بنانے میں کام آتا ہے۔

سلفیٹ آف کاپر

سلفیٹ آف کاپر یا نیلا تھوتھا۔ اس کو بلیو سٹون بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: تانبے کے برادہ کو ہوا میں گرم کرنے سے اوکسائیڈ آف کاپر میں تبدیل کرتے ہیں اور بعدۂ اس میں ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ ڈال کر سلفیٹ میں تبدیل کر دیتے ہیں۔ چھان کر اور اڑا کر قلمیں بنا لیتے ہیں۔

خواص: نیلے رنگ کی قلمیں ہوتی ہیں۔ شکل میں ترچھی اور پانی میں حل ہو سکتی ہیں۔ نیلے رنگ کا عرق ہو جاتا ہے۔ جو کہ نیلے لٹمس کو سرخ کر دیتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی طور پر زیادہ مقدار میں اریٹی ننٹ زہر ہے۔ طبی خوراکوں میں اسٹر نجنٹ ٹانک ہے۔ ڈبلٹی۔ اسکرافیولا۔ ڈیسنٹری سخت قسم کے ڈاریا۔ گلانڈرس وہ فارسی میں دیتے ہیں۔ نیز لائیکوار۔ ایمونیہ اور کاربونیٹ آف ایمونیا کے ساتھ ملا کر پر پیورا۔ ٹائی فائیڈ فیور اور دوسری میں اسٹی میولنٹ۔ اسٹرنجنٹ۔ اسٹپٹک۔ ٹی ڈیک۔ السر۔ کنکر۔ تھرش۔ فٹ راٹ میں لگاتے ہیں۔ نیز فارسی ہڈ۔ بعض اوقات۔ فرغل۔ میگر مسلری سائنس میں انسر ہو جانے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔ کرانک آفتھلمیا میں کلوریم یا آئی لوشن کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

خوراک: بطور ٹانک اور اسٹرنجنٹ کے

گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 5 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	1 سے 3 ڈرام
بھیڑ کے واسطے	......	20 سے 30 گرین
خوک کے واسطے	......	5 سے 10 گرین
کتے کے واسطے	......	1 سے 3 گرین

طریق استعمال: داخلی استعمال میں بطور ٹانک اور اسٹرنجنٹ۔ بولس کی صورت میں گروئل یا السی کی چاہ میں ملا کر دیتے ہیں۔ ایسے ٹنک کے طور پر گرم پانی میں ملا کر دیتے ہیں۔ خارجی استعمال میں بطور سفوف لائیکورا۔ سلفٹ آف کاپر۔ لائیکوار سلفیٹ آف کاپر کم پوزنیم۔ اور لینی منٹ سلفیٹ آف کاپر کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

مانع استعمال: الکلی۔ الکلائن۔ کاربونیٹ اور نباتی قابضات کے ساتھ دینا منع ہے۔ انٹی ڈوٹ۔ البیومن۔ دودھ اور میوسلیج دار چیزیں بھی دی جاتی ہیں اور مستر یا دال کے آٹے میں ملا کر دیتے ہیں۔

☆ لینی منٹ سلفیٹ آف کاپر

☆ لائیکوار سلفیٹ آف کاپر

☆لائیکوار سلفیٹ آف کاپر کمپوزیٹم
☆سلفیٹ آف کاپر کا ماس

کسو

اس کے درخت کو برائیرا۔ اِنْ۔ تھل۔ من۔ ٹے کار۔ کہتے ہیں۔ جب بیج ٹھیک پک جاتے ہیں۔ تو دھوپ میں سکھلاکر موٹا سفوف بنا لیتے ہیں۔ یہ ملک حبش سے آتا ہے۔

خواص: شاخیں سبز رنگ کی ہوتی ہیں پنکھڑیوں کے کنارے ارغوانی اور ان میں بو مثل بالسم کے ہوتی ہے۔ اگر اس کے عرق یا انفیوژن میں کوئی لوہے کا نمک ڈالیں۔ تو سبزی مائل۔ سیاہ رنگ ہو جاتا ہے۔ ان کی بو مثل چاہ اور سناء کے پتوں کے ہوتی ہے۔

اثر اور استعمال: انتھل منیٹک۔ خاص کر ٹینا یعنی کدو دانہ کے واسطے ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1/2 سے ایک پونڈ
کتے کے واسطے	......	2 سے 6 ڈرام

☆انفیوژن کسو

اس سے تیار ہوتا ہے۔

ڈیکاکشن آف ٹوباکو

تمباکو	......	1 اونس
پانی	......	1 پائنٹ

اگر وقت کافی ہو تو دس منٹ تک تمباکو کو پانی میں جوش دو۔ چھان کر اور پانی ملا لو۔ حتی کہ کل مجموعہ دو پائنٹ ہو جائے۔

فائدہ: نکسوامیکا۔اسٹرکنیا۔اوراُس کے مرکبات کا انٹی ڈوٹ ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1سے3 پائنٹ
مویشی کے واسطے	......	1سے3 پائنٹ
بھیڑوخوک کے واسطے	......	5سے15 اونس
کتے کے واسطے	......	2سے5 اونس

ڈیکاکش کی خوراکیں بار بار دو حتی کہ تشنج دور ہو جائے اوراُس کے اثر کو دیکھتے رہو کہ عضلات کا تشنج بالکل رفع ہو جائے۔اگر تمبا کو کی زیادہ خوراک دی جائے تو اس کی روک ڈیوزیبل اسٹی میولنٹ سے کرتے ہیں۔

اثراوراستعمال: انٹس پازماڈک اورڈیپرینٹ ہے۔

اجوائن

اس کا پھل نہایت باریک ہوتا ہے۔فائدہ مثل سونف وغیرہ کے۔اسٹی میولنٹ۔ انٹس پازموڈک۔اسٹوماکک۔اور کارمے نے ٹیو ہے۔بدہضمی۔کالانمک اور سونٹھ اور چرائتا کے ہمراہ گولی بنا کر دیتے ہیں۔اوراس سے بہت آرام ہوتا ہے۔کالک۔ڈارہا۔ ڈیسنٹری میں بھی اس کا بہت فائدہ ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	2سے4 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	4سے8 ڈرام
بھیڑکے واسطے	......	1سے2 ڈرام
کتے کے واسطے	......	10سے30 گرین

ڈیجی ٹیلین

سیڈیٹو ہے اور مطلب حیوانات میں بہت کم
ڈیجی ٹیلس سے حاصل ہوتا ہے۔

استعمال ہوتا ہے۔

ڈیجی ٹیلس فولیا۔ ڈیجی ٹیلس کے پتے

ڈیجی ٹیلس پر پیورا کے پتوں کو سکھلا کر استعمال کرتے ہیں۔ خودرو پیدا ہوتے
ہیں۔ اس کے پتوں کو اکٹھا کر لیتے ہیں۔ ماہ جون اور جولائی میں جب پتے دو تہائی پھل
جاتے ہیں تو توڑ کر اندھیری جگہ میں بھٹی میں سکھلاتے ہیں۔

خواص: اس کے پتے بھالے کی شکل کے نوکدار سبز چمکدار رنگ کے ہوتے ہیں جن کے اوپر کی سطح بہ نسبت زیرین سطح کے قدرے چمکیلی ہوتی ہے۔ بو کم اور ذائقہ تلخ اور ستے آور ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی زیادہ مقدار میں۔ اریٹنٹ اور سیڈیٹو زہر ہے۔
طبی خوراکوں میں سیڈیٹو۔ اور ڈایوریٹک ہے۔ جسم میں جمع ہو کر آنتوں میں خراش کرتی ہے اس واسطے اس کے اثر کو ہوشیاری سے دیکھتے رہنا چاہیے۔ دل کی افعالی امراض اور سوزش روماٹیزم۔ نمونیا۔ اور کرانک کھانسی میں دیتے ہیں۔ ڈایوریٹک فائدہ کیلئے اکیلا یا نائیٹریٹ آف پوٹاش کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں۔ اور عموماً ڈایوریٹک فائدہ کے لئے ڈراپسی میں دیتے ہیں۔ خارج یا استعمال میں اریٹنٹ۔ ڈایوریٹک۔ سیڈیٹو۔ انوڈائن ہے۔ گا ہے۔ گا ہے کلوریم یا آئی لوشن کے طور پر آفتھلمیا میں استعمال کرتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	3 گرین سے 1 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	1/2 ڈرام سے ایک ڈرام

بھیڑ کے واسطے	......	5 گرین سے 15 گرین
خوک کے واسطے	......	2 گرین سے 10 گرین
کتے کے واسطے	......	1 گرین سے 3 گرین

طریق استعمال: اندرونی استعمال میں پتوں کے سفوف کو گولی کی صورت میں دیتے ہیں ایکسٹریکٹ ڈیجی ٹیلس کے طور پر دیتے ہیں۔کھانسی کے لئے ڈیجی ٹیلس کمپازیٹا ماس کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔خارجی استعمال میں۔انفیوژن ڈیجی ٹیلس لگاتے ہیں۔

مانع استعمال: سلفیٹ اور کلورائیڈ آف آئرن۔ایسی ٹیٹ آف لیڈ۔اور وہ چیزیں جو کہ سنکونہ بارک سے تیار ہوں اس کے ساتھ ملا کر استعمال نہ کرنا چاہیے۔

انٹی ڈوٹ۔ ایلیمنٹری کنال کو خالی کرو اندرونی اور بیرونی طور پر اسٹی میولنٹ استعمال کرو۔

☆ایکسٹریکٹ ڈیجی ٹیلس

☆کمپونڈ ماس آف ڈیجی ٹیلس

اس سے تیار ہوتے ہیں۔

پچ پلاسٹر

ترکیب:

برگنڈی پچ	......	20اونس
ریزن	......	1/4 2اونس
زرد موم	......	1/4 2اونس
الوائیل	......	1/2 1فلوئیڈ اونس
پانی	......	1فلوئیڈ اونس

تیل پانی اور برگنڈی پچ کو ملا لو ریزن اور موم کو بھی پگھلا کر اس میں ڈال دو اور متواتر ہلاتے رہو اس طرح سے قوام بن جائے گا۔

فائدہ: چمڑے پر بچھا کر زخموں پر لگاتے ہیں۔

ایلوز کا انیما

ترکیب:

ایلوز	......	4ڈرام
کاربونیٹ آف پوٹاشیم	......	30 گرین
گرم میوسلیج آف اسٹارچ یا گروئل	......	1پائنٹ

ملاکر خوب حل دو۔

انیما آف اسافی ٹیڈا

ترکیب:

اسافی ٹیڈا	......	2.1/2ڈرام
گرم پانی	......	1پائنٹ

سلفیٹ آف میگنیشیا کا انیما

ترکیب:

سلفیٹ آف میگنیشیا	......	2اونس
السی کا تیل یا کسٹرائل	......	2فلوئیڈ اونس
میوسلیج آف اسٹارچ	......	1پائنٹ

سلفیٹ آف میگنیشیا کو میوسلیج آف اسٹارچ یا گروئل میں حل کرلو اور تیل ڈال کر ملالو۔

اوپیم کا انیما

ترکیب:

ٹنچر اوپیم ...... 5 فلوئیڈ ڈرام

گرم میوسلج آف اسٹارچ یا گروئل ...... 1 پائنٹ

لے کر ملالو۔

تمباکو کا انیما

ترکیب:

تمباکو کے پتے ...... ایک ڈرام

ابلتا ہوا پانی ...... 20 فلوئیڈ اونس

ایک گھنٹہ تک ایک بند برتن میں رکھ کر انفیوژن بنالو اور بعد میں چھان لو۔

ٹرپن ٹائن کا انیما

ترکیب:

ٹرپن ٹائن آئل ...... 20 فلوئیڈ اونس

میوسلج آف اسٹارچ یا گروئل ...... 1 پائنٹ

ارگٹ آف رائی

اس کے درخت کو سکیلا سریلی بولتے ہیں جو ایک قسم کی کائی ہے۔ رائی کے دانوں پر جب ایک قسم کی کائی پیدا ہوتی ہے اور وہ بیمار ہو جاتی ہے۔ تو ان بیمار دانوں کو ارگٹ بولتے ہیں۔

خواص: اس کے دانے انچ کی تہائی سے ڈیڑھ انچ تک لمبے خمدار ہوتے ہیں۔خم کے نیچے کی طرف دیکھنے سے مثلث کے طور پر نظر آتے ہیں۔ اور وہاں پر لمبائی سے ایک خط ہوتا ہے۔دونوں جانب نوکیلی نہیں ہوتیں اوپر سے رنگ اس کو بھورا اور نیلگون اندر سے زردی مائل اور ٹھوس دبانے سے جلد ٹوٹ جاتے ہیں۔ اور بہت دور تک چرنہیں جاتا۔ بو شل ماہی کے ہوتی ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی استعمال میں زیادہ مقدار میں اریٹنٹ زہر۔ اور طبی خوراکوں میں گردوں لنگس اور دوسرے اعضاؤں کے ہیمبرج میں استعمال کرتے ہیں لیکن بطور مددگار وضع حمل کے کے وقت یوٹرس کو اس سے تحریک ہو اور وہ سکڑ کر جنین کو خارج کر دے زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ تاہم ادنی حیوانوں پر اس کا اثر بے اعتبار ہے۔ خارجی استعمال میں بطور اسپٹک کے جریان۔ خون کو وجائنا اور یوٹرس میں سے روکنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

خوراکیں: بطور اکبالک

گھوڑوں اور مویشی کیواسطے	......	2 سے 4 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
بھیڑ کے واسطے	......	20 سے گرین
خوک کے واسطے	......	15 سے 30 گرین
کتے کے واسطے	......	2 سے 10 گرین

طریق استعمال: داخلی طور پر سفوف کو پورٹر شراب میں کار۔می۔نی۔ٹو کے طور دیتے ہیں۔ لیکوڈ ایکسٹریکٹ ارگٹ۔ انفیوژن ارگٹ۔ ٹنکچر ارگٹ کی صورت میں دیتے ہیں۔ خارجی طور پر لیکوڈ ایکسٹریکٹ ارگٹ۔ انفیوژن ارگٹ۔ ٹنکچر ارگٹ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

☆ لیکوڈ ایکسٹریکٹ

☆ انفیوژن ارگٹ

☆ ٹنچر ارگٹ اس سے تیار ہوتے ہیں۔

اسپغول

اس کے درخت کو پلانٹیگو اس پا گیولا کہتے ہیں۔ اس کے بیج دوا میں استعمال ہوتے ہیں۔ یہ چھوٹے چھوٹے اور بیضوی شکل کے اور معتر ہوتے ہیں۔ رنگ سرمئی پانی میں بھگونے سے لعاب نکلتا ہے۔

اثر اور استعمال: ڈیمل سنٹ اور خفیف اسٹر نجنٹ ہے اس کو ڈرایا۔ ڈیسنٹری میں بہت استعمال کرتے ہیں۔ اور بخار زکام اور گردے کی بیماریوں میں بھی دیتے ہیں اور بیجوں کو پانی میں بھگو کر پولٹس کے طور پر دیتے ہیں۔

خوراک: لعاب کی مع بیجوں کے

گھوڑوں کے واسطے ...... 4 ڈرام سے 4 اونس

کتے کے واسطے ...... 2 سے 3 ڈرام

انار

اس کی جڑ چھال اور اس کے پھل کا چھلکا دوا میں کام آتا ہے۔ اس کے درخت کو۔ پیوی گرانی ٹم۔ بولتے ہیں۔ صفت اس کی جڑ کی چھال کے ٹکڑے باہر نیلگوں اور اندر کی طرف زرد ہوتے ہیں۔ ذائقہ کیلا اور تلخ پھل کے چھلکے اندر سے زرد اور باہر سے بھورا اور سرخ ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: جڑ کی چھال ان تھل منٹک ہے۔ اس لئے کدودانہ کے مارنے کیلئے بہت مفید ہے۔ چونکہ اس میں جلا کا اثر نہیں ہوتا۔ اور ڈیسنٹری میں مفید ہے۔ اندلوں کو جوشاندہ کے طور پر دیتے ہیں۔ جڑ کی چھال کا جوشاندہ بنانے کی ترکیب۔ تازہ جڑ کوٹی ہوئی

12۔اونس پانی دو پائنٹ ملا کر جوش دیں۔ جب ایک پائنٹ پانی رہ جائے تو اتار کر چھان لیں۔اس کی خوراک گھوڑوں کو اٹھل میٹک کے طور پر 4 سے 6 اونس تک۔ کتوں کو صبح کے وقت خالی پیٹ پلانا چاہیے اور آدھ آدھ گھنٹہ بعد 6 دفعہ ان خوراکوں کو دیکر بعد میں ایک جلاب دیں۔ چھلکے کا جوشاندہ اس طرح تیار کرتے ہیں۔ چھلکا کوٹا ہوا 2 اونس پانی ایک پائنٹ 15 منٹ جوش دے کر چھان لیں۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	4 سے 8 اونس
کتے کے واسطے	......	1 سے 1/2 1 اونس

علاوہ اسہال اور پیچش کے اس جوشاندہ کو بطور پچکاری کے بھی استعمال کرتے ہیں۔

ازاڈرک ٹاانڈریکا یعنی نیم

اس کے درخت کا نام ازاڈرکٹاانڈریکا بولتے ہیں۔اس کے پتے اور پھل دوا میں استعمال ہوتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: چھال۔ اسٹرنجنٹ۔ ٹانک اور انٹی پیری آڈک ہے اور پتے اسٹی میولنٹ ہوتی ہے۔ تپ نوبتی اور کمزوری میں دیتے ہیں۔ اور پتوں کا پولٹس بنا کر جلدی بیماریوں اور زخموں پر لگاتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 2 اونس
مویشی کے واسطے	......	1 سے 3 اونس
بھیڑ کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام

اکورس

اس کو ہندی میں برچ کہتے ہیں اور اس کے درخت کو اکورس کیلمس کہتے ہیں۔
اس کی جڑ کی گانٹھیں طبابت میں کام آتی ہیں۔ جو بازاروں میں فروخت ہوتی ہیں۔

فائدہ اور استعمال: اسٹوماکک اور ٹانک ہے۔ نوبتی روماٹیزم۔ انیما۔ اور گٹھی نائی ٹس۔ میں دیتے ہیں۔ یہ انتھل منٹک بھی ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	4 سے 8 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	1 سے 2 اونس
بھیڑ کے واسطے	......	30 سے 80 گرین

اپومیا۔ یا فاربائی ٹس نل یعنی کالا دانہ یا عشق پیچہ

اس کے سیاہ ٹیڑھے مٹر کے برابر دانے ہوتے ہیں۔ اور جلپ کی بجائے اس کو بہت استعمال کیا جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: یہ ری ننٹ کے تھارٹک اور خفیف انتھل مینٹک ہے گھوڑوں اور مویشیوں پر اس کا اس کا اثر کم ہوتا ہے۔ لیکن کتوں کے واسطے ایک ہلکا جلاب ہے۔

خوراک:

کتے کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
بلی کے واسطے	......	1/2 ڈرام
خوک کے واسطے	......	1 سے 4 ڈرام

دیتے ہیں۔ لیکن اس کو کیلومل کے ساتھ دیتے ہیں۔ ایک یا نصف ڈرام اس کا لیکر دو تین گرین کیلومل کے ساتھ ملا لیویں پھر پانی یا السی کے آٹے کے ساتھ گولی بنا کر دیں۔

آرمویشیا

اس کو ہندی میں سوہانجنا کہتے ہیں۔اس کے درخت کوکاکلیر یہ ارمویشیا کہتے ہیں۔اس کی جڑیں طبابت میں برتی جاتی ہیں۔اس کو انگریزی میں ہارس راڈش بولتے ہیں۔

فائدہ واستعمال: اسٹی میولنٹ۔ ڈایوریٹک۔ ڈایوفوریٹک۔ ڈراپسی کی مرضوں اورکندرہ ماٹیزم میں فائدہ بخش ہے۔

خوراک: تازی جڑ کو کھرچ کر بمقدار ایک سے دواونس تک جو کے آٹے میں ملا کر کھلانا چاہیے۔

انے تھم یعنی سوا

اس کا پھل زیرہ کے طور پر بہت ہی چھوٹا ہوتا ہے۔اسکا فائدہ اور استعمال مثل زیرہ کے اسٹوکک اور کارمے نے ٹیو۔ ڈسپشیا۔ ٹمپی نائی ٹس۔اور کالک میں مفید ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	1 سے 2 اونس
بھیڑ کے واسطے	......	10 سے 3 گرین
کتے کے واسطے	......	10 سے 30 گرین

اتمیس یا ایکونائی ٹم ہی ٹے روفائیلم

اس کو ہندی میں اتمیس کہتے ہیں۔ یہ درخت ہمالیہ پہاڑ پر پیدا ہوتا ہے۔اس کی جڑ دوا میں استعمال ہوتی ہے۔ یہ گاؤدم ایک یا ڈیڑھ انچ لمبی ہوتی ہے۔ذائقہ تلخ اور اس

میں ایکونیٹیا نہیں ہوتا۔

اثر اور استعمال: یہ کمزوری اور ہر قسم کی نوبتی بخار میں دی جاتی ہے۔ اور یہ ٹانک اور انٹی پیریاڈک ہے اس میں نہ تو ایکونیٹیا ہے اور نہ کسی قسم کا زہر ہے۔ اس لئے اس کا خطرہ نہیں ہے۔

خوراک:

گھوڑوں اور مویشی کے واسطے	......	4 ڈرام سے ایک اونس
کتے وخوک کے واسطے	......	20 سے 30 گرین

دو یا تین دفعہ ہمراہ کانجی کے دن میں ملانا چاہیے۔

یوکولیپٹس

یوکولیپٹس کا تیل۔ یوکولیپٹس گلابیولس کے پتوں کو مقطر کرنے سے تیار ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال کے لئے دیکھو بیان تیلا یوکولیپٹس کا۔

یورفیوربیم

ایک تیز رال ہے جو رالدار یوفوربیہ سے پیدا ہوتی ہے۔

خواص: بے ترتیب چھوٹی بڑی ڈلیاں گوند کی طرح کی ہوتی ہیں۔ جن میں ایک دو سوراخ بھی ہوں بے رنگ ہیں۔ لیکن ان کا سفوف جب ناک کی میوکس ممبریں پر لگا دیں۔ تو سخت خراش کرتا ہے اور چھینکیں آتی ہیں۔ ذائقہ پہلے کم بعد ازاں سخت جلانے والا معلوم ہوتا ہے۔ گرم کرنے سے پگھل جاتی ہیں اور پھول کر بنزوئک ایسڈ کی سی بو دیتی ہیں۔ آگ پر جل پڑتی ہیں لیکن شعلہ پیلا ہوتا ہے۔ الکوحل۔ ایتھر۔ تارپین میں خوب حل ہو جاتی ہیں۔ لیکن پانی میں بہت کم حل ہوتی ہیں۔

اثر اور استعمال: بعض اوقات یہ آنکھ، کان اور دماغ کے مزمن امراض میں بطور نسوار کے استعمال ہوتی ہے۔ لیکن اس کا مقامی اثر ایسا تیز ہے کہ یہ صرف نشاستہ یا آرد گندم کے ساتھ بہت پتلی کر کے استعمال کی جاتی ہے۔ روغن تارپین یا برگنڈی پچ یا ریزن کے ساتھ ملا کر بطور روبی فیشینٹ کے جوڑوں کہنہ امراض میں استعمال کرتے ہیں۔ کبھی کبھی دیسی کھٹ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

ایکسٹریکٹ آف اکونائٹ

ترکیب: تازہ پھول اور پتیاں 12۔ پونڈ لے لو اور پتھر کے کھرل میں کوٹ کر دباؤ۔ اور اس کو نکال کر 130 درجے فارن ہائیٹ تک گرم کرو اور سبز رنگین مادہ کو کپڑے میں چھان لو۔ چھنے ہوئے عرق کو 200 درجہ فارن ہائٹ تک گرم کرو تا کہ البومن منجمد ہو جائے اور پھر چھان لو او چھنے ہوئے عرق کو پانی کے حمام پر رکھ کر اڑاؤ۔ تا کہ شربت کی مانند قوام بنجائے اس وقت سبز رنگین مادہ جو پہلے جدا کیا تھا۔ ملا دو اور کل کو زور سے ہلاتے رہو۔ پھر اُس کو 140 درجے فارن ہائٹ کی حرارت پر رکھ کر اڑاؤ۔ تاوقتیکہ ایکسٹریکٹ کا قوام ایسا بن جائے جس سے گولیاں اور بولس بن جائیں۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	10 سے 15 گرین
مویشی کے واسطے	......	18 سے 30 گرین
بھیڑ کے واسطے	......	1 سے 5 گرین
کتے کے واسطے	......	1/4 سے 2 گرین

طریق استعمال: گولی کی صورت میں یا سرد پانی میں حل کر کے دیتے ہیں۔

ایکسٹریکٹ آف بلاڈونہ

ترکیب: تازہ پھول اور کونپلیں۔12 پونڈ لے لو۔اور پتھر کے کھرل میں کوٹ کر دباؤ۔اور رس نکال کر 130 درجہ فارن ہائٹ تک گرم کرو۔اور سبز رنگین مادہ کو چھان کر جلدا کر لو اور پھر اس چھنے ہوئے عرق کو 200 درجہ فارن ہائٹ تک گرم کرو تا کہ البومن منجمد ہو جائے اور پھر قوام کو چھان کر حمام پر رکھ کر اڑاؤ تا کہ شربت کی مانند بن جائے۔اس وقت سبز رنگین مادہ جو پہلے جدا کیا گیا تھا۔ ملا لو۔ اور کل کو زور سے ہلاتے رہو۔لیکن حرارت 140 درجہ فارن ہائٹ سے زیادہ نہ ہو۔تا کہ ایکسٹریکٹ ایسا بن جائے جس سے گولیاں اور بولس بن جائے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
بھیڑ کے واسطے	......	3 سے 10 گرین
خوک کے واسطے	......	2 سے 3 گرین
کتے کے واسطے	......	1/2 سے 3 گرین

طریق استعمال: گولی یا بولس کی صورت میں دیتے ہیں۔لیکن سرد پانی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

ایکسٹریکٹ آف کے نلس انڈیکا انڈین ہمپ

ترکیب: ایک پونڈ خشک پھول اور کونپلیں جن سے ابھی ریزن نہ جدا کیا گیا ہو لے لو۔اسکا موٹا سفوف بنا کر سات دن تک شراب میں بھگو کر شکنجہ میں ڈال کر ٹنکچر نکالو۔ اسپرٹ کو مقطر کر لو۔ پھر اُس کو یہاں تک اڑاؤ۔ کہ نرم ایکسٹریکٹ بن جائے۔اس کے

پودے کو جو ہندوستان میں پیدا ہوتا ہے۔ گانجا کہتے ہیں۔ ہاتھ لگانے سے سخت خستہ معلوم ہوتا ہے اور سبز رنگ کا ہوتا ہے۔ اس میں اس کی خاص نارکاٹک بو ہوتی ہے۔

خواص: ایک نرم سبزی مائل رنگ کا ایکسٹریکٹ ہے۔ جس میں پودے کی طرح نارکاٹک بو ہوتی ہے۔

اثر اور استعمال: انٹس پازماڈک، ہپ ناٹک۔ سیڈیٹو۔ داخلی استعمال میں۔ کالک آنتوں کے انفلامیشن۔ مزمن۔ کھانسی۔ ٹے ٹےنس۔ کتوں کی کوریا میں مشاہدہ کیا گیا ہے۔ کہ یہ بے اختیاری عضلات کے تشنج کو کم کرتا ہے۔ اس میں قبض یا بھوک بند کرنے کی تاثیر نہیں۔ خواہ اس کو بار بار دیا جائے اس کو بولس یا گولی کی صورت میں آسانی سے دے سکتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑوں کیواسطے	......	2 سے 4 ڈرام
کتے کے واسطے	......	1 سے 3 گرین

ٹنکچر کانابس انڈیکا۔ اس سے تیار کرتے ہیں۔

ایکسٹریکٹ آف ڈیجی ٹیلس

ترکیب: تازہ ڈیجی ٹیلس کی پتیاں لے کر اُسی ترکیب سے جس طرح پر کہ ایکسٹریکٹ آف بلاڈونہ تیار کرتے ہیں۔ کیا جاتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	5 سے 10 گرین
مویشی کے واسطے	......	5 سے 10 گرین
بھیڑ و خوک کے واسطے	......	1 سے 5 گرین

طریق استعمال: بولس کی صورت یا سرد پانی میں حل کر کے دیتے ہیں۔

لیکوئڈ ا یکسٹریکٹ آف ارگٹ

ترکیب:

دردا سفوف ارگٹ	......	1 پاؤنڈ
ایتھر	......	1 پائنٹ یا حسب ضرورت
ڈسٹلڈ واٹر	......	3.1/2 پائنٹ
ریکٹی فائڈ اسپرٹ	......	8 فلوئیڈ اونس

ایتھر کو نصف پائنٹ پانی میں ملا کر ہلاؤ۔ اور جس وقت رکھنے سے دونوں عرق ایک دوسرے سے علیحدہ ہو جائیں۔ تو ایتھر کو اوپر سے نتھار لو ارگٹ کو پرکولیٹر میں ڈال کر آہستہ آہستہ ایتھر ڈالتے رہو تا کہ تیل دور ہو جائے۔ اس طرح سے دھلے یا صاف ہوئے ارگٹ کو تین پائنٹ پانی میں ملا کر 12 گھنٹے کے لئے 60 درجہ فارن ہائٹ تک گرم کرو اور پھر شکنجہ میں ڈال کر دباؤ اور عرق کو پانی کے حمام میں رکھ کر اڑاؤ تا کہ 4 فلوئیڈ اونس رہ جائے۔ جب سرد ہو جائے تو اور اسپرٹ ملاؤ اور آدھا گھنٹہ پڑا رہنے دو۔ بعد ازاں چھان لو۔ کل بقایا عرق 16 فلوئیڈ اونس ناپ میں ہونا چاہیے۔

اثر اور استعمال: مثل ارگٹ کے ہیں۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 4 فلوئیڈ ڈرام
مویشی کے واسطے	......	2 سے 4 فلوئیڈ ڈرام
بھیڑ کے واسطے	......	10 سے 40 بوند
خوک کے واسطے	......	10 سے 20 بوند
کتے کے واسطے	......	10 سے 30 بوند

طریق استعمال: اسکو پانی کے ساتھ ڈائیلوٹ کر کے استعمال کرتے ہیں۔

لیکوڈ ایکسٹریکٹ آف میل فرن

ترکیب:

فرن روٹ کا دردار سفوف ...... 2 پونڈ

ایتھر ...... 4 پائنٹ یا حسب ضرورت

فرن روٹ کو دو پائنٹ ایتھر میں ملاؤ اور ایک بند پرکولیٹر میں ڈالو اور باقی ایتھر کو بھی تھوڑے تھوڑے عرصے کے بعد ڈالتے رہو تا کہ چھلنی میں سے ایتھر بے رنگ خارج ہو اور بعد میں پانی کے حمام پر رکھ اڑاؤ۔ اور اس روغنی ایکسٹریکٹ کو جو رہ جائے اس کو حفاظت سے رکھو۔

خوراک:

گھوڑے کے واسطے ...... 1/2 نصف سے 1 اونس

کتے کے واسطے ...... 1/2 نصف سے 1 ڈرام

ایکسٹریکٹ آف ہایوسائی مس

ترکیب: 12 پونڈ تازہ پتیاں اور ٹہنیاں لے کر ایکسٹریٹ آف اکونائٹ کی ترکیب سے تیار کرتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑا اور مویشی کے واسطے ...... 1 سے 2 ڈرام

بھیڑ کے واسطے ...... 15 سے 30 گرین

خوک کے واسطے ...... 10 سے 20 گرین

کتے کے واسطے ...... 2 سے 8 گرین

طریق استعمال: بولس یا سرد پانی میں حل کر کے دیتے ہیں۔

سکے ریٹڈ کاربونیٹ آف آئرن

ترکیب:

سلفیٹ آف آئرن	......	2اونس
کاربونیٹ آف ایمونیا	......	1/4اونس
ابلتا ہواڈسٹلڈ واٹر	......	2 گیلن
صاف کی ہوئی چینی	......	1اونس

سلفیٹ آف آئرن اور کاربونیٹ آف ایمونیا کو علیحدہ علیحدہ 1/2 گیلن پانی میں حل کرو اور بعد میں دونوں عرقوں کو ایک مٹی کے گہرے برتن میں ڈال کر جلدی سے برتن کا منہ بند کر دو اور 24 گھنٹہ تک پڑا رہنے دو تا کہ کاربونیٹ آف آئرن کا تلچھٹ نیچے بیٹھ جائے اور باقی ماندہ پانی میں بھی ملا دو اور پیدا شدہ کاربونیٹ کو نچوڑ کر چھلنی پر ڈال دو جو کہ لوہے کی بنی ہوئی ہو اور چھلنی میں چینی بھی ڈال دو اور خوب ملو۔ جو چھن جائے اور آخر کار مکسچر کو اُس حرارت میں خشک کرو جو 212 درجہ فارن ہائٹ سے زیادہ نہ ہو۔

خواص: چھوٹی چھوٹی خاکی رنگ کی ڈلیاں ہوتی ہیں ذائقہ جن کا میٹھا اور قدرے لوہے کا سا ہوتا ہے۔ گرم ہیڈروکلورک ایسڈ میں حل ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: مثل سلفیٹ آف آئرن کے ہے۔

خوراک: مثل سلفیٹ آف آئرن کے ہے۔

طریق استعمال: گولی یا بولس کی صورت میں دیتے ہیں نیز میوسلیج دار اشیاء کے ساتھ ملا کر بھی پلاتے ہیں۔

مانع استعمال: ایسڈ اور ترش نمک۔ نباتی قابض۔ دواؤں کے ساتھ د[illegible] ہے

آئیوڈائڈ آف آئرن

ترکیب:

باریک لوہے کی تار	......	1.1/2 اونس
آئیوڈین	......	3 اونس
آب مقطر	......	15 فلوئیڈ اونس

آئیوڈین۔لوہے اور 12۔اونس پانی کو ایک گول بوتل میں ڈال کر جوش دو جس سے یہ تیار ہو جائے۔

خواص: قلمدار سبز رنگ کا ہوتا ہے۔جس میں کچھ بھورا پن بھی پایا جاتا ہے۔تقریباً پانی میں بالکل حل ہو جاتا ہے۔جس سے ہلکا سا سبز عرق بنجاتا ہے۔جو کہ فیرک آکسائیڈ ہوتا ہے اور رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: ٹانک۔ہماٹینک۔الٹریٹو۔اسٹرنجنٹ ہے۔ڈایابے ٹیز انسپیڈس اور نیزل گلیٹ میں استعمال کیا جاتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
بھیڑ کے واسطے	......	15 سے 30 گرین
خوک کے واسطے	......	10 سے 20 گرین
کتے کے واسطے	......	1 سے 8 گرین

طریق استعمال: بولس کی صورت میں یا پانی میں حل کر کے دیتے ہیں۔

مانع استعمال: ایسڈ اور ترش نمک۔الکلی۔الکلائن کاربونیٹ لائم واٹر اور نباتاتی

قابضات کے ساتھ دینا منع ہے۔

مائیسٹ پراکسائیڈ آف آئرن

ترکیب:

سلوشن آف پرسلفیٹ آف آئرن	......	4 فلوئیڈ اونس
سلوشن آف سوڈا	......	33 فلوئیڈ اونس
ڈسٹلڈ واٹر	......	حسب ضرورت

پرسلفیٹ آف آئرن کو ایک پائنٹ ڈسٹلڈ واٹر کے ساتھ ملاؤ۔ اور اُس میں سوڈا کا عرق ڈال کر آہستہ آہستہ ملاؤ اور زور زور سے متواتر ہلاتے رہو۔ جس سے یہ تیار ہو کر نیچے بیٹھ جائے۔

خواص: سرخی مائل بھورے رنگ کے نرم لئی کی طرح کے ڈلے ہوتے ہیں۔

اثراور استعمال: آرسنک کے زہروں کا انٹی ڈوٹ ہے۔ جس زہر میں ناحل ہونے والا بے اثر ارسنائٹ آف آئرن پیدا کرتا ہے۔

خوراک: اس کو بار بار دن میں استعمال کر سکتے ہیں۔ کم سے کم 12 گنا زیادہ اس مقدار سے جو دیا گیا ہو استعمال کرنا چاہیے یا جب تک زہر کا اثر رکتا ہوا معلوم ہو۔

طریق استعمال: اسکو پانی میں یا ڈیمل سنٹ شربت کے ساتھ ملا کر استعمال کرتے ہیں۔

سلفیٹ آف آئرن

اس کو فرائی سلفاس بھی کہتے ہیں۔

ترکیب:

لوہے کی تار	......	4اونس
سلفیورک ایسڈ	......	4فلوئیڈاونس
ڈسٹلڈ واٹر	......	1.1/2پائنٹ

لوہے کو چینی کی رکابی میں رکھ کر پانی ڈال دو اور سلفیورک ایسڈ کو ملاؤ۔ اور دس منٹ تک ابالو۔ پھر کاغذ سے چھان لو۔ اور 24 گھنٹہ کے بعد سلفیٹ آف آئرن کی قلمیں جو کہ اس میں بیٹھ گئی ہیں علیحدہ کرلو اور پھر اس کو فلٹر پر رکھ کر سکھلاؤ اور ایک مضبوط ڈاٹ والی بوتل میں بند کردو۔

خواص: ترچھی منشور کی سی قلمیں ہوتی ہیں۔ پیلا سبزی مائل نیلا رنگ ذائقہ اسٹرنجنٹ ہوتا ہے۔ پانی میں حل ہوجاتا ہے۔ لیکن ریکٹی فائنڈ اسپرٹ میں بالکل حل نہیں ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ پوائزن۔ طبی خوراکوں میں اسٹرنجنٹ ٹانک اور ہیماٹینک اور کمزور کرنے والے امراض کے بعد ضعف میں ڈیسٹری ہیمرج۔ ہیما چوریا۔ ڈایا بے ٹیز کوریا اورگا ہے گا ہے۔ اپی لیپسی میں دیتے ہیں۔ خارجی استعمال میں السرون میں کپلری کے ہیمرج کو روکنے کیلئے اسٹرنجنٹ ہے۔ اور بافراط اخراج کو روکنے کیلئے مفید ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1سے2ڈرام
مویشی کے واسطے	......	2سے3ڈرام
بھیڑ کے واسطے	......	15سے30 گرین
خوک کے واسطے	......	10سے20 گرین
کتے کے واسطے	......	1سے10 گرین

طریق استعمال: داخلی استعمال میں فرائی سلفاس ماس کی صورت میں یاپانی میں حل کر کے دیتے ہیں۔خارجی استعمال میں سفوف یا گاڑھے عرق کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔

مانع استعمال: الکلی۔الکلائن کاربونیٹ۔لائم واٹراورنباتاتی قابضات کے ساتھ دینا منع ہے۔اس سے فرائی سلفاس ماس تیار کرتے ہیں۔

آئرن۔لوہا

تمام لوہا تار یا میخوں کی صورت میں ہوتا ہے۔جس پر زنگ نہ لگا ہوا ہو۔اس سے مفصلہ ذیل اشیاء تیار کی جاتی ہیں۔

- ☆ فیری کاربوناس سکرٹیا
- ☆ فیری ایوڈائیڈم
- ☆ فیری پراوکسائیڈم ہیوی ڈم
- ☆ فیری سلفاس
- ☆ لائیکوار فیری پرکلورائیڈ فارٹیر
- ☆ لائیکوار فیری پرسلفیس

میل فرن۔اس کو فرن روٹ بھی کہتے ہیں

اس پائی۔ڈی۔ام۔یانے۔فو۔رائی۔ڈم۔نے لکس ماس کی گانٹھ ہے۔جو کہ یورپ میں خودرو پایا جاتا ہے۔گرمی کے موسم میں اس کو جمع کرتے ہیں۔

ترکیب: گرمی میں پودوں کو کاٹ لیتے ہیں۔اور جڑیں وغیرہ علیحدہ کر لیتے ہیں۔لیکن نہ ہی مکمل طور پر کھلی ہوا اور سائے میں بغیر دھونے کے سکھلایا کرتے ہیں۔یا گرم ہوا میں جو کہ 140 درجہ فارن ہائٹ سے زیادہ گرم نہیں ہوتی۔چوٹی اور جڑیں جو کہ اندر

سے سبز ہوتی ہیں۔ علیحدہ علیحدہ رکھ دیتے ہیں۔ بعد میں ان کو کوٹ کر سفوف بناتے ہیں اور ایک عمدہ کارک والی بوتل میں بند کر دیتے ہیں۔ اس کا پودا دو سال کے بعد اپنی طبعی اثرات سے محروم ہو جاتا ہے۔

خواص: سبزی مائل بھورا رنگ ہوتا ہے۔ سفوف کرنے سے سبزی مائل زرد ہو جاتا ہے۔ بونا گوار ذائقہ تلخ۔ قے آور اسٹر بجنٹ ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: ٹیپیا یا کدو دانہ کے لئے ان تھل سنفک ہے۔

خوراک:

گھوڑا او مویشی کے واسطے	......	8 سے 16 اونس
بھیڑ کے واسطے	......	3 سے 4 اونس
کتے کے واسطے	......	1 سے 3 اونس

طریق استعمال: سفوف کی گولی کی صورت یا گرئیل میں ملا کر دیتے ہیں۔ اس سے ایکسٹریکٹ فل سس لیکوی ڈم تیار ہوتا ہے۔

گل بے نم

یہ ایک قسم کی گوند ہے۔ جو کہ رال کے طور پر فے۔ رو۔ لا۔ گل۔ بے نم فلیوا کے سے جو کہ امبلیفر ی پودوں میں سے ہی پیدا ہوتی ہے۔ اور ہندوستان اور ایشیا کو چک سے آتی ہے۔ اس میں ایک رال اور ایک لطیف روغن ہوتا ہے۔

خواص: بیڈول ڈلیاں جو کہ قد میں مٹر کے دانے کے برابر ہوتی ہیں۔ رنگ شفاف سبزی مائل زرد ہوتا ہے۔ اس میں ایک سخت نا گوار بو اور ذائقہ بہت کڑوا ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال...... خوراک:

مثل ایمونائیکم اور اسافی ٹیڈا کے ہے۔

گالز یا مازو

اس کو اوک گال نٹ گال بھی کہتے ہیں۔
یہ گانٹھیں ہوا کرتی ہیں اور اس طور سے بنتی ہیں کہ درخت کو کورکس انفک ٹوریا کی شاخوں کے دونوں جانب اور دونوں سروں پر ایک قسم کی مادیں کرم سوراخ کر کے انڈے دیتے ہیں۔ جس سے اس مقام پر چوبی مادہ جمع ہو کر جلد ایک ابھار بن جاتا ہے۔ جس کو مازو کہتے ہیں۔

خواص: سخت وزنی اور گول دانہ ہیں۔ جن کا قطر ایک انچ کے 1/2 سے لیکر 3/4 تک ہوتا ہے۔ اور اس پر چھوٹے چھوٹے ابھار ہوتے ہیں اور ان ابھاروں کے درمیانی حصہ صاف ہوتے ہیں۔ سبزی مائل نیلا رنگ ہے۔ ذائقہ اسٹر نجنٹ ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی طور پر اسٹر نجنٹ اور سپٹک ہے اور ٹینک ایسڈ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 3 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
بھیڑ کے واسطے	......	20 سے 40 گرین
خوک کے واسطے	......	10 سے 20 گرین
کتے کے واسطے	......	2 سے 10 گرین

خارجی استعمال: داخلی طور پر بولس یا ٹنکچر گالس کی صورت میں استعمال کرتے ہیں۔ خارجی استعمال میں ٹنکچر گال۔ مرہم گال اور مرہم گال وتھ اوپیم کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

مانع استعمال: تیزاب۔ فولاد۔ سیسہ کا نمک۔ سلفیٹ آف کاپر۔ نائیٹریٹ آف سلور

ٹارٹار ایمٹک لائم واٹر۔الکلائن کاربونیٹ اور بائی کاربونیٹ اور بہت سی نباتاتی دوائیں جن میں جوہر ہوتے ہیں۔اس سے کیلک ایسڈ۔ٹینک ایسڈ۔گال آئیٹمنٹ وتھراوپیم تیار ہوتا ہے۔

گارلک یا لہسن

اس کو انگریزی میں گارلک اور لاٹن میں اسم کہتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: انٹی میولنٹ۔انٹس پازموڈک۔اور ڈایوریٹک ہے۔پرانی کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔اس کو یا تو گولی بنا کر یا دودھ میں پکا کر کھلاتے ہیں۔

جنشن روٹ

جنشن لوٹیا کی جڑیں وسطی اور جنوبی یورپ کے کوہستانی اضلاع میں سوکھی ہوئی اکٹھی کی جاتی ہیں۔

خواص: موٹائی میں نصف سے ایک انچ ہوتی ہے۔اور کئی انچ لمبی ہوتی ہیں۔عموماً بلدار جس پر بہت سے شکن پڑے ہوتے ہیں۔باہر سے بھورے اندر سے زرد سخت اکھٹی ہوتی ہیں۔ذائقہ اول میٹھا بعد میں بہت کڑوا ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی طور پر ٹانک اور اسٹوماکک ہے۔خارجی استعمال میں انٹی میولنٹ اور انٹی سپٹک فائدہ کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔

خوراک:

گھوڑا اور مویشی کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
بھیڑ کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
خوک کے واسطے	......	1/2 سے 1 ڈرام
کتے کے واسطے	......	10 سے 20 گرین

طریق استعمال: گولی کی صورت میں یا انفیوژن یا ٹنکچر کی صورت میں استعمال کرتے ہیں۔ کمپونڈ جنشن کا انفیوژن بنانے میں کام آتا ہے۔

گلیسرین

ترکیب: صابن بننے کے بعد یہ روغن رہ جاتا ہے۔ لیڈ پلاسٹر کی تیاری میں بھی خود بخود تیار ہو جاتا ہے۔

خواص: صاف بےرنگ چپ چپا لیسدار سیال ہے۔ بو ندار، مزہ شیریں۔ چھونے میں روغنی وزن مناسب 1.25 ہوتا ہے۔ اس کو پانی سے بہت مناسبت ہے۔ یہ پانی اور الکوحل دونوں میں حل ہو جاتی ہے تھوڑی بو اور ذائقہ میٹھا ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: عموماً خارجی استعمال میں۔ ایمولی انٹ کے طور پر چمڑے کی خشکی اور خراش رفع کرنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ نیز کریکڈ ہیل۔ جلے ہوئے مقامات چھلکوں اور تازہ پلسٹر کی ہوئی جگہ پر لگاتے ہیں۔ جبکہ خراش رفع کرنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ تو اس میں مساوی مقدار لیکوار پلمبائی سب ایسی ٹنٹ ملا لیتے ہیں۔ یہ بہت سی دواؤں کے ساتھ ذائقہ کو درست کرنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔ یا ان گولیوں اور اس میں جن کو عرصہ تک نرم رکھنا منظور ہو ملاتے ہیں تا کہ وہ سخت نہ ہو جائیں۔

گلیسرین آف کاربالک ایسڈ

ترکیب:

کاربالک ایسڈ ...... ایک حصہ

گلیسرین ...... 4 حصہ

لے کر ایک کھرل میں ملاؤ۔ حتی کہ ایسڈ گھل جائے۔

فائدہ اور استعمال: اسٹر جنٹ اور انڈولنٹ السروں اور زخموں کیلئے اسٹی میولنٹ ہے کریکڈ جیل سور بیک اور جلے ہوئے مقامات پر لگاتے ہیں۔

کاٹن وول

اس کو گوسی پی ام بھی کہتے ہیں اس سے دھنی ہوئی روئی مختلف قسم کی کپاس سے تیار ہوتی ہے۔ جس کو گوسی پی ام کہتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: اری سپلس اور پلسٹر شدہ مقامات میں ہوا کے خراشندہ اثرات سے محفوظ رکھنے کے لئے استعمال کرتے ہیں جیسا کہ جلے ہوئے مقاموں میں ہوتا ہے۔

یہ
(۱) کلوڈیم
(۲) کلوڈیم فلکیبل

کے تیار کرنے میں کام آتا ہے۔

ریڈ آئیوڈ ائیڈ آف مرکری یا بن آئیوڈ اڈ آف مرکری یا مرکیورک

آئیوڈ ائیڈ بھی کہتے ہیں۔

ترکیب:

پرکلورائیڈ آف مرکری	......	4اونس
آئیوڈوائیڈ آف پوٹاشیم	......	5اونس
ابلتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر	......	2 کوارٹر یا 4 پائنٹ

تین پائنٹ پانی میں پرکلورائیڈ آف مرکری کو حل کرو اور باقی ماندہ پانی میں آئیوڈاڈ آف پوٹاشیم کو حل کر لو اور دونوں عرقوں کو ملا لو جب ٹھنڈا ہو جائے تو بالائی عرق نتھار لو اور باقی

تلچھٹ کو جمع کرلو اور اُس سے دو گنے پانی سے دھولو اور اسکو ۲۱۲ درجے سے کم حرارت پر خشک کرلو۔

خواص: قلمدار سرخ کا سفوف ہے۔ جبکہ کاغذ پر رکھ کر تھوڑی سی حرارت دیں تو زرد رنگ ہو جاتا ہے۔ پانی میں بالکل حل ہو جاتا ہے۔ الکوحل میں مشکل سے حل ہوتا ہے لیکن ایتھر یا آئیوڈائیڈ آف پوٹاشیم کے سلیوشن میں ازادی سے حل ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: خارجی استعمال میں ریڈ آئیوڈ آف مرکری کی صورت میں اٹی میولنٹ ڈیٹرجنٹ اور کاسٹک فائدہ کیلئے ان ہلدی زخموں اور فارسی کے السروں پر لگاتے ہیں نیز کونٹراری ننٹ فائدہ کے لئے سور تھروٹ۔ اسپلنٹ۔ کرب۔ اسپلون بڑھے ہوئے برسا اور چڑے کی موٹائی اور دوسرے ایسے امراض کیلئے استعمال کرتے ہیں۔

اس سے انگوئی، اٹم ہائی ڈرار۔ جی۔ رائی۔ ایوڈائیڈ۔ روبری تیار ہو جاتے ہیں۔

ریڈ اوکسائیڈ آف مرکری

اس کو مرکری اوکسائیڈ یا ریڈ پری۔ سی۔ پی ٹیٹ بھی کہتے ہیں۔

ترکیب:

مرکی بحساب وزن	......	8 اونس
نائیٹرک ایسڈ	......	4.1/2 اونس
واٹر	......	2 فلوئیڈ اونس

نصف حصہ مرکری کو نائٹرک ایسڈ میں جو کہ پانی ملا کر ڈائیلوٹ کیا گیا ہو حل کرلو اور عرق اڑا کر خشک کرو اس طرح سے جو مرکری نائیریٹ حاصل ہو۔ تو اس کو باقی مرکری کے ساتھ کھرل کرو حتی کہ دونوں مل جائیں اور مکسچر کو چینی کی طشتری میں ڈال کر ملاؤ جب تک کہ ترش بخارات نکلنے سے بند ہو جائیں جب سرد ہو جائے اس کو ایک بند بوتل میں ڈال لو۔

خواص: نارنجی رنگ کا سرخ سفوف ہے۔ ہیڈروکلورک ایسڈ میں حل ہو جاتا ہے۔

مرکیورک کلورائیڈ کا سلوشن بنجاتا ہے۔ جو کہ کاسٹک پوٹاش ملانے سے زرد رنگ کا تلچھٹ پیدا کرتا ہے۔

اثر اور استعمال: خارجی اس کے راتک طور پر زخموں پر چھڑکا جاتا ہے۔ ریڈ اوکسائیڈ آف مرکری آئنٹمنٹ۔ اسٹی میولنٹ۔ اور ڈیٹرجنٹ فائدہ کے واسطے استعمال کی جاتی ہے۔

اس سے ریڈ اوکسائیڈ آف مرکری اور

1۔ ریڈ اوکسائیڈ آف مرکری آئنٹمنٹ

2۔ اولیئٹ آف مرکری

10 حصہ اولیک ایسڈ اور 20 حصہ مرکیورک اوکسائیڈ کے ملانے سے بنتا ہے۔ یہ جوڑوں کی سوزش اگر اس ٹوسس اور حیوانے کے سخت ہو جانے اور دوسرے غدودی اور ست سولینگ میں استعمال ہوتا ہے۔ نیز انٹی پری سائیٹک ہے۔

پرکلورائیڈ آف مرکری یا دار چکنا

اس کو مرکیورک کلورائیڈ۔ بائی کلورائیڈ آف مرکری کروسیو سب لی میٹ اور مرکری بال بھی کہتے ہیں۔

ترکیب:

خشک سلفیٹ آف مرکری	......	20 اونس
خشک کلورائیڈ آف سوڈیم	......	16 اونس
بلیک اوکسائیڈ آف میگنیز	......	1 اونس

سلفیٹ آف مرکری اور کلورائیڈ آف سوڈیم کا علیحدہ علیحدہ سفوف کرلو میگنیز اوکسائیڈ کو علیحدہ کھرل کرلو اور مکسچر میں ملا دو اور سب کو خوب رم کرو تا کہ پرکلورائیڈ آف مرکری کے بخارات سرد حصہ برتن میں چلے جائیں اور جمع ہو جائیں۔

خواص: وزنی بیرنگ اور قلمدار ڈلیاں ہوتی ہیں۔ جن میں سخت دھاتی ذائقہ ہوتا ہے۔ پانی

الکوحل اور ایتھر میں خوب حل ہو جاتا ہے۔ گرم کرنے پر بالکل اڑ جاتا ہے۔ آئیوڈائڈ پوٹاشیم کے ساتھ سرخ تلچھٹ پیدا کرتا ہے۔

اثر اور استعمال: زیادہ مقدار میں ایری ٹنٹ۔ کروسیو۔ پوائزن ہے۔ داخلی طور پر شاذ و نادر استعمال ہوتا ہے۔ اگرچہ یہ 5 سے 10 گرین تک گلینڈرس اور فارسی میں دے سکتے ہیں۔ خارجی استعمال میں ایک طاقتور انٹی سپٹک۔ اور ڈس انفکٹنٹ ہے۔ کاسٹک کے طور پر انڈولیٹ السر۔ فسچولا۔ اور استخوانی رسولیوں میں استعمال کرتے ہیں۔ اور مینج۔ اسکیب میں انٹی میولنٹ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ نیز جوئیں وغیرہ مارنے کے واسطے انٹی پیراسائیٹک ہے۔ گندہ اصطبلوں اور لاشوں کو ڈس انفکٹ کرنے کے واسطے اس کا تیز عرق استعمال کرتے ہیں۔

طریق استعمال: کاسٹک کے طور پر بصورت سفوف استعمال کرتے ہیں۔ لائیکوار ہارڈ جرائی پرکلورائیڈ اور مرہم ہارڈرار جرائی پرکلورائیڈ کے طور پر بھی استعمال کرتے ہیں۔ انٹی میولنٹ اور انٹی پراسائیٹک کے طور پر اسپرٹ ہارڈرار جرائی پرکلورائیڈ کمپونڈ کی صورت میں استعمال کرتے ہیں۔

انٹی ڈوٹ۔ البیومن۔ آرد گندم۔ گروئل۔ اور ڈیمل سنٹ۔ دوائیں دیگر بعد میں نباتاتی قابضات دیتے ہیں۔

مفصلہ ذیل چیزیں اس سے تیار ہوتی ہیں۔

1۔ لائیکوار ہاڈرار جرائی پرکلورائیڈ۔ سلوشن پرکلورائیڈ آف مرکری
2۔ اسپرٹ ہاڈرار جرائی پرکلورائیڈ کمپونڈ۔ کمپونڈ اسپرٹ پرکلورائیڈ آف مرکری
3۔ مرہم ہاڈرار جرائی پرکلورائیڈ یا مرہم یا پرکلورائیڈ آف مرکری

نوٹ: ڈاکٹر کاک صاحب نے ۱۸۸۰ء میں دریافت کیا۔ اس کا ایک ہزار کی طاقت کا سلوشن انتھراکس بیسی۔ لس کو ہلاک کر دیتا ہے۔

سب کلورائیڈ آف مرکری یا کیلومل

ترکیب:

سلفیٹ آف مرکری	......	10اونس
مرکری	......	7اونس
خشک کلورائیڈ آف سوڈیم	......	5اونس
ابلتا ہوا پانی ڈسٹلڈ واٹر	......	حسب ضرورت

سلفیٹ آف مرکری کو پانی کی نم دے لو اور مل کر خوب ملا دو تا کہ گولی وغیرہ نہ رہے اور کلورائیڈ آف سوڈیم کو ملاؤ سب کو پیس کر دیر تک ملاتے رہو اس کو ایک مناسب آلہ کے ذریعے ایک خانہ میں اڑاؤ جس کا ایسا قد اور قامت ہو کہ کیلومل بطور قلمدار چھلکے کے اس کے اطراف کے ساتھ لگنے کے بجائے اس کے فرش پر بطور باریک سفوف کے گرتا رہے اُس کو ابلتے ہوئے ڈسٹلڈ واٹر سے دھوتے جاؤ۔حتی کہ دھوون کا پانی امونیم سلفائیڈ سے سیاہ نہ ہو جائے۔جس سے یہ معلوم ہو جائے گا کہ کروسیو سلی میٹ کیلومل سے نکل گیا ہے۔

خواص: مدہم سا سفید وزنی اور تقریباً بے ذائقہ سفوف ہے۔اور کھرل میں پیسنے سے زردی مائل ہو جاتا ہے۔پانی اسپرٹ اور ایتھر میں حل نہیں ہوتا اگر اس کے ساتھ پوٹاش کا عرق ملائیں تو سیاہ رنگ پیدا ہو جاتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی طور پر مدت تک استعمال کرنے سے یہ ٹائیلیزم پیدا کرتا ہے جس کو منہ آجانا کہتے ہیں۔زیادہ مقدار میں ایری ٹنٹ زہر ہے۔قلیل خوراکوں میں کتھارٹک۔ انٹی میولنٹ سیڈیٹو۔ریزالونٹ۔کولوگاگ۔ڈائیوریٹک۔سائے لوگاگ ہے۔اور بعض حیوانوں میں۔ڈایوفوریٹک الٹریٹو۔انٹی فلیوجسٹک اور انتھل منٹیک ہے۔لیور کے امراض میں دیتے ہیں۔اور اوپیم یا بلاڈونہ کے ساتھ ملا کر انٹی رائٹس اور ڈیسنٹری میں دیتے ہیں۔ بخاروں میں سیرس ممبرین کی انفلامیشن ٹائیفس قسم کی انفلامیشن اور تپ محرقہ

کے مزمن بڑھاؤ اور امعا کے انفلامیشن میں استعمال کرتے ہیں۔ کھاریک کے طور پر گھوڑوں کو علیحدہ کبھی نہیں دیا جاتا۔ کیونکہ اس کا اثر اس حیوان پر بے اعتبار اور سخت ہوتا ہے کیلومل مویشی اور بھیڑ کو سوائے ہیلی ڈیسنٹری کے بہت کم دیتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	20 سے 60 گرین
مویشی کے واسطے	......	10 سے 30 گرین
بھیڑ کے واسطے	......	4 سے 8 گرین
خوک کے واسطے	......	1 سے 4 گرین
کتے کے واسطے	......	1 سے 4 گرین

طریق استعمال: کیلومل گولی کی صورت میں یا میوسیلج دار اشیاء کے ساتھ ملا کر اندر دیتے ہیں۔

مانع استعمال: لائم واٹر، الکلی اور الکلائن کاربونیٹ کے ساتھ دینا منع ہے۔

انٹی ڈوٹ۔ البیومن۔ آرد گندم۔ یا سٹر کا آٹا اس کا فاد ہے۔ اس سے بلیک واش تیار ہوتا ہے۔

سلفیٹ آف مرکری

اس کو مرکیورک سلفیٹ اور پر سلفیٹ آف مرکری بھی کہتے ہیں۔

ترکیب:

مرکری بحساب وزن	......	20 اونس
تیز یا اسٹرانگ سلفیورک ایسڈ	......	12 فلوئیڈ اونس

مرکری کو سلفیورک ایسڈ کے ساتھ ایک چینی کے برتن میں ڈال کر گرم کرو اور ہلاتے رہو۔ یہاں تک یہ دھات غائب ہو جائے اور متواتر حرارت دیتے رہو۔ حتی کہ ایک سفید نمک باقی

رہ جائے۔

خواص: سفید قلمدار بھاری سفوف ہے۔ پانی اس پر ڈالنے سے زرد ہو جاتا ہے اس سے

☆ ہائیڈراجرائی پرکلورائیڈیا کروسیو سبلی منٹ

☆ ہائیڈرارجرائی سب کلورائیڈ یعنی کیلومل تیار ہوتے ہیں۔

مرکیوری یا پارہ

اگرچہ پارہ خالص حالت میں جنوبی امریکہ کی کانوں میں پایا جاتا ہے لیکن زیادہ تر ملک اسپین سے آتا ہے۔ الجیریا۔ بوریا۔ اور دنیا کے چند ملکوں سے بھی آتا ہے۔ مرکیوری سلفائیڈ یا شنگرف کی صورت میں ہوتا ہے۔ اس کو لوہے یا چونہ کے ساتھ ملا کر گرم کرتے ہیں۔

خواص: یہ ایک دھات معمولی حرارت پر سیال حالت میں پائی جاتی ہے۔ اس میں خوب دمک ہوتی ہے۔ اور آسانی سے اسکے گول کرہ الگ ہو جاتے ہیں۔ حرارت سے اڑ جاتی ہے اور پیچھے بقیہ نہیں رہتا ہے۔

اس سے مفصلہ ذیل ادویات تیار ہوتی ہیں۔

☆ہائیڈرارجرائی آئیوڈائیڈ روبرم	......	ریڈ آئیوڈ آف مرکری
☆ہائیڈرارجرائی اوکسائیڈ روبرم	......	ریڈ اوکسائیڈ آف مرکری
☆ہائیڈرارجرائی پرکلورائیڈم	......	پرکلورائیڈ آف مرکری
☆ہائیڈرارجرائی سب کلورائیڈم	......	سب کلورائیڈ آف مرکری یا کیلومل
☆ہائیڈرارجرائی سلفاس	......	سلفیٹ آف مرکری
☆ہائیڈرارجے رم ایمونی ایٹم	......	ایمونی ایڈ مرکری
☆ہائیڈرارجرائی کم کریٹا	......	مرکری وتھ چاک
☆لوشن ہائیڈرارجرائی فلیوا	......	ییلو واش

☆لوشن ہائیڈ رار جرائی نائیگرا	......	بلیک واش
☆لائیکوار ہائیڈ رار جرائی نائیٹرس ایسڈم	......	سلوشن نائٹریٹ آف مرکری
☆لائیکور ہائیڈ رار جرائی پرکلورائیڈ	......	سلوشن پرکلورائیڈ آف مرکری
☆پے۔لو۔لا ہائیڈ رار جرائی ایٹ فیری	......	مرکری پل وتھ آئرن
☆مرہم ہائیڈ رار جرائی	......	مرکری آئنٹمنٹ
☆مرہم ہائیڈ رار جرائی ایمونی ایٹا	......	ایمونی ایٹڈ مرکری آئنٹمنٹ
☆مرہم ہائیڈ رار جرائی کمپونڈ	......	کمپونڈ مرکری آئنٹمنٹ
☆مرہم ہائیڈ رار جرائی نائٹرس	......	نائٹریٹ آف مرکری آئنٹمنٹ
☆مرہم ہائیڈ رار جرائی روبری اوکسائیڈ	......	ریڈ اوکسائیڈ آف مرکری آئنٹمنٹ
☆مرہم ہائیڈ رار جرائی آئیوڈ اوروبری	......	ریڈ آئیوڈ اڈ آف مرکری آئنٹمنٹ

ایمونی ایٹڈ مرکری

ترکیب:

پرکلورائیڈ آف مرکری	......	3اونس
سلوشن آف ایمونیا	......	4اونس
ڈسٹلڈ واٹر	......	3پائنٹ

اوسط درجے کی حرارت پر کلورائیڈ آف مرکری کو پانی میں حل کرلو اور عرق کو ایمونیا کے ساتھ ملاؤ اور ہلاتے رہو۔ تلچھٹ کو فلٹر میں اکٹھا کرو اور ٹھنڈے ڈسٹلڈ واٹر سے دھوڈالو۔حتی کہ وہ عرق جو کہ پانی کے ساتھ دھونے سے پیدا ہوا ہے۔ جب اس کو سلور نائٹریٹ کے ساتھ ملائیں تو تلچھٹ پیدا نہ کرے۔

خواص: دھندلا سفید سفوف ہے۔جس پر سرد پانی الکوحل ایتھر کوئی اثر نہیں کرتے اگر اس کو کاسٹک پوٹاش کے ساتھ ملا دیں۔تو ایمونیا خارج ہوتی ہے۔زرد پیلا ہو جاتا ہے جو کہ

مرکری اوکسائیڈ ہوتا ہے۔

اثر اوراستعمال: داخلی ایری ٹنٹ زہر ہے۔ خارجی استعمال میں مرہم یا سفوف کی صورت میں جو کہ ایک حصہ سفید سفوف اور 8 حصہ لارڈ کو ملانے سے تیار ہوتا ہے۔ جوئیں اور لیکھیں مارنے کے کام آتا ہے۔

مرکری وتھ چاک

اس کو گرے پوڈر بھی کہتے ہیں۔

ترکیب:

مرکری بحساب وزن	......	1 اونس
پری پےارڈ چاک	......	2 اونس

دونوں کو ایک چینی کے برتن میں ڈال کر خوب زور سے ملو۔ یہاں تک کہ برہنہ آنکھ سے پارہ کی گولیاں نظر نہ آئیں اور مکسچر خاکی رنگ کا ہو جائے گا۔

خواص: ہلکے سبز رنگ کا سفوف ہے۔ پانی میں حل نہیں ہوتا۔ مشکل سے تھوڑا سا ڈائیلوٹ ہیڈروکلورک ایسڈ میں حل ہو جاتا ہے۔

اثر اوراستعمال: کتوں کو اکثر الٹریٹو فائدہ کے واسطے دیتے ہیں۔

طریق استعمال: سفوف کی صورت میں یا گولی بنا کر دیتے ہیں۔

خوراک:

کتا کے واسطے ...... 3 سے 10 گرین

مانع استعمال: ایسڈ اور ترش نمکوں کے ساتھ دینا منع ہے۔

ہاؤسائی مس کی پتیاں

اس کو ہین بین یا خراسانی اجوائن بھی کہتے ہیں۔

اس کے درخت کو ہائیوسائی مس نائیگرا کہتے ہیں۔جس اس کے پھول 2/3 حصہ پھیل جاتے ہیں تو پتیاں پھول وغیرہ توڑ کر حفاظت سے سکھلاتے ہیں اور دوائیوں میں استعمال کرتے ہیں۔

خواص: پتیاں لہر دار روائیدادا اور تر ہوتی ہیں۔تازہ پتیوں میں بونا گوار قدرے کرخت ذائقہ جو کہ خشک ہونے پر تقریباً جاتا رہتا ہے۔تازہ رس نکالا ہو ذرہ آنکھ میں ڈالیں تو پتلی پھیلا دیتا ہے۔اس سے

☆ایکسٹریکٹ ہائیوسائی مس ☆ٹنکچر ہائیوسائی مس

تیار ہوتا ہے۔

انفیوژن آف کولمبا

ترکیب:

درورا سفوف کولمبا	......	1 اونس
سرد پانی	......	ایک پائنٹ

ایک گھنٹہ بھگو رکھو پھر چھان لو۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	6 سے 8 اونس
مویشی کے واسطے	......	8 سے 15 اونس
بھیڑ کے واسطے	......	2 سے 4 اونس
خوک کے واسطے	......	1 سے 2 اونس

کتے کے واسطے ...... 1/2 سے ایک اونس

انفیوژن آف کے ٹی کیو یا انفیوژن کھتا

ترکیب: درد اسفوف زرد کے ٹی کیو ...... 6 ڈرام

کھولتا ہوا آب مقطر ...... 1 پائنٹ

ایک بند برتن میں ڈال کر آدھ گھنٹے کے لئے رکھ چھوڑ دو اور پھر چھان لو۔

خوراک:

گھوڑا اور مویشی ...... 4 سے 6 اونس

بھیڑ اور خوک ...... 1 سے 2 اونس

کتے کے واسطے ...... 1/2 سے ایک اونس

انفیوژن آف ییلو سنکونہ بارک

ترکیب: درد اسفوف ییلو سنکونہ بارک ...... 1 اونس

کھولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ...... 1 پائنٹ

ان کو دو گھنٹے کیلئے ایک بند برتن میں رکھ چھوڑ دو اور پھر چھان لو۔

خوراک:

گھوڑا اور مویشی کے واسطے ...... 4 سے 6 اونس

بھیڑ اور خوک کے واسطے ...... 1 سے 2 اونس

کتے کے واسطے ...... 1/4 سے ایک اونس

انفیوژن آف کسو

ترکیب: درد اسفوف کسو ...... 1/2 اونس

کھولتا ہوا آب مقطر	...... 8اونس

پندرہ منٹ تک ایک بند برتن میں ڈال دو اور مت چھانو۔

خوراک:

گھوڑا اور مویشی	...... 20 سے 30اونس
بھیڑ	...... 6 سے 10اونس
خوک کے واسطے	...... 3 سے 5اونس
کتے کے واسطے	...... 1 سے 3اونس

انفیوژن آف ارگٹ

ترکیب: دردرا سفوف ارگٹ	...... 1/2اونس
کھولتا ہوا پانی	...... 1 پائنٹ

نصف گھنٹہ کے واسطے ایک بند برتن میں رکھ کر چھان لو۔

خوراک:

گھوڑے کے واسطے	...... 6 سے 8اونس
مویشی کے واسطے	...... 8 سے 10اونس
بھیڑ کے واسطے	...... 4 سے 6اونس
خوک کے واسطے	...... 20 سے 4اونس
کتے کے واسطے	...... 1/2 سے ایک اونس

کمپونڈ انفیوژن آف جنشن

ترکیب: جنشن روٹ کے ٹکڑے 4ڈرام

کٹے ہوئے پائی منٹو کے دانہ 2ڈرام

کھولتا ہوا آب مقطر ...... 1 پائنٹ

چار گھنٹہ تک ایک بند برتن میں رکھ کر چھان لو۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے ...... 6 سے 8 فلوئیڈ اونس

مویشی کے واسطے ...... 8 سے 10 فلوئیڈ اونس

بھیڑ کے واسطے ...... 2 سے 4 فلوئیڈ اونس

خوک کے واسطے ...... 1 سے 2 فلوئیڈ اونس

کتا کے واسطے ...... 1/2 سے فلوئیڈ اونس

انفیوژن آف لینسیڈ

اس کو لنسیڈ ٹی بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: لینسیڈ میل یا دلی ہوئی السی ...... ایک اونس

کھولتا ہوا آب مقطر ...... 1 پائنٹ

چار گھنٹہ تک ایک بند برتن میں رکھو اور بعد میں چھان لو۔

انفیوژن آف ٹوباکو۔ یعنی تمباکو

ترکیب: تمباکو کی پتیاں یا ٹکڑے ...... 1 ڈرام

ابلتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر ...... 1 پائنٹ

ایک گھنٹہ کیلئے بند برتن میں رکھ کر چھان لو۔

فائدہ اور استعمال: خارجی استعمال میں بطور پراسٹی سائیڈ کے استعمال کرتے ہیں۔

آئیڈوفارم

ترکیب: گرم الکوحل کے عرق میں آئیوڈین اور پوٹاشیم کاربونیٹ ڈال کر تیار کرتے ہیں۔

خواص: چمکیلے زرد رنگ کے چھلکے سے ہوتے ہیں۔ بو اور ذائقہ ناگوار اور دیر تک رہتا ہے ٹھنڈے پانی میں مشکل سے حل ہوتا ہے۔ لیکن ایتھر۔ کلوروفارم۔ اور اڑنے والے روغنوں میں گھل جاتا ہے۔ اس کو مضبوط کارک والی بوتل میں رکھنا چاہیے۔

اثر اور استعمال: انٹی سپٹک۔ ڈیوڈرائزر ہے اور اگر کسی مقام پر لگایا جائے تو خراش نہیں کرتا ہے۔ لیکن یہ لوکل انس تھی ٹک ہے۔ چند گرین السر اور خراب قسم کے زخم ٹھیک کرنے اور ڈیوڈورائز فائدہ کیلئے استعمال کرتے ہیں اور معمولی زخموں کو ڈریس کرنے کے کام آتا ہے۔ اور اس سے اندمال کو تحریک ہوتی ہے۔

آئیڈول

اس کو ٹیٹرا۔ آئیڈو۔ پیرل بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: آئیوڈین کے پیرل پر اثر کرنے سے جو منرل آئل کا ایک جز ہے تیار ہوتا ہے۔

خواص: ایک خاکی رنگ کا سفوف ہے۔ اس میں ایڈوفارم کی ناگوار بو نہیں ہوتی۔

اثر اور استعمال: آئیڈول کو سفوف کی صورت میں زخموں پر چھڑکتے ہیں اور مرہم کے طور پر بھی لگاتے ہیں۔

آئیوڈین

ترکیب: حکیموں نے اس کو سمندری پودوں کی راکھ سے تیار کیا ہے۔

خواص: آئیوڈین نرم خستہ سیاہ قلموں کی صورت میں چمکدار ہوتی ہے۔ ذائقہ تیز ناگوار

ہوتا ہے۔ یہ بڑی ناپسندیدہ بومثل کلورائن یا سمندری پانی کے ہوتی ہے۔ جلد پر لگے تو زرد داغ پڑ جاتا ہے۔ جو کھار کے لگانے سے فی الفور جاتا رہتا ہے۔ پانی میں کم حل ہوتی ہے۔ ایتھر، الکوحل اور آئیوڈائڈ پوٹاشیم کے عرق میں خوب حل ہو جاتی ہے۔ اگر پانی میں ملائیں تو زرد رنگ کا سلوشن بن جاتا ہے۔ آئیوڈین کی خاص پہچان اس کی خاص بو ہے۔ اور وہ داغ جو انگلی میں ڈال دیتی ہے۔ اگر اس کے عرق میں نشاستہ کا عرق ڈالیں۔ تو گہرا نیلا رنگ پیدا ہوتا ہے جو کہ آئیوڈائیڈ آف اسٹارچ کا ہوتا ہے۔ اگر اس کو خشک بوتل میں ڈال کر ہلائیں تو بوتل کے اطراف میں بالکل نہیں لگتی جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اس میں نم نہیں ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	10 سے 20 گرین
مویشی کے واسطے	......	20 سے 30 گرین
بھیڑ کے واسطے	......	5 سے 10 گرین
خوک کے واسطے	......	2 سے 5 گرین
کتے کے واسطے	......	1 سے 2 گرین

طریق استعمال: داخلی طور پر گولی کی صورت میں لیکن لائیکوار ایوڈین کی شکل میں دینا بہتر ہے۔ بعض اوقات ٹنکچر آئیوڈین بھی دیتے ہیں۔ خارجی طور پر آئیوڈین لینمنٹ۔ ٹنکچر آئیوڈین۔ مرہم آئیوڈین۔ اور مرہم سلفیورس آئیوڈین کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

مانع استعمال: ایمونیا، دھاتی نمک، منرل ایسڈ، نباتی الکلی دواؤں کے ساتھ استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

انٹی ڈوٹ۔ ایسے ٹک۔ ڈیمل سنٹ ادویات نشاستہ آٹا اور ایسی ہی اور دوائیاں پانی میں حل کر کے دینی چاہئیں۔ اگر اسٹارچ والی دواؤں کو پانی میں ابالا جائے اور دینے سے پہلے ٹھنڈا کیا جائے تو انکا فائدہ زیادہ ہوگا۔

مرکبات آئیوڈین

☆فیری آئیوڈائیڈ
☆لیمنٹ آئیوڈین
☆پوٹاشیم آئیوڈائیڈ
☆ٹنکچر آئیوڈین
☆مرہم سلفیورس آئیوڈین
☆ہائیڈارجی رائی آئیوڈائیڈم۔روبی رم
☆لیکورار آئیوڈین ایٹ پوٹاشیم آئیوڈائیڈ
☆سلفیورس آئیوڈائیڈ
☆مرہم آئیوڈین

اپیکیکوانا

ترکیب: اس کے پودے کی جڑوں کوخشک اور سفوف کر کے ملک برازیل سے لاتے ہیں۔

خواص: اس کے ٹکڑے تقریباً تین یا چار انچ لمبے ہوتے ہیں۔چھوٹی قلم کی طرح ٹیڑھے بنگے ہوتے ہیں۔اس کی بیرونی چھال خستہ ہوتی ہے اور اندرونی سخت اور سفید۔اس کا سفوف زردی مائل خاکی رنگ کا ہوتا ہے۔بو تے آور تیز اور تلخ مزہ ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: داخلی طور پر زیادہ مقدار میں۔ایری ٹنٹ زہر۔طبی خوراکوں میں۔ ایمیٹک سیڈیٹو اور تھوڑا سا کتھارٹک ہے۔عموماً کتوں کو ایمیٹک کے طور پر دیا جاتا ہے۔ کھانسی اور زکام کے امراض میں بھی استعمال کرتے ہیں۔

خوراک: ایمیٹک کے طور پر
کتا کے واسطے ...... 15 سے 30 گرین
یا تو اکیلا یا ٹاٹار ایمیٹک کے ایک گرین کے ساتھ شیر گرم پانی میں دیتے ہیں۔

مرکبات

☆وائنم اپیکاک

☆پلیا اپیکاک کمپونڈیا ڈورس پوڈر اس سے تیار ہوتے ہیں۔

جلپ

جب ملک میکسیکو کے ایک شہر ژلپا سے آتا ہے اوراس وجہ سے اس کا نام جلپ رکھا گیا ہےاوراس کے پودے کواگز یگونیم پرگا بولتے ہیں۔

خواص: تقریباً اخروٹ سے لیکر نارنجی کے قد کے برابر گول ہوتا ہے۔اور باریک بھورے پردے سے ڈھکا ہوا ہوتا ہے۔جب کاٹا جائے تو اسکا رنگ زردی مائل خاکی ہوتا ہے جس میں سیاہ بھورے حلقے پائے جاتے ہیں۔

اثراوراستعمال: داخلی طور پر زیادہ خوراک میں اریٹنٹ زہر ہے دوائی کے طور پر یہ بعض اوقات بھیڑی اور خوک کو دیا جاتا ہے لیکن عموماً کتوں میں کتھارٹک اور وری فیوج فائدہ کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔

خوراک:

خوک کے واسطے ...... 1 سے 2 ڈرام

کتے کے واسطے ...... 1/2 سے 3 ڈرام

طریق استعمال: گولی کی شکل میں یا کسی میوسلیج کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں۔

مرکبات

ایکسٹریکٹ آف جلپ

اس سے بنتا ہے۔جو پرگے ٹو گولیوں کا جز ہے۔

کمیلا

یہ ملک ہندوستان میں بہت پیدا ہوتا ہے اور ہندوستان ہی سے دوسرے ملکوں میں جاتا ہے۔

خواص: یہ باریک دانہ دار سرخ رنگ کا سفوف ہوتا ہے۔ پانی میں مشکل سے ملتا ہے۔ لیکن الکوحل اور ایتھر میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔ اور سرخ رنگ کا عرق پیدا کرتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: پر گے ٹیو اور ٹنیا یا کدو دانہ کے واسطے انتھل مینٹک ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 2 اونس
کتے کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام

طریق استعمال: گولی کی شکل میں یا گرو ئل میں حل کر کے دیتے ہیں۔

بیوٹیا فرانڈوزا یعنی ڈھاک کا درخت

اس درخت کے پاچھنے سے ایک گوند نکلتی ہے جس کو ہندی میں کمرکس یا ڈھاک یا پلاس کی گوند کہتے ہیں۔ انگریزی میں بنگال کائی نو بولتے ہیں۔ اس درخت کے بیج کو پلاس پاپڑا بولتے ہیں۔ کمرکس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہوتے ہیں جن کا رنگ اودا ہوتا ہے اور ذائقہ کسیلا، اسپرٹ اور پانی میں حل ہو جاتا ہے۔ بیج کی شکل بیضوی ہوتی ہے رنگ بھورا اور سوا انچ سے پونے دو دو انچ تک لمبے بے بو اور بے مزہ ہوتے ہیں۔

اثر اور استعمال: مثل کائی نو کے کمرکس بھی اسٹرنجنٹ ہے۔ اس کو ڈاریا، ڈیسنٹری میں استعمال کرتے ہیں۔ اس کا بیج لمبے کچوئے مارنے کیلئے۔ انتھل منٹک کا کام دیتا ہے۔

خوراک: کمرکس

4ڈرام سے 1اونس ......

گھوڑوں کے واسطے

1 سے 2اونس ......

مویشی کے واسطے

30 گرین سے 1ڈرام ......

کتے کے واسطے

اس کو افیون اور دارچینی کے ہمراہ کھلاتے ہیں۔

خوراک: بیجوں کی

1 سے 2اونس ......

گھوڑوں کے واسطے

2 سے 3اونس ......

مویشی کے واسطے

نصف سے ایک ڈرام ......

کتے کے واسطے

تین چار روز تک سہ مرتبہ روز کھلانی چاہئیں اور چوتھے یا پانچویں روز مصبر یا نمک کا جلاب دینا چاہیے۔

ترکیب استعمال: بیجوں کو پانی میں بھگو رکھیں۔ بعدازاں چھلکا اتار کر اس کو سکھا کر پیں ڈالیں۔

ببول کی چھال

اس درخت کو پنجابی میں کیکر کہتے ہیں اور اس کی چھال میں۔ ٹے نک ایسڈ بکثرت ہوتا ہے اور اسی وجہ سے یہ نہایت اسٹرنجنٹ ہے اوک بارک کے جوشاندہ کے عوض میں اس کی چھال کے جوشاندہ کو بطور اسٹرنجنٹ۔ پچکاری کے استعمال کرتے ہیں۔ اس درخت کے پاچھنے سے جو رس یا گوند نکلتا ہے۔ اس کو گم ارابک بولتے ہیں اور یہ عمدہ ڈیمل سنٹ ہے۔

کائی نو

اس کے درخت کو پاچھنے سے جو رس نکلتا ہے اس کو خشک کر کے کائی نو تیار کرتے ہیں۔

خواص: چھوٹی نوکیلی خستہ چمکیلی ہوئی سرخ سیاہ ڈلیاں ہوتی ہیں۔ جب بڑی بڑی ڈلیاں ثابت ہوں۔ تو دھندلا ہوتا ہے۔ باریک طبقوں میں نیم شفاف اور سرخ ہوتا ہے۔ بے بو لیکن اس میں ذائقہ اسٹر نجنٹ ہوتا ہے۔ الکوحل میں حل ہو جاتا ہے۔ ایتھر میں حل نہیں ہوتا معدنی تیزاب جیلاٹن کا عرق۔ ٹاٹارایمے ٹک۔ ایسی ٹیٹ آف لڈ۔ پرکلورائیڈ آف آئرن اور نائٹریٹ آف سلور کائی نو کے عرق کے ساتھ تلچھٹ پیدا کرتے ہیں۔

فائدہ اور طریق استعمال و خوراک: مثل کتھا کے ہے۔

لمن گراس یا اگیا گھاس

یہ پودا باغوں میں پیدا ہوتا ہے۔ اس کا قد اونچا اور پتیاں لمبی ہوتی ہیں۔ خوشبو دار اور ذائقہ گرم ہوتا ہے۔ یہ بڑا اسٹی میولنٹ اور ڈایا فوریٹک ہے۔ بخار میں جوشاندہ بنا کر دینے سے بہت فائدہ بخشتا ہے اور قے کو بھی روکتا ہے۔

لینسیڈ میل یا السی یا السی کا آٹا

السی یا السی کی کھل جس میں سے تیل نکالا گیا ہو۔ سفوف بنا لیتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: یہ عموماً سفوف شدہ دواؤں کے ساتھ ملا کر بطور بدرقہ دیتے ہیں۔ کلوری نیٹڈ لائم پلٹس کاربان پلٹس۔ لینسیڈ پلٹس اور مسٹرڈ پلٹس کے بنانے میں کام آتا ہے۔

لینسیڈ یا السی کے دانے

خواص: اس کے دانے چھوٹے بیضوی تیز کنارہ والے ہوتے ہیں۔ باہر سے نرم چمکدار اور بھورے رنگ کے ہوتے ہیں۔ اندر کی طرف سے زردی مائل سفید ہوتے ہیں اور ان کا ذائقہ لیسدار روغنی ہوتا ہے۔

مرکبات

☆السی کا آٹا

☆انفیوژن لینسیڈ

لینے منٹ آف کاربالک ایسڈ یہ ہمنام گلیسرین آف کاربالک ایسڈ کے ہے۔

لینے منٹ آف ایکونائٹ

ترکیب:

اکونائٹ کی جڑ کا سفوف	......	20اونس
کمفر	......	1اونس
ریکٹی فائیڈ اسپرٹ	......	حسب ضرورت

جڑوں کو پہلے تین دن تک بھگو رکھو پھر اس کو پرکولیٹر میں ڈال دو اس میں اتنا ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ملاؤ کہ کل ایک پائنٹ ہو جائے۔

اثر اور استعمال: اس کو اونٹ کے بالوں کی قلم سے اکیلا یا مساوی مقدار سوپ لینے منٹ یا کمپوئڈ کمفر لینی منٹ کے ساتھ ملا کر مریض حصہ پر ملتے ہیں۔ یہ اکیوٹ روماٹیزم میں ملنے سے فائدہ بخشتا ہے۔

لینے منٹ آف ایمونیا

ترکیب:

سلوشن آف ایمونیا	......	1فلوئیڈ اونس
روغن زیتون	......	2اونس

دونوں کو ملا کر خوب ہلاؤ۔

فائدہ: بطور کونٹرا یری ٹنٹ سور تھروٹ۔ روماٹیزم۔ موچ۔ پرانے ٹیومر اور برانکائیٹس

میں استعمال کرتے ہیں۔

کمپونڈ لینے منٹ آف ایمونیا

سلوشن آف ایمونیا	......	مساوی مقدار
روغن زیتون و ٹرپن ٹائن	......	مساوی مقدار

سب کو لیکر ایک بند بوتل میں ڈال دو اور بوتل کو خوب ہلاؤ تا کہ سب چیزیں آپس میں مل جائیں۔

فائدہ اور استعمال: مثل ایمونیا لینے منٹ کے ہے لیکن اس سے زیادہ تیز ہے۔

لینے منٹ آف لائم

اس کو کیرن آئل بھی کہتے ہیں۔

سلوشن آف لائم و الیو آئل	......	مساوی مقدار

میں لے کر ایک بوتل میں ڈال کر ہلاؤ تا کہ خوب مل جائے۔

فائدہ اور استعمال: جلے ہوئے زخموں یا جھلسی ہوئی جگہ پر لگایا جاتا ہے۔

کمفر لینے منٹ

ترکیب:

کمفر	......	ایک اونس
آلیو آئل	......	4اونس

کمفر کو آلیو آئل میں حل کر لو۔

فائدہ اور استعمال: غدودی سوجن اور گہری سوزشوں کیلئے۔ اسٹی میولنٹ۔ امبروکشن یا ضماد کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

کمپونڈ لینے منٹ آف کمفر

کمفر	......	ایک اونس
ریکٹی فائیڈ اسپرٹ	......	4اونس
آلیو آئل	......	1پائنٹ
سلوشن آف ایمونیا	......	2اونس

کمفر کو اسپرٹ میں حل کرو اور ایمونیا کو آلیو آئل کے ساتھ ملا کر ہلاؤ اور پھر اس کو ملا لو۔

فائدہ اور استعمال: مثل کمفر لینے منٹ اور ایمونیا لینے منٹ کے ہے لیکن ان سے زیادہ تیز ہے۔

لینے منٹ آف کنتھاریڈیس

اس کو اولیم کنتھاریڈیس۔ کنتھاریڈس آئل بھی کہتے ہیں۔

ترکیب:

سفوف کنتھاریڈیس	......	1حصہ
آلیو آئل	......	8حصہ

لیکر حمام میں دو یا زیادہ گھنٹوں تک رکھو اور چھان لو۔

فائدہ اور استعمال: ویسی کنٹ ہے۔

کمپونڈ لینے منٹ آف کریازوٹ

ترکیب:

کریازوٹ	......	2حصہ
آئل آف ٹرپن ٹائن	......	4حصہ

4 حصہ ......

آلیو آئل

فائدہ اور استعمال: جس گلیسرین آف کاربالک ایسڈ کے ہے۔

لینے منٹ آف کروٹن آئل

ترکیب:

کروٹن آئل ...... ایک حصہ

ٹرپن ٹائن آئیل یا سوپ لینے منٹ ...... 6 سے 8 حصہ

ملا کر ہلا لو۔

فائدہ اور استعمال: دیسی کھٹ ہے۔

لینے منٹ آف سب ایسی ٹیٹ آف کاپر

اس کو لینے منٹ آف اورڈی گریس بھی کہتے ہیں۔

ترکیب:

سب ایسی ٹیٹ آف کاپر کا باریک سفوف ...... 9 اونس

باریک سفوف ایلم ...... 6 اونس

ٹریکل ...... 1.1/2 پونڈ

کو ملا کر ابالو اور ہلاتے رہو حتی کہ مکسچر کا رنگ بھورا ہو جائے۔

فائدہ اور استعمال: تھرش، کنکر، اور فٹ راٹ میں بطور ارو ڈنٹ اور تحلیل کرنے والے کے استعمال ہوتا ہے۔ ایک حصہ سب ایسی ٹیٹ آف کاپر اور 8 حصہ لارڈ کو بھی ملا کر اس لینے منٹ کی بجائے استعمال کرتے ہیں اور سب ایسی ٹیٹ آف کا کی بجائے سلفیٹ آف کاپر کا بھی استعمال کر سکتے ہیں کیونکہ یہ سستا ہے۔

لینے منٹ سلفیٹ آف کاپر

ترکیب:

باریک سفوف سلفیٹ آف کاپر	......	1حصہ
ٹاریاٹریکل	......	4حصہ

کوملا کر ہلاؤ اور گرم کروحتی کہ سرخ بھورے رنگ کا ہو جائے۔

فائدہ اور استعمال: مثل لینے منٹ سب ایسی ٹیٹ آف کاپر کے ہے۔

کمپونڈ لینے منٹ آف مرکری

ترکیب:

مرکری آئنٹمنٹ	......	3اونس
سلوشن آف ایمونیا	......	3اونس
لینے منٹ آف کمفر	......	3اونس

آئنٹمنٹ کو لینے منٹ میں پگھلالواور ایمونیا ڈالواور سب کوملا کر ہلاؤ۔

فائدہ اور استعمال: اسٹی میولنٹ لینے منٹ ہے۔ انڈولنٹ السروں میں اس کو لگاتے ہیں۔

کمپونڈ لینے منٹ آف آئیوڈین

ترکیب:

آئیوڈین	......	1.1/4اونس
آئیوڈاڈ آف پوٹاشیم	......	1/4اونس
کمفر	......	1/4اونس

10 فلوئیڈ اونس ......

ریکٹی فائیڈ اسپرٹ
آئیوڈین آئیوڈائڈ آف پوٹاشیم اور کمفر کو اسپرٹ میں حل کر لو۔

فائدہ اور استعمال: برے اور متورم غدودوں پر اسٹی میولنٹ اور ڈی ابس ٹروانٹ فائدہ کے لئے لگاتے ہیں۔

لینی منٹ آف ٹار

ٹارائل و ریپ آئل یا السی کا تیل ...... مساوی مقدار
میں لے کر ملا لو۔

فائدہ اور استعمال: جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں۔

کمپونڈ لینی منٹ آف ٹار

ٹرپن ٹائن آئل و آئل آف ٹار ...... مساوی مقدار
ریپ آئل یا السی کا تیل ...... مساوی مقدار
میں لے کر ملا لو۔

فائدہ اور استعمال: جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں۔

اوپیم لینی منٹ

بحساب حجم ٹنکچر اوپیم ...... ایک حصہ
کمپونڈ لینی منٹ آف سوپ ...... 3 حصہ
لیکر ملا لو۔

فائدہ اور استعمال: تمام دردوں، موچوں اور روماٹیزم کے لئے انوڈائن ہے۔

لینے منٹ آف سب ایسی ٹیٹ آف لڈ

سلوشن سب ایسی ٹیٹ آف لڈ ...... ایک حصہ
آلیو آئل یا سادہ تیل ...... 4 حصہ
لیکر ملالو۔

فائدہ اور استعمال: چھلی ہوئی سطح اور بلسٹر یا داغ کے بعد بطور سیڈیٹو کے لگاتے ہیں۔

کمپونڈ لینے منٹ آف سوپ

سافٹ سوپ ...... 4 اونس
کمفر ...... 1 اونس
پروف اسپرٹ ...... 2 پائنٹ
سلوشن آف ایمونیا ...... 1/2 پائنٹ

صابن اور کمفر کو اسپرٹ میں حل کرلو اور پھر ایمونیا سلوشن ڈال کر چھان لو اور استعمال کرو۔

فائدہ اور استعمال: لوکل انفلامیشن کے بعد انوڈائن اور اسٹی میولنٹ ہے۔ اسپرین۔ بروز۔ ٹیومر۔ اور خفیف قسم کے سورتھروٹ کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

ٹرپن ٹائن لینے منٹ

سافٹ سوپ ...... 2 اونس
کمفر ...... 1 اونس
روغن تارپین ...... 16 فلوئیڈ اونس

کمفر کو ٹرپن ٹائن آئل میں حل کرو اور پھر صابن ڈال کر خوب ملوتا کہ مل جائے۔

فائدہ اور استعمال: مثل کمپونڈ سوپ لینے منٹ کے ہے۔

کمپونڈ لینے منٹ آف ٹرپن ٹائن

کروٹن آئل	......	2ڈرام
ٹرپن ٹائن آئل	......	4اونس
آلیو آئل یا ریپ آئل	......	25فلوئیڈ اونس

لیکر ملالو۔

فائدہ اور استعمال: روبی فیشنٹ اور ویسی کنٹ ہے۔

سلوشن آف کاربالک ایسڈ

کاربالک ایسڈ	......	ایک اونس
واٹر	......	40اونس

ملا کر خوب ہلاؤ۔

فائدہ اور استعمال: یہ سلوشن بڑے زخموں پر لگانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ آپریشن کے بعد اسٹپک کے طور پر خون کو بند کرنے اور انٹی سپٹک کے طور پر زخموں پر لگایا جاتا ہے تاکہ جو سیلان خون زخم کے بننے کے بعد ہونے نہ پائے۔اس میں سٹرانڈ بھی رک جائے۔ جوئیں، لیکھیں، مارنے کیلئے اس قدر گرم استعمال کرنا چاہیے۔ جس قدر کہ جانور برداشت کر سکے۔

سلوشن آف ایلوز

باربیڈوز ایلوز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے	......	ایک پونڈ
ڈسٹلڈ واٹر	......	5پائنٹ
پروف اسپرٹ	......	16اونس

ایلوز کو پانی میں ڈال کر حمام میں رکھ دو حتی کہ یہ بالکل گھل جائے اور عرق کو [illegible] سے نکال

کراسپرٹ ڈالو اور خوب ملالو۔

فائدہ اور استعمال: لیگزیٹو اور کتھارٹک ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	2 سے 4 اونس
مویشی کے واسطے	......	2 سے 6 اونس
بھیڑ کے واسطے	......	1 سے 2 اونس

سلوشن آف ایلوز اور کاربونیٹ آف سوڈا

باربیڈوز ایلوز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے	......	1 پونڈ
کاربونیٹ آف سوڈا	......	نصف پونڈ
واٹر	......	ایک گیلن

حمام کے ذریعے ایلوز کو سات پائنٹ پانی میں حل کرلو اور جب سرد ہو جائے تو باقی ماندہ پانی میں جو پہلے سے گرم کرلیا گیا ہو۔ کاربونیٹ آف سوڈا کو حل کرلو اور مرکب کو ٹھنڈا ہونے دو اور پھر اس میں سلوشن آف ایلوز ملا دو اور عرق کو مضبوط کارک والی بوتل میں رکھو۔

فائدہ اور استعمال: لیگزیٹو، کیتھارٹک ہے۔

خوراک:

گھوڑے اور مویشی کے واسطے	......	8 سے 16 اونس
بھیڑے کے واسطے	......	2 سے 6 اونس

سلوشن آف ایلومنس

سفوف ایلم	......	1 اونس
ڈسٹلڈ واٹر	......	16 اونس

ہلم کو پانی میں حل کرلو۔

فائدہ اور استعمال: خارجی استعمال میں اسٹرنجنٹ اور اسپٹک ہے۔

سلوشن آف ایمونیا

اسٹرانگ سلوشن اوف ایمونیا	...... 1 پائنٹ
ڈسٹلڈ واٹر	...... 2 پائنٹ

دونوں کو ملاؤ اور ایک مضبوط بوتل میں حفاظت سے بند رکھو۔

اثر اور استعمال: داخلی زیادہ مقدار میں تیز عرق۔ ایری ٹنٹ اور نارکاٹک زہر ہے۔ طبی خوراکوں میں۔ انٹاسڈ۔ اسٹی میولنٹ۔ انٹی پازماڈک۔ ریزالونٹ۔ اور ڈائیوریٹک ہے۔ ٹمپی نائٹس ہون اور بہت سے سوزش دار اور کمزور کرنے والے امراض میں استعمال ہوتا ہے۔ خارجی استعمال میں کونٹر ایری ٹنٹ روبی فیشیئٹ اور ویسکی کنٹ ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	...... 1/2 سے ایک اونس
مویشی کے واسطے	...... 1 سے 4 اونس
بھیڑ کے واسطے	...... 1 سے 3 ڈرام
خوک کے واسطے	...... 1 سے 3 ڈرام
کتے کے واسطے	...... 5 سے 20 بوند

طریق استعمال: داخلی استعمال میں 20 یا 30 گنا پانی کے ساتھ ڈائیلوٹ کر کے دیتے ہیں۔ یا سرد گروئل یا میوسیلج دار اشیاء کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں۔ اسٹی میولنٹ کے طور پر بعض اوقات گھوڑوں اور مویشیوں کو۔ مسچورا۔ ایمونیا کے طور پر دیتے ہیں۔ انڈائی جیسچن اور کالک میں ایک اونس لائیکوار ایمونیا۔ 3 سے 5 ڈرام۔ ایلوز کے ساتھ ملا کر پانی میں دیتے ہیں۔ خارجی استعمال میں لینی منٹ آف ایمونیا۔ لینی منٹ ایمونیا کمپونڈ۔ کمپونڈ لینی منٹ آف

کمزری کی صورت میں استعمال کرتے ہیں۔

مانع استعمال: ایسڈ اور دھاتی نمکوں کے ساتھ سوائے پوٹاشیم۔ سوڈیم۔ بیریم اور کیلشیم کے دینا منع ہے۔

انٹی ڈوٹ۔ ڈائیلوٹ وٹی گریا سرکہ اور ان نباتی ایسڈوں کا سلوشن جو کہ زہر کی خاصیت نہیں رکھتے۔

سلوشن ایسی ٹیٹ آف ایمونیا

ایسیٹک ایسڈ ...... 10 فلوئیڈ اونس

کاربونیٹ آف ایمونیا ...... 3.1/4 اونس یا حسب ضرورت

ڈسٹلڈ واٹر ...... 2.1/2 پائنٹ

کاربونیٹ آف ایمونیا کے سفوف کو ایسیٹک ایسڈ کے ساتھ آہستہ آہستہ ملاؤ حتی کہ نیوٹرل سلوشن بن جائے۔ پھر اُس میں پانی ملالو۔

خواص: شفاف بے رنگ عرق ہے اور تقریباً بے بو ہے اور اس میں سرد نمکین اور بد ذائقہ ہے اگر اس کو پوٹاش کے عرق کے ساتھ ملائیں اور گرم کریں تو ایمونیا گیس پیدا ہوتی ہے اور اگر اس کو تیز گندھک کے تیزاب کے ساتھ گرم کریں تو اس سے ایسیٹک ایسڈ کے بخارات نکلتے ہیں۔ ایمونیا گیس اور ایسیٹک ایسڈ کے بخارات اپنی خاص قسم کی بو سے علیحدہ علیحدہ تمیز کئے جاسکتے ہیں۔

اثر اور استعمال: داخلی طور پر نرم اسٹی میولنٹ۔ ڈایوریٹک۔ ڈایوفوریٹک ہے۔ اور لنکس کی انفلامیشن انفلوائنزا اور دوسرے قسم کے بخاروں میں نائٹریٹ آف پوٹاش کے ساتھ ملا کر بطور فیبریفیوج استعمال کر سکتے ہیں۔ خارجی طور پر بطور ڈس کوشنٹ کے بھی استعمال ہوتا ہے۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 4 اونس
مویشی کے واسطے	......	4 سے 8 اونس
بھیڑ و خوکے کے واسطے	......	1 سے 3 اونس
کتے کے واسطے	......	2 سے 6 ڈرام

طریق استعمال: داخلی طور پر اپنے سے تین گنا پانی کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جاتا ہے۔ خارجی طور پر سلوشن ایسی ٹیٹ ایمونیا کی صورت میں استعمال کرتے ہیں۔

مانع استعمال: ایسڈوں اور مستقل کھار اوران کے کاربونیٹ۔ لائم واٹر۔ نائٹریٹ آف سلور۔ ایسی ٹیٹ آف لڈ اور دھاتی سلفیٹ کے ساتھ دینا منع ہے۔

اسٹرانگ سلوشن آف ایمونیا

ترکیب: کیلشیم ہائیڈریٹ اور ایمونیم کلورائیڈ کا دردرا سفوف ایک ایسی لوہے کی بوتل میں ملا کر گرم کرتے ہیں۔ جس کے ساتھ ایک نلکی لگی ہوتی ہے اور نلکی کا دوسرا سرا کئی ولفس بوتلوں کے ساتھ جڑا ہوا ہوتا ہے۔ پہلی دو بوتلیں خالی ہوتی ہیں۔ بوتل خالی میں اور دو دوسری ایسی بوتلوں میں ناقصات جذب ہو جاتے ہیں۔ جو لوہے کی بوتل سے آتے ہیں اور ایک ایسی بوتل ہوتی ہے جس میں ناقصات جذب ہو جاتے ہیں۔ جو لوہے کی بوتل سے آتے ہیں اور ایک ایسی بوتل ہوتی ہے جس میں ایمونیا گیس جو امونیم کلورائیڈ سے خارج ہوتی ہے۔ جذب ہو جاتی ہے آبی عرق ایمونیا جو اس طرح سے تیار ہوتا ہے۔ اس کو لائیکوار ایمونیا فورٹ کہتے ہیں۔

خواص: بے رنگ سیال ہے۔ جس میں خاص اور تیز بو اور تیز کھاری تاثیر ہوتی ہے۔ جب اس میں اس سے 4 گنا پانی ڈال کر ڈائیلوٹ کریں تو لائم واٹر کے ساتھ کوئی تلچھٹ پیدا نہیں ہوتا۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس میں امونیم کاربونیٹ نہیں ہے اگر اوگزیلیٹ آف

ایمونیا کے ساتھ کوئی تلچھٹ نہ پیدا کرے تو معلوم کرو کہ اس میں کیلشیم نہیں ہے۔ اگر ایمونیم سلفائیڈ کے ساتھ کوئی تلچھٹ پیدا نہ ہو تو معلوم کرو کہ لوہا نہیں ہے۔ اگر ایمونیو سلفیٹ آف کاپر کے ساتھ کوئی تلچھٹ پیدا نہ کرے تو معلوم کرو کہ ایمونیم سلفائیڈ نہیں ہے۔

اس سے مفصلہ ذیل دوائیں تیار ہوتی ہیں۔

☆کمپونڈ یعنی منٹ آف کمفر ☆لائیکوار ایمونیہ

☆اسپرٹ ایمونیہ ایرومانک

سلوشن کلورائیڈ آف انٹی منی

اس کو انٹی منی ٹرکلورائیڈ سلوشن بھی کہتے ہیں۔

سفوف بلیک انٹی منی ...... 1 پونڈ

ہیڈروکلورک ایسڈ ...... 4 پائنٹ

بلیک انٹی منی کو ایک چینی کے برتن میں ڈالو اور اوپر سے ہیڈروکلورک ایسڈ ڈالو اور برابر ہلاتے رہو اور دھیمی آنچ دو جب تک کہ سلوشن ابلتا ہے۔ سلفیوریڈ ہیڈروجن گیس خارج ہوتی ہے۔ اور اس کو اتنی ہی حرارت پر 15 منٹ تک رکھو پھر برتن کو آگ پر سے اٹھالو اور عرق کو کپڑے والی چھلنی سے دوسرے برتن میں چھان لو تا کہ عمدہ صاف سلوشن تیار ہو جائے اور اُس کو اڑاؤ تا کہ دو پائنٹ رہ جائے۔ پھر اُس کو ایک مضبوط ڈاٹ والی بوتل میں بند کر دو۔

خواص: بھاری زردی مائل سرخ رنگ کا عرق ہے۔ اگر اس کا تھوڑا سا عرق پانی میں ڈالیں تو سفید تلچھٹ پیدا ہو جاتا ہے اور چھانا ہوا سلوشن یا نائٹریٹ آف سلور کے ساتھ سفید تلچھٹ پیدا کرتا ہے۔ جو کہ کلورائن کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے۔ اگر سفید تلچھٹ جو کہ پانی ملانے سے پیدا ہوا ہے۔ سلفیوریٹڈ ہیڈروجن میں ملایا جائے۔ تو یہ نارنجی رنگ کا ہو جاتا ہے۔

فائدہ اوراستعمال: داخلی۔اریٹنٹ۔کروسیوزہر ہے۔خارجی طور پر اکیلایا کمپوٹڈ ٹنکچر کے ساتھ ملاکر۔فسچولا۔تھرش۔کنکر۔اورخراب قسم کے انگوروں اورفٹ راٹ اورفاؤل انڈی فٹ میں۔کاسٹک کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔اس کے استعمال سے بہت کم درد ہوتا ہے۔

انٹی ڈوٹ۔چاک میگنیشیا۔اوراس کے مرکبات اس کے زہر کا انٹی ڈوٹ ہیں۔ڈیمل سنٹ اشیاء بھی بطورانٹی ڈوٹ کے استعمال کرسکتے ہیں۔

اس سے انٹی منی اوکسائیڈ تیار کیا جاتا ہے۔

سلوشن انٹی منی ٹارٹریٹ

انٹی منی ٹارٹریٹ کاسفوف	......	ایک اونس
ڈسٹلڈ واٹر	......	4 سے 8 اونس

ٹارٹریٹ انٹی منی کو پانی میں حل کرلو۔

فائدہ اوراستعمال: کونٹرااریٹنٹ ہے ایسے انفلامیشن میں جو گہرے واقع ہوں اور مزمن وجع المفاصل میں استعمال کرتے ہیں۔

سلوشن سلورنائٹریٹ

نائٹریٹ آف سلور	......	10 سے 15 گرین
ڈسٹلڈ واٹر	......	1 اونس

نائٹریٹ آف سلور کو پانی میں حل کرلو۔

فائدہ اوراستعمال: زخموں کو اسٹی میولنٹ کرتا ہے۔اس کے سلوشن کے ایک یا دو قطر مساوی مقدار پانی سے ملے ہوئے۔اوپی سی۔ٹی آف دی کارینہ کے رفع کرنے کیلئے آنکھ میں ڈالتے ہیں۔

لائیکوار ارسنی کیلس یا فولیرز سلوشن

ارسینوز ایسڈ یا سفید سنکھیا	......	80 گرین
کاربونیٹ آف پوٹاش	......	80 گرین
ڈسٹلڈ واٹر	......	حسب ضرورت

ارسینوز ایسڈ اور کاربونیٹ آف پوٹاش کو 10 اونس پانی کے ساتھ ملا کر ایک برتن میں ڈال دو اور مرکب کو گرم کرتے جاؤ حتی کہ صاف سلوشن بنجائے اس کو ٹھنڈا ہونے دو اتنا اور ڈسٹلڈ واٹر ملاؤ کہ جس سے کل مجموعہ ایک پائنٹ ہو جائے۔

خواص: صاف بیرنگ کھاری عرق ہے اگر اس کو ہیڈروکلورک ایسڈ کے ساتھ ڈائیلوٹ کر کے سلفوریٹڈ ہیڈروجن کے ساتھ ملایا جائے تو زرد رنگ کا تلچھٹ پیدا ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی طور پر مثل ارسینوز ایسڈ کے ہے لیکن اس سے خراش کم ہوتی ہے۔ خارجی استعمال میں جلد کی ہٹیلی امراض، جوئیں، لیکھیں اور جلد کی دوسری قسم کے کرموں کو مارنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1/2 سے ایک اونس
مویشی کے واسطے	......	1/2 سے 1 اونس
بھیڑ کے واسطے	......	1/2 سے 3 ڈرام
کتے کے واسطے	......	2 سے 10 بوند

ترکیب استعمال: داخلی طور پر پانی کے ساتھ ڈائیلوٹ کر کے استعمال کرتے ہیں۔ خارجی طور پر اس سے دوگنا یا تین گنا پانی ملا کر استعمال کرتے ہیں۔

انٹی ڈوٹ: الکلائن کاربونیٹ کا مکسچر اور مائیسٹ یا ہیڈریٹ پر اوکسائیڈ آف آئرن ہیں۔

ہیڈروکلورک سلوشن آف ارسنک

ارسینوز ایسڈ	......	80 گرین
ہیڈروکلورک ایسڈ	......	2 ڈرام
ڈسٹلڈ واٹر	......	حسب ضرورت

ارسینوز ایسڈ کو ہیڈروکلورک ایسڈ اور ۴ اونس پانی کے ساتھ ملا کر جوش دو۔ پھر اتنا پانی ملاؤ کہ کل مجموعہ ایک پائنٹ ہو جائے۔

خواص: بے رنگ عرق ہے۔ جس کی خاصیت ترش ہوتی ہے اگر اس میں سلفیوریٹیڈ ہیڈروجن ڈالیں۔ تو ایک چمکدار زرد تلچھٹ پیدا ہوتا ہے۔ جس کو ارسینوز سلفائیڈ کہتے ہیں۔ ایمونیم کاربونیٹ میں حل ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال و ترکیب استعمال اور خوراک:

مثل لائیکوار ارسنی کیلس کے ہیں۔

انٹی ڈوٹ: الکلائن کاربونیٹ کا مکسچر۔ اور مائیسٹ پراوکسائیڈ آف آئرن ہے۔ جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔

مفصلہ ذیل اشیاء اس سے تیار ہوتی ہیں۔

☆ لائیکوار اسنک ہائیڈرار جرائی آئیوڈائڈ جس کو ڈالون سلوشن کہتے ہیں۔ پرانی جلدی امراض اور روماٹک امراض میں مفید ہے۔

خوراک: گھوڑا اور مویشی کے واسطے ...... 1 سے 2 اونس

سلوشن آف لائم

اس کو لائم واٹر بھی کہتے ہیں۔

تازہ تیار شدہ سلیکڈ لائم	......	2 اونس

1 گیلن ......

ڈسٹلڈ واٹر

چونہ کو پانی والی بوتل میں ڈال کر خوب مضبوط کارک لگاؤ اور ہلاؤ۔ 12 گھنٹہ کے بعد معلوم ہوگا کہ چونہ کی کثرت پانی میں بیٹھ جاتی ہے۔ تو صاف عرق کو نتار کر الگ کر لیتے ہیں۔ لائیم واٹر کی بوتلوں کو جن میں خوب مضبوط کارک لگے ہوں۔ بند کر کے رکھتے ہیں۔

خواص: بے رنگ بے بو اور صاف عرق جس میں کھاری ذائقہ ہوتا ہے اگر اس کو اگزالک ایسڈ کے ساتھ ملا دیں تو ایک سفید تلچھٹ کیلشیم اگزیلیٹ کا پیدا ہو جاتا ہے۔ جو کہ ایسی ٹک ایسڈ میں حل نہیں ہوتا اگر ہوا میں کھلا پڑا رہے تو اس کی سطح پر باریک تہہ کاربونیٹ آف کیلشیم کی بن جاتی ہے۔

فائدہ اور استعمال: عموماً انٹا سڈ کے طور پر دیتے ہیں گاہے گاہے ایسڈوں کے زہر میں بطور انٹی ڈوٹ کے استعمال کرتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑا اور مویشی کے واسطے ...... 4 سے 6 اونس

بھیڑ و خوک کے واسطے ...... 1/2 سے 2 اونس

کتے کے واسطے ...... 1 سے 4 ڈرام

طریق استعمال: کافی مقدار میں پانی کے ساتھ ملا کر مکسچر بنا لو۔

مانع استعمال: ایسڈوں اور بہت سے دھاتی نمکوں کے ساتھ ملا کر دینا منع ہے۔ اس سے

☆ لینی منٹم کیلس ☆ ییلو واش ☆ بلیک واش

تیار ہوتے ہیں۔

سلوشن آف کلوری نیٹڈ لائم

اس کوسلوشن آف کلوری نیٹڈ لائم اور سلوشن آف ہیپو کلورائیڈ آف لائم بھی کہتے ہیں۔

ترکیب:

کلوری نیٹڈ لائم	......	ایک پونڈ
ڈسٹلڈ واٹر	......	ایک گیلن

ایک کھرل میں پانی اور کلوری نیٹڈ لائم کو ملاؤ۔اور مکسچر کو ایک مضبوط کارک والی بوتل میں ڈال دو اور تین گھنٹہ تک تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد ہلاؤ اور پھر سلوشن کو چھان لو اور ایک مضبوط کارک والی بوتل میں بند کردو۔

خواص: شفاف تقریباً بیرنگ سیال ہے۔اگر ہوا میں کھلا رکھا جائے تو سلوشن کلورائیڈ آف لائم کا ربالک ایسڈ کے ذریعہ بگڑ جاتا ہے۔کیلشیم کاربونیٹ یا کھریا مٹی تلچھٹ کے طور نیچے بیٹھ جاتی ہے۔اور کلورین جو کہ علیحدہ ہوجاتی ہے اپنی بو سے پہچانی جاتی ہے۔

فائدہ اور استعمال: اسٹی میولنٹ نرم ایروڈنٹ۔ڈیوڈورائزر ہے۔ناقص اور بدبودار فسچولس زخموں کی بو کو رفع کرتا ہے۔اصطبلوں اور دیگر مقامات میں ڈیوڈورائیزر اور ڈس انفکٹنٹ فائدہ کے واسطے چھڑکتے ہیں۔گریس اور ہڈی کی کیریز میں دس یا پندرہ گنا پانی کے ساتھ ملاکر استعمال کرتے ہیں۔اس سے کلوری نیٹڈ پلٹس بنتا ہے۔

ٹری بن تھائی نیٹڈ سلوشن آف کنتھرائی ڈیز

ترکیب:

سفوف کنتھرائی ڈیز	......	ایک حصہ
آئل آف ٹرپن ٹائن	......	آٹھ حصے

ملاکر دھیمی آنچ پر تین یا چار دن تک پڑا رہنے دو اور بعدازاں چھان لو اور ہر ایک چھانے

ہوئے لوشن میں مساوی مقدار بالسم آف کینڈا ڈالواور خوب ہلاؤ۔

فائدہ اور استعمال: فیتا۔ روئی اور دوائی یا دوسری چیزیں اس میں بھگو کر رکھتے ہیں بعد ازاں انگلیوں میں سے کھینچ کر نچوڑ لیتے ہیں اور خشک کر لیتے ہیں۔

سلوشن آف سلفیٹ آف کاپر

ترکیب:

سفوف سلفیٹ آف کاپر	......	5اونس
ابلتا ہوا پانی	......	ایک پائنٹ

گھول کر چھان لو۔

فائدہ اور استعمال: سائنسوں میں۔ انجکشن کیلئے اس سے دوگنا یا تین گنا پانی ملا کر استعمال کرتے ہیں۔ دیکھو بیان سلفیٹ آف کاپر۔

کمپونڈ سلوشن آف سلفیٹ آف کاپر

ترکیب:

سلفیٹ آف کاپر	......	تین اونس
پھٹکڑی	......	تین اونس
واٹر	......	ڈیڑھ پائنٹ
سلفیورک ایسڈ	......	ڈیڑھ اونس

فائدہ اور استعمال: مثل سلفیٹ آف کاپر کے ہے۔

اسٹرانگ سلوشن آف پرکلورائیڈ آف آئرن

ترکیب:

لوہے کی تار	......	دواونس
ہیڈروکلورک ایسڈ	......	12 فلوئڈ اونس
نائیٹرک ایسڈ	......	9 فلوئڈ اونس
ڈسٹلڈ واٹر	......	8 فلوئڈ اونس

ہیڈروکلورک ایسڈ 8 اونس لیکر ڈسٹلڈ واٹر میں ملاؤ۔ اور پھر اس میں لوہا ڈال کر دھیمی آنچ دیکر گلاؤ اور عرق کو چھان لو اور باقی ماندہ ہیڈروکلورک ایسڈ اور نائیٹرک ایسڈ میں ملا کر مکسچر کو خوب گرم کرو تاوقتیکہ اس میں سے سرخ رنگ کے بخارات نکلنے لگیں اور عرق نارنگی کے رنگا ہوجائے پانی کے حمام پر اسکواڑاؤ تاوقتیکہ 10 اونس عرق رہ جائے۔

خواص: نارنجی بھورے رنگ کا عرق ہے۔ جو کہ بہت اسٹرنجنٹ اور سیاہی کا سا مزہ رکھتا ہے اور ریکٹی فائیڈ اسپرٹ اور پانی کے ساتھ ہر ایک مقدار میں مل جاتا ہے اگر پانی کے ساتھ ڈائیلوٹ کیے ہوئے عرق میں سلور نائیٹریٹ ڈالیں تو سلور کلورائیڈ کا تلچھٹ پیدا ہو جاتا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس میں کلورین ہے۔

فائدہ اور استعمال: ٹنکچر پرکلورائیڈ آف آئرن اور لیکوار پرکلورائیڈ آف آئرن کے بنانے کے کام آتا ہے ٹنکچر پرکلورائیڈ آف آئرن ایک حصہ اس کا اور تین حصہ اسپرٹ ملانے سے تیار ہوتا ہے اور ایک حصہ اس کا اور تین حصہ پانی ملانے سے لائیکوار پرکلورائیڈ آف آئرن بنتا ہے۔

سلوشن آف پرسلفیٹ آف آئرن

ترکیب:

سلفیٹ آف آئرن	......	8اونس
سلفیورک ایسڈ	......	3/4اونس
نائیٹرک ایسڈ	......	3/4اونس
ڈسٹلڈ واٹر	......	12اونس

سلفیورک ایسڈ کو دس اونس پانی میں ڈالو اور حرارت کے ذریعے سلفیٹ آف آئرن کو مکسچر میں حل کرلو اور نائیٹرک ایسڈ کو باقی ماندہ 2اونس پانی کے ساتھ ملاؤ اور ایسے پتلا کئے ہوئے کو سلفیٹ آف آئرن کے عرق میں ڈالو۔

فائدہ اور استعمال: اسٹپٹک ہے اور اس سے مائیست پراکسائیڈ آف آئرن تیار کرتے ہیں۔

سلوشن آف پرکلورائیڈ آف مرکری

اس کو سلوشن کروسیو سلی میٹ بھی کہتے ہیں۔

ترکیب:

پرکلورائیڈ آف مرکری	......	3 سے 6اونس
واٹر	......	1اونس

فائدہ اور استعمال: خارجی اسکیب۔ مینج کے علاج میں استعمال کرتے ہیں۔ نیز جلد کے کرموں کو مارنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔

سلوشن آف آئیوڈین اور آئیوڈائیڈ آف پوٹاشیم

ترکیب:

آئیوڈین	......	22 گرین
آئیوڈائیڈ آف پوٹاشیم	......	33 گرین
ڈسٹلڈ واٹر	......	1 اونس

ان کو ملا کر حل کر لو۔

فائدہ اور استعمال: ان کیویٹیز میں انجکشن کیا جاتا ہے۔ جن کی دونوں اطرف ملائی منظور ہوں ایک فلوئیڈ ڈرام 3 فلوئیڈ اونس پانی کے ساتھ ڈائیلوٹ کر کے مثانہ میں ہیمرج کو روکنے کیلئے انجکشن کیا جاتا ہے۔ جب جلد پر سے بال مونڈ کر یا اکھاڑ کر اس کو ملا جائے تو اس سے پھر بال پیدا ہو جاتے ہیں۔ داخلی استعمال میں۔ انٹی سیپٹک ہے اور ہاٹ ورم کے علاج میں استعمال کرتے ہیں۔

خوراک: گھوڑے کے واسطے ...... 2 سے 4 ڈرام

سلوشن آف ایسی ٹیٹ آف مارفیہ

ترکیب:

ایسی ٹیٹ آف مارفیہ	......	9 گرین
ڈائیلوٹ ایسی ٹک ایسڈ	......	18 بوند
ریکٹی فائیڈ اسپرٹ	......	1/2 اونس
ڈسٹلڈ واٹر	......	1.1/2 اونس

ایسی ٹیٹ آف مارفیہ کو عرقوں کے مکسچر میں حل کر دو یہ ایک فیصدی کی طاقت کا ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: انٹی میولنٹ، سیڈیٹو اور نارکاٹک ہے۔

خوراک:

گھوڑا اور مویشی	......	2 سے 6 ڈرام
کتا	......	5 گرین

مرکبات

ہپوڈرمک انجکشن کے کام آتا ہے۔ ایسی ٹیٹ آف مارفیہ کا سلوشن جو کہ 10 بوند میں ایک گرین ہوا انجکشن کیا جاتا ہے۔ گھوڑے کے لئے شکم کی بیماریوں میں 30 سے 60 بوند پچکاری کرتے ہیں۔

سلوشن آف ہیڈروکلوریٹ آف مارفیہ

ترکیب:

ہیڈروکلوریٹ آف مارفیہ	......	9 گرین
ڈائیلوٹ ہیڈروکلورک ایسڈ	......	18 بوند
ریکٹی فائیڈ اسپرٹ	......	1/2 اونس
ڈسٹلڈ واٹر	......	1.1/2 اونس

ہیڈروکلورک ایسڈ۔ اسپرٹ اور پانی کو ملاؤ۔ اور پھر عرق میں ہیڈروکلوریٹ آف مارفیہ حل کرلو یہ ایک فیصدی کی طاقت کا ہوگا۔

فائدہ اور استعمال: سیڈیٹو سپوری فک اور انٹس پازماڈک کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

خوراک: مثل لائیکولر ایسی ٹیٹ آف مارفیہ کے ہے۔

سلوشن آف سب ایسی ٹیٹ آف لڈ

اس کو لائیکوار پلمبائی ڈائی ایسی ٹیٹس. سلوشن آف ایسی ٹیٹ آف لڈ اور گولارڈ ایکسٹریکٹ بھی کہتے ہیں۔

ترکیب:

ایسی ٹیٹ آف لڈ ...... 5 اونس

اکسائیڈ آف لڈ کا سفوف یا لتھارج یا مردہ سنگ ...... 3.1/2 اونس

ڈسٹلڈ واٹر ...... 1 پائنٹ

ایسی ٹیٹ آف لڈ اور آکسائیڈ آف لڈ کو پانی کے ساتھ نصف گھنٹہ ملاؤ اور متواتر ہلاتے رہو۔ پھر چھان لو اور جب عرق سرد ہو جائے تو اور ڈسٹلڈ واٹر ملاؤ حتیٰ کہ کل مجموعہ 20 اونس ہو جائے صاف سلوشن کو بند بوتلوں میں رکھو تا کہ ہوائی کاربانک گیس اس کو خراب نہ کر دے۔

خواص: بھاری صاف بیرنگ سیال۔ الکلائن ہے۔ ذائقہ میٹھا اور اسٹرنجنٹ ہوا میں رکھنے سے گدلا ہو کر لڈ کاربونیٹ بن جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: لینی منٹ پلمبائی سب ایسی ٹیٹ بنانے کے کام آتا ہے۔

ڈائیلوٹ سلوشن آف سب ایسی ٹیٹ آف لڈ

اس کو گولارڈ واٹر بھی کہتے ہیں۔

ترکیب:

سلوشن سب ایسی ٹیٹ آف لڈ ...... 2 ڈرام

ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ...... 2 ڈرام

ڈسٹلڈ واٹر ...... 19 اونس

کو ملاؤ اور کاغذ کے ذریعے چھان لو صاف سلوشن کو مضبوط کارک والی بوتل میں رکھو۔

فائدہ اور استعمال: خارجی طور پر اسٹرنجنٹ اور سیڈیٹو ہے۔ کپڑے کو بھگو کر درد اور خراش اور سطح کی سوزش کو رفع کرنے کے واسطے جلد پر لگاتے ہیں۔ دیکھو بیان لینی منٹ بلمبائی سب ایسی ٹیٹس کو لیرم کے طور پر مساوی مقدار پانی میں ملا کر استعمال کرتے ہیں۔

سلوشن سب ایسی ٹیٹ آف لڈ اور اوپیم

ترکیب:

سلوشن سب ایسی ٹیٹ آف لڈ	......	1 فلوئیڈ ڈرام
ٹنکچر اوپیم	......	1 فلوئیڈ ڈرام
ڈسٹلڈ واٹر	......	6 فلوئیڈ اونس

لے کر ملاؤ۔

فائدہ اور استعمال: زخموں بلسٹر شدہ مقامات داغ دیئے ہوئے مقامات پر لگاتے ہیں اور آنکھ جلد اور سطح کی سوزش پر لگاتے ہیں۔

سلوشن آف پوٹاش

ترکیب:

کاربونیٹ آف پوٹاش	......	ایک پونڈ
سلیکڈ لائم	......	12 اونس
ڈسٹلڈ واٹر	......	ایک گیلن

کاربونیٹ آف پوٹاش کو پانی میں حل کر لو اور صاف لوہے کے برتن میں سلوشن کو یہاں تک گرم کرو کہ ابلنے لگے اور آہستہ آہستہ سلیکڈ لائم ملا لو اور دس منٹ ہلاتے رہو اور ابلنے کے عمل کو جاری رکھو۔ بعد میں برتن کو آگ پر سے اٹھا لو جبکہ سلوشن نہ حل ہونے والی اشیاء سے صاف ہو جائے تو اس کو رنگدار بوتل میں سائفن کے ذریعے ڈال دو جس پر ایسی ڈاٹ لگی

ہو کہ جس سے ہوا نہ گذر سکے اور ڈسٹلڈ واٹر بھی ملا لو۔

خواص: شفاف بے رنگ بے بو سیال ہے۔ اگر لٹمس کاغذ ڈالیں تو اس کا اثر مثل الکلائن کے ہوتا ہے۔ ذائقہ کرخت ہے۔ جب انگلیوں یا پوٹوں کے درمیان ملیں تو صابن کی طرح کا معلوم ہوتا ہے اگر اس میں ٹارٹارک ایسڈ کا سلوشن ڈال کر ہلائیں۔ تو ہیڈروجن پوٹاشیم ٹارٹریٹ کا تلچھٹ پیدا ہوگا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں پوٹاشیم ہے۔

فائدہ اور استعمال: کاسٹک پوٹاش بنانے کے کام آتا ہے۔

سلوشن نائیٹریٹ آف پوٹاش

ترکیب:

سفوف نائیٹریٹ آف پوٹاش	......	1 اونس
واٹر	......	7 اونس

فائدہ اور استعمال: گنگرین والے اور دوسرے زخموں کے واسطے اسٹی میولنٹ ہے اور سطح کی انفلامیشن خفیف اسپرین کے لئے مفید ہے۔

پرمنگنیٹ آف پوٹاش سلیوشن

پرمنگنیٹ آف پوٹاش	......	4 گرین
واٹر	......	1 فلوئیڈ اونس

فائدہ اور استعمال: مریض حصوں کی سطح کو صاف کرنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔

سلوشن سلفیورٹیڈ آف پوٹاش

ترکیب:

سلفیورک آف پوٹاش	......	1 اونس

واٹر 8اونس

کو لے کر حل کرلو۔

فائدہ اور استعمال: جلد پر اسکیب میں یا دوسرے جلدی امراض میں لگاتے ہیں۔

سلوشن آف سوڈا

ترکیب:

کاربونیٹ آف سوڈا	......	28اونس
سلیکڈ لائم	......	12اونس
ڈسٹلڈ واٹر	......	1 گیلن

کاربونیٹ آف سوڈا کو پانی میں حل کرلو اور ایک لوہے کے برتن میں ڈال کر ایسا گرم کرو کہ کھولنے لگے اور آہستہ آہستہ سلیکڈ لائم (بجھا ہوا چونہ) ملاؤ اور 15 منٹ تک متواتر ہلاتے رہو اور کھولنے کے فعل کو جاری رکھو اور بعد میں آگ پر سے برتن اٹھالو اور جب نہ حل ہونے والی اشیاء بیٹھ جائیں اور عرق صاف ہو جائے تو اس کے عرق کو سائیفن کے ذریعے ایک رنگدار بوتل میں ڈال دو جس کے اوپر مضبوط ڈاٹ لگی ہو۔

خواص: شفاف بے رنگ بے بو سیال ہے اگر اس میں لٹمس کاغذ ڈالیں تو اثر مثل الکلائن کے کرتا ہے ذائقہ کرخت ہے اگر ہاتھ یا پاؤں میں ملیں تو صابن سا معلوم ہوتا ہے اگر اس کو ٹارٹارک ایسڈ کے ساتھ ملائیں اور ہلائیں تو کوئی تلچھٹ نہیں بیٹھتا۔

فائدہ اور استعمال: اس سے کاسٹک سوڈا تیار کرتے ہیں۔

سلوشن آف اسٹرکنائن

ترکیب:

اسٹرکنائن کی قلمیں	......	10 گرین

ڈائیلوٹ ہیڈروکلورک ایسڈ	......	15 بوند
ریکٹی فائیڈ اسپرٹ	......	5 ڈرام
ڈسٹلڈ واٹر	......	15 فلوئیڈ ڈرام

ہیڈروکلورک ایسڈ کو 10 ڈرام پانی کے ساتھ ملاؤ اور اسٹرکینا کو مکسچر میں حرارت کے ذریعہ حل کرو اسپرٹ کو ملا کر باقی پانی ملالو۔

فائدہ اور استعمال: اسٹی میولنٹ اور ٹانک ہے۔

خوراک:

گھوڑا اور مویشی کے واسطے	......	2 سے 6 ڈرام
بھیڑ کے واسطے	......	1/2 سے 2 ڈرام
کتے کے واسطے	......	3 سے 10 بوند

نوٹ: لائیکوار اسٹرکینا کے 2 فلوئیڈ ڈرام میں ایک گرین اسرکینا ہوتا ہے۔

سلوشن آف کلورائیڈ آف زنک

اس کو بٹر آف زنک بھی کہتے ہیں۔

گرینولیٹڈ زنک	......	ایک پونڈ
ہیڈروکلورک ایسڈ	......	44 فلوئیڈ اونس
ڈسٹلڈ واٹر	......	1 پائنٹ

ہیڈروکلورک ایسڈ اور پانی کو طشتری میں ڈال کر اس میں زنک ڈال دو اور آہستہ آہستہ گرمی پہنچاؤ حتی کہ ہیڈروجن گیس نکلنے سے بند ہو جائے نصف گھنٹہ تک کھولاؤ اور جتنا پانی اڑ جائے اتنا اور ملا کر ٹھنڈا ہونے دو۔ پھر اس عرق کو ایک برتن میں فلٹر کرو اور اس کو دھوپ میں اڑنے دو تی کہ اس کا حجم 2 پائنٹ تک رہ جائے۔

خواص: بھاری روغنی بے رنگ عرق ہے اور اسمیں بہت اسٹرنجنٹ اور دھاتی ذائقہ ہوتا

ہے۔ جب پانی کے ساتھ ملا کر اس کو وائیلوٹ کیا جائے اور سلفورٹڈ ہیڈروجن ملایا جائے کوئی تلچھٹ پیدا نہیں ہوتا ہے اگر لیڈ موجود ہو تو سیاہ تلچھٹ لڈ سلفائیڈ کا پیدا ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: عموماً ڈیوڈ دورانیہ اور ڈس انفکٹنٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس مطلب کے واسطے ایک اونس زنک کلورائیڈ کے عرق میں ایک گیلن پانی ملانا چاہیے۔ اور پھر اس عرق کو کمرہ کے فرش پر چھڑکنا چاہیے یا رکابی میں ڈال کر کمرہ میں رکھ دینا چاہیے۔ برنٹ صاحب کے فلوئیڈ کے 15 قطرے ایک پائنٹ پانی کے ساتھ ملانے سے ایک سلوشن تیار کرتے ہیں جو کہ کھلے ہوئے جوڑوں پر اسپنج کے ذریعے لگاتے ہیں۔ تیز حالت میں یہ قوی اسٹرنجنٹ اور کاسٹک ہے اور گندے چٹوں اور زخموں ناسور اور بڑھے ہوئے انگوروں پر لگایا جاتا ہے۔ دیکھو زنک کلورائیڈ اس کا ایک مرکب کلورائیڈ ہے۔

سلوشن آف زنک سلفیٹ

ترکیب:

سلفیٹ آف زنک	......	پانچ اونس
ڈسٹلڈ واٹر	......	20 اونس

سلفیٹ آف زنک کو پانی میں ملاؤ اور آنچ کی مدد سے حاصل کر دو۔

فائدہ اور استعمال: مثل سلوشن آف زنک کلورائیڈ کے ہے۔

لوبے لیا

اس کے درخت کو لوبے لیا ان فلی نا کہتے ہیں۔ یہ ایک قسم کا جنگلی تمباکو ہے سارا دوا میں استعمال ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: یہ دو حیوانات کے علاج میں بہت کم استعمال ہوتی ہے۔ مگر اس کا ایتھریئل ٹنکچر گھوڑوں کے دمہ کی بیماری میں بمقدار ایک اونس کے استعمال کر سکتے ہیں۔

ایتھرئیل ٹنکچر بنانے کی ترکیب: کوٹا ہوا بے لیا 2.1/2 اونس۔ایک پائنٹ اسپرٹ اور ایتھر میں سات روز تک بھگو رکھیں۔بعد نچوڑ کر کاغذ کے فلٹر پر چھان لیں اور تب اُس میں اس قدر اسپرٹ اور ایتھر ملا دیں جس میں ایک پائنٹ پورا ہو جائے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 1/2 سے 1 اونس

لوشن آف کاربالک ایسڈ

ترکیب: کاربالک ایسڈ ...... ایک ڈرام

پانی ...... 6 سے 12 اونس

ملاؤ اور خوب ہلاؤ۔

فائدہ اور استعمال: یہ لوشن نا تندرست زخموں اور اندولنٹ السروں۔بھیڑوں کے فٹ راٹ۔اور مویشیوں کے فول اندی فٹ کے مرض میں۔اگزیما۔گریس میں اور اسکیب کے مرض میں بطور ڈریسنگ کے استعمال ہوتا ہے۔جس سے کھجلی کم ہو جاتی ہے۔

نوٹ: نصف ڈرام کاربالک ایسڈ اور 20 اونس پانی۔منہ۔پاؤں اور جانوروں کے حیوانہ دھونہ کیلئے فٹ اینڈ ماؤتھ ڈیسز میں منہ اور پاؤں دھونے کیلئے اچھا ہے۔

لوشن آف ایسی ٹیٹ آف ایمونیا

ترکیب:

لوشن آف ایسی ٹیٹ ایمونیا ...... 4 اونس

ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ...... 4 اونس

پانی ...... 1 پائنٹ

سب کو ملا لو۔

فائدہ او استعمال: ڈس کیوشنٹ ہے۔مریض جگہ اس لوشن سے ہمیشہ تر رکھنی چاہیے۔

لوشن آف کلورائیڈ آف ایمونیا اور کافور

اس کو ڈس کیوشنٹ لوشن کہتے ہیں۔

ترکیب:

سفوف کلورائیڈ آف ایمونیا	......	1 اونس
ڈائیلوٹ ایسی ٹک ایسڈ	......	8 اونس
اسپرٹ آف کمفر	......	1 اونس

کلورائیڈ آف ایمونیا کو ڈائیلوٹ ایسی ٹک ایسڈ میں حل کرو اور پھر اسپرٹ کمفر ملاؤ۔

فائدہ اور استعمال: بطور ڈس کیوشنٹ کے انڈولنٹ ٹیومروں اور مزمن موچوں پر استعمال کرتے ہیں۔ استعمال سے پہلے اس کو خوب ہلانا چاہیے اور زور سے ملنا چاہیے۔

لوشن آف کلورائیڈ آف ایمونیا اور نائیٹریٹ آف پوٹاش

اس کو کولنگ یا ریفرجرنٹ لوشن بھی کہتے ہیں۔

ترکیب:

کلورائیڈ آف ایمونیا	......	2.1/2 اونس
نائیٹریٹ آف پوٹاش	......	2.1/2 اونس
پانی	......	1 پائنٹ

کلورائیڈ آف ایمونیا اور نائیٹریٹ آف پوٹاش کو پانی کے ساتھ ملاؤ جب حل ہو جائے تو کپڑے کو اس لوشن سے تر کر کے سوزش دار حصہ پر لگاؤ۔

ییلو مرکیورل لوشن

اس کا دوسرا نام ییلو واش ہے۔

ترکیب: پرکلورائیڈ آف مرکیوری ...... 18 گرین

لائم واٹر ...... 10اونس ملالو۔

فائدہ اور استعمال: ناتندرست زخموں اورالسروں کواسٹی میولنٹ کرتا ہے۔

بلیک مرکیورل لوشن

اس کو بلیک واش بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: سب کلورائیڈ آف مرکری یا کیلومل ...... 30 گرین

لائم واٹر ...... 13فلوئیڈ اونس ملالو۔

فائدہ اور استعمال: مثل ییلو واش کے ہے۔

میگنیشیا

اس کا دوسرا نام میگنیشم اوکسائیڈ ہے۔

ترکیب: کاربونیٹ آف میگنیشیا4اونس لیکرایک برتن میں ڈالو جو کہ قدرے بند ہو۔اس کے نیچے آگ جلاؤ۔حتیٰ کہ برتن کے پینڈے میں سے اس کی تھوڑی سی مقدار لیویں اوراس کو ٹھنڈا کریں۔اورڈائیلوٹ سلفیورک میں ڈالیں تو کوئی تلچھٹ پیدا نہ ہو۔بس ثابت ہوگا کہ اس میں کوئی کاربونیٹ نہیں ہے۔

خواص: سفید سفوف ہے۔جو بہت تھوڑے پانی میں حل ہو جاتا ہے۔لیکن ایسڈ میں بہت جلدی بغیر جوش کے حل ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: انٹاسڈ۔لکسی ٹیو۔ویٹرنری ڈاکٹر اس کو عموماً بدہضمی کی مرض میں

بچھیروں اور بچھڑوں کو دیتے ہیں۔

خوراک: بچھیروں کو کسی کارمینیٹو۔ دوا کے ساتھ ملا کر 2 سے 8 ڈرام تک دودھ یا گروئل میں دیتے ہیں۔

کاربونیٹ آف میگنیشیا

ترکیب:

سلفیٹ آف میگنیشیا	......	10 اونس
کاربونیٹ آف سوڈا	......	12 اونس
کھولتا ہوا ڈسٹلڈ واٹر	......	حسب ضرورت

سلفیٹ آف میگنیشیا اور کاربونیٹ آف سوڈا کو علیحدہ علیحدہ ہر ایک کو ایک، ایک پائنٹ پانی میں حل کر دو دونوں سلوشنوں کو ملا لو اور ریت کے حمام پر رکھ کر اڑاؤ جب تک بالکل خشک نہ ہو جائیں۔

خواص: سفید دانہ دار سفوف ہے جو کہ ڈائیلوٹ نائٹرک ایسڈ میں حل ہو جاتا ہے اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ اس میں کاربونیٹ ہے اگر اس کے عرق میں امونیم کلورائیڈ یا ہیڈروجن سوڈیم فاسفیٹ ڈالیں تو کثرت سے سفید قلمدار تلچھٹ پیدا ہو جاتا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں میگنیشیم ہے۔

فائدہ اور استعمال: مثل میگنیشیا کے ہے۔

سلفیٹ آف میگنیشیا

اس کو اپسم سالٹ بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: اس کے تیار کرنے کے طریق بہت ہیں لیکن سب سے سادہ طریق یہ ہے کہ کہ میگنی سائٹ یا قدرتی کاربونیٹ آف میگنیشیا کو ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ میں ڈال کر گرم کرو

تا کہ سلوشن بن جائے اور کاربالک انہاڈرائیڈ خارج ہونے سے بند ہو جائے۔ چھاپنے اور اڑانے کے بعد جو سلفیٹ آف میگنیشیا رہ جائے اس کو سرد کر کے قلمیں بنالو۔

خواص: بہت چھوٹی بیرنگ شفاف معین قلمیں ہوتی ہیں۔ ذائقہ کڑوا ہوتا ہے۔ پانی میں جلدی حل ہو جاتا ہے۔ اگر اس عرق میں جس میں یہ گھلا ہوا ہو۔ ایمونیم کلورائیڈ ایمونیا سوڈیم فاسفیٹ ملایا جائے تو کثرت سے ایک سفید قلمدار تلچھٹ پیدا ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: کتھارٹک۔ ڈایوریٹک اور فیبر یفیو رج ہے۔ پر گے ٹیو کے طور پر جنجر کے ساتھ ملا کر بھیڑوں اور مویشیوں کو دیتے ہیں۔ گھوڑوں کو فیبر یفورج اور لڈ کے زہروں میں بلورانٹی ڈوٹ کے دیتے ہیں۔

خوراک: بطور کتھارٹک

مویشی کے واسطے ...... 1 سے 1.1/2 پونڈ

بھیڑ کے واسطے ...... 1 سے 2 اونس

کتے کے واسطے ...... 1 سے 4 ڈرام

خوراک بطور فیبر یفیو رج

گھوڑا کے واسطے ...... 2 سے 4 اونس

گھوڑوں کو پانی میں گھول کر دو دفعہ دن میں دیتے ہیں۔

طریق استعمال: اس کے وزن سے 10 یا 20 گنا پانی میں حل کرتے ہیں سخت قبض اور امعاء کی سستی میں ایک ڈرام کیلول 10 سے 15 جمال گوٹہ کے بیج کبھی کبھی اس نمک کی معمولی خوراک میں دیئے جاتے ہیں تا کہ جلاب کا اثر بڑھ جائے۔

مانع استعمال: الکلائن کاربونیٹ لائم واٹر ایسی ٹیٹ آف لڈ کے ساتھ دینا منع ہے۔

بلیک آوکسائیڈ آف مینگنیز

اس کو مینگنیز پراوکسائیڈ۔ مینگنیز ڈائی اوکسائیڈ پراوکسائیڈ آف مینگنیز یا سن اوکسائیڈ آف مینگنیز بھی کہتے ہیں۔

خواص: بھاری سیاہ سفوف ہے جو کہ ہیڈ روکلورک ایسڈ میں بالکل حل ہو جاتا ہے اور کلورین گیس خارج ہو جاتی ہے۔ جب اس کو خوب گرم کیا جاتا ہے اس سے آکسیجن خارج ہوتی ہے۔

فائدہ اور استعمال: اکثر کے کلورین گیس اور پرمیگنیٹ آف پوٹاش کے تیار کرنے میں استعمال ہوتا ہے۔

وائٹ ماربل یا سنگ مرمر

خواص: بھاری وزنی ٹھوس قلمیں ہوتی ہیں۔ ہیڈ روکلورک ایسڈ میں بالکل حل ہو جاتا ہے اور کاربانک انہائیڈ رائیڈ خارج ہوتی ہے۔

فائدہ اور استعمال: اکثر کر کے کاربالک انہائیڈ رائیڈ کے تیار کرنے میں کام آتا ہے۔

ماس آف ایلوز

ترکیب: چھوٹے ٹکڑے ایلوز ...... 8 اونس
گلیسرین ...... 2 اونس
سفوف جنجر ...... 1 اونس
ریپ آئل یا السی کا تیل ...... 1 اونس

ایک پانی کے حمام میں اکٹھی پگھلا لو اور خوب ہلا کر ملا لو۔

فائدہ اور استعمال: گھوڑوں کے واسطے کتھارٹک ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 6 سے 8 ڈرام

کمپونڈ ماس آف ایلوز

ترکیب: سفوف باربیڈوز ایلوز ...... 1 اونس

سافٹ سوپ ...... 1 اونس

کامن ماس ...... 6 اونس

سب کو لے کر کھرل کرو۔

فائدہ اور استعمال: گھوڑوں کے واسطے الٹریٹو ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 1 اونس

کمپونڈ ماس آف ٹارٹریٹڈ انٹی مینی

اس کو فیور بال بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: سفوف ٹارٹریٹڈ انٹی مینی ...... 1/2 ڈرام

سفوف کمفر ...... 1/2 ڈرام

سفوف نائٹریٹ آف پوٹاش ...... 2 ڈرام

کامن ماس ...... 2 ڈرام

ایسا ملاؤ جس سے بولس بن سکیں۔

فائدہ اور استعمال: گھوڑوں کے واسطے فیبر بفیورج ہے۔

خوراک: مذکورہ بالا مکسچر صرف ایک خوراک ہے۔

کمپونڈ ماس آف بلاڈونہ

ترکیب: ایکسٹریکٹ آف بلاڈونہ ...... 1/2 سے 1 ڈرام
سفوف باربیڈوز ایلوز ...... 1 ڈرام
سفوف نائٹریٹ آف پوٹاش ...... 2 ڈرام
کامن ماس ...... حسب ضرورت
لے کر ایسے ملاؤ کہ جن سے بالس بن سکے۔

فائدہ اور استعمال: گھوڑوں کو مزمن کھانسی میں دیتے ہیں۔

خوراک: مذکورہ بالا مکسچر صرف ایک خوراک ہے۔

کمپونڈ ماس آف کے ٹی کیو

اس کو اسٹرنجنٹ ماس بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: باریک سفوف کیٹیکو ...... 1 اونس
باریک سفوف سینے مم بارک ...... 1 اونس
کامن ماس ...... 6 اونس
کو لے کر ملالو۔

فائدہ اور استعمال: گھوڑوں کیلئے اسٹرنجنٹ ہے۔

خوراک: ایک اونس لیکر گولی بنا کر دیتے ہیں۔

کامن ماس

ترکیب: باریک پسی ہوئی السی ...... مساوی مقدار

ٹریکل	......	مساوی مقدار

لے کر ایسی ملاؤ۔ کہ ماس بن سکے۔

فائدہ اور استعمال: ان دواؤں میں جو کہ گولی کی صورت میں استعمال ہوتی ہے گولی بنانے کے واسطے ڈالتے ہیں۔

ماس سلفیٹ آف کاپر

اس کو ٹانک ماس بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: سلفیٹ آف کاپر کا باریک سفوف	......	1 اونس
جنجر پوڈر	......	1 اونس
کامن ماس	......	6 اونس

کو لے کر ملالو۔

فائدہ اور استعمال: گھوڑوں کے واسطے ٹانک ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسے	......	6 سے 8 ڈرام

کمپونڈ ماس آف ڈیجی ٹیلس

اس کا کاف بال بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: سفوف باربیڈوز ایلوز	......	2 اونس
ڈیجی ٹیلس	......	1 اونس
کامن ماس	......	13 اونس

کو لے کر ملاؤ۔

خوراک:

1اونس ...... گھوڑے کیلئے

ایک یا دو دفعہ دن میں دے سکتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: مزمن کھانسی میں دیتے ہیں۔

ماس سلفیٹ آف آئرن

ترکیب: سفوف سلفیٹ آف آئرن 2اونس

جنجر پوڈر 1اونس

کامن ماس 5اونس

لے کر ملالو۔

فائدہ اور استعمال: ٹانک فائدہ کے واسطے گھوڑوں میں استعمال ہوتا ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے 6سے 8ڈرام

کمپونڈ ماس آف ریزن

اس کو ڈائیوریٹک ماس بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: سفوف ریزن، سفوف نائٹریٹ آف پوٹاش، ہارڈ سوپ تمام مساوی مقدار میں لیکر ملالو۔

فائدہ اور استعمال: گھوڑوں کے لئے ڈائیوریٹک ہے۔

خوراک: گھوڑا کے واسطے 1اونس

کمپونڈ ماس آف جنجر

اس کو کارڈئیل ماس بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: سفوف جنجر اور سفوف جنشن روٹ مساوی مقدار اور ٹریکل حسب ضرورت لیکر ملالو تا کہ گولیاں بن سکیں۔

فائدہ اور استعمال: گھوڑوں کیلئے اسٹوماکک ہے۔

خوراک: گھوڑا کے واسطے ...... 1 اونس

ایمونیا مکسچر

ترکیب: سلوشن آف ایمونیا، اسپرٹ نائیٹرس ایتھر اور کمپوڈ ٹنکچر آف جنشن مساوی مقدار میں لے کر ملاؤ۔

فائدہ اور استعمال: اسٹی میولنٹ اور انٹس پازماڈک ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 1 سے 2 فلوئیڈ اونس

مویشی کے واسطے ...... 1 سے 4 فلوئیڈ اونس

بھیڑ کے واسطے ...... 4 سے 6 فلوئیڈ اونس

طریق استعمال: اس کو مکسچر کو 8 یا دس گنا پانی میں پتلا کر دیتے ہیں۔

کریازوٹ مکسچر

ترکیب: کریازوٹ ...... 16 بوند

ایسٹک ایسڈ ...... 16 بوند

اسپرٹ آف جونی پر ...... 1/2 ڈرام

سرپ ...... 1 اونس

ڈسٹلڈ واٹر ...... 15 اونس

لے کر ملالو۔

فائدہ اور استعمال: اسٹرنجنٹ۔ اسٹپک اور انٹی سپٹک ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 7 سے 10 اونس

کتے کے واسطے ...... 1/2 سے 1 اونس

کمپونڈ چاک مکسچر

اس کو شیپ اور کاوس کارڈیل بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: پری پےارڈ چاک ...... 2 اونس

سفوف چاک ...... ایک اونس

جنجر پاؤڈر ...... 1/2 اونس

اوپیم ...... 1 ڈرام

پیپر منٹ واٹر ...... 1 پائنٹ

لے کر ملا لو۔

فائدہ اور استعمال: بھیڑ اور گائے کے بچھڑہ کو ڈاریا روکنے کیلیئے استعمال کرتے ہیں۔

خوراک: بچھڑے کے واسطے ...... 1/2 سے 1 اونس

بھیڑ کے واسطے ...... 4 سے 8 ڈرام

کسٹرائل مکسچر

ترکیب: کسٹرائل ...... 3 اونس

بک تھارن کا سرپ ...... 2 اونس

پوست کا شربت یا سرپ آف پاپی پیز ...... 1 اونس

کو لے کر ملا لو۔

فائدہ اور استعمال: کتوں کیلئے کھار تک ہے۔

خوراک: کتے کے واسطے ...... 4 سے 8 فلوئیڈ اونس

ایسی ٹیٹ آف مارفیہ

ترکیب: ہیڈ روکلوریٹ آف مارفیہ کو امونیہ کے سلوشن میں ملا کر وائیلوٹ لیسٹیک ایسڈ ڈال کر اس تلچھٹ کو جو بیٹھ جائے معمولی حرارت پر رکھ کر قلمیں بنا لیتے ہیں۔

خواص: یہ الکلائیڈ کی طرح کا ہوتا ہے جو کہ اس طرح پہچانا جاتا ہے کہ سلفیورک ایسڈ ڈالنے سے سرکہ کی بو نکلتی ہے۔

اثر اور استعمال خوراک طریقہ استعمال:

کیلئے مارفیہ ہیڈ روکلوراس کا بیان دیکھو۔

اس سے سلوشن مارفیہ ایسی ٹیٹ بنتا ہے۔

گرجن کا تیل

اُس کے درخت کو کوڈٹ ٹے روکارپس لے دس کہتے ہیں احاطہ بنگال میں یہ درخت بہت پیدا ہوتا ہے اس درخت کو پاچھنے سے گرجن آئل نکلتا ہے اور یہ روغن شفاف اور بھورا رنگ رکھتا ہے۔

گواکم

اس کے درخت کو گواکم افیسی نے لس بولتے ہیں اس کا برادہ اور اس درخت کی رال دوا میں برتتے ہیں۔ یہ رال الکوحل اور ایتھر اور دور سے کھاری روغنوں میں حل ہو جاتی ہے۔

فائدہ اور استعمال: الٹریٹو اور اسٹی میولنٹ ہے۔ روماٹیزم اور جلدی بیماریوں اور سینہ کی امراض اور فارسی میں استعمال کرتے ہیں۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 2 سے 4 ڈرام

مویشی کے واسطے ...... 4 سے 6 ڈرام

بھیڑی کے واسطے ...... 1/2 سے ایک ڈرام

کتے کے واسطے ...... 10 سے 15 گرین

گوگل

انگریزی میں اس گوند کو بی ڈی لی ام کہتے ہیں۔ اس کی لکڑی گول گول سرخ اور سیاہی مائل ہوتی ہیں۔ ذائقہ تلخ اور کسی قدر تیز ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: اس کا عمل کم مرکے ہیں لیکن بدبودار اور خراب زخموں پر اس کو بطور مرہم کے استعمال کرتے ہیں۔

ہیڈروکلوریٹ آف مارفیہ

ترکیب: افیون کے ٹکڑے ...... 1 پونڈ

کلورائیڈ آف کیلشیم ...... 3/4 اونس

صاف کیا ہوا حیوانی کوئلہ ...... 1/4 اونس

ڈائیلوٹ ہیڈروکلورک ایسڈ ...... 2 فلوئیڈ اونس یا حسب ضرورت

سلوشن آف ایمونیا اور ڈسٹلڈ واٹر...... حسب ضرورت

اوپیم کو دو پائنٹ پانی میں 24 گھنٹہ تک بھگو کر اوپر سے نتھار لو اور باقی ماندہ کو بھی دو پائنٹ پانی میں 12 گھنٹہ تک بھگو کر نتھار لو اور یہی عمل اسی قدر پانی کے ساتھ کرو اور بقیہ کو دبا کر اس میں سے پانی نکال لو اور پڑے ہوئے عرقوں کو ملا کر پانی کے حمام میں رکھ کر اڑاؤ تاوقتیکہ

ایک پائنٹ رہ جائے پھر اس کو لٹھے کے کپڑے میں ڈال کر چھان لو اس چھنے ہوئے عرق میں پرکلورائیڈ کیلشیم جو 4 اونس ڈسٹلڈ واٹر میں گھلا ہوا ہو ملاؤ اور عرق کو اڑاؤ تاوقتیکہ سرد ہونے پر ٹھوس مجموعہ بن جائے۔ تب اُس کو مضبوط لٹھے کے کپڑے میں ڈال کر خوب دباؤ اور جو سیاہ عرق اس میں سے نکلے اس کو حفاظت سے رکھو اور چھکے کو جو کپڑا اپر رہے 1/2 پائنٹ کھولتے پانی کے ساتھ ملا کر کاغذ کی چھلنی میں ڈال دو اور جو بقیہ اس کا رہے۔ اس کو کھولتے ہوئے پانی کے ساتھ صاف کرو چھنے ہوئے عرقوں کو پہلے کی طرح اڑا کر اور سرد کر کے ٹھوس بنا لو اگر اس میں پھر بھی رنگ ہو۔ تو تیسری دفعہ یہی عمل کرو اور چھنے ہوئے عرقوں کو ہمیشہ حفاظت سے بچائے رکھو بعدازاں اس میں حیوانی کوئلہ ملا کر 20 منٹ تک رہنے دو اور چھنے ہوئے عرق کو کھولتے ہوئے ڈسٹلڈ واٹر کے ساتھ پھر دھو ڈالو بعدازاں اس عرق میں عرق ایمونیا کثرت سے ملاؤ قلمدار مافیہ جو عرق کے سرد ہونے پر فلٹر کے کاغذ پر جمع ہو ٹھنڈے ڈسٹلڈ واٹر کے ساتھ دھو ڈالو بعد اس طول طویل کے اس کو سرد ہونے دو اور قلمیں بن جانے دو۔

خواص: سفید سوئی کی سی ریشم کی طرح کی قلمیں ہوتی ہیں جو ہوا میں پڑا رہنے سے تبدیل نہیں ہوتیں۔ پانی اور الکوحل میں حل ہو جاتی ہیں۔ اس کے آبی عرق سے نائٹریٹ آف سلور اور سفید تلچھٹ پیدا کرتا ہے۔ نائٹرک ایسڈ کے ساتھ نارنگی کی طرح کا سرخ ہو جاتا ہے۔ پرکلورائیڈ آف آئرن کے ساتھ سبز سا نیلا ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی انوڈائن، سیڈیٹو، سپوری فک اور انٹس پازماڈک ہے۔ خارجی استعمال میں نیورالجیہ۔ ٹے ٹےنس یا چاندنی۔ اکیوٹ روماٹیزم۔ اور گھوڑوں کی انٹی رائنس میں استعمال کرتے ہیں۔

خوراک: گھوڑا اور مویشی ...... 3 سے 10 گرین
بھڑ اور خوک ...... 1/2 سے 2 گرین
کتے ...... 1/8 سے 1/2 گرین

طریق استعمال: داخلی استعمال میں بولس کی صورت میں یا پانی یا ڈائیلوٹ ہیڈروکلورک ایسڈ میں حل کر کے دیتے ہیں۔ خارجی بذریعہ پچکاری استعمال کرتے ہیں۔
انٹی ڈوٹ: دیکھو بیان اوپیم

مارفائن یا مارفیہ

یہ افیون سے حاصل ہوتا ہے۔ سرد پانی میں تقریباً ناحل ہوتا ہے ہیڈروکلورک ایسڈ یا ایسٹک ایسڈ میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔ ایسٹیٹ آف مارفیہ یا ہیڈروکلورک آف مارفیہ کی شکل میں برتا جاتا ہے۔

اپومارفائن

ترکیب: مارفائن میں کثرت سے ہیڈروکلورک ایسڈ ڈال کر چند گھنٹوں تک گرم کرتے ہیں اور بعدازاں ہیڈروکلورایٹ جو اس طرح سے پیدا ہو بذریعہ کاربونیٹ آف سوڈا کے تہ نشین کرتے ہیں۔
خواص: ایک بیڈول سفوف ہے جو کہ ہوا میں جلدی سے سبز ہو جاتا ہے اور ایتھر میں حل ہو کر گلابی رنگ پیدا کرتا ہے۔
فائدہ اور استعمال: یہ ایک قوی اے مٹک ہے۔
خوراک: کتے کے واسطے

...... 1/10 سے 1/8 گرین

مدار

یہ درخت ہند کے اکثر مقامات پر ریتلی زمینوں میں پیدا ہوتا ہے۔ اس کی چھال خشک کر کے دوا میں برتتے ہیں چھال کے جمع کرنے کی ترکیب کہ اپریل اور مئی میں جڑ

کر کھود کر مٹی اور ریت سے خوب صاف کر کے سایہ میں خشک کریں جب تک پاچھنے سے دور نہ نکلے پھر چھال کو چھیل کر کے سفوف کر لیں۔

اثر اور استعمال: یہ دوا بدل اپی کے کیوانا کا ہے۔ یہ اُس کے عوض میں بخوبی برتا جاتا ہے۔ ڈاکٹر اسٹیل اس کو زخموں پر لگانا بتلاتے ہیں۔ اور چھلے ہوئے مقاموں پر لگانے سے درد جاتا رہتا ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 1 سے 2 ڈرام

مویشی کے واسطے ...... 1 سے 2 ڈرام

بھیڑ کے واسطے ...... 20 سے 60 گرین

کتے کے واسطے ...... 5 سے 10 گرین

میوسیلج آف گم اکاشیا

ترکیب: گم اکاشیا کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ...... 13 اونس

ڈسٹلڈ واٹر ...... 1 پائنٹ

گوند اور پانی کو ایک مٹی کے برتن میں ڈال دو اور متواتر ہلاتے رہو حتیٰ کہ گوند حل ہو جائے اگر ضرورت ہو تو ململ کے کپڑے سے چھان لو۔

فائدہ اور استعمال: ایلیمینٹری کینال کی خراش کو جو کہ بعض امراض یا زہروں سے ہوتی ہے رفع کرنے کے واسطے ڈیمل سینٹ اور ایمولی اینٹ ہے۔ نیز مثانہ کی سوزش یا گردہ کی سوزش کیلئے پچکاری کرتے ہیں۔

خوراک: حسب ضرورت

میوسلج آف سٹارچ

ترکیب: سفوف سٹارچ 1/2اونس

پانی 1پائنٹ

اسٹارچ کو پیس کر پانی کے ساتھ ملاؤ۔ پھر چند منٹ تک اوبالو اور متواتر ہلاتے رہو۔

فائدہ اور استعمال: انیما تیار کرنے کے کام آتا ہے۔

مائیلابرس

اس کو چائی نیز بلسٹرنگ فلائی یا تیلنی مکھی بھی کہتے ہیں۔ یہ ایک قسم کا کیڑا ہے۔ جو ہندوستان اور چین میں پودوں کے پھولوں پر پایا جاتا ہے۔ قریباً سوا انچ لمبا ہوتا ہے۔ پر سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں اور ہر ایک پر دو دو بھورے زردی مائل دھبے پائے جاتے ہیں۔
فائدہ اور استعمال: اس کا اثر کنتھر اڈیز کی طرح ہے۔ اختلاف اس میں اور تیلنی مکھی میں یہ ہے کہ اسکو بدن پر لگانے سے گردوں پر کوئی اثر نہیں ہوتا مرہم میلبے برائیڈس کی صورت میں کونٹرا ایری ٹینٹ اور دیسی کنٹ فائدہ کیلئے استعمال کرتے ہیں۔

چال مگرا

یہ درخت شمالی ہند میں آسام تک اور وہاں سے پھر ہمالیہ کے نیچے تک پیدا ہوتا ہے۔ بویا جاتا ہے اس کے درخت کو جائی نوکارڈیا اور ڈروی ٹابو لتے ہیں۔
صفت: اس کا بیج دوا میں استعمال ہوتا ہے اور یہ ایک انچ لمبی بیضوی شکل کے ہوتے ہیں۔ ان کے اوپر سرمئی رنگ کا نازک چکنا چھلکا ہوتا ہے۔ چیڑنے سے غلیظ روغن نکلتا ہے۔ جس میں خاص قسم کی بو اور ذائقہ ہوتا ہے۔
اثر اور استعمال: یہ دوا لٹی ریٹو۔ اور ٹانک ہے زیادہ مقدار میں ایمے ٹک۔ اور مختلف قسم

کے جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں۔

خوراک: بیج کے سفوف کی۔

گھوڑا کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	4 ڈرام سے 1.1/2 اونس
خوک کے واسطے	......	2 سے 3 ڈرام
کتے کے واسطے	......	6 سے 10 گرین

دے سکتے ہیں۔ گولی بنا کر دن میں تین مرتبہ کھلانی چاہیے۔

خوراک: چال مگرا کے تیل کی

گھوڑا کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	2 ڈرام سے 1 اونس
کتے کے واسطے	......	10 سے 30 بوند

روغن کی مالش کرتے ہیں اور بچوں کو مرہم کے طور پر بھی لگاتے ہیں جلدی امراض مثلاً سورائی سس وغیرہ میں لگاتے ہیں۔

ٹرمی رک

ہلدی کے درخت کو کر کیولا ما نگا کہتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: ہلدی کا اسٹی میولنٹ اور کارمی نیٹو ہے۔ زکام میں اس کی دھونی سنگھانے میں اس کی قسم کی چیزوں میں جب ہلدی کا عرق لگتا ہے۔ تو سرخ ہو جاتا ہے۔ اسی واسطے اس سے رنگا ہوا پیشاب کی کھاریت معلوم کرنے کے کام آتا ہے۔ اس کاغذ کو ٹرمی رک پیپر بولتے ہیں۔ ہلدی کا ڈی کاکشن مرض افتھالمیا میں کام آتا ہے۔

کائی نو

درخت کو پاچھنے سے جو رس نکلتا ہے۔ اسی کو کائی نو کہتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: اسٹرنجنٹ ہے ڈاریا۔ ڈیسنٹری میں کام آتا ہے اس کے عوض ڈھاک کی گوند اور کتھا برت لیتے ہیں۔

خوراک: مثل کتھا کے ہے۔

مرہ

یہ ایک درخت کی گوند ہوتی ہے۔ جو اُس کی ٹہنیوں کو پچھنے لگانے سے نکلتی ہے۔ بے قاعدہ اور مختلف قد کے ٹکڑے ہوتے ہیں۔ کسی قدر شفاف سرخ بھورے رنگ کے ہوتے ہیں۔ ٹوٹی ہوئی سطح بے قاعدہ اور روغنی معلوم ہوتی ہے۔ بو خوشگوار ہوتی ہے۔ ذائقہ تیز اور تلخ ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی اسٹی میولنٹ اور ٹانک کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ بعض اوقات ڈسپپسیا میں جو کہ کمزوری کی وجہ سے ہو دی جاتی ہے۔ مویشی میں عموماً پرانی کھانسی میں افیون کے ہمراہ دیتے ہیں۔ خارجی طور پر اکسائی ٹینٹ اور ڈیوڈ رائزرس فائدہ کے واسطے زخموں اور انڈولنٹ اور بدبودار السروں میں استعمال کرتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	1/2 ایک اونس
بھیڑ و خوک کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
کتے کے واسطے	......	10 سے 30 گرین

طریق استعمال: داخلی بولس ٹنکچر مر ٹنکچر ایلوز کمپونڈ کی شکل میں دیتے ہیں۔ خارجی طور پر سفوف ٹنکچر مر اور ٹنکچر ایلوز ایٹ مر کی شکل میں استعمال کرتے ہیں۔

مرکبات

☆ ٹنکچر مر ☆☆ ٹنکچر ایلوز کمپونڈ

نکسوامیکا یعنی کچلا

سٹرکناس نکسوامیکا کے بیج ہوتے ہیں۔مشرقی ہند سے لائے جاتے ہیں۔

خواص: تقریباً گول اور چپٹے قطر میں ایک انچ کے قریب ہوتے ہیں۔ایک طرف سے قدرے محدب باہر خاکی بھورے رنگ کے ہوتے ہیں۔اس پر چھوٹے چھوٹے باریک بال ہوتے ہیں اندرونی طرف سے نیم شفاف سخت اور سینگ کی طرح ہوتے ہیں۔ذائقہ نہایت کڑوا اور بے بو ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: زیادہ خوراکوں میں نہایت زہر ہے۔طبی خوراکوں میں، فالج، پری پلیجیا، ایموروسس میں نروس اسٹی میولنٹ فائدہ کے واسطے دیتے ہیں۔کوریا اور ایلمنٹری کینال کی بیماروں میں مثلاً ڈسپپشیا۔ڈیسٹری اور کالک میں جو کہ لڈ پایزن سے ہوگیا ہوٹانک کے طور پر دیتے ہیں۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 30 سے 60 گرین

مویشی کے واسطے ...... 1 سے 6 ڈرام

بھیڑ وخوک کے واسطے ...... 5 سے 15 گرین

کتے کے واسطے ...... 1/2 سے 3 گرین

طریق استعمال: سفوف شدہ بیج کو بولس یا گولی کی شکل میں دیتے ہیں۔ایکسٹریکٹ نکسوامیکا اور ٹنکچر نکسوامیکا کی شکل میں استعمال ہوتا ہے۔

انٹی ڈوٹ۔ڈی کاکشن آف تمباکو

مرکبات

☆☆ نیچر کسوامیکا

☆سٹر کنیا

سونف کا تیل

ترکیب: یورپ میں سونف کے درخت کے پھل کو مقطر کرنے سے اور چین میں سونف کے پھل کو پانی کے ساتھ ملا کر ٹپکانے سے حاصل ہوتا ہے۔

خواص: بے رنگ یا ہلکا زرد ہوتا ہے۔ اس میں سونف کی بو ہوتی ہے اور ذائقہ گرم میٹھا ہوتا ہے۔ حرارت دینے سے بالکل اڑ جاتا ہے اور پچاس درجہ فارن ہائٹ پر جم جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: دوائیوں اور چٹنیوں وغیرہ کو خوشبودار کرنے کیلئے استعمال کرتے ہیں نیز کتوں اور چھوٹے حیوانوں کی جوئیں مارنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔

کیجو پٹ آئل

ترکیب: اس کے درخت کو پتوں کو ڈسٹلڈ کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ سینگا پور سے لایا جاتا ہے۔

خواص: زرد نیلا یا سبز رنگ کا ہوتا ہے۔ یہ شفاف اور تیز خوشگوار بو مثل کافور، روزمری اور الائچی کے مرکب کے رکھتا ہے۔ ذائقہ خوشبودار مثل کافور کے ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی طور پر ایک طاقتور ڈیفیوزیبل اسٹی میولنٹ۔ انٹی اسپازماڈک۔ اور ڈایا فوریٹک فائدہ کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔ فلیچولینٹ کالک اور معدہ کے اسپازماڈک۔ دردوں میں مفید ہے۔ خارجی طور پر کرانک روماٹیزم میں لگاتے ہیں۔

خوراک: مثل ٹرپن ٹائن آئل کے ہے۔

طریق استعمال: اندرا نجکشن کے طور پر دیتے ہیں اور باہر روغن زیتون کے ساتھ ملا کر لگاتے ہیں۔

کمفوریٹڈ آئل

ترکیب: کمفر 1حصہ

روغن زیتون 4حصہ

کمفر کو تیل میں حل کر لو۔

فائدہ اور استعمال: ٹیومر، بروز اور پرانی موچوں میں بطور ڈس کیوشنٹ اور انوڈائن کے استعمال کرتے ہیں۔

آئل آف کنتھرائیڈیز

ترکیب: سفوف مکھی 1اونس

روغن زیتون 8اونس

دو تین گھنٹہ تک واٹر باتھ یا پانی کے حمام پر دونوں کو ملا کر گرم کرو اور استعمال کیلئے فلٹر کر لو۔

فائدہ اور استعمال بلسٹر وں کے اثر کو قائم رکھنے کے واسطے لگاتے ہیں۔

آئل آف کلووس یا لونگ کا تیل

ترکیب: آئل آف کلووس انگلستان میں لونگوں سے حاصل ہوتا ہے۔

خواص: بے رنگ یا قدرے زرد تازگی کی حالت میں ہوتا ہے۔ لیکن جب کچھ دیر رکھا رہے تو سرخ بھورا ہو جاتا ہے۔ ذائقہ تیز اور بو خوشبودار ہوتی ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی طور پر۔ کارمے نیٹو۔ انٹی سپازماڈک۔ اسٹوماکک اور مصلح ہے عموماً جلابوں کے ساتھ مروڑ کو روکنے کے واسطے دیتے ہیں۔ خارجی طور پر کھلے جوڑوں میں درد کو اور سنوویا کے اخراج کو روکنے کے واسطے اور زخموں میں ڈریسنگ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 20 سے 30 بوند

کتے کے واسطے ...... 1 سے 4 بوند

کروٹن آئل یا جمال گوٹہ کے تیل

ترکیب: کروٹن کے بیجوں کو کولہو میں پیڑنے سے حاصل ہوتا ہے۔ یہ مستقل مزاج اور چپچپا روغن ہے۔

خواص: اس کا رنگ بھورا زرد ہوتا ہے۔ ذائقہ سخت تیز اور اس کی قدرے قے آور بو ہوتی ہے۔ انگلستان کا تیار کردہ تیل مساوی مقدار ریکٹی فائیڈ اسپرٹ میں حل ہوجاتا ہے۔ ہندوستان کا کروٹن آئل۔ ریکٹی فائیڈ اسپرٹ کے ساتھ ملانے سے دودھیا رنگ کا ایملشن پیدا کرتا ہے۔ جو گرمی پہنچانے سے شفاف ہوجاتا ہے۔ لیکن سرد ہونے اور ٹھیرنے پر تیل جلدا ہو کر نیچے بیٹھ جاتا ہے۔ کروٹن آئل سلفیورک ایتھر مستقل اور لطیف روغنوں میں آسانی سے حل ہوجاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی طور پر زیادہ خوراکوں میں اریٹی ٹنٹ پوائزن ہے۔ طبی خوراکوں میں ڈراسٹک پرگے ٹیو ہے۔ سخت قبض اور نروس سسٹم کی ابتری میں جو سستی امعا کی ہوتی ہے۔ جیسا ٹے ٹنس۔ اور پار چیورنٹ اپوپلکسی میں ہوتا ہے۔ دیا جاتا ہے۔ پیٹو ڈراپسی اور اُن حصوں کی مقامی سوزشوں جو امعا کی نالی سے دور واقع ہو۔ پہلے اجابت لانے کیلئے اور وسیع کونٹراری ٹینٹ فائدہ کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ ڈراپسی کے ورموں اور جسم

کے خانوں میں جب رطوبت بھری ہو اور جب جلاب دینا مناسب ہو اور گردوں کے امراض میں جب یہ مقصود ہو کہ ان میں خراش پیدا نہ ہو۔اس کا استعمال کرتے ہیں۔گھوڑوں میں ایسی حالت میں کہ جب نہ بولس دیا جائے اور نہ ہی ڈرافٹ پلایا جا سکے یا جب گھوڑا قابو نہ آسکے یا دوائی نہ پی سکے۔تو اس کا استعمال کرتے ہیں۔خارجی طور پر دیسی کھٹ اور کونٹرا یری ٹنٹ ہے۔تمام حیوانوں کو لگایا جاتا ہے۔خاص کر مویشی کو پلوریسی۔برانکائٹس۔نیومونیا۔کرانک روماٹیزم اور دیگر انڈولنٹ ورموں میں لگایا جاتا ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 10 سے 20 بونڈ

مویشی کے واسطے ...... 30 سے 60 بونڈ

بھیڑی وخوک ...... 2 سے 5 بونڈ

کتے کے واسطے ...... 1/2 سے 3 بونڈ

عموماً اس کو دوسرے پرگیٹو کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں۔

طریق استعمال: داخلی طور پر گولی کی شکل میں دینا ہو تو لسنیڈ میل کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں۔ڈرافٹ کی شکل تیل یا لنسیڈ آئل میں ملا کر دیتے ہیں یا جانور کے مہیلے یا خوراک میں ڈال دیا جاتا ہے۔گھوڑوں کے دانہ نہ کھا سکنے یا حلق سے نہ نگلے جانے کی حالت میں یا وہ شریر ہوں زبان پر لگا دیتے ہیں۔مویشیوں میں قبض رفع کرنے کیلئے تیل سلفیٹ آف میگنیشیا یا کیلوملِ کے ساتھ ملا کر دیا جاتا ہے۔خارجی طور پر ایک حصہ کروٹن آئل کو 4 سے 8 حصہ سوپ لینی منٹ یا لینی منٹ ٹرپن ٹائن ایٹ اولی آئی کروٹونس کی صورت میں تیل یا گرونل میں ملا کر لگاتے ہیں۔

انٹی ڈوٹ: سلفیٹ آف کاپر بطور ایمے ٹک کے استعمال کرتے ہیں۔ڈیمل سنٹ عرق پلاتے ہیں اور افیون اسہال کے روکنے کے واسطے دیتے ہیں۔

مرکب

ٹرپن ٹائن کمپونڈ لینی منٹ

یوکالپٹس آئل

یہ ایک عمدہ ڈس انفکٹنٹ ہے۔ جب جلد پر لگائی جائے تو اریٹنٹ ہے اس کے بخارات انفیوانزا اور برانکائٹس کے علاج میں مفید ہوتے ہیں۔

آئل آف جونی پر

ترکیب: انگلستان میں اس کے کچے پھل کو پانی کے ساتھ ملا کر مقطر کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔

خواص: بے رنگ یا کسی قدر سبزی مائل زرد، بو میٹھی اور ذائقہ گرم خوشبودار گرمی سے بالکل اڑ جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: اسٹوماکک، ڈیوریٹک، بطور ڈائیوریٹک کے دیا جاتا ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 1 ڈرام

مویشی کے واسطے ...... 2 ڈرام

بھیڑ کے واسطے ...... 15 بوند

خوک کے واسطے ...... 10 بوند

کتے کے واسطے ...... 2 سے 5 بوند

طریق استعمال: پانی یا کسی میوسلج کے ساتھ ملا کر دینا چاہیے۔

لنسیڈ آئل

ترکیب: لنسیڈ کو کولہو میں پیڑنے سے حاصل ہوتا ہے۔

خواص: ایک مستقل چپچپا زرد رنگ، ہلکی بو اور تیل کا ذائقہ رکھتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی طور پر بطور غذا کتھارٹک ایمونی انٹ ہے۔ خاص کر کے یا تو اکیلا یا سلفیٹ آف میگنیشیا کے ساتھ مویشی اور بھیڑی میں بطور لگو یٹو کے دیتے ہیں۔ اس کے فعل کو تیز کرنے کیلئے کروٹن آئل کے چند قطرے ملانے چاہئیں۔ آنتوں کی خراش میں جو قدرتا یا زہر کے استعمال سے پیدا ہو جاتے ہیں۔ کالک اور ڈائریا میں بھی دیتے ہیں۔ جبکہ نمکین اور دوسری نباتاتی مسہلہ دوائیوں سے فائدہ نہ ہوا ہو۔ یا اُن کا دوبارہ دینا نامناسب ہو یہ دیا جاتا ہے۔ چوکنگ کے مریض کو بھی آرام دینے کیلئے دیتے ہیں۔ مثانہ اور مقعد میں بھی پچکاری کرنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ خارجی طور پر جلدی بیماریوں میں خشک اور سخت سطحوں پر ایمولی اینٹ کے طور پر لگاتے ہیں۔ جلدی اور دیگر سطحی خراش میں بطور تسکین بخش ضماد کے استعمال کرتے ہیں۔ لینی منٹوں کی تیاری میں بھی کام آتا ہے اور بجائے الیو آئل کے برتا جاتا ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 2 پائنٹ
موشی کے واسطے	......	1 سے 2 پائنٹ
بھیڑ و خوک	......	3 سے 6 اونس
کتے کے واسطے	......	1 سے 3 اونس

آئل آف پیپر منٹ

خواص: بے رنگ یا قدرے زردی مائل ہے۔ جس کا ذائقہ گرم خوشبودار ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: انٹی سپٹک، کارمے نیٹو اور پری اسٹی سائیڈ ہے۔ پر گےٹو کی مروڑ کو روکنے کے واسطے اور دوائیوں ذائقہ کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 20 سے 30 بونڈ

کتے کے واسطے ...... 3 سے 5 بونڈ

خشک مسنتھول پنسل کی شکل میں۔ نورالجیہ اور دوسرے دردوں کے رفع کرنے واسطے استعمال کرتے ہیں۔

کاڈلیور ائل

اس کو اولیم جیکورس ایسی لائی بھی کہتے ہیں۔

یہ تیل گیڈس موراویہ مچھلی کے تازہ جگر سے اتنی حرارت دیکر جو 180 درجہ سے زیادہ نہ ہو نکالا جاتا ہے۔ یا جگر دھوپ میں رکھ کر سڑائے جاتے ہیں تا کہ ان میں سے تیل نکلے۔

خواص: مستقل چپچپا روغن ہے۔ رنگت میں زرد کم بو ہوتی ہے اور مزہ تیل کا سا ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: نیوٹری ٹیو یا بطور غذا ضعف اور لاغری میں الٹریٹو ہے کرانک روماٹیزم اسکرافیولا، تھائی سس، بلھونیلس اور دوسری امراض میں جو اعضاء تنفس میں ہوتے ہیں۔ کرانک جلدی امراض اور کتوں کو مرض ڈس ٹیمپر میں دیتے ہیں۔

خوراک: گھوڑوں اور مویشی ...... 8 فلوئیڈ اونس

بھیڑ وخوک ...... 2 سے 4 فلوئیڈ اونس

کتے کے واسطے ...... 1/4 سے 1 فلوئیڈ اونس

ایک دن میں دو دفعہ دے سکتے ہیں اور معالج اپنی مرضی کے مطابق بعد میں بڑھا سکتا ہے۔

طریق استعمال: تنہا دودھ یا گرویل یا خوشگوار دوائیوں کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں۔ کتوں کو بسکٹ یا ڈبل روٹی میں ڈال کر دیتے ہیں۔

آلیو آئل یا روغن زیتون

اس کے درخت کو اولیا یوروپا کہتے ہیں۔ جنوبی یورپ میں اس کے پختہ اور تازہ پھل کو دبا کر روغن نکال لیتے ہیں۔

خواص: مستقل زردی مائل پیلا رنگ بو کم معلوم ہوتی ہے۔ ذائقہ اس کا سادہ تیل کی مانند ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال وخوراک: مثل السی کے تیل کے ہے۔

پام آئل

ترکیب: بعض قسم کی کھجور کی گٹھلیوں کو کوٹ کر پانی میں گرم کرتے ہیں۔ تیل جو کہ سیال حالت میں سطح پر نکلتا ہے۔ دوسرے برتن میں انڈیل لیتے ہیں۔

خواص: اس کا قوام مثل مکھن کے ہوتا ہے۔ تازہ تیل، 76 درجہ فارن ہائٹ پر پگھل جاتا ہے رنگ عموماً زرد ہوتا ہے۔ جو کہ صفا ہو سکتا ہے۔ خوشگوار اور خاص قسم کی بو ہے۔ جو کہ مثل بنفشہ کے پھولوں کے ہے۔

فائدہ اور استعمال: اس سے مرہم وغیرہ تیار کرتے ہیں۔ اور اس کو لارڈ کی بجائے بھی استعمال کرتے ہیں۔

کسٹرائل یا ارنڈی کا تیل

اس کے درخت کو ری۔ سی۔ نس۔ کم میونس کہتے ہیں۔ اس کے بیجوں کو کولہو میں

پڑنے سے حاصل ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: کتھارٹک فائدہ کیلئے کتوں میں بہت استعمال کرتے ہیں۔ اور دوسرے حیوانات میں روغنی مسہل کے واسطے السی کا تیل استعمال کرتے ہیں۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 1.1/2 پائنٹ
مویشی کے واسطے	......	1/4 سے 1.1/2 پائنٹ
بھیڑ و خوک	......	2 سے 3 فلوئیڈ اونس
کتے کے واسطے	......	1/2 سے 2 فلوئیڈ اونس

طریق استعمال: عموماً اس کو تنہا دیتے ہیں۔ لیکن تاہم یہ بعض اوقات السی کے تین یا الیوائل میں ملا کر دیتے ہیں اس کو گرؤئل اور دوسری خوشگوار ادویات کے ساتھ ملا کر دے سکتے ہیں۔ تاکہ خراش نہ ہو کتھارٹک فائدہ کو بڑھانے کیلئے اس میں تھوڑی خوراک ٹرپن ٹائن یا کروٹن آئل بھی ملا لیتے ہیں۔

☆فلیکسیبل کلوڈیم ☆ کاسٹرائل مکسچر اس سے تیار کرتے ہیں۔

آئل آف ٹرپن ٹائن۔ روغن تارپین

یہ ملک فرانس اور براعظم امریکہ سے آتا ہے۔

ترکیب: گندہ بیروزہ کو پانی کے ساتھ ملا کر تقطیر کرتے ہیں۔ جس سے ٹرپن ٹائن آئل اڑ جاتا ہے۔ رال پیچھے رہ جاتی ہے۔

خواص: لطیف زردی مائل بے رنگ ہے۔ نیز عجب بو اور تیز وکڑوا ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی زیادہ مقدار میں اریٹنٹ زہر۔ طبی خوراکوں میں اسٹی سولنٹ کتھارٹک اور ڈائیوریٹک ہے۔ عموماً ڈایوریٹک۔ انٹس پازماڈک۔ اور انتھل میٹک کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ خارجی استعمال میں۔ دیسی کھٹ۔ کونٹرا اریٹنٹ۔ اسٹی میولنٹ

کر آنتوں یا لنکس کی سوزش میں یا موویشیوں کورائی یا ایمونیا کے ساتھ ملا اور ڈائی جسٹو ہے۔
کرایک روماٹیزم میں لگاتے ہیں۔

خوراک: ڈائیوریٹک

گھوڑوں اور مویشی کے واسطے	......	4 سے 8 فلوائیڈ ڈرام
بھیڑ وخوک کے واسطے	......	10 سے 15 بونڈ

خوراک: انٹس پازماڈک

گھوڑوں اور مویشی کے واسطے	......	1 سے 2 فلوئیڈ اونس
بھیڑ وخوک کے واسطے	......	20 سے 60 بونڈ

خوراک: انتحل مینٹک

گھوڑوں اور مویشی کے واسطے	......	2 سے 3 فلوئیڈ اونس
بھیڑ وخوک کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
کتے کے واسطے	......	1 سے 1.1/2 ڈرام

طریق استعمال: داخلی طور پر۔لنسیڈ آئل۔آلیو آئل اور دیگر مستقل روغنوں کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں۔انڈہ کی زردی میں بھی پھینٹ کر ملا لیتے ہیں۔جو کہ 2 ڈرام روغن تارپین اور ایک انڈہ کی زردی کی نسبت سے ملایا جاتا ہے۔خارجی استعمال میں روبی فیشنٹ یا ڈائی جسٹو کے طور پہ یہ تیل اکیلا برتا جاتا ہے۔یا ٹرپن ٹائن لینی منٹ۔کمپونڈ ٹرپن ٹائن لنی منٹ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔کتے اور مویشی میں اری تنٹ فائدہ کے واسطے ٹرپن ٹائن پولٹس کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔
مفصلہ ذیل ادویات اس سے تیار ہوتی ہیں۔

☆ ٹرپن ٹائن پولٹس
☆ کمپونڈ ٹرپن ٹائن پولٹس
☆ انیما ٹرپن ٹائن
☆ ٹرپن ٹائن لینی منٹ
☆ کمپونڈ ٹرپن ٹائن لینی منٹ

ایلوپیتھک ڈاکٹر میٹریا میڈیکا حیوانات

مفردات الادویہ پازیٹو اور نیگیٹو گرام خواص الادویہ

میٹریا میڈیکا میں گرام پازیٹو اور گرام نیگیٹو کا لفظ بار بار آئے گا۔

آوکسی ٹیٹرا سائیکلین

Oxytetra Cycline (L.A)(لانگ ایکٹنگ)

اس دوا کے اثرات اور خوراک بھی اوپر دوائی میں بیان کردہ ہی ہے۔ اسکا انجکشن تین حصوں میں تقسیم کر کے تین جگہوں پر گہرا انٹرا مسکولر بڑے جانوروں میں۔

بڑے جانوروں میں:

آکسی ٹیٹرا سائیکلین لانگ ایکٹنگ 72 گھنٹے بعد دوہرائیں۔ تیس ملی لیٹر تین حصوں میں تقسیم کر کے تین جگہوں پر گہرا انٹرا مسکولر لگائیں۔

چھوٹے جانوروں میں:

تین تا پانچ ملی لیٹر دو حصوں میں تقسیم کر کے دو جگہوں پر گہرا انٹرا مسکولر لگائیں۔

کتے بلے میں: 1 تا 1.5 ملی لیٹر فی جانور گہرا انٹرا مسکولر لگائیں۔

اموکسی سیلن (Amoxyciline)

اموکسالین : 172.5 ملی گرام فی

172.5mg per ML

بہت ہی وسیع اینٹی بائیوٹک ہے اس دوا کی خصوصیات میں گرام پازیٹو اور گرام نیگیٹو دونوں اقسام کے جراثیموں پر گرفت رکھنا بھی مشکل ہے۔ یہ دوا نمونیا، ناک، کان، گلے کے امراض، گل گھوٹو، انتڑیوں کی سوزش، سوزش رحم، سوزش حیوانہ، زبان کی بیکٹیریا

امراض اور بلیک لیگ مرض میں بہت کارگر ثابت ہوتی ہے۔

خوراک بڑے جانوروں میں:

گائے، بھینس، اونٹ، گھوڑا......دس سے پندرہ ملی لیٹر انٹرامسکولر فی جانور

خوراک چھوٹے جانوروں میں:

بھیڑ، بکری وغیرہ میں تین ملی لیٹر فی 45 کلوگرام جسمانی وزن کے حساب سے

بلی کتے میں: ایک ملی میٹر فی بیس کلوگرام وزن کے حساب سے

احتیاط: علاج کے بعد تین سے سات یوم تک متاثرہ جانور کا دودھ اور سات یوم تک گوشت انسانی استعمال میں نہ لایا جائے۔

پیکنگ: 50 سی سی سے 100 سی سی، علاج تین سے پانچ یوم تک جاری رکھیں۔

سائی نرجیزم (Synergysm)

سائی نرجیزم سے مراد ایسے اینٹی بایوٹکس ہوتے ہیں جو مرکب شکل میں ہوتے ہیں۔ یعنی ایک یا ایک سے زیادہ اینٹی بایوٹیکس کو ملا کر ایک مرکب اینٹی بایوٹک تیار کیا جاتا ہے جس کی افادیت بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ پھر یہ دوگنا یا تین گنا کام نہیں کرتا بلکہ کئی گنا کام دکھاتا ہے۔ سائی نرجیزم طرز کے چند ایک مرکبات یہاں بیان کرنا ضروری خیال کرتا ہوں۔

1۔ سٹرپٹو پنسلین:

Benzle Penciline **Procain Peneciline**

Streptomycline

یہ تین اینٹی بایوٹکس پر مشتمل ایک مرکب ہے جو بہت ہی وسیع الاثر تاثیر کا حامل ہے۔ درج ذیل امراض میں بہت مفید ہوا کرتا ہے:

نمونیا، برانکائیٹس، گل گھوٹو، حیوانہ کی سوزش، سوزش رحم، پرسوتی بخار، جلدی امراض اور زخموں میں بہت کارگر ثابت ہوتا ہے۔

خوراک بڑے جانوروں میں: پانچ گرام فی جانور

خوراک چھوٹے جانوروں میں: آدھا گرام سے ایک گرام فی جانور

(24 گھنٹے کے بعد دوسری خوراک دوہرائیں)

نوٹ: صرف انٹرمسکولر لگائیں۔

پیکنگ: 1/2 گرام، 1 گرام، 5 گرام میں دستیاب ہے۔

2۔ٹرائی میتھوپریم+سلفامیتھوکسازول

یہ بھی سائی نرجیزم طرز کا ایک مرکب اینٹی بایوٹک دوا اینٹی بایوٹکس سے مرکب ہے۔ بہت ہی وسیع الاثرافادیت کا حامل ہونے کی بنا پر نمونیا، برانکائیٹس، گل گھوٹو، پیشاب کے اعضاء، تولیدی اعضاء، نظام انہضام، جلد، حیوانہ کی سوزش، بخاروں اور زخموں میں بہت ہی کارگر ہوا کرتا ہے۔

خوراک بڑے جانوروں میں: دس سے بیس ملی لیٹر فی جانور

خوراک چھوٹے جانوروں میں: تین سے پانچ ملی لیٹر فی جانور

انٹرمسکولر، انٹروینس اور زیر جلد لگائیں۔ چھوٹے جانوروں میں انٹرمسکولر ہی لگائیں۔ 24 گھنٹے بعد دوسری خوراک دوہرائیں۔

3۔کلورٹیٹراسون (Chlor-Tetrasone)

اس مرکب میں دو اینٹی بایوٹکس یعنی آکسی ٹیٹراسائیکلین اور کلورم فینی کال کے علاوہ ایک سٹیرائیڈ پرڈنی سولان شامل ہے۔

پانچ گرام آکسی ٹیٹرسائیکلین ہائیڈروکلورائیڈ اور دس گرام فینی کال اور ایک گرام پرڈنی سولان ایسی ٹیٹ فی سو ملی لیٹر شامل ہے۔

یہ مرکب دوا بہت ہی وسیع الاثر ہے۔ عمل تنفس، انہضامی نظام، پیشاب اور تولیدی اعضاء پر بہت ہی اثر دکھاتی ہے۔

خوراک بڑے جانوروں میں:

ایک ملی لیٹر فی دس کلوگرام جسمانی وزن کے حساب سے

خوراک چھوٹے جانوروں میں:

ایک سے 2 ملی لیٹر فی دس کلوگرام جسمانی وزن کے حساب سے

پیکنگ: 50, 100, 250 ملی لیٹر میں موجود ہے۔

سوڈیم بائی کاربونیٹ

(Sodium Bicarbonate)

مویشیوں میں چارے کا ہضم نہ ہونا، تیزابیت کا بڑھ جانا اور معدہ کی سوزش وغیرہ میں اسے استعمال کیا جاتا ہے۔ اسے ایکچوری یا پینے کے پانی میں استعمال کیا جاتا ہے۔

بورک ایسڈ (Boric Acid)

اس کی خاصیت انٹی سپٹک ہے لیکن بہت تیز قسم کا اینٹی سپٹک نہیں اس لئے اسے آئنٹمنٹ میں 1:4 سے استعمال کرتے ہیں جو زخموں پر لگانے سے اینٹی سپٹک کا کام کرتی ہے۔ آنکھیں دکھتی ہوں تو انسانوں اور حیوانوں دونوں کیلئے آنکھوں کو صاف کرنے کیلئے اس کا سلوشن تیار کر کے صاف کیا جاتا ہے جو انٹی سپٹک کا کام کرتا ہے اور نازک آنکھوں کو صاف بھی کر دیتا ہے۔

ٹرپن ٹائن آئل (تیل تارپین)

(Turpentine Oil)

پیٹ کے کیڑوں ٹیپ ورمز پر اس کا اثر بہت کم جبکہ رونڈ ورمز پر اس کا اثر طاقتور

ہوتا ہے۔ بڑے جانوروں کیلئے پچاس ملی لیٹر تیل کو 1000 ملی لیٹر سرسوں کے تیل میں ملا کر استعمال کروائیں۔ جب بھی استعمال کروائیں سرسوں کے تیل وغیرہ میں ملا کر کروائیں ورنہ نقصان ہوگا۔

کیسٹر آئل (Castor Oil)

اس کی رنگت سفید اور خاصیت جلاب آور ہوتی ہے۔ اندرونی طور پر اس کا استعمال انسانوں اور چھوٹے جانوروں پر جلاب لاتا ہے۔

ایکری فلیون (Acriflavin)

اس کی رنگت سرخی مائل بھوری ہوتی ہے اسے بیرونی طور پر سلوشن تیار کر کے اینٹی سیپٹک مقاصد کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ اس کا سلوشن 1:1000 ,1:2000 کی نسبت سے تیار کیا جاتا ہے۔

کیمفر (مشک کافور) (Camphor)

اس کی خوشبو تیز اور رنگت سفید ہوتی ہے۔ اسے کھانسی کے شربتوں اور بلغم کے اخراج کیلئے کافی استعمال کیا جاتا ہے۔ دل کو تحریک دیتا ہے۔ نمونیا، حلق کی سوزش، حجرہ کی سوزش کیلئے مفید ہے۔

سٹرپٹومائی سین (Streptomycine)

پیشاب میں خارج ہو جاتی ہے۔ گردوں کی سوزش/نفرائیٹس، یرقان، تپ دق، برونکائیٹس، نمونیا، حیوانہ کی سوزش، سپٹی سیمیا، انتڑیوں کی سوزش وغیرہ میں بہت مفید دوا ہے۔ بڑے جانورں میں اس کی خوراک کی مقدار پانچ سے سات گرام فی جانور انٹرا مسکولر صرف تین سے پانچ تک۔

پنسلین (Penciline)

اس کے انجکشن انٹرامسکولر یعنی عضلاتی ہی ہوتے ہیں۔اس سے حساسیت رکھنے والے مریضوں پر اس کا استعمال نہیں کروانا چاہیے ورنہ جان لیوا ثابت ہوتا ہے۔مویشیوں میں ٹی بی، نمونیا، دماغ کی جھلیوں کی سوزش، گنوریا، گردوں کی سوزش، مثانہ کی سوزش، حیوانہ کی سوزش، سٹر ینگلس، انتڑیوں کی سوزش ان تمام بیماریوں کیلئے بہت نافع دوا ہے۔

سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک

(Spirt Ammonia Aromatic)

عام طور پر اسے بے ہوش کو ہوش دلانے کیلئے سونگھاتے ہیں کیونکہ اس کی بو تیز قسم کی ہوتی ہے۔اسے کارمیناٹیو اور کارڈیئک سٹیمولنٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

پوٹاشیم آئیوڈائیڈ

(Potassium Iodidie)

اس کے علاوہ ایکٹی نومائی کوسس، پرپیورا ہیمرج، برونکائیٹس میں بھی استعمال ہے۔ بڑے مویشیوں نیں گھوڑوں میں سات سے دس گرام سات دن تک استعمال کروائیں۔بھیڑ بکری کیلئے ایک گرام سات دن تک روزانہ۔

ایمپرولیم ایچ سی ایل (Amrolium HCL)

اس دوا کا استعمال پولٹری پرندوں میں اس بیماری کی روک تھام بھی کرتا ہے اور بیماری کی صورت میں علاج بھی کرتا ہے۔ Symans کمپنی نے اس دوا کو Amrovil کے نام سے سے تیار کیا ہے۔اور یہ پوڈر کی شکل میں ہے جو پانی میں حل ہو جاتا ہے۔

خوراک ایمپروول(Amprvil)

حفظ ماتقدم کے طور پر خوراک:
ایک گرام فی 32 لیٹر پینے والے پانی میں۔ پانچ سات روز علاج کے بعد ایک سے دو ہفتے 25 گرام دوا کو 800 ملی لیٹر پینے والے پانی میں ملا کر استعمال جاری رکھیں۔

ان روفلوکساسین(Enrofloxacin)

پولٹری پرندوں میں اس دوا کے استعمال سے ای کولائی کورائیزا، پولٹری ٹائیفائیڈ، مائیکوپلازمک امراض کالرا، سی آر ڈی امراض سے شفاء ملتی ہے۔

خوراک مویشیوں کیلئے: 10 سے 15 ملی لیٹر فی جانور تین سے پانچ دن تک

سپرافلاکساسین(Siprofloxacin)

خوراک بڑے جانوروں کیلئے: 10 سے 15 ملی لیٹر فی جانور

چھوٹے جانوروں کیلئے: 1 سے 3 ملی لیٹر فی جانور۔ 24 گھنٹے بعد دوہرائیں۔

سپرافلاکساسین، ٹائیفائیڈ، انتڑیوں کی بیماریاں، برونکائیٹس، لیرنجائیٹس وغیرہ میں بہت کارگر ثابت ہوتی ہے۔ اس دوا کے زیر اثر گرام پازیٹو اور گرام نیگیٹو دونوں اقسام کے بیکٹیریائی امراض سے شفایابی حاصل ہوتی ہے۔ سپرافلاکساسین بہت بڑا اینٹی بائیوٹک ہونے کی بناء پر نیفرائیٹس، کورائیزا، پیشاب کی نالی کے امراض وغیرہ پر بہت نمایاں اثر رکھتی ہے۔

سٹرپٹومائی سین(Streptomycine)

خوراک بڑے جانوروں کیلئے:
پانچ سے سات گرام فی جانور

خوراک چھوٹے جانوروں کیلئے:

500ملی گرام سے ایک گرام تک فی جانور دیں۔
بارہ گھنٹوں بعد دوہرائیں اور پانچ سے سات یوم تک لگاتار استعمال کروائیں۔

ایڈرنالین (Adernaline)

جریان خون والے مقام پر زیر جلد اس کا انجکشن دیا جاتا ہے جس سے خون رک جاتا ہے اور ٹانکے آسانی سے لگائے جاتے ہیں۔اس دوا کا سلوشن 1:1000 کا ہوتا ہے۔
خوراک: صرف زیر جلد چار سے آٹھ سی سی بڑے جانوروں میں

کلورٹیٹرا سائی کلین ایچ سی ایل

(Chlortetra Cycline, HCL)

مزمن سانس کی بیماری (C.R.D) کرانک ریسپر ٹری ڈیزیز (C.R.D)، انتڑیوں کی سوزش، سلیمو نیلا انفکشن اور دیگر بیکٹیریا امراض کیلئے بہترین دواء ہے۔
خوراک: پولٹری میں 100 گرام فی 75 لیٹر پینے والے پانی میں۔

کلورم فینی کول (Chloramphenicol)

مویشیوں، بھیڑ، بکری میں سپٹیشیمیا (Septicaemia) جوڑوں کے امراض، اسہال، ای کولک انفکشن خاص کر جوان جانوروں میں اگر ہو تو بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ پیشاب کے راستہ کی چھوت اور ایسی بیکٹیریائی انفکشن جس کے بعد وائرس کی بیماریاں لاحق ہو جائیں، تمام کیلئے مفید ہے۔
کتے اور بلی کیلئے:
معدہ، انتڑیوں اور پھیپھڑوں کی بیماریوں میں کتے، بلی میں یہ دوا بہت مفید ہے۔

پولٹری: پولٹری میں مہلک نوعیت کا کورائزا، گلے اور ہوا کی نالی کی انفکشن کیلئے بہت مفید ہے۔اس دوا کو سرجیکل عمل کے بعد انفکشن روکنے کیلئے حفظ ماتقدم کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

ڈپی ران (Dipyrun)

عضلات میں کھچاؤ والی تشنجی دردیں، حاد اور مزمن عضلاتی اینٹھن، قولنجی دردیں سب اس کے استعمال سے درست ہوتی ہیں۔

خوراک بڑے جانوروں کیلئے:

10 ملی لیٹر سے 15 لیٹر انٹرامسکولر، انٹرو ینس فی جانور

چھوٹے جانوروں کیلئے: 2 تا 3 ملی لیٹر فی جانور

جنٹامائی سین سلفیٹ

(Gentamycin Sulphate 10%)

یہ دوا گرام نیگیٹو ری کولائی، سلیمونیلا، بروڈنیلا، پروٹیکس سوڈوموز، پاسٹرو ریلا ملٹوسیڈا پر بھی اثر انداز ہوتی ہے۔

گھوڑوں اور مویشیوں میں درج ذیل امراض میں کام آتی ہے:

لیرنجائیٹس، برونکائیٹس، نمونیا، حیوانہ کی سوزش، رحم کی سوزش وغیرہ

کتے اور بلی میں جنٹامائی سین کا استعمال:

وائرس کی کئی بیماریوں کیلئے بہت کارآمد دوا ہے۔

بڑے جانوروں میں: 10 تا 15 ملی لیٹر فی جانور انٹرامسکولر صرف

چھوٹے جانوروں میں: 3 تا 5 ملی لیٹر فی جانور صرف انٹرامسکولر

نوٹ: ورید میں کبھی نہ لگائیں۔

ایور میکٹن (Ivermectin)

اس دوا کے استعمال کے بعد تین سے چار ہفتے تک جس جانور کو دی گئی ہو اسکا گوشت نہ کھایا جائے اور اگر دودھ دیتے جانوروں میں اسے استعمال کیا جائے تو ان جانوروں کا دودھ ایک ماہ تک انسانی استعمال میں نہ لایا جائے۔

بڑے جانور/گائے بھینس: 6 تا 8 سی سی/ملی لیٹر فی جانور، زیر جلد

کینامائی سین سلفیٹ

(Kanamysin Sulphate)

اس کے علاوہ اینڈومیٹرائیٹس یعنی رحم کی اندرونی سوزش، پلاسنٹا کی رکاوٹ، پیشاب کے اعضاء کی انفکشن، مثانہ کی سوزش (Cystitis) میں بھی بہت زیادہ مفید مانی جاتی ہے۔

کتے اور بلی میں خوراک: ایک ملی لیٹر فی دس کلوگرام وزن کے حساب سے

پولٹری: اعشاریہ دو ملی لیٹر فی کلوگرام جسمانی وزن کے حساب سے

سائیڈ ایفکٹ: زیادہ عرصہ کا استعمال گردوں میں نقص پیدا کرتا ہے۔

می پیرامائن میلیٹ

(Mepyraine Maleate)

خوراک بڑے جانوروں میں:

پندرہ سے بیس ملی لیٹر فی جانور، انٹرامسکولر/انٹراوینس

خوراک چھوٹے جانوروں میں:

تین تا پانچ ملی لیٹر فی جانور، انٹرامسکولر/انٹراوینس

خوراک آٹھ سے بارہ گھنٹے بعد دوہرائیں۔

فنرامین میلیٹ (Pheniramine Meleate)

فنرامین میلیٹ بخار کا ہی، چھپاکی، استسقاء، میوکس جھلیوں کی سوزش، سانس کے عوارضات جن کے ساتھ اخراج رطوبت کی بہتات ہو، کیلئے بہت مفید ہے۔ جلدی خارش، چنبل، حاداور مزمن چھپاکی، یرقان میں جلدی سوزش کیلئے بہت نافع ہے۔

ایک ملی لیٹر میں پچیس ملی گرام دوا ہوتی ہے۔

سلفاڈیمیڈائن سوڈیم (Sulphadimidine Sodium)

یہ دوا تمام جانوروں میں Pasleurellosis، Actinobacillosis، Collibacillosis اور Coccidiosis پر کام کرتی ہے۔ یہ تمام آرگانزم کے نام ہیں۔

اوکسی ٹیٹرا سائی کلین (ایچ سی ایل)

Oxytetracycline (HCL)

اس دوا کے زیر اثر پھیپھڑوں کے امراض مثلاً نمونیا، سانس کے امراض، برونکائیٹس، حیوانہ کی سوزش، رحم کی سوزش، پیشاب کی نالی کی چھوت کو درست کیا جاتا ہے۔

خوراک:

پندرہ تا بیس ملی لیٹر فی بڑے جانور کے حساب سے بارہ گھنٹے بعد دوہرائیں۔

چھوٹے جانوروں میں تین یا پانچ ملی لیٹر فی جانور بارہ گھنٹے بعد

گھوڑے، گدھے، خچر میں استعمال نہ کریں۔

ہدایات: اس انجکشن کو انٹراوینس ہرگز نہ لگائیں۔ اس دوا کا مقامی طور پر ردعمل ظاہر ہو سکتا ہے۔ اس انجکشن کو ڈائیلوٹ نہ کریں۔

لیوامی سول (ایچ سی ایل) Levamisole (HCL)

اس دوا کی خصوصیت یہ ہے کہ انتڑیوں، معدہ، پھیپھڑوں وغیرہ میں کرموں کو ہلاک کرنے کیلئے بہت جلد سرائیت کر جاتی ہے۔ اس لئے کہا جاسکتا ہے کہ اس کے بروقت استعمال سے گوشت، انڈوں، دودھ کی پیداوار کو بڑھایا جاسکتا ہے۔ یہ دوا بہت سی اقسام کے کرموں کو ختم کر دیتی ہے۔

خوراک چھوٹے جانوروں میں:

ایک ملی لیٹر فی دو کلوگرام جسمانی وزن کے حساب سے۔

الفاالفا (Alfa Alfa)

یہ دوا الوسن سے تیار کی جاتی ہے اس لئے اس کا استعمال غذائیت بخش ہے۔ ہاضمہ کو تیز کرتی ہے جس کے نتیجہ میں ذہنی اور جسمانی صحت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس دوا کے استعمال سے بہت سے غذائی کمی کے باعث پیدا ہونے والی حالتوں کو درست کیا جاتا ہے مثلاً اعصابی ضعف معدہ میں بھی یہ دوا کارگر ہے۔

دودھ پلانے کے زمانہ میں ماؤں کی دودھ کی کوالٹی اور مقدار کو بڑھاتی ہے۔ الفا الفا کو پانچ فاس کے ساتھ ملا کر دونوں کی طاقت تیس ہوتو بھوک پیدا کرنے میں اور تمام انواع کی کھانے کی بے رغبتوں کو دور کرنے میں اس کا کوئی ثانی نہیں۔

خوراک: 30 طاقت میں یہ دوا بہترین نتائج لاتی ہے۔

ایکونائٹ (Monks Hood)

اس دوا سے کسی بھی عضو میں اجتماع خون درست ہو جاتا ہے بشرطیکہ پیپ نہ پڑ گئی ہو۔ نمونیا، آنکھوں کی سوزش، برونکائیٹس، نزلہ، زکام اور حاد سوزشی امراض میں بے حد مفید دوا ہے۔

ایسڈ فاس (Phosphoric Acid)

غم، صدمہ اور رطوبت زندگی کے ضائع کے بعد یہ بہت مفید دوا ہے۔

ابروٹینم (Abrotanum)

کھانے سے نفرت اسہال کے دب جانے سے گنٹھیاوی کیفیات اور گنٹھیاوی علامات دب جانے سے دل کے امراض میں مفید ہے۔

خوراک: 3 طاقت سے 30 طاقت زیادہ مفید ہے۔

اینٹی مونیم ٹارٹ (Antimonium Tartaricum)

بلغم کی کھڑ کھڑاہٹ جس کے ساتھ بہت ہی کم مقدار میں بلغم خارج ہو اس دوا کی راہنما علامت ہے۔ یہ دوا آلہ تناسل کے مسوں کیلئے بھی مفید ہوتی ہے۔

گلا بیٹھا ہو، خرخراہٹ مگر بلغم بہت کم مقدار میں خارج ہوتی ہے۔ اسے بھی مشکل سے خارج کیا جائے۔ تنگی تنفس، برونکول نالیاں بلغم سے بھری ہوئی، کھانسی اور ہانپنا لگاتار واقع ہو تو یہ دوا بہت مظہر ہوتی ہے۔

خوراک: اس دوا کی 6 سے 30 طاقت تک زیادہ مستعمل ہے۔

ایپس ملیفیکا (Apis Mellifica)

جسم کے مختلف حصوں کی سوجن ڈنگ لگنے کا احساس، دکھن، تشنج، گرمی ناقابل برداشت۔ اس دوا سے کامیابی کے ساتھ علاج کیا جاتا ہے۔

خوراک: تیس طاقت اور اونچی طاقتوں میں بھی مستعمل ہے۔

آرنیکا مونٹانا (Arnica Montana)

اس دوا سے بالکل اس طرح کی علامات پیدا ہوتی ہیں جو چوٹ لگنے کے بعد

جیسی علامات سے بالکل مشابہہ ہوتی ہیں۔ یہ دوا اعضلات کیلئے ایک ٹانک ہے۔

خوراک: اس دوا کا استعمال 3 سے 30 پوٹینسی اور اونچی طاقتوں میں بھی کیا جاتا ہے۔

آرسنکم البم (Arsenicum Album)

مریض کو تھوڑے تھوڑے وقفے بعد گھونٹ دو گھونٹ پانی کی پیاس ہوا کرتی ہے پیاس نہ بجھنے والی مگر بہت تھوڑی مقدار میں پی سکے، وزن بتدریج کم ہوتے جائے جس کی وجہ ناقص غذا نہ کھا سکنا ہوتی ہے۔

خوراک: تین سے تیس پوٹینسی تاہم اس دوا کی اونچی طاقتیں بہت شاندار نتائج کی حامل ہوتی ہیں۔

بیلاڈونا (Belladonna)

یہ دوا جلد اور غدودوں پر بھی اثر انداز ہوتی ہے۔ یہ دوا مرکزی اعصابی نظام کے فعل کو روکتی ہے۔ اس دوا کی خاص علامات میں سے نبض کا بہت زیادہ بھراؤ جس کے ساتھ بخار کی علامات جو ترغیب پذیر بھی ہوسکتی ہیں اور غیر ترغیب پذیر بھی۔

BIRD

B سے مراد	Brightness
I سے مراد	Intense
R سے مراد	Rapid
D سے مراد	Delerium

خوراک: اس دوا کو تیس اور اونچی طاقتوں میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

کیلنڈولا آفسی نیلس (Calendula Officinalis)

مقامی طور پر اس کا مدر ٹنکچر 20:1 کے حساب سے کھلے اور رستے زخموں پر لگایا

جاتا ہے۔ یہ دوا حیزابی اور خراشدار مواد کو بیماری اور ضرر رساں اثرات سے پاک کرتی ہے۔
یہ دوا پیپ دار مواد کو خارج کر کے زخموں کو بھرنے کیلئے اپنی مثال آپ ہے۔
خوراک: مقامی طور پر زخموں پر لگانے کیلئے 1:20 سے ڈسٹلڈ واٹر کے ساتھ ملا کر لگانا چاہیے۔ اور قدرتی طور پر 3 سے 30 طاقت مفید ہوا کرتی ہے۔

کاربوویجی ٹیبلس (Carbo Vegetabilis)

اس طرح جسم کی بہت سی بافتوں پر یہ دوا اثر انداز ہوتی ہے۔ یہ دوا وریدی نظام خون پر شریانی دوران نظام خون کی نسبت زیادہ اثر انداز ہوتی ہے۔
خوراک: 30 طاقت معدہ کے بگاڑ میں اور کرانک کیسوں میں اور شدید ضعف میں اونچی طاقتوں میں سودمند ہے۔

چیلی ڈونیم مے جس (Chelidonium Jajus)

جگر کی خرابی کے باعث پیدا شدہ بہت سی علامات مثلاً یرقان، فالجی کیفیت، کسی ایک حصہ کا لٹک جانا یا لنگڑا پن
خوراک: مدر ٹنکچر اور چھوٹی پوٹینسیاں

کالچیکم اٹومنیلائی (Colchicum Autumnale)

خوراک: تین سے تیس طاقت

ڈروسرا روٹوڈی فولیا (Drosera Rotudifolia)

یہ دوا کالی کھانسی، تشنجی کھانسی، خشک، خراشدار کھانسی میں بہت مفید ہوتی ہے۔
خوراک: 3 سے 12 پوٹینسی بہت کارگر ہوتی ہے۔

ڈلکامارا (Dulcamara)

یہ دوا جلد، غدود اور نظام انہضام کے اعضاء پر خاص طور پر اثر انداز ہوتی ہے۔ برف جیسی ٹھنڈک اور نزلاوی کیفیات جو سردی سے بڑھ جاتی ہوں۔ ان تمام کیلئے یہ دوا مفید ہوتی ہے۔

خوراک: 6 سے 30 طاقت تک

ایکی نیشیا اگسٹی فولیا رڈبکیا

(Echinacea Augustifolia Rudbeckia)

خون میں زہریلے پن، عام چھوتوں کی حالتیں، گنگرین، زچگی کی انفکشن، سانپ کے کاٹنے، دیگر کیڑے مکوڑوں کے کاٹنے سے پیدا شدہ تمام علامات اس دوا کے زیر اثر شفاء پاتی ہیں۔

خوراک: مدر ٹنکچر سے تین طاقت اور تیس طاقت

یوفریزیا آفسی نیلس (Euphrasia Officinalis)

آنکھوں سے گاڑھا زرد مواد خارج ہو۔ آنکھوں پر دباؤ قرینہ پر چھوٹے چھوٹے آبلے بنتے ہوں۔ ان تمام کیفیات میں یوفریزیا بہت مفید ہوتی ہے۔ آنکھوں سے جلا دینے والا خراشدار مواد بکثرت خارج ہو اور آنکھوں کے پپوٹوں پر زخم بن جائیں۔

خوراک: 3 سے 6 طاقت میں استعمال زیادہ مفید ہوا کرتا ہے۔

برائی اونیا (Bryonia)

یہ دوا بلغمی جھلیوں اور جوڑوں کے گرد پائی جانے والی جھلیوں کیلئے جو رطوبت پیدا کرتی ہیں۔ متاثرہ مقام حرکت سے درد کریں۔ چلنے پھرنے سے علامات مرض میں زیادتی۔ اس لئے مریض انسان یا پولٹری پرندے چپ چاپ پڑے رہیں۔ منہ سے مقعد

تک خشکی اور ساتھ ہی پھیپھڑوں کی جھلی، جوڑوں کی جھلیوں میں پانی پڑ جانے کیلئے جب متاثرہ مقام پر سوئیاں لگنے جیسے درد ہوں تو یہ دوا بہت مفید ہوتی ہے۔

کلکریا کاربونیکا (Calcarea Carbonica)

اس دوا کا خام میٹریل سیپ کے درمیانی حصہ میں موجود ہوتا ہے۔ یہ دوا ہڈیوں پر بہت نمایاں اثر رکھتی ہے۔ بڑی عمر کے جانور یا جوان جانور میں چونے کی کمی کے باعث بیماری اور بچھڑی کے تھنوں پر پیدا ہونے والے موکوں کیلئے بہت مفید دوا ہے۔

کاسٹی کم (Custicum)

اس دوا کو پرونکا ئیٹس، عدم اساق، مسوں اور سینگ نما موکوں کیلئے بڑی کامیابی سے استعمال کیا جاتا ہے۔

خوراک: تیس طاقت سے 200 طاقت اور اونچی خوراکوں میں بھی مستعمل ہے۔

چائنا، سنکونا آفسی نیلس (China, Cinchona Officinalis)

شدید نوعیت کے امراض میں ابتدائی مراحل میں بہت ہی مفید ہوتی ہے۔

خوراک: تیس پوٹینسی

سائنا ماریٹیما (Cina Maritima)

اس دوا کی خاص علامت بھوک، غصہ، بدشکل یا بے رخی اور ہر وقت ہلتے رہنا ہے۔ جلد چھوٹے سے ذکی الحس۔

خوراک: تیس طاقت سے 200 تک مفید ہوا کرتی ہے۔

سائیکوٹا وائی روسا (Cicuta Virosa)

تشنج، دورے۔ سر، گردن اور ریڑھ کا پیچھے کی جانب جھک جانا اور مریض کا عام رویہ شدید ہوتا ہے۔

سکیل کارنوٹم (Secale Cornutum)

یہ دوا نرم عضلات اور دوران نظام خون پر گہرا اثر رکھتی ہے۔ بچے کی پیدائش کے بعد گہری رنگت والے جریان خون اور دیگر کئی عوارضات جن میں پیری فرل دوران خون بھی شامل ہے، پر نہایت ہی مفید اثرات دکھاتی ہے۔

خوراک: تیس طاقت اور اونچی طاقتوں میں بھی استعمال کی جاتی ہے۔

سینٹونیئم (Santonium)

یہ دوا پیٹ کے کیڑوں کی بیماریوں میں انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔

کیڑوں کے باعث معدہ، انتڑیوں وغیرہ میں سوزش کیلئے اور ناک کی کھجلی اور پٹھوں کے کھچاؤ کیلئے بہت مفید دواہ ہے۔

خوراک: 30, 6x, 3sx اور اونچی طاقتیں

سلفر (Sulphur)

یہ دوا بہت بڑی دافع سورا دوا ہے اس لئے اسے اینٹی سورک کہتے ہیں۔

اس دوا کا زیادہ استعمال جلدی امراض مثلاً ایگزیما وغیرہ میں کیا جاتا ہے لیکن اس دوا کو اثر انگیز کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

خوراک: اس دوا کی اونچی طاقتیں استعمال کرنے سے اچھے نتائج برآمد ہوتے ہیں تاہم اگر اونچی طاقت میں استعمال کیا جائے تو باربار دوہرایا نہ جائے۔ اس دوا کی 12 طاقت سے علاج شروع کیا جائے اور حسب ضرورت اونچی یا نچلی طاقتیں جو مریض کی

استعداد قبولیت کے مطابق استعمال کی جائیں، مفید ہوتی ہیں۔ پیچیدہ امراض میں اس دوا کو 200 اور اونچی طاقتوں میں اور سست نوعیت کی پھنسیوں میں چھوٹی طاقت میں استعمال کیا جاتا ہے جو مفید ہوتی ہے۔

سم فائیٹم آفسی نیل (Symphytum Officinale)

یہ دوا سیون کے زخموں، ایسے زخموں جو ہڈیوں تک پہنچ گئے ہوں، کیلئے مفید ہے۔ اس دوا کا ہڈیوں کے جوڑوں پر اثر دوسری ایسی علامات مثلاً آرنیکا کی طرح، نے اسے ہڈی اور چوٹ کی بڑی دواء بنا دیا ہے۔

خوراک: اس دوا کا مدر ٹنکچر بیرونی طور پر دکھن اور درد کیلئے لگانے سے افاقہ ہوتا ہے۔ اسی طرح اس دوا کا مدر ٹنکچر مقعد کی خارش اور زخموں کیلئے مفید ہوتا ہے۔

ٹارٹار ایمیٹک (Tartar Emetic)

یہ دوا صفراوی امراض، چھوٹی چیچک اور چھالے دار ابھاروں کیلئے جو جسم کے کسی بھی حصے میں ہو سکتے ہیں، مفید ہے۔ امراض اسی دوا سے ٹھیک ہوتے ہیں۔

خوراک: تیس طاقت زیادہ استعمال ہوتی ہے۔

تھوجا اوکسی ڈینٹلس (Thuja Occidentalis)

یہ دوا ویکسی نیشن اور اس کے اثرات بد کے لئے بہت مفید ہے۔

ایسی جلدی ساختیں مثلاً موکے، مسے جن سے جلد خون جاری ہو جاتا ہو، ان کیلئے بہت مفید ہے۔ اس دوا کا بیرونی استعمال موکوں اور مسوں کیلئے بہت ہی مفید ہوتا ہے۔

گوشت خور پھوڑوں (Carbuncles) اور زخموں کیلئے خاص کر مقعد اور اعضاء تناسل پر جب ہوں تو بہت ہی مفید دوا ہے۔

خوراک: مدر ٹنکچر سے لے کر اونچی اور بہت بڑی طاقتیں بھی استعمال کی جاتی ہیں۔

ویکسی نم (Vaccinum)

یہ دوا ویکسی نیشن کے بعد از استعمال پیدا شدہ اثرات بد کو روکتی ہے مثلاً جلدی دانے یا ابھار، لرزہ وغیرہ۔ یہ دوا مہلک نوعیت کے امراض میں اثر انگیز کے طور پر بھی استعمال کی جاتی ہے۔

خوراک: چھ سے 200 طاقت

ویرولائینم (Variolinum)

یہ دوا پرندوں میں چیچک کیلئے اور ویکسی نیشن کے فیل ہو جانے پر استعمال کی جاتی ہے۔

خوراک: چھ طاقت سے تیس طاقت

(کسی بھی نوسوڈ کا زیادہ بہتر استعمال ہمیشہ اونچی طاقتوں میں رہتا ہے اور اسے بار بار دوہرانا نہیں چاہیے)

وریٹرم البم (Veratrum Album)

یہ دوا بچھڑوں یا گائے کی کئی طرح کی جلاب والی کیفیات میں مفید ہوتی ہے۔
جب جانور کا پیٹ پھولا ہوا ہو اور اسہال ہوں تو یہ راہنما علامت ہوتی ہیں۔

خوراک: 30 طاقت مفید ہوا کرتی ہے۔

جلسی میم (Gelsemium Sempervirens)

پولٹری میں یہ دوا اس وقت بہت مفید ہوا کرتی ہے جب اوپر بیان کردہ تمام عضلاتی اعصابی علامات گیمبو روڈیزیز کے بعد پیدا ہوئی ہوں۔

خوراک: مدر ٹنکچر، 30 طاقت زیادہ مفید ہوا کرتی ہے اور اکثر یہ دوا 1 سے 3 پوٹینسی تک زیادہ کارگر ثابت ہوتی ہے۔

گریفائیٹس (Graphites)

یہ دوا بال گرنے، سفید تر پھنسیوں جن میں سے لیسدار رطوبت خارج ہو، کے لئے بہت مفید ہے۔ یہ دوا ایگزیما کیلئے بھی مفید ہے۔

خوراک: 6 طاقت سے 30 تک (پولٹری میں)
انسانوں کیلئے تیس اور اونچی طاقتوں میں

گلونائینم (Glonoinum)

یہ دوا Sun Stroke یعنی لو لگ جانے کیلئے بہت مفید ہے۔ لو لگنے سے بچاتی ہے اور اس کے بداثرات کو بھی زائل کرتی ہے۔

خوراک: 6 طاقت سے 30 طاقت

ہیپر سلفیورس کلکریم (Hepar Sulphuris Calcareum)

اسی ٹریچوریٹ کی ہوئی راکھ سے پوٹینسیاں تیار کی جاتی ہیں۔

یہ دوا چھوت دار نالی کے شکل کے پھوڑوں جن میں سے پیپ خارج ہوتی ہے، کیلئے نہایت مفید ہے۔ ذرا سی خراش یا رگڑ بڑھ کر زخم بن جائے اور پیپ پڑنے کا رجحان اس دوا کی خاص راہنما علامت ہے جو پریکٹس میں بہت زیادہ راہنمائی فراہم کرتی ہے۔
یہ دوا قرینہ کے زخم، تلی کے ورم اور دیرینہ اور بار بار آنے والی چوپا کی کیلئے بہت مفید ہے۔

خوراک: 1 سے 200 طاقت۔ اونچی طاقت پیپ ختم کرتی ہے اور چھوٹی طاقت پیپ پیدا کرتی ہیں۔

ہائیڈراسٹس کیناڈینسس (Hydrastis Canadensis)

یہ دوا پولٹری میں فوؤل پاکس (Fowl Pox) میں مقامی طور پر اور اندرونی

طور پر دونوں طرح سے مستعمل ہے۔

عضلاتی طاقت کی کمزوری، ہاضمہ کی خرابیاں، ضدی نوعیت کی قبض، لاغری اور کمزوری اسی دوا سے دور ہوتی ہیں۔

خوراک: اس دوا کا مدر ٹنکچر اور تیس طاقت زیادہ مستعمل ہے۔

ہائپریکم پرفوریٹم (Hypericum Perforatum)

یہ دوا اعصابی چوٹوں کیلئے بہت ہی مفید ہے۔ خاص کر انگلیوں، تلوؤں اور ناخنوں کے اعصاب کے کچلے جانے پر بہت کارگر ثابت ہوتی ہے۔

یہ دوا روشنی سے ذکی الحس مریضوں میں اور روشنی سے پیدا شدہ الرجی کی کیفیات میں بھی بہت مفید پائی گئی ہے۔

خوراک: مدر ٹنکچر سے تیسری پوٹینسی

اپی کاک کیہنا (Ipecacuanha)

یہ دوا چمکدار سرخ جریان خون کیلئے بہت مفید ہے۔

یہ دوا گائے اور پولٹری پرندوں میں کاکسی ڈائی اوسس (Coccidiosis) کے مرض کیلئے بہت مفید ہے۔

خوراک: 3 سے 200 پوٹینسی تک

لیڈم پال اسٹرے (Ledum Palustre)

یہ دوا اس وقت بہت ہی نافع ہوتی ہے جب جسم کے کسی بھی حصہ میں تیز نوکدار آلے اوزار یا کسی کیڑے کے ڈنگ مارنے سے زخم ہو گئے ہوں اور متاثرہ حصہ ٹھنڈا ہو۔

آنکھوں کے زخم، زخموں کے باعث تشنج اور عضلاتی کھچاؤ کیلئے بہت ہی مفید دواء ہے۔

خوراک: 3 سے 30 طاقت

لائیکو پوڈیم کلیوٹم (Lycopodium Clavatum)

یہ دوا نظام انہضام کی خرابیوں، پیشاب اور سانس کی بیماریوں میں بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔اس دوا کی نہایت اہم علامات میں سے تمام امراض میں علامات مرض کا 4سے 8بجے شب کے درمیان بڑھ جاتا ہے۔

خوراک: اس دوا کی چھوٹی اور بڑی دونوں طاقتیں ہی بہت شاندار نتائج کی حامل ہیں۔اس کی امتیازی خصوصیات کو جانچنے کیلئے اسکا استعمال دن میں تین بار 2اور 3 طاقت میں چند قطروں میں کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ 6سے 200اور بڑی پوٹینسیاں بھی استعمال کی جاتی ہیں جن کو زیادہ جلد نہیں دوہرایا جاتا۔

مرکیورس سولوبیلس (Mercurius Solubilis)

منہ اور پاؤں کے امراض میں بہت مفید ہے۔زبان نیلگوں۔ان تمام کیفیات کو روکنے یا انہیں شفایاب کرنے کیلئے بہت مفید ہے۔اس دوا کی تمام علامات شام سورج ڈھلنے سے صبح سورج طلوع ہونے تک بڑھتی ہیں۔ یہ تمام علامات مرکیورس سولوبیلس کی راہنما علامات ہیں۔

خوراک: 30اور 200پوٹینسی

مرکیورس کروسیوس (Mercurius Corrosivus)

اس دوا کا دائرہ اثر بھی مرکیورس سولوبیلس جیسا ہی ہوتا ہے۔تاہم اُس کی نسبت یہ دوا زیادہ شدید نوعیت والے کیسوں میں بہت مفید ہوتی ہے۔

جب پاخانہ کے بعد بھی سہولت محسوس نہ ہوتی ہو تو یہ دوا ہی کارگر ہوا کرتی ہے۔ پاخانے پتلے،خونی،بدبودار جس کے ساتھ کاٹنے جیسی دردیں اور میوکس ممبرین کے ریزے خارج ہوتے ہوں تو اسی دوا سے شفایاب ہوتے ہیں۔ یہ تمام علامات اس دوا کی راہنما علامات ہیں۔

خوراک: 6, 30, 200 طاقتیں منہ اور پاؤں کے امراض میں بہترین نتائج کی حامل ہیں۔

مزیرم (Mezereum)

اس دوا کی خاص الخاص علامات میں سرد ہوا سے انتہائی ذکی الحس ہونا۔ مختلف انواع کے درد جن کے ساتھ لرزہ ہو اور سرد ہوا بری لگے۔ ویکسی نیشن کے بعد جلدی ابھار، جلن اور عضلات میں برچھی لگنے جیسی چبھن۔

نائٹریکم ایسڈیم (Nitricum Acidum)

بھیڑوں میں نیلگوں زبان کی بیماری اور منہ اور پاؤں کے امراض، جن میں اکثر زخم بنتے ہیں اور بدبودار مواد والے منہ کے چھالے پائے جاتے ہیں۔ جب جلد اور میوکس ممبرین یہ تمام علامات موجود ہوں تو نائٹرک ایسڈ مفید ہوتی ہے۔

خوراک: پولٹری پرندوں اور مویشیوں میں 6 طاقت زیادہ مستعمل ہوتی ہے۔

نکس وامیکا (Nux Vomica)

یہ دوا نباتاتی زہر کو زائل کرنے کیلئے پہلی دوا ہے۔

بدہضمی، درد قولنج، بھوک کی کمی، پیٹ میں اپھارہ جس سے پیٹ ڈھول کی مانند پھول جائے جس کے ساتھ اسہال یا قبض یا قبض اور اسہال باری باری ادل بدل کر وارد ہوں تو یہ بہت مفید ہوتی ہے۔

خوراک: 30 اور اونچی طاقت میں

نکس وامیکا کا رات کے وقت استعمال بہت زیادہ مفید ہے۔

اوپیم (Opium Papaver Somniferum)

ڈر جانے کے نتیجہ میں لرزہ، جھٹکے، تشنج جو تمام جسم کے اکڑ جانے کے ساتھ شروع

ہوں۔ مرگی، تشنج، رنگ سازوں کا فالج، ہذیان، وحشت اور جب کھانسی آئے تو اس کے ساتھ جھاگ دار اخراج خون ہو۔ ان تمام علامات کیلئے یہ دوا مفید ہوتی ہے۔

خوراک: اس دوا کی تین، تیس اور 200 طاقتیں عام طور پر مستعمل ہیں۔

فاسفورس (Phosphorus)

نمک کے زیادہ کھانے کے بعد پیدا شدہ بداثرات، یرقان جس کے ساتھ نمونیا ہو یا دماغی بیماری، آواز کا معدوم ہو جانا، گلا بیٹھ جانا جس کے ساتھ کھانسی اور برونکو پلمونری کیفیات یعنی پھیپھڑوں کی نزلاوی کیفیات۔ یہ تمام کی تمام علامات اس دوا کے استعمال سے درست ہوتی ہیں۔

خوراک: تین طاقت سے تیس طاقت اور اونچی طاقتیں استعمال میں لائی جاتی ہیں۔ تاہم بہت چھوٹی طاقت بھی مفید اثرات مرتب کرتی ہے۔

پوڈوفائیلم (Podophyllum Pelatatum)

مقعد کا ٹل جانا (Prolapsus Ani) پاخانہ خواہ نرم ہی ہو یا پاخانہ کے دوران زور لگانے سے مقعد اپنی جگہ سے ٹل جائے۔ شفاف رطوبت کا مقعد سے اخراج یا بعض اوقات اس کے ساتھ خون ملا ہوا ہو۔ بواسیر خروج مقعد جس کے ساتھ پرانے اسہال بھی ہوں اس دوا سے شفاء پاتے ہیں۔

خوراک: مدر ٹنکچر سے 6 طاقت تک

200 پوٹینسی اور 1000 پوٹینسی Cholera Infantum یعنی نوزائیدہ بچوں کے ہیضہ میں بہت زیادہ کارگر ثابت ہوتی ہے۔

پلساٹیلا نائیگر کینس (Pulsatilla Nigricuns)

زیادہ تر اس دوا کو فی میل کے عوارضات میں استعمال کیا جاتا ہے لیکن اس کے علاوہ اس دوا میں اور بھی بہت سی خصوصیات موجود ہیں۔ مثلاً ذائقہ اور سونگھنے کی حس کے

زائل ہوجانے کے ساتھ نزلہ وزکام کا موجود ہونا۔

نوٹ: پولٹری پرندوں میں فضلے کا رنگ بدلتا رہتا ہے، کبھی بھی دو فضلے ایک جیسی رنگت کے نہیں ہوتے۔ مصنف

خوراک: تین سے تیس طاقت اور انسانوں میں بڑی طاقتیں بہت مفید ثابت ہوتی ہیں۔

سورائینم (Psorinum)

چربی پیدا کرنے والے غدودوں کی رطوبت بہت زیادہ بڑھی ہوئی، جلد چکنی، کانوں کے پیچھے ایگزیما اور ذرا سی مشقت کے بعد چھپاکی کا ظاہر ہوجانا اس دوا کو طلب کرتا ہے۔

خوراک: اس دوا کی ہمیشہ اونچی طاقتیں استعمال کی جاتی ہیں۔

رسٹاکسی کوڈنڈران (Rhus Toxicodendron)

یہ دوا پٹھوں کی کھچاوٹ، ٹشوز، کی سوزش اور سوزشی انفکشن کیلئے بہت مفید ہے۔ یہ دوا لنگڑاپن، جوڑوں کے ورم، موچ، کھچاؤ، نسوں کے ورم اور گردن کی اکڑن میں بہت ہی مفید ہے۔

خوراک: چھ طاقت سے تیس طاقت تک اور اونچی طاقتوں میں بھی مستعمل ہے۔

روٹاگریوی اولینس (Ruta-Graveolens)

کمر درد اور گھٹنوں کے جوڑوں کی کھچاوٹ، ران کی کھچاوٹی دردوں میں جب ٹانگوں میں سوئیاں لگتی محسوس ہوں، مفید ہوتی ہے۔ اس دوا کی علامات لیٹے سے، سرد ہوا سے اور مرطوب موسم میں بڑھتی ہیں۔ روٹا زچگی کے دوران رحم کے سکڑنے اور پھیلنے کے عمل کو نہایت اچھے طریقے سے مدد فراہم کرتی ہے۔

خوراک: ایک طاقت سے چھ طاقت تک

مقامی طور پر اس دوا کا مدر ٹنکچر ملوف رسولیوں پر لگایا جاتا ہے۔
اور آنکھوں میں 1:20 سے ڈسٹلڈ واٹر میں ڈائیلوٹ کر کے ڈالا جاتا ہے۔

سباڈیلا (Sabadilla)

یہ دوا تشنجی چھینکوں جن کے ساتھ ناک بہتا ہو، نزلہ و زکام جس کے ساتھ شدید نوعیت کی دردیں ہوں اور آنکھوں کی سرخی موجود ہو تو یہ دوا بہت مفید ہوا کرتی ہے۔
پولٹری پرندوں میں نزلہ زکام کی کیفیات آنکھوں سے پانی بہنا اور ناک سے مواد کا خارج ہونا جس کے ساتھ چھینکوں کی بہتات ہو تو یہ دوا مفید ہوا کرتی ہے۔
خوراک: تین سے تیس طاقت

سبائنا (Sabina)

یہ دوا رحم اور سیرس فائبرس ممبرین پر سب سے زیادہ اثر رکھتی ہے۔ اسقاط حمل کا خطرہ ہو تو اسقاط حمل اور مس کیرج کو روکتی ہے۔ اسقاط حمل کے بعد اووری اور رحم کی سوزش کو دور کرتی ہے۔
خوراک: اندرونی استعمال تین سے تیس اور اونچی طاقتیں مقامی طور پر مسوں پر لگانے کیلئے اس دوا کا مدر ٹنکچر استعمال کیا جاتا ہے۔

بارہ نمکیات

یعنی بائیوکیمک میٹریامیڈیکاجانوروں کیلئے

کلکریافلوریکا(Calcarea Fluorica)

اس نمک کی کمی کے باعث جو مالیکیولر بگاڑ پیدا ہوتا ہے اس سے لچکدار بافتوں کے فائبر مسلسل پھیلتے جاتے ہیں۔ان میں ڈھیلا پن آجاتا ہے۔ٹھوس نوعیت کی تراوشیں حل نہیں ہوتیں۔

اعضاءٹھیک طور پر اپنے افعال انجام دینے کے قابل ہوجاتے ہیں۔

خوراک: ڈاکٹر شسلر صاحب اس دوا کا 12 طاقت میں استعمال کرنا بہتر بیان کرتے ہیں۔تاہم اس دوا کی 3x،6x طاقتیں بھی اچھے اور مفید نتائج فراہم کرتی ہیں۔

کلکریاسلفیوریکا(Calcarea Selphurica)

سرخ جسیموں کی توڑ پھوڑ سے پیدا شدہ میٹریل صفراوی سرکولیشن سے خارج کیا جاتا ہے۔ یہ دوا میوکس ممبرین کے پیپ دار اخراجات کو درست کرتی ہے۔الحاق بافتوں، رطوبتی تھیلیوں مثلاً ٹیوبرکلر زخموں یا پھوڑوں انتڑیوں اور کورنیل یعنی سفید چشم کے زخموں اور پھوڑوں میں مفید ہوا کرتی ہے۔

ان تمام علامات میں جب گرمی اور گرمائش سے اضافہ ہو، چلنے پھرنے یا دھونے سے اضافہ ہوتو کلکریاسلفیوریکاہی دواہوا کرتی ہے۔

خوراک: عام استعمال میں آنے والی 6x اور 12x کی طاقتیں ہیں۔ چھوٹی طاقتیں آنکھوں کے پیپ دار اخراج کے لئے بہت مفید ہیں۔جب ہیپر سلفر اپنا کام چھوڑدے تو یہ

دوا مفید ہوا کرتی ہے۔

کلکریا فاسفوریکا (Cacarea Phosphorica)

یہ سالٹ ہڈیوں کی مضبوطی اور بہتر نشوونما کیلئے ضروری ہوتا ہے۔

اسی وجہ سے بھس اور کمی خون میں یہ پہلی دوا کے طور پر مستعمل ہے۔ یہ سالٹ پیری اوسٹیم یعنی ہڈیوں کے خلاف اور ہڈیوں کیلئے غذا کا درجہ رکھتا ہے۔

خوراک: 3x، 6x طاقتوں میں حوصلہ افزاء نتائج حاصل ہوتے ہیں۔ تاہم 30 اور 200 طاقتیں بھی اچھے نتائج کی حامل ہیں۔ اس دوا کی بڑی بڑی خوراکیں بے سود اور نقصان دہ ہوسکتی ہیں۔

فیرم فاسفوریکم (Ferrum Phosphoricum)

خون کے جسیموں میں موجود آئرن آکسیجن کو سانس اندر کھینچتے وقت حاصل کر کے جسم کے ہر خلیئے تک پہنچاتی ہے۔

اس سالٹ کا آکسیجن کے ساتھ بڑا گہرا تعلق ہے۔ اس لئے یہ دوا خون کے جسیموں کی کئی امراض مثلاً کمی خون (Anaemia)، سبز یرقان (Chlorosts) اور خون میں سفید ذرات کی زیادتی کیلئے بہت مفید ہے۔

اس دوا کا وسیع دائرہ اثر ان تمام بگاڑوں کو درست کر لیتا ہے جو Hyperamia یعنی کسی عضو میں اجتماع خون یا Congestion سے پیدا ہوئے ہوں۔ ایسے بگاڑوں میں عام طور پر ساتھ میں دردیں، حرارت، لرزہ، سرخی، بخار جیسی خرابیاں اور ابتدائی مرحلہ کی سوزش شامل ہے۔ یہ دوا لاغری، کمزوری، سستی اور وزن اور طاقت کی کمی میں نہایت مفید ہے۔ یہ دوا جسمانی بڑھوتری کیلئے بہت مفید ہے اور یہ انتڑیوں کے انفعال کو درست کرتی ہے۔ یہ دوا گرہ دار گنٹھیا، کمی خون اور اجتماع خون کیلئے بے حد مفید ہے۔

خوراک: کمی خون کیلئے اس دوا کو چھوٹی طاقتوں مثلاً 12x وغیرہ میں استعمال کرنا چاہیے اور نزلہ موسم گرما کی دیگر تکالیف میں 200 طاقت اس دوا کا اندرونی استعمال موچ، زخم، جریان خون اور بواسیر وغیرہ کیلئے بھی مفید ہوا کرتا ہے۔

کالی میوریاٹیکم (Kali Muriaticum)

یہ سالٹ سوڈیم کلورائیڈ کے بہت قریب تر ہے۔
غدودوں کی سوجن اور فولیکیولر انفلٹریشن یعنی کیسوی گول نسیجوں میں مواد کے بھر جانے کیلئے سب سے بڑی دوا ہے۔

خوراک: جانوروں میں خاص کر پولٹری پرندوں میں اس دوا کو تیس طاقت میں استعمال کیا جاتا ہے جو شدید اور مزمن دونوں اقسام کے امراض کیلئے مفید ہوتا ہے۔ جلنے کے باعث زخموں میں اس دوا کو ڈریسنگ یعنی پٹی کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

کالی فاسفوریکم (Kali Phosphoricum)

کالی فاس کے بگاڑ کی وجہ سے پیدا شدہ مالیکیولس بگاڑ کی پیدا کردہ کیفیات میں انتہائی ضعف، ڈیپریشن، عضلاتی ناطاقتی، جسم کے کسی حصہ کا فالج، جنون اور دیگر دماغی عوارضات، اعصابی دردیں، گنجاپن، خراشیں، جلدی کھجلی، ایسی امراض جن میں بدبودار پاخانے ہوں، گنگرین، جراثیمی چھوت اور چھوت دار جریان خون اسی دوا سے شفایاب ہوتے ہیں۔ یہ دوا ایلوپیتھک، آیورویدک اور یونانی ادویات کے مابعد اثرات کو زائل کرتی ہے۔

خوراک: جانوروں میں تیس طاقت عام طور پر زیادہ مستعمل ہے۔ تاہم چھوٹی طاقتوں میں بھی اس دوا کا استعمال مفید ہوتا ہے۔

کالی سلفیوریکم (Kalium Sulphuricum)

اس کے استعمال سے آکسیجن کی ترسیل بہتر ہو جاتی ہے۔ متاثرہ مقامات تیزی

سے شفاء پانے لگتے ہیں۔ یہ دوا سبزی مائل اخراجات رطوبت جو آنکھوں، کانوں، ناک، گلے، رطوبتی سطحوں اور سانس کے راستہ سے ہوتے ہوں، کیلئے بہت مفید ہے۔

خوراک: چھوٹے پولٹری پرندوں میں 30 طاقت اچھے نتائج مرتب کرتی ہے۔ پیچیدہ اور دیرینہ امراض میں چھوٹی پوٹینسیاں بہت مفید ہوتی ہیں۔ شدید نوعیت کے کیسوں میں بہت اونچی طاقت نافع ہوتی ہے۔ یہ دوا کھوپڑی کے کئی امراض خاص کر سکری کیلئے بھی مفید ہوتی ہے۔

میگنیشیم فاسفوریکم (Magnesium Phosphoricum)

اس کے مالیکیولر بگاڑ سے تشنج اور اینٹھن پیدا ہوتی ہے۔

خوراک کا الٹا بہاؤ، درد معدہ، اپھارہ، نفخ، معدہ کی قولنج اور اپھارے کیلئے بہت مفید ہے۔ اس کی خاص علامت درد کے مارے جانور کا اکٹھا ہوتے جانا ہے۔

خوراک: 30 طاقت عام طور پر مستعمل ہے لیکن قولنجی حالت کیلئے اس دوا کی اونچی طاقتیں استعمال کی جاتی ہیں۔

نیٹرم میوریاٹیکم (Natrium Muriaticum)

اس سالٹ کی کمی سے جو مالیکیولس بگاڑ پیدا ہوتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ جس میں اور جسم کی مختلف کیویٹی میں پانی بھر جاتا ہے۔ لیکن جب اس کی کمی کو پورا کر دیا جائے تو یہ جمع شدہ پانی دوبارہ حل ہو جاتا ہے۔

یہ سالٹ لو لگنے سے پیدا شدہ تمام نوعیت کی کمزوریوں کو دور کرتا ہے۔

خوراک: تیس اور 200 طاقت زیادہ مستعمل ہے۔ غیر مخصوص نوعیت کے استسقاء۔ کیڑے مکوڑوں کے کاٹنے کے لئے اس دوا کو ایپس ملیفیکا کے ساتھ استعمال کروا کر بہترین نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

نیٹرم سلفیوریکم (Natrium Sulphuricum)

اس سالٹ کی کمی کے باعث پانی کے جسم انسانی میں ٹھیک طور پر حل ہونے میں نقص واقع ہو جاتا ہے۔

اس نمک کا مسلسل استعمال ٹیپ ورم کو نکال باہر کرتا ہے۔ یہ نمک ایسے تمام دماغی عوارضات میں کارگر ہوتا ہے جن کا باعث سر کی چوٹ ہو۔ سفید چشم کی سوزش جس کے ساتھ پھوڑے سوجھے ہوئے ہوں، کے لئے مفید ہے۔

یہ نمک تمام نوعیت کے نوبتی بخاروں کیلئے مفید ہے۔

خوراک: جانوروں میں 30, 200 طاقت زیادہ مفید ہوا کرتی ہے۔

سلیشیا ٹرا (Silicea Terra)

خاص کر یہ نمک سپائنل کارڈ، دماغ اور اعصاب پر عمل کرتا ہے۔

یہ سالٹ ہڈیوں، جوڑوں، غدودوں جلد اور میوکس سطحوں پر زیادہ اثر انداز ہوتا ہے۔

خوراک: 6x اور 12x طاقت کرانک کیسوں میں مفید ہوا کرتی ہے۔ شدید نوعیت کے کیسوں میں اونچی طاقتیں استعمال کی جاتی ہیں۔

ایک ہزار طاقت میں روزانہ دن میں دو مرتبہ 10 سے 15 دن لگاتار سلیشیا کا استعمال کرنے سے شفاء پائی۔ اسی دوا سے ویکسی نیشن کے مابعد اثرات بد کو بھی درست کیا جاتا ہے۔

نیٹرم فاسفوریکم (Natrium Phosphoricum)

زبان کی نوک پر چھالے ہوں۔ زبان کٹی پھٹی، کھٹے ڈکار، کھٹی قے اور سبزی مائل رنگت کے اسہال اور یرقان اسی سالٹ سے درست ہوتے ہیں۔

خوراک: 3x سے 12x طاقت میں زیادہ مفید ہے اور یرقان میں چھوٹی پوٹینسیاں نہایت کارگر ثابت ہوتی ہیں۔

تل

اس کے درخت کو سے سے نم انڈ یکم بولتے ہیں۔اس کے دانے چھوٹے چھوٹے بھورے رنگ کے ہوتے ہیں۔ان کے پیڑنے سے جو روغن نکلتا ہے۔اس کو میٹھا تیل کہتے ہیں۔یہ روغن مالشوں میں بہت کام آتا ہے اور اس کو السی کے تیل کی بجائے بخوبی استعمال کرتے ہیں۔

کٹ کرنجا

اس کو انگریزی میں بنڈک نٹ کہتے ہیں۔اس کے بیج کی گری کا سفوف دوائی میں استعمال ہوتا ہے۔

اثر اور استعمال: یہ ٹانک اور انٹی پیپر یاڈک ہے۔کمزوری اور نوبتی بخار میں دیا کرتے ہیں اور اس کا کمپونڈ پاؤڈر استعمال کرتے ہیں۔گرمی کٹ کرنجا ایک اونس۔کالی مرچ کا سفوف ایک اونس دونوں کو ملالیں۔

خوراک: گھوڑا اور مویشی ..... 2 سے 4 ڈرام

کتے کے واسطے ..... 15 سے 30 گرین

راب کے ساتھ گولی بنا کر کھلانا چاہیے۔

اوپیم۔افیون

اس کے درخت کا نام پی پی ورس سامنی فرم ہے۔جو ایشیاء کوچک اور ہندوستان میں پیدا ہوتا ہے۔اس درخت کی گاڑھی رس کو افیون کہتے ہیں۔

ترکیب افیون نکالنے کی: چند روز بعد جھڑ جانے پنکھڑیوں کے سہ پہر کے وقت لوگ کھیت میں جا کر تیز چھریوں سے پوست کے پھل کو پاچھتے ہیں۔جس سے پوست کی رس

کے قطرے نکل کر شگاف پر جم جاتے ہیں۔ صبح جا کر اس منجمد رس کو چھری سے کھرچ کر بڑا سا پتا پوست کا لیکر اس پر رکھتے ہیں۔ جب سارے کھیت کی افیون جمع ہو جائے تب اس کو سایہ میں خشک کر لیتے ہیں۔ رات کو اوس پڑ جائے۔ تو شگافوں سے افیون بہت نکلتی ہے اور رنگ بھی اس کا گہرا ہوتا ہے لیکن اوس کم یا بالکل نہیں پڑتی۔ تب افیون کم نکلتی ہے۔ اور اس کا رنگ بھی ہلکا ہوتا ہے۔

خواص: اس کے ٹیڑھے بنگے چار اونس سے دو پاؤنڈ تک چکے ہوا کرتے ہیں اور پوست کے پتہ سے ملفوف ہوتے ہیں۔ تازہ ہوں تو ملائم چیز کی سطح سے بنگی ٹیڑھی۔ کسی قدر مرطوب اور بھورے رنگ کی نکلتی ہے۔ انگلیوں پر رگڑنے سے چمکتی ہے۔ بو عجیب، زبان پر رکھنے سے تلخ معلوم ہوتی ہے اور جی متلاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی زیادہ مقدار میں نارکاٹک زہر ہے اور طبی خوراکوں میں انٹی میولنٹ سیڈیٹو۔ نارکاٹک۔ انوڈائن اور انٹی پازماڈک ہے۔ گیسٹرائٹس۔ ڈاریا۔ ڈیسنٹری۔ انٹی رائٹس کالک۔ پرٹیونائیٹس۔ برانکائیٹس۔ نیومونیا۔ ٹے ٹے نس۔ روماٹیزم اور بہت سے امراض میں استعمال کرتے ہیں۔ خارجی استعمال میں زخموں اور اُن مقاموں کیلئے جن پر داغ دیا گیا ہو یا پلسٹر لگایا گیا ہو۔ انوڈائن کے طور پر لگاتے ہیں آنکھ کی جلد یا جوڑوں کی سطحی انفلامیشن میں استعمال کرتے ہیں۔

خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
بھیڑ و خوک کے واسطے	......	10 سے 40 گرین
کتے کے واسطے	......	1/2 سے 3 گرین

طریق استعمال: داخلی طور پر۔ بولس۔ ٹنکچر اوپیم۔ ٹنکچر اوپیم ایتھری اور وانیا اوپیم کی شکل میں استعمال کرتے ہیں۔ اگرچہ گاہے گاہے بہت دفعہ اس کو اکیلا دیتے ہیں۔ لیکن اکثر بلاڈونہ، ایکونائٹ، ٹارٹار ایمیٹک اور کیلومل کے ساتھ ملا کر سیڈیٹو فائدہ کے لئے دیتے

ہیں اور کلوروافارم سلفیورک ایتھر، نائیٹرس ایتھر میں ملا کر اسٹی میولنٹ یا انٹس پاز ماڈک فائدہ کے لئے دیتے ہیں۔ بطور پچکاری یا منہ کی راہ انٹی رائٹس مثانہ اور گردوں کی سوزش میں استعمال کرتے ہیں۔ خارجی استعمال لائیکوار پلمبائی سب ایسی ٹیٹس اینڈ اوپیم۔ لینی منٹ اوپیم۔ ٹنکچر اوپیم کی شکل میں استعمال کرتے ہیں۔

انٹی ڈوٹ: اگر ممکن ہو تو ایمٹک یا اسٹمک پمپ کے ذریعے معدہ کو خالی کرو اور برانڈی ایمونیا یا کاربونیٹ آف ایمونیا یا کوئی اور اسٹی میولنٹ پلا دو اور نتھنوں کو تیز ایسٹک ایسڈ اور ایمونیا لگاؤ اور ٹھنڈا پانی جسم پر چھڑکو اور مریض کو ٹہلاؤ۔

مانع اور استعمال: لائم واٹر، الکلیز اور اُن کے کاربونیٹ ایسی ٹیٹ اف لڈ۔ سلفٹ آف آئرن اور زنک اور کاپر پرکلورائیڈ آف مرکری۔ ایسی ٹیٹ آف پوٹاش اور سوڈا اور تمام نباتاتی قابضات اس کے ساتھ ملا کر نہ استعمال کرنا چاہیے۔

مفصلہ ذیل اشیاء اس سے تیار ہوتی ہے۔

☆انما اوپیم ☆اوپیم لینی منٹ

☆سب ایسی ٹیٹ اینڈ اوپیم ☆کمپونڈ پوڈر آف اپی کک کیوانہ یا ڈورس پاوڈر

☆پلوس اوپیم کمپونڈ ☆ٹنکچر اوپیم

پیرافین

اس کو ٹارائیل اسٹیارین یا معدنی چربی بھی کہتے ہیں۔

خواص: بے رنگ قلمدار چربی سی شے ہے۔ ایتھر میں حل ہو جاتی ہے۔ جب یہ پگلی ہوئی ہوتی ہے۔ تو مستقل اور اڑنے والے روغنوں کے ساتھ حل ہو جاتی ہے۔ سلفیورک ایسڈ کلورین اور نائٹرک ایسڈ 212 درجہ کی حرارت سے نیچے اس پر کچھ اثر نہیں کرتے۔

فائدہ اور استعمال: خارجی طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ گاہے گاہے مرہموں کے بنانے میں استعمال کرتے ہیں۔

فیس ٹیمن

یہ کول ٹار میں سے حاصل ہوتا ہے اور اسٹی فیمر ین کی طرح ہے۔

خواص: یہ ایک قلمدار سفوف ہے۔ ذائقہ قدرے کڑوا۔ بوندارو۔ الکوحال اور گلیسرین میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔ لیکن پانی میں مشکل حل ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: نروس سیڈیٹو اور انٹی پائی ریٹک ہے۔ انفلوائنزا۔ روماٹیزم۔ اور نیومونیا میں مفید ہے۔ ڈسٹیمر کی مرض میں کتوں کو گلیسرین یا پانی میں حل کر کے دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔ خوراکیں 2 سے 8 گرین

کیلا بارین۔ کیلا بار کے دانہ

اس کے جوہر کو فیساس ٹگمین یا ایسرین بھی کہتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: اختیاری اور غیر اختیاری عضلاتی ریشوں کیلئے اسٹی میولنٹ ہے۔ اور اعصابی مرکزوں کو مفلوج کرتا ہے۔ یہ بہت زہریلی شے ہے۔ جس کا زہر ہو جانے سے ٹے ٹےنس۔ یا چاند کی طرح کا کونشن یا (تشنج) ہوتا ہے اور آنکھ کی پتلی کو سکیڑتا ہے یہ ویٹرنری پریکٹس میں ہٹیلی قبض کے لئے استعمال ہوتا ہے جو ہر فیساس ٹگ مین کا عرق اسی غرض کیلئے زیر جلد پچکاری کیا جاتا ہے۔

دانہ کی خوراکیں:

گھوڑوں کے واسطے ...... 15 سے 30 گرین

کتے کے واسطے ...... 1/4 سے 1/2 گرین

اس سے مفصلہ ذیل دوائیں تیار ہوتی ہیں۔

☆ ایکسٹریکٹ فیساسٹگ مٹیس

☆ فیساسٹگ میں یا ایسرین

چرائتا

اس کے درخت کا نام اونی لیا چرائتا ہے۔ جو کوہ ہمالیہ پر اُگتا ہے۔ اور اس درخت کا کل حصہ طب میں استعمال کیا جاتا ہے۔

صفت: اس درخت کا تنہ قریب 3 فٹ لمبا ہے اور اس کے پر کے برابر موٹا گول اور چھوٹے پھول لگے ہوتے ہیں۔ ذائقہ نہایت تلخ۔

اثر اور استعمال: چرائتا مثل جنٹن گلو اور کواشیا کے بٹر ٹانک اور اسٹوماکک۔ اور ان دواؤں کے بدل بخوبی استعمال کیا جاتا ہے۔ ہر قسم کے جانوروں میں یہ دوا مقوی اور مشتہی کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ چنانچہ گھوڑوں کے بخار اور زکام میں یہ نسخہ نہایت عمدہ ہے۔

نسخہ: سفوف چرائتا ایک اونس شورہ 2 ڈرام اپسم سالٹ 2 اونس ملا کر ایک پائنٹ پانی یا السی کے جوشاندہ میں حل کر کے صبح و شام پلائیں۔ انفلامیشن کی بیماریوں میں بھی یہ نسخہ سخت علامتوں کے قدرے رفع ہو جانے کے بعد مفید پڑتا ہے۔ قبض یا اجابت بے قاعدہ آتی ہو یا علامات بخار رفع ہو گئے ہوں تو مذکورہ بالا نسخہ میں ایک ڈرام مبصر ملا دینا چاہیے۔ انفلوائنزا اونس ایتھر ملا کر تین یا چار دفعہ دن میں پلانے سے ہاضمہ درست اور جانور کو طاقت آ جاتی ہے۔ چرائتہ کو ائنا سڈا اور خوشبودار دواؤں سے ملا کر دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

نسخہ ذیل: یعنی چرائتا اور سونٹھ اور کاربونیٹ آف سوڈا ہر ایک کا نصف اونس راب میں گولہ بنا کر یا کانجی میں ملا کر گھوڑوں کو بطور اسٹوماکک اور کارمی نیٹو کے دیتے ہیں۔ یہ چونکہ کڑوی دوا ہے۔ اس لئے یہ ورمی سائیڈ بھی ہے اور جانڈس یعنی یرقان کے بخار میں یہ دوا کبھی کبھی مفید ہوتی ہے۔ نسخہ جات مذکورہ بالا عمدہ گھوڑوں کے مویشیوں کو بھی فائدہ کرتے ہیں مگر ہاں ان کی خوراکوں کو تھوڑا بڑھا دینا اچیے۔ چرائتا اسٹوماکک اور ٹانک کے طور پر بھیڑی کو دیا جاتا ہے۔ جب نمک کے ساتھ کھلایا جاتا ہے۔ تب تھوڑی دیر تک راٹ کی بیماری کو روک دیتا ہے۔ اور کتے جب کسی بیماری سے روبصحت لاتے ہیں تو ان کو بھی یہ دوا بہت فائدہ کرتی

-4

خوراک: گھوڑوں کے واسطے	......	1/2 سے 1 اونس
مویشی کے واسطے	......	1 سے 2 اونس
بھیڑی کے واسطے	......	1 سے 3 ڈرام
خوک کے واسطے	......	1/2 سے 1 ڈرام
کتے کے واسطے	......	5 سے 20 گرین

دوا تین مرتبہ دن میں دیں۔

ترکیب: اس کوراب اور آٹے کے ہمراہ گولا بنا کر کھلانا چاہیے یا خیسانده کے طور پر پلانا چاہیے اور اکثر ان کو سونٹھ الائچی کاربونیٹ آف سوڈا اور خمیر یا ایتھر وغیرہ کے ساتھ دیتے ہیں۔

ریشہ خطمی

انگریزی میں مارش لے لوروٹ کہلاتی ہے۔ اگر اس کی جڑ کو بھگو دیا جائے تو ایک لعاب نکلتا ہے۔ جو ڈیمل سنٹ کے طور پر دیا جاتا ہے۔ السی کے جوشاندہ کی جگہ اُن بیماریوں میں جن السی وغیرہ ڈیمل سنٹ چیزیں کام آتی ہیں برتی جاتی ہیں۔

پل آف مرکری اینڈ آئرن

ترکیب: پیور مرکری	.....	2 حصہ
ہیڈریٹ پراوکسائیڈ آف آئرن	.....	1 حصہ
کنفکشن آف روسینز یعنی گلقند	.....	3 حصہ

سب کو ملا کر ہلاؤ حتی کہ مرکری کی گولیاں معدوم ہو جائیں۔

فائدہ اور استعمال: گھوڑوں کیلئے الٹریٹو ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 1/2 سے 1 ڈرام

پائی منٹو

اس کو آل سپائیس یا جاوتری بھی کہتے ہیں۔
خشک اور کچے جاوتری جزائر غرب الہند سے آتے ہیں۔

خواص: اس میں سیاہ بھورے رنگ کے بیج ہوتے ہیں اور قد میں مٹر کے دانہ کے برابر ہوتے ہیں۔ جو اندر سے زرد ہوتے ہیں۔ بو اور ذائقہ گرم اور ایک عجیب طرح کا ہوتا ہے۔
فائدہ اور استعمال: ایرومائنک۔ کارمے نے ٹو۔ اسٹوماکک اور انٹس پازماڈک ہے۔ اندائی ہیضہ۔ دستوں۔ نفخ شکم۔ اور کالک میں دیتے ہیں۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 2 سے 4 ڈرام
مویشی کے واسطے ...... 2 سے 6 ڈرام
بھیڑ و خوک کے واسطے ...... 1/2 سے 1 ڈرام
کتے کے واسطے ...... 10 سے 30 گرین

طریق استعمال: سفوف بولس اور ٹنکچر کی صورت میں دیتے ہیں۔ اس سے ٹنکچر پائی منٹو تیار کرتے ہیں۔

بلیک پیپر یا سیاہ مرچ

اس کے درخت کو پائی پرنائیگرم کہتے ہیں۔ جب درخت کا پھل پک کر ٹھیک ہو جاتا ہے تو توڑ کر پھل کو سکھلا کر پیس کر سفوف بنا لیتے ہیں۔

خواص: چھوٹی گول حلقہ دار ہوتی ہیں۔ سیاہی مائل بھورا رنگ۔ اس میں خاکی ساز و بیج ہوتا ہے۔ جس کو سفید مرچ بولتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: زیادہ تر سادہ اڈائی جسٹمن میں کارے نیٹو۔ اوراسٹوماگک کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ اور بہت سی دواؤں کے بدذائقہ کو چھپانے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے 2ڈرام

مویشی کے واسطے 3ڈرام

بھیڑ کے واسطے ...... 20سے 40 گرین

دن میں ایک یا دو دفعہ دے سکتے ہیں۔

طریق استعمال: بولس کی صورت میں یا گرڈل میں ملا کر دیتے ہیں۔

برگنڈی پچ

اس کے درخت کو پائی نس۔ پے شیا کہتے ہیں۔ اس درخت سے یہ شے ٹپکتی ہے۔ اسکو جمع کر کے چھان لیتے ہیں۔ یہ سوٹرز لینڈ سے آتا ہے۔

خواص: یہ چیز سخت ہوتی ہے۔ جس برتن میں رکھ کر گرم کریں اسی کی شکل کا چکہ بن جاتا ہے رنگ بھورا زردی مائل۔ لیکن عموماً سرخی مائل بھورا ہو جاتا ہے۔ ذائقہ ایرومائک جب گرم کریں تو پانی نہیں نکلتا۔

فائدہ اور استعمال: داخلی طور پر ایری ٹنٹ اور ڈایوریٹک ہے۔ بیرونی استعمال میں روبی فیشنٹ۔ ڈائی جسٹو۔ یا جاذب موچوں کیلئے اسٹی میولنٹ۔ فرکچر یا ٹوٹی ہڈی کو سہارا دیتا ہے۔ زخموں کو ملانے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔

طریق استعمال: خارجی طور پر پگھلا کر اور اس حصہ کے بال خرار سے صاف کر کے جہاں لگانا ہو۔ لگاتے ہیں۔ پلاسٹر اس جگہ استعمال ہوتا ہے۔ جہاں جوڑنا منظور ہو۔

اس کو وڈ ٹار بھی کہتے ہیں۔ یہ چیڑ کی لکڑی کو بند کر کے جلانے سے حاصل ہوتا

ہے۔

خواص: گاڑھا خاکستری مائل سیاہ سیال ہے اور بو ایک خاص قسم کی ہے۔ اس میں پانی ملائیں۔ تو زردی مائل بھورا ہو جاتا ہے۔ اور اُس میں تیز تارپین کا ذائقہ ہے۔

فائدہ اور استعمال: خارجی استعمال۔ محرک۔ روبی فیشنٹ۔ انٹی سپٹک اور ڈیوڈورائزر کے طور پر۔ گھوڑوں کے۔ تھرش۔ مویشیوں کے شکستہ سینگ اور پیٹ اور سینہ کے پنکچرڈ وونڈز بھیڑوں کے فٹ راٹ۔ مینج۔ اگرنیا۔ امپٹائیگو۔ اور دوسری جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں۔

طریق استعمال: تھرش۔ اور فٹ راٹ میں خالص ٹار لگاتے ہیں۔ پنکچرڈ وونڈز بروکن ہارن میں موٹے کپڑے پر پھیلا کر استعمال کرتے ہیں۔ جلدی امراض کیلئے۔ آئنٹمنٹ آف آئل آف ٹار۔ یعنی منٹ آف ٹار کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ اور عام ہوف آئنٹمنٹ وغیرہ میں جو خانگی جانوروں کیلئے استعمال ہوتی ہے۔ برتتے ہیں۔

مرکبات

کمپوننڈ یعنی منٹ آئل آف ٹار یعنی منٹ آف ٹار۔ ٹار آئنٹمنٹ لیکوئیڈ۔

ایک معمولی نسخہ جو کہ سم کے سوراخ بھرنے کیلئے مفید ہوتا ہے یہ ہے۔

ٹار	......	2 حصہ
سافٹ سوپ	......	1 حصہ
لنسیڈ میل	......	حسب ضرورت یا جس قدر اچھی طرح مل سکے

بلیک پچ یا پچ

ٹار کو تقطیر کرنے سے اس کے لطیف اجزاء علیحدہ کئے جاتے ہیں۔ اور پیچھے سادہ رال کی طرح مجموعہ رہتا ہے۔ جس میں کاربان کثرت سے ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: گھوڑوں کے تھرش۔ کنکر۔ سینڈ کریک اور بھیڑوں کے فٹ راٹ میں نرم اسٹی میولنٹ ہے۔ بلسٹروں میں اس کی چپ چپی خاصیت کیلئے اس کو استعمال کرتے ہیں۔

بیل پھل

اس کا درخت جنوبی ہندوستان میں پیدا ہوتا ہے۔ اس کا پھل خربوزے کی مانند ہوتا ہے جس کا چھلکا سخت اور اندر گودا ہوتا ہے اور اسکے اندر مٹر کے برابر بیج ہوتے ہیں۔ گودے کے ٹکڑے کر کے اور سکھلا کر بازار میں بیل گری کے نام سے فروخت کرتے ہیں۔ یہ اسٹرنجنٹ ہے اور اسکو ڈاریا۔ ڈیسنٹری میں کھلاتے ہیں۔ اسکو اسبغول اور آم کی گٹھلی کو بھون کر اور سفوف کر کے اور گولا بنا کر کھلاتے ہیں۔ اس کے مرکب کا نام لیکوئڈ ایکسٹریکٹ آف بیل ہے۔

خوراک: بیل گری ہے۔

گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 2 اونس
مویشی کے واسطے	......	2 سے 4 اونس
بھیڑ کے واسطے	......	1/2 سے ایک اونس
کتے کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام

خوراک: مرکب

گھوڑوں کے واسطے	......	2 ڈرام سے 4 اونس
مویشی کے واسطے	......	4 ڈرام سے 6 اونس
کتے کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
گھوڑی کے بچھڑے کو	......	1 سے 2 ڈرام
گائے کے بچے کو	......	1 سے 3 اونس

بیدانہ

اس کے درخت کا نام پائیرس سائی ڈونیا ہے۔اس درخت کے بیج استعمال کئے جاتے ہیں۔ جو چوتھائی انچ لمبے چپٹے بیضوی ہوتے ہیں۔ سروں کی طرف نوکیلے اور رنگ بھوراسرخ ہوتا ہے پانی میں بھلونے سے لعاب نکلتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: بطور ڈیمل سنٹ کے ڈاریا۔ ڈیسنٹری اور پیشاب کی بیماریوں میں دیتے ہیں۔

ایسی ٹیٹ آف لڈ

اس کو شوگر آف لڈ۔ ایسی ٹیٹ آف لڈ بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: سفوف اکسائیڈ آف لڈ ...... 24 اونس۔

ایسی ٹک ایسڈ ...... 4 پائنٹ یا حسب ضرورت

ڈسٹلڈ واٹر ...... 1 پائنٹ

ایسی ٹک ایسڈ اور پانی ملا کر اوپر سے اکسائیڈ آف لڈ ڈال دو۔ اور دھیمی آنچ کے ذریعہ حل کر لو عرق کو چھان کر اڑاؤ۔ یہاں تک کہ اسکے اوپر ایک پردہ بن جائے اور پڑا رہنے دو تا کہ قلمیں بن جائیں۔ اگر ایسی ٹک ایسڈ ڈالنے سے پہلے ترش خاصیت نہ ہو تو تھوڑا ایسی ٹک ایسڈ اور ملاؤ اور کاغذ سے چھان کر بغیر گرم کرنے کے قلمیں بنالو مردہ سنگ کو سرکہ میں حل کرنے سے بھی حاصل ہوتا ہے۔

خواص: سفید قلمدار مجموعہ ہوتے ہیں۔ ہوا میں پڑا رہنے سے خشک ہو جاتا ہے۔ بو سرکہ کی ذائقہ اسٹر نجنٹ اور میٹھا۔ یہ مقطر پانی میں حل ہو جاتا ہے۔ اور ایک عرق بن جاتا ہے۔ یا قدرے دودھیا ہوتا ہے۔ جو ایسی ٹک ایسڈ کے ملانے سے صاف ہو جاتا ہے۔ اس کا عرق نیلے لٹمس کو قدرے سرخ کر دیتا ہے۔ اور پوٹاشیم آئیوڈاد کے ساتھ لڈ آئیوڈاد کا زرد تلچھٹ

پیدا ہوتا ہے۔اور ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ کے ساتھ سلفیٹ کا سفید تلچھٹ پیدا کرتا ہے۔
ایسی ٹک ایسڈ علیحدہ ہو جاتا ہے۔اور اپنی بو سے پہچانا جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: سیڈیٹو۔اسٹرنجنٹ۔ ویٹرنری پریکٹس میں بہت کم مستعمل ہے۔ تاہم گاہے گاہے ڈاریا اور ڈایابے ٹیز۔انسپیڈس میں گھوڑوں کو ایک سے دو ڈرام دیتے ہیں۔زیادہ تر لائیکوار پلمبائی سب ایسی ٹیٹس کے تیار کرنے میں کام آتا ہے۔

اوکسائیڈ آف لڈ

اس کو لیڈ مانو اکسائیڈ۔ پروٹو اکسائیڈ آف لڈ اور لتھارج یا مردہ سنگ بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: دھاتی لڈ کو ہوا میں گرم کرنے سے تیار کیا جاتا ہے۔پلمبائی ایسی ٹاس اور زنک سلفاس پانی میں حل کرنے سے عمدہ وائٹ لوشن بنتا ہے۔

خواص: بھاری چھلکے زرد سرخی مائل اینٹ کے رنگ کا جو وائیلوٹ نائیٹرک ایسڈ اور ایسی ٹک ایسڈ میں بدوں جوش کے حل ہو جاتا ہے۔اس سے پلمبائی ایسی ٹاس اور لائیکوار پلمبائی ایسی ٹاس تیار ہوتے ہیں۔

پوڈوفلم کی جڑ

اس کے درخت کو پوڈو۔فائی۔لم پل ٹے ٹم کہتے ہیں۔اس کی جڑیں شمالی امریکہ سے آتی ہیں۔

خواص: جڑ کے ٹکڑے مختلف لمبائی کے ہوتے ہیں۔اور قریب 2 لائن کے موٹے ہوتے ہیں ایک لائن برابر 1/12 انچ کے اور اکثر ٹکڑوں میں لمبائی سے شکن ہوتے ہیں۔باہر سے رنگ سرخی مائل بھورا۔اندر سے سفیدی مائل۔سفوف کا رنگ زردی مائل دخاکی۔ذائقہ قدرے تلخ اور تیز اور تے آور بو میٹھی ہوتی ہے۔

فائدہ اور استعمال: کولوگاک۔ پرگے ٹیو ہے۔ کیلومل کے عوض میں استعمال کر۔ ہیں۔ تجربات سے ثابت ہوا ہے کہ خانگی حیونات میں بطور پرگے ٹیو کے بہت مفید ہے۔ یہ دل فعل کو اعضائے تنفس کی بیماریوں میں کم کرنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ روماٹیزم اور دوسری سوزش دار امراض میں استعمال کرتے ہیں۔

خوراک: بطور سیڈیٹو

گھوڑوں اور مویشی کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
کتے کے واسطے	......	1 سے 2 گرین

طریق استعمال: کیلومل پوٹاشیم نائیٹریٹ یا میگنیشیم سلفیٹ کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں۔ کتوں کو کیلومل۔ گرے پاؤڈر۔ یا اپیکاک میں ملا کر دیتے ہیں۔

ریزن آف پوڈافلم

ترکیب: دردا سفوف پوڈافلم کی جڑ کا	......	1 پونڈ
ریکٹی فائیڈ اسپرٹ	......	3 پائنٹ یا حسب ضرورت
ڈسٹلڈ واٹر	......	حسب ضرورت
ہیڈروکلورک ایسڈ	......	حسب ضرورت

ملا کر تیار کرتے ہیں۔

خواص: ایک زردی مائل سبز بھورے رنگ بیڈول سفوف ہے۔ ریکٹی فائیڈ اسپرٹ اور ایمونیا میں حل ہو جاتا ہے۔ اگر ریکٹی فائیڈ اسپرٹ والے عرق میں پانی ملائیں تو نیچے بیٹھ جاتا ہے۔ خالص ایتھر میں بالکل حل ہو جاتا ہے۔

کاسٹک پوٹاش

اس کو ہیڈریٹ آف پوٹاشی ہائیڈرایت بھی کہتے ہیں۔ 2 پائنٹ سلوشن آف

پوٹاش کو چاندی کے صاف برتن میں تب تک آنچ دیں۔ جب تک ایک قطرہ اس کا شیشہ کی ڈنڈی پر ہلانے سے بعد سرد ہونے کے جم جائے۔ اب اس کو سانچوں میں ڈال لیں اور بتیوں کو جب گرم ہوں شیشہ کی کاک والی بوتل میں بند کر کے رکھ چھوڑیں۔

خواص: سخت سفید بتیاں ہوتی ہیں۔ جو کھلا رکھنے سے تر ہو جاتی ہیں۔ تیز الکلائن اور کروسیو ہوتی ہیں۔

فائدہ اور استعمال: یہ زیادہ تر پاگل جانوروں کے کاٹے ہوئے زخموں پر اس کے راٹک کے طور پر لگاتے ہیں۔ اور نا تندرست السروں کو تحریک کرنے کیلئے اور سپوریشن یا پیپ پیدا کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

سلفیورے ٹڈ پوٹاش یا سلفائیڈ آف پوٹاشیم۔ پوٹاشیم سلفیورٹیا

ترکیب: کاربونیٹ آف پوٹاش ...... 10 اونس

سب لائیڈ سلفر ...... 5 اونس

ان دونوں کو ایک گرم ہاون میں ڈالنے سے یہ مرکب حاصل ہوتا ہے۔

خواص: ٹھوس سبز رنگ کے ٹکڑے جب تازہ توڑے جائیں تو جگر کے رنگ کے ہوتے ہیں کھاری اور تلخ ذائقہ ہوتا ہے۔ پانی میں حل ہو کر زرد رنگ کا عرق پیدا کرتا ہے۔ اور اس میں بو سلفیورے ٹڈ روجن کی آتی ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی طور پر زیادہ مقدار میں ایری ٹنٹ زہر ہے۔ اس کی خوراکیں 1/2 سے ایک ڈرام تک گھوڑوں میں اٹی میولنٹ اور ڈالوریٹک فائدہ رکھتی ہیں۔ اس ملک میں داخلی طور پر بہت کم استعمال کرتے ہیں۔ خارجی استعمال میں کرانک جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں۔ خاص کر جب وہ چھلکے دار قسم کے ہوں۔

طریق استعمال: خارجی، لائیکوار پوٹاشیم سلفیوریٹا یا مرہم پوٹاشیم سلفیوریٹا کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

فادزہر۔لائم کا سلوشن ۔اموے انٹ ۔عرقوں کے ساتھ دیتے ہیں۔

مرکبات

☆لائیکوار پوٹاشیم سلفیوریٹا ☆مرہم پوٹاشیم سلفیوریٹیا

بائی کاربونیٹ آف پوٹاش

اس کو پوٹاشیم ہیڈروجن کاربونیٹ بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: کاربونیٹ آف پوٹاش	......	1پونڈ
ڈسٹلڈ واٹر	......	2پائنٹ
ہیڈروکلورک ایسڈ	......	1.1/2پائنٹ
پانی	......	3پائنٹ
وائٹ ماربل یا سنگ مرمر	......	ایک پاؤنڈ یا حسب ضرورت

لیکر تیار کرتے ہیں۔

خواص: اس کی چوڑی معین اور بے رنگ قلمیں ہوتی ہیں۔ذائقہ میں نمکیں اور قدرے اکلائن ہے۔

فائدہ اور استعمال: زیادہ مقدار میں اریٹنٹ زہر۔طبی خوراکوں میں انٹا سڈ اور ڈائیوریٹک ہے۔

خوراک: گھوڑا اور مویشی	......	2سے6ڈرام
بھیڑوخوک	......	40 گرین سے2ڈرام
کتے کے واسطے	......	10سے30 گرین

طریق استعمال: بولس کی صورت میں یا پانی میں حل کر کے دیتے ہیں۔

مانع استعمال: ایسڈ لائم واٹر، ایسی ٹیٹ اور کلورائیڈ آف ایمونیم۔ بہت سے دھاتی نمکوں کے ساتھ دینا منع ہے۔ لیکن سلفیٹ آف میگنیشیا کے ساتھ دے سکتے ہیں۔

انٹی ڈوٹ۔ اس کے زہر کا قاد۔ ڈائیلوٹ۔ ایسیٹک ایسڈ۔ یا سرکہ اور السی اور الیوائل ہے۔

کاربونیٹ آف پوٹاش

اس کو پوٹاشیم کاربونیٹ یا جوکھار بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: یہ مرکب لکڑیوں کی راکھ سے۔ لکسی ویشن کی ترکیب سے حاصل ہوتا ہے۔

خواص: سفید قلمدار سفوف ہے۔ ذائقہ الکلائن اور کاسٹک ہے۔ پانی میں جلدی سے حل ہو جاتا ہے۔ لیکن اسپرٹ وائن میں حل نہیں ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: مثل پوٹاشیم بائی کاربونیٹ کے ہے لیکن معدہ اور آنتوں کی خراش اس سے بہ نسبت پوٹاش بائی کاربونیٹ کے زیادہ ہوتی ہے۔

خوراک: گھوڑا اور مویشی کے واسطے ...... 2 سے 4 ڈرام

بھیڑ وخوک کے واسطے ...... 30 گرین سے 1/2 ڈرام

کتے کے واسطے ...... 5 سے 20 گرین

طریق استعمال: بولس کی صورت میں پانی میں حل کر کے دیتے ہیں۔

انٹی ڈوٹ۔ وہی ہیں جو بائی کاربونیٹ آف پوٹاش کے ہیں۔

برومائیڈ آف پوٹاشیم

اس کو پوٹاشیم برومائیڈ بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: سلوشن آف پوٹاش ...... 2 پائنٹ
برومین ...... 4 فلوئیڈ اونس
باریک سفوف لکڑی کا کوئلہ ...... 2 اونس
کھولتا ہوا مقطر پانی ...... 1.1/2 پائنٹ
لیکر تیار کرتے ہیں۔

خواص: اسکی قلمیں بے رنگ مکعب اور بے بو ہوتی ہیں لیکن ذائقہ تیز اور نمکین کسی قدر تلخ ہوتا ہے۔ پانی میں فوراً حل ہو جاتا ہے۔ مگر اسپرٹ میں کم حل ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: یہ سیڈیٹو ہے اور اعضاء تناسل پر اس کا بڑا اثر ہوتا ہے۔ اور اُن کے افعال کو نمایاں طور پر کم کرتا ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 2 سے 4 ڈرام
مویشی کے واسطے ...... 2 سے 5 ڈرام
کتے کے واسطے ...... 5 سے 20 گرین

کلوریٹ آف پوٹاش یا پوٹاشیم کلوریٹ

ترکیب: کاربونیٹ آف پوٹاش ...... 20 اونس
سلیکڈ لائم ...... 53 اونس
ڈسٹلڈ واٹر ...... حسب ضرورت
بلیک اوکسائیڈ آف مینگنیز ...... 83 اونس
ہیڈرو کلورک ایسڈ ...... 24 پائنٹ
لیکر تیار کرتے ہیں۔

خواص: قلمیں اس دوا کی بے رنگ سفید ٹکڑوں کی سی ہوتی ہیں ذائقہ نمکین اور سرد ہوتا ہے

ایک حصہ اس کا 12 حصہ سرد پانی میں اور دو حصہ کھولتے ہوئے پانی میں حل ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی۔ نرم اٹی میولنٹ۔ ڈالور یٹک اور ریفر جرنٹ ہے۔ زیادہ تر بیماریوں میں جو ریح پیدا ہوتی ہیں۔ اس کے کم کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔ خارجی استعمال میں اٹی میولنٹ اور ریفر جرنٹ کینسر یا سرطان اور دوسرے برے قسم کے السروں کیلئے ٹمپی نائینس۔ ہون یعنی دفع شکم میں استعمال ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ خیال کیا گیا ہے کہ اُن ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 4 ڈرام
مویشی کے واسطے	......	2 سے 6 ڈرام
بھیڑ خوک کے واسطے	......	20 سے 40 گرین
کتے کے واسطے	......	5 سے 15 گرین

طریق استعمال: داخلی طور پر پانی میں گھول کر استعمال ہوتا ہے۔ خارجی استعمال میں کمپونڈ لائیکوار پوٹاشیم کلوراس کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

نائیٹریٹ آف پوٹاش۔ پوٹاشیم نائیٹریٹ نائیٹر سالٹ پیٹر یا شورہ قلمی

یہ ہندوستان یا دوسرے گرم ملکوں میں شور زمینوں میں پایا جاتا ہے۔

خواص: اس کی بیرنگ پتلی پتلی شش پہلو قلمیں ہوتی ہیں۔ جو ذائقہ تیز نمکین اور سرد رکھتی ہیں۔ چار حصہ سرد پانی میں اور 2.1/2 حصہ کو کھولتے پانی میں حل ہو جاتی ہیں۔ آگ پر اس کو ڈالیں تو بھک سے جل پڑتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی طور پر زیادہ مقدار میں ایری ٹنٹ زہر۔ طبی خوراکوں میں ڈائیوریٹک فبر یفیوج اور ریفر جرنٹ ہے۔ خارجی استعمال میں ان ہتھیلی یا نائٹرٹ

زخموں کیلئے اینٹی سیپٹک ہے۔

خوراک: گھوڑوں اور مویشی کے واسطے ...... 2 سے 4 ڈرام

بھیڑ و خوک کے واسطے ...... 1/2 سے 1 ڈرام

کتے کے واسطے ...... 5 سے 15 گرین

طریق استعمال: داخلی بطور فیبری فیوج کے یہ گولی کی صورت میں دینا چاہیے بطور ڈایوریٹک کے سلوشن یا عرق کی صورت میں دیتے ہیں۔ ریفرجرنٹ فائدہ کیلئے تازہ سلوشن بنا کر دینا چاہیے۔

خارجی استعمال میں لائیکوار پوٹاشی نائیٹرس کی شکل میں استعمال کرتے ہیں۔

مانع استعمال: سلفیورک ایسڈ۔ اور سلفیٹ کے ساتھ ملا کر دینا منع ہے۔

اس سے مفصلہ ذیل چیزیں تیار ہوتی ہیں۔

☆لائیکوار پوٹاشی نائیٹرس ☆لائیکوار ایمونیہ کلورائیڈ اینڈ پوٹاشیم نائیٹرس

پرمنگے نیٹ آف پوٹاش۔ پوٹاشیم پرمنگے نیٹ

ترکیب: کاسٹک پوٹاش ...... 5 اونس

باریک سفوف بلیک اوکسائیڈ مینگنیز ...... 4 اونس

کلوریٹ آف پوٹاش ...... 3.1/2 اونس

ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ ...... حسب ضرورت

ڈسٹلڈ واٹر ...... 2.1/4 پائنٹ

لیکر تیار کرتے ہیں۔

خواص: سیاہ ارغوانی منشوری قلمیں ہوتی ہیں۔ ذائقہ میٹھا اور اسٹرنجنٹ ہے۔ سرد پانی میں بالکل حل ہو جاتا ہے۔ اور گہرا ارغوانی عرق بن جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: سرطانی اور خراب قسم کے زخموں اور السروں اور جلدی امراض میں بلوراکسائی ٹینٹ اور ڈیوڈورائی زرس کے استعمال ہوتا ہے۔اس کو زیادہ تر ڈس انفکٹنٹ اور ڈیوڈورائی زرس کی طرح استعمال کرتے ہیں۔

طریق استعمال: گندے زخموں اور السروں کو دھونے کیلئے لائیکوار پوٹاشی۔ پرمنگنیٹس کی شکل میں استعمال کرتے ہیں۔معمولی ڈیوڈرائی زرس اور ڈس انفکٹنٹ اغراض کیلئے کاڈیز فلوئیڈ کا ایک اونس ایک پانی کی بالٹی میں ملا کر اسطبلوں۔کمروں وغیرہ میں چھڑکو یا طشتریوں میں ڈال کر رکھو۔بدبودار پانی میں یہ عرق ڈالا جاتا ہے۔اس سے لائیکوار پوٹاشی پرمنگنیٹس تیار ہوتا ہے۔

ییلو پروسی ایٹ آف پوٹاش۔پوٹاشیم فیروسائی نائیڈ۔فیروسائی نائیڈ آف پوٹاشیم

ترکیب: سینگ۔سم۔چمڑا۔کاٹ کر خشک کرکے برتنوں میں کاربونیٹ آف پوٹاش کے ساتھ ملا کر گرم کرتے ہیں۔باقی ماندہ ماس کو پانی کے ساتھ گرم کرکے چھان لیتے ہیں۔

خواص: زرد ہشت پہلو قلمیں ہوتیں ہیں۔ہوا میں رکھنے سے نہیں بگڑتیں۔پانی میں حل ہو جاتی ہیں۔لیکن الکوحل میں حل نہیں ہوتیں۔

فائدہ اور استعمال: ڈائیلوٹ ہیڈروسیانک ایسڈ تیار کرنے میں کام آتا ہے۔

سلفیٹ آف پوٹاش۔پوٹاشیم سلفیٹ

ترکیب: نائیٹرک ایسڈ بنانے کے بعد جو نمک رہ جاتا ہے۔وہ سلفیٹ آف پوٹاش کا ہوتا ہے۔مگر اس میں کسی قدر سلفیورک ایسڈ کی زیادتی ہوتی ہے۔اس میں جب کاربونیٹ آف

پوٹاش کا عرق ملا کر نیوٹرل کیا جائے۔تب سلفیٹ آف پوٹاش کی شفاف بیرنگ شش پہلو قلمیں بن جاتی ہیں۔

فائدہ اور استعمال: پلوس کمپونڈ اپیکاک بنانے کے کام آتا ہے۔تاکہ یہ سفوف اچھا رہے اور اس کے اجزاء اکٹھے نہ ہو جائیں۔

آئیوڈائڈ آف پوٹاشیم۔پوٹاشیم آئیوڈاد

ترکیب: سلوشن آف پوٹاش ...... 1 گیلن

آئیوڈین ...... 29 اونس یا حسب ضرورت

لکڑی کے کوئلہ کا باریک سفوف ...... 3 اونس

لے کر تیار کرتے ہیں۔

خواص: بے رنگ عموماً دھندلا ہوتا ہے۔اور قلمیں مکعب شکل کی ہوتی ہیں۔پانی میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔لیکن اسپرٹ وائن میں اس سے کم حل ہوتا ہے۔اس کی تاثیر قدرے الکلائن ہوتی ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی طور پر زیادہ مقدار میں ایری ٹنٹ زہر۔طبی خوراکوں میں الٹریٹوڈی ایس ٹروانٹ۔اور ڈایورٹیک ہے۔اسکرافیولا۔لمفیٹک گلینڈ کے بڑھاؤ۔پری اس ٹائیٹس ارٹی کیولر۔روماٹیزم۔اور ڈراپسی میں دیتے ہیں۔خارجی استعمال میں ٹیومر اور مریض بڑھاؤ کو روکنے کیلئے استعمال کرتے ہیں نیز یہ آئیوڈین کے محلل کے طور پر کام آتا ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 1 سے 2 ڈرام

مویشی ...... 1 سے 3 ڈرام

بھیڑ کے واسطے ...... 20 گرین سے 1 ڈرام

خوک کے واسطے ...... 20 گرین سے 1 ڈرام

کتے کے واسطے ...... 1 گرین سے 5 گرین

ایک دن میں ایک یا دو دفعہ دے سکتے ہیں۔

طریق استعمال: داخلی طور پر بولس کی صورت میں یا پانی میں حل کر کے دیتے ہیں۔

خارجی استعمال میں مرہم پوٹاشی آئیوڈاد کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

مانع استعمال: ایسڈ اور اسپرٹ ایتھر نائیٹروسائی میں ملا کر دینا منع ہے۔

مفصلہ ذیل اشیاء اس سے تیار ہوتی ہیں۔

☆ کمپوند لیٹی منٹ آئیوڈاد ☆ سلوشن آف آئیوڈین اور پوٹاش آئیوڈاد

☆ ٹنکچر آئیوڈین ☆ مرہم آئیوڈین

☆ مرہم کمپونڈ آئیوڈین

انٹی مونیل پوڈر

اوکسائیڈ آف انٹی منی ...... ایک اونس

فاسفیٹ آف لائم ...... 2 اونس

فائدہ اور استعمال: مثل ٹارٹریٹ انٹی منی کے ہے لیکن اس سے مقامی خراش ہوتی ہے۔ کتوں کیلئے فیبر ملفیوج کی طور پر استعمال ہوتا ہے۔

خوراک: کتے کے واسطے ...... 3 سے 10 گرین

کمپونڈ پاؤڈر سلفیٹ آف آئرن

سلفیٹ آف آئرن کا سفوف ...... 1 سے 1.1/2 ڈرام

سفوف جنشن ...... 4 ڈرام

لے کر ملالو۔

یہ صرف ایک خوراک ہے جو کہ گھوڑوں کو ٹانک کے طور خوراک چھڑک کر دیتے ہیں۔

کمپونڈ پوڈر آف اپیکا کیوانہ۔ یا ڈورس پوڈر

سفوف اپیکا کیوانہ ...... 1 اونس

سفوف اوپیم ...... 1 اونس

سلفیٹ آف پوٹاش ...... 8 اونس

کو ملا کر کھرل میں ڈال کر رگڑ اور بند بوتل میں ڈال دو۔

فائدہ اور استعمال: کتوں کو ناسی انٹ۔ سیڈیٹو کے طور پر 5 سے 15 گرین تک دیتے ہیں اور ایک دن میں چار یا پانچ دفعہ دے سکتے ہیں۔

کمپونڈ پوڈر آف اوپیم

اوپیم۔ گالس۔ پائی منثوسب کا سفوف مساوی مقدار میں لے کر ملا لو۔

فائدہ اور استعمال: ڈاریا میں جو آنتوں کے ڈھیلا پڑ جانے یا خراش ہونے سے پیدا ہو دیتے ہیں۔

خوراک: گھوڑوں اور مویشی کے واسطے ...... 4 سے 6 ڈرام

بھیڑ کے واسطے ...... 1 سے 1.1/2 ڈرام

کتے کے واسطے ...... 10 سے 30 گرین

طریق استعمال: گولی کی صورت میں یا گرویل میں ملا کر دیتے ہیں۔

کمپونڈ پوڈر آف روبرب

اس کو گریگریز پوڈر بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: سفوف روبرب روٹ ...... 1 اونس

جنجر پوڈر	......	1اونس
لائٹ میگنیشیا	......	6اونس

سفوف کر کے ملالو اور چھان لو۔

فائدہ اور استعمال: اینٹاسڈ۔ اسٹوماٹک ہے۔ اینڈائی جیسچن میں دیتے ہیں۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے	......	2 سے 3اونس
مویشی کے واسطے	......	2 سے 4اونس
بھیڑ وخوک کے واسطے	......	10 سے 20 گرین
کتے کے واسطے	......	10 سے 30 گرین

طریق استعمال: بولس کی صورت یا گروئل میں ملا کر دیتے ہیں۔

کمپونڈ پوڈر کاربونیٹ آف زنک

ترکیب: سفوف کاربونیٹ آف زنک	......	4اونس
سفوف ایلم	......	1اونس

لے کر ملالو۔

فائدہ اور استعمال: اکسائی ٹنٹ۔ اسٹرنجنٹ۔ چھلے ہوئے مقاموں السٹرٹڈ ہیل اور اوپن جائنٹ پر چھڑکا کرتے ہیں۔

گن کاٹن

ترکیب: کاٹن وول	......	1اونس
سلفیورک ایسڈ	......	8فلوئیڈ
نائیٹرک ایسڈ	......	8فلوئیڈ

کے ملانے سے تیار کرتے ہیں۔

خواص: ایتھر اور رکٹی فائیڈ اسپرٹ کے عرق میں حل ہو جاتی ہے۔اور جب اس کو حرارت دیکر اڑایا جائے۔تو کوئی بقیہ نہیں رہتا۔

☆کلرڈیم ☆کلوڈیم فلیکسیبل تیار کرنے کے کام آتی ہے۔

اوک بارک یا بلوط کی چھال

یہ کیورکس۔پے ڈنگولٹیا کے درخت کی ٹہنیاں اور چھال انگلستان میں سکھلا کر اکٹھی کر لیتے ہیں۔

خواص: یہ سبز چمکدار چھال سے پوشیدہ ہوتی ہے۔سطح کا رنگ مثل دارچینی کے ہے ریشہ دار نازک اور تیز اسٹرنجٹ اور ٹانک۔ڈاریا۔ڈیسنٹری اور میوکس ڈسچارج کے بند کرنے میں استعمال کرتے ہیں۔خارجی استعمال۔اسٹرنجٹ اسپٹک۔اکسائی ٹنٹ گا ہے گا ہے گنگرین کو روکنے اور سست زخموں کو اسٹی میولنٹ کرنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ریکٹم اور یوٹرس کے پرالی سس میں استعمال ہوتا ہے۔

خوراک: گھوڑا اور مویشی کے واسطے ...... 2 سے 6 ڈرام

بھیڑ وخوک کے واسطے ...... 1/2 سے 2 ڈرام

کتے کے واسطے ...... 10 سے 30 گرین

طریق استعمال: سفوف بارک۔گولی بنا کر یا گروئل میں ملا کر دیتے ہیں۔ڈیکاکشن اوک بارک کا استعمال کرنا فوقیت رکھتا ہے۔خارجی استعمال پوڈر یا ڈیکاکشن کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔اس سے ڈیکاکشن اوک بارک تیار ہوتا ہے۔

سلفیٹ آف کونین

ترکیب: دردا سفوف ییلو سنکونہ بارک ...... 1 پونڈ

ہیڈروکلورک ایسڈ	......	3 فلوئیڈ اونس
ڈسٹلڈ واٹر	......	حسب ضرورت
سلوشن آف سوڈا	......	4 پائنٹ
ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ	......	حسب ضرورت

لیکر تیار کرتے ہیں۔

خواص: سفید گول ریشم کی طرح باریک قلمیں ہوتی ہیں جو کہ برف جیسی سفید ذائقہ کڑوا پانی میں حل ہو جاتی ہیں اور اس کے عرق کا رنگ خاص نیلے رنگ کا ہو جاتا ہے سلفیورک ایسڈ میں حل ہو جاتی ہے۔

فائدہ اور استعمال: نوبتی بخار اور دیگر بخاروں میں۔ ٹانک اور انٹس پازماڈک کے طور پر دیتے ہیں۔ نقصان اشتہا اور بدہضمی میں جو ضعف کے سبب ہو برتی جاتی ہے۔ اکیوٹ روماٹیزم۔ کتوں کی کوریہ گھوڑوں کی جسمانی یا اندرونی افتھلمیا میں جس میں باعث گہرے واقع ہوں استعمال کرتے ہیں۔ اکیوٹ بیماریوں کے بعد شفایابی کی کمزوری میں اور انفلوائنزا اور دوسری بیماری کے بعد جو ضعف لاحق ہوتا ہے۔ اس میں یہ برتی جاتی ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے	......	20 سے 40 گرین
مویشی کے واسطے	......	20 سے 40 گرین
بھیڑ کے واسطے	......	5 سے 10 گرین
کتے کے واسطے	......	1 سے 5 گرین

طریق استعمال: بولس بنا کر گرویل میں ملا کر دیتے ہیں۔

مانع استعمال: الکلی اور اُن کے کاربونیٹ انفیوژن بناتی قابضات کے ساتھ دینا منع ہے۔ کیونکہ ٹینٹ آف کونین جب سلفیورک ایسڈ موجود ہو نیچے بیٹھ جاتا ہے۔

یلو ریزن۔ ریزن۔ یازرد ریزن۔ یارال

ترکیب: تارپین کے مقطر کرنے کے بعد جو شے برتن میں باقی رہ جاتی ہے۔اس کو ریزن کہتے ہیں۔

خواص: شفاف زرد اور چورہ ہو جانے والی ڈلیاں ہوتی ہیں۔ بو اور ذائقہ نرم ٹرپن ٹائن کا سا ہے۔ جب گرم کریں تو جل جاتی ہے اور زرد دھواں پیدا ہوتا ہے۔ ریکٹی فائیڈ اسپرٹ میں حل ہو جاتی ہے۔لیکن پانی میں حل نہیں ہوتی۔

فائدہ اور استعمال: داخلی۔ڈائیورٹیک۔خارجی۔نرم ایکسائٹنٹ۔اسٹرنجنٹ۔اسٹپٹک ہے۔نیز یہ پلاسٹروں کا قوام اور چیپ بڑھانے کے واسطے استعمال ہوتی ہے۔

خوراک: گھوڑوں اور مویشیوں کے واسطے ...... 4 سے 6 ڈرام

بھیڑ وخوک کے واسطے ...... 1 سے 2 ڈرام

کتے کے واسطے ...... 20 سے 30 گرین

طریق استعمال: داخلی طور پر گھوڑوں کو بہت ریزن دیا جاتا ہے۔جو کہ بولس کی صورت میں دیتے ہیں۔اغلباً کمپونڈ اس ریزن کو ترجیح دیتے ہیں۔خارجی استعمال سفوف زخموں پر چھڑکا جاتا ہے۔بعد آختہ کرنے کے سیلان روکنے کیلئے ریزن کا تھوڑا سا سفوف اسپرمیٹک کارڈ پر چھڑک کر داغنی سے پگھلا دیتے ہیں۔

اس سے مفصلہ ذیل اشیاء تیار ہوتی ہیں۔

☆کمپونڈ ریزن ماس ☆پچ پلاسٹر ☆مرہم ریزن

روبرب روٹ

یہ سدا بہار سر سبز پودے ملک چین۔تاتار۔ اور تبت کے کوہستانی مقامات کے درمیان پیدا ہوتے ہیں۔شانگی اور کانٹن سے موسکو کے راستہ لائے جاتے ہیں۔

خواص: اس کے گول یا چپٹے ٹکڑے ہوتے ہیں۔ باہر سے زرد اندر سے داغدار اس میں خاکی اور سرخ خط ہوتے ہیں۔ دانتوں کے نیچے دانہ دار ذائقہ کڑوا۔ اسٹرنجنٹ اور ٹانک ہوتا ہے۔ اس میں ایک خاص قسم کی بو پائی جاتی ہے۔

فائدہ اور استعمال: ویٹرنری پرکٹس میں بہت کم استعمال ہوتا ہے۔ تاہم معدہ کی کمزوری میں بہت استعمال کرتے ہیں۔ کتوں کیلئے کتھارٹک ہے۔

خوراک: بطور ٹانک

گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 1.1/2 اونس
مویشی کے واسطے	......	1 سے 2 اونس
بھیڑ کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
خوک کے واسطے	......	1 سے 1.1/2 ڈرام
کتے کے واسطے	......	10 سے 30 گرین

خوراک: بطور کتھارٹک

کتے کے واسطے	......	2 سے 3 ڈرام

طریق استعمال: جڑوں کے سفوف کو گولی میں یا گرول میں دیتے ہیں۔

اس سے

☆ کمپونڈ روبرب ☆ ٹنکچر روبرب تیار ہوتے ہیں۔

ریڈ روز۔ سرخ گلاب کی پنکھڑیاں

سرخ گلاب کے پھول کی پتیوں کو سکھلا کر استعمال کرتے ہیں۔ جو انگلستان سے آتی ہیں۔ رنگ سرخ ہوتا ہے۔ جو کہ خشک ہونے پر بھی رہتا ہے۔

خواص: ارغوانی صاف رنگ۔ ذائقہ تلخ۔ قدرے ترش اور اسٹرنجنٹ ہے جو کہ خشک

ہونے پر بڑھ جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: کنفکشن آف روسز کے بنانے میں استعمال کرتے ہیں۔

خواص: پودے پر چھوٹے چھوٹے لپٹے ہوئے پتے چار قطاروں میں بالمقابل ہوتے ہیں تیرنا گوار اور خاص قسم کی بو ذائقہ سخت اور کڑوا اور نا گوار ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی طور پر زیادہ مقدار میں اریٹنٹ زہر۔ طبی خوراکوں میں انحمل مینٹک ہے۔ لیکن اس مطلب کے واسطے بہت کم استعمال کرتے ہیں کیونکہ اس کا اثر سخت ہے اور اس میں تیز اریٹنٹ اور بے اعتبار خواص ہے۔ خارجی استعمال۔ کمزور انگوروں والے زخموں اور انڈولنٹ السروں کیلئے اسٹی میولنٹ پلسٹر اور سٹین کے اخراج کو جاری رکھنے کیلئے بھی استعمال کرتے ہیں۔

طریق استعمال: خارجی انفیوژن ساون لیکن مرہم ساون کو ترجیح دیتے ہیں۔

☆انفیوژن ساون ☆مرہم ساون اس سے تیار کرتے ہیں۔

ریفائینڈ شوگر۔ صاف کی ہوئی چینی یا قند

صاف چینی گنے سے جو کہ جزائر غرب الہند اور دوسرے ملکوں میں پیدا ہوتا ہے تیار کی جاتی ہے۔

خواص: قلمدار مخروطی چکے ہوتے ہیں جو تجارت میں بطور لم شوگر کے مشہور ہیں۔

☆کنفکشن ریڈروز ☆فیرس کاربوناس سکرٹیا اس سے تیار کرتے ہیں۔

سنٹونین

یہ قلمدار جوہر پودہ ارٹی میشیا می ری ٹیما سے حاصل ہوتا ہے۔ اس کے بیج سے یہ نہیں نکلتا بلکہ کلیوں سے جو ابھی کھلی نہ ہوں۔ یہ ملک روس سے آتا ہے۔ اس سے سنٹونین نکلتا ہے۔

خواص: بے رنگ چپٹی معین ڈلیاں قدرے کڑوی مشکل سے پانی میں حل ہوتی ہیں۔ایک حصہ پچاس حصہ ریکٹیفائیڈ اسپرٹ میں حل ہو جاتا ہے۔ڈائیلوٹ معدنی تیزابوں میں حل نہیں ہوتیں۔

فائدہ اور استعمال: انتھل منٹیک ہےاور ٹیپ ورم اور تھریڈ ورم کے واسطے مفید ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 20 سے 40 گرین

کتے کے واسطے ...... 2 سے 10 گرین

ہارڈ سوپ

الیو آئل اور کاسٹک سوڈا کو ملانے سے گلیسرین اور صابن تیار ہوتے ہیں۔ گلیسرین عرق میں رہتی ہے اور ہارڈ سوپ سطح پر تیرتا رہتا ہے۔ بعد میں صابن کو سانچوں میں ڈال کر علیحدہ کر کے جما لیتے ہیں۔

خواص: خاکی سفید۔خشک مثل سینگ کے جب گرم خشک ہوا میں رکھا ہو۔تو سفوف ہو سکتا ہے۔جب گرم کیا جائے تو آسانی سے اس کی شکل بدل سکتی ہے۔ریکٹیفائیڈ اسپرٹ میں حل ہو جاتا ہےاور اگر کاغذ پر لگائیں تو کوئی داغ نہیں پڑتا۔

فائدہ اور استعمال: کتھارٹک۔ڈایورٹک۔انٹاسڈ۔دھاتی تیزابوں کا انٹی ڈوٹ ہے۔اور پچکاریاں تیار کرنے کے کام آتا ہے۔خارجی استعمال چوٹ اور ضرب کیلئے اسٹی میولنٹ ہے۔جلے ہوئے اور جھلسے ہوئے مقاموں پر لگانے سے خراش اور درد کو ہوا روک کر رفع کر دیتا ہے۔نیز بطور بدرقہ کے گولیاں لینی منٹ آئنٹمنٹ بنانے میں کام آتا ہے۔

خوراک: گھوڑوں اور مویشیوں کے واسطے ...... 1 سے 2 اونس

بھیڑ و خوک کے واسطے ...... 2 سے 6 ڈرام

کتے کے واسطے ...... 20 سے 60 گرین

طریق استعمال: گولی بنا کر یا پانی میں پھینٹ کر استعمال کرتے ہیں۔

مانع استعمال: ایسڈ اور بہت سے دھاتی نمکوں کے ساتھ دینا منع ہے۔

سافٹ سوپ۔نرم صابن

ترکیب: کاسٹک پوٹاش اور الیو آئل کو ملا کر جوش دو حتی کہ صابن بنجائے۔

فائدہ اور استعمال: کمپونڈ سوپ لینی منٹ کے تیار کرنے میں کام آتا ہے۔ لینی منٹ سپونس کمپونڈ اس سے تیار کرتے ہیں۔

اسکوئیل۔اسکواسکیل بھی کہتے ہیں

ار۔جی۔نی آسلا کی گانٹھوں کے ٹکڑوں کو کاٹ کر سکھلا لیتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: اکثر کے کٹارل اور برانکیل امراض میں استعمال کرتے ہیں۔

سرپ کی خوراک:

گھوڑوں کے واسطے	......	1.1/2 اونس
کتے کے واسطے	......	15 سے 60 بوند

اس سے سرپ سلا تیار کرتے ہیں۔

پری پےارڈ سوئٹ مصفا چربی

بھیڑی کے شکم کے خانہ کی موٹی چربی کو پگھلا کر چھان کر صاف کر لیتے ہیں۔

خواص: صاف چکنی اور زرد رنگ بے بو ہوتی ہے۔

فائدہ اور استعمال: یہ بجائے خوک کی چربی کے یا اُس کے ساتھ ملا کر مرہموں کے تیار کرنے میں کام آتی ہے۔

نوٹ: ملک ہندوستان میں یہی چربی مرہم بنانے میں کام آتی ہے۔

مسٹرڈ۔سرسوں یارائی

سیاہ اور سفید سرسوں کے دانے ہوتے ہیں۔ جو پیس کر اور ملا کر طبابت میں برتے جاتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: پلٹس کی صورت میں بطور دیسی کٹ۔ کونٹرا یری ٹنٹ کے ہے۔ اس سے

☆مسٹرڈ پلٹس ☆مسٹرڈ پلٹس وتھ ایمونیا تیار ہوتے ہیں۔

کاسٹک سوڈا

ترکیب: سولیوشن آف سوڈا کو آنچ دیکر اڑا دیں اور جب وہ عرق گاڑھا روغن کے طور ہو جائے تب اس کو صاف چاندی یا لوہے کی رکابیوں میں ڈال کر ڈھال دیں تاکہ جم جائے یا سانچوں میں ڈال کر بتیاں بنالیں۔

خواص: سخت خاکی سفید سی شے ہے۔ اُس کی تاثیر الکلائن اور کروسیو ہے۔ ہوا میں کھلا رہنے سے نرم نہیں ہوتا۔

فائدہ اور استعمال: خارجی۔ کاسٹک مثل کاسٹک پوٹاش کے ہے۔ لیکن اس کی نسبت ہوا میں رکھنے سے یہ کم گلتا ہے۔ اور پھیلتا نہیں اس لئے یہ زیادہ پسند کیا جاتا ہے۔

ایسی ٹیٹ آف سوڈا

اس کو سوڈیم اسے ٹیٹ بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: سوڈیم کاربونیٹ کو ایسی ٹک ایسڈ میں حل کر کے قلمیں بنانے کی ترکیب سے قلمیں بنالیتے ہیں۔

خواص: شفاف بے رنگ قلمیں ہوتی ہیں۔ پانی میں حل ہو جاتی ہیں۔ اور کاغذ ٹسٹ کرنے سے نیوٹرل ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: ایسٹیک ایسڈ کے تیار کرنے میں کام آتا ہے۔

سوڈی بائی کاربوناس۔ یا بائی کاربونیٹ آف سوڈا

اس کو سوڈیم ہیڈروجن کاربونیٹ بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: کاربونیٹ آف سوڈیم میں کاربانک ایسڈ گیس داخل کرنے سے یہ مرکب حاصل ہوتا ہے۔

خواص: یا تو یہ مرکب سفوف کے طور پر پایا جاتا ہے۔ یا اس کی بے قاعدہ ڈلیاں ہوتی ہیں جو رنگ میں سفید اور ذائقہ میں نمکین اور بدگوار ہے۔

فائدہ اور استعمال: مثل پوٹاشیم بائی کاربوناس کے ہے۔ سوڈیم کاربوناس سے نرم اور کم الکلائن ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 4 سے 6 ڈرام

مویشی کے واسطے ...... 4 سے 8 ڈرام

بھیڑ وخوک کے واسطے ...... 1 سے 2 ڈرام

کتے کے واسطے ...... 5 سے 40 گرین

طریق استعمال و مانع استعمال: مثل پوٹاشیم بائی کاربوناس کے ہیں۔

سوڈی کاربوناس

اس کو کاربونیٹ آف سوڈا۔ سوڈیم کاربونیٹ اور واشنگ سوڈا۔ یعنی سجی بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: کھانے کے نمک میں سلفیورک ایسڈ ملا کر کوئلہ اور کھریا مٹی کے ہمراہ اس کو

ملانے سے کاربونیٹ آف سوڈیم حاصل ہوتا ہے۔

خواص: اس کی قلمیں صاف اور شفاف طبعقدار اور معین ہوتی ہیں یہ نمک نہایت تیز اور کھار ہے اور ہوا میں رکھنے سے خشک ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: مثل پوٹاشیم بائی کاربوناس۔ پوٹاشیم کاربوناس اور سوڈا بائی کاربوناس کے ہیں۔

خوراک: اس کی خوراکیں سوڈا بائی کاربوناس سے نصف ہوتی ہیں۔

طریق استعمال و مانع استعمال: مثل پوٹاشیم بائی کاربوناس کے ہیں۔

مفصلہ ذیل اشیاء تیار کرنے کے کام آتا ہے:

☆لائیکوار سوڈی ☆لائیکوار سوڈی کلورٹیا ☆سوڈی بائی کاربوناس

☆سوڈی کاربوناس

خشک کاربونیٹ آف سوڈا

ترکیب: قلمدار سوڈیم کاربونیٹ کو ایک برتن میں ڈال کر گرم کرنے سے تیار ہوتا ہے۔ اس کے چھلکے پیس کر بند کر بوتل میں رکھے جاتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: مثل پوٹاشیم سوڈیم کاربونیٹ اور بائی کاربونیٹ کے ہوتا ہے۔

خوراک: سوڈیم بائی کاربوناس سے چوتھائی وزن میں ہوتی ہیں۔

طریق استعمال و مانع استعمال: مثل پوٹاشیم بائی کاربوناس کے ہیں۔

ہیپو سلفائٹ آف سوڈا

ترکیب: سوڈیم سلفائٹ کا آبی عرق گندھک کے ساتھ جوش دیکر چھان لیتے ہیں اور اڑا

کر قلمیں بنا لیتے ہیں۔

خواص: معین اور پانی میں حل ہو جانے والی قلمیں ہوتی ہیں۔

فائدہ اور استعمال وخوراک مانع استعمال: مثل سوڈیم سلفائٹ کے ہیں۔

سلفیٹ آف سوڈا

اس کو سوڈی سلفاس۔گلابر سالٹ اور سوڈیم سلفیٹ بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: ہندوستان اور اودھ کے دیگر مقامات میں کھاری نمک میں سے پیدا ہوتا ہے اور ہائیڈروکلورک ایسڈ بنانے کے بعد جو نمک رہ جاتا ہے۔اس میں کاربونیٹ آف سوڈا ملا کر پانی میں حل کر کے اڑانے سے اُس کی قلمیں حاصل ہو سکتی ہیں۔

خواص: اس کی شفاف ٹیڑھی قلمیں ہوتی ہیں۔ذائقہ نمکین اور تلخ ہوتا ہے۔ہوا میں پڑا رہنے سے خشک ہو جاتا ہے اور ایک حصہ اس کا تین حصہ پانی میں حل ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: کتھارٹک۔ڈایوریٹک۔ریزالونٹ ہے چونکہ سلفیٹ آف میگنیشیا کا اثر اس سے زیادہ یقینی ہے۔اس واسطے اس کی جگہ سلفیٹ آف میگنیشیا استعمال ہوتا ہے کبھی کبھی یہ مویشی کو بطور پرگے ٹیو کے دیا جاتا ہے۔

خوراک: مویشی کیلئے پرگے ٹیو کی خوراک ...... 1 سے 1.1/2 پونڈ

طریق استعمال: پانی میں گھول کر۔ٹریکل یا جنجر میں ملا کر دیتے ہیں۔

سلفائٹ آف سوڈا

ترکیب: کاربونیٹ آف سوڈا کے آبی عرق میں۔سلفیوروز ایسڈ گیس گذارنے سے اس مرکب کی چوگوشہ قلمیں حاصل ہو سکتی ہیں۔

خواص: گاہے گاہے شفاف منشور شکل کی قلموں میں پایا جاتا ہے۔ لیکن عموماً سفید دھندلی ڈلیاں ہوتی ہیں۔ جو پانی میں حل ہو جاتی ہیں۔

فائدہ اور استعمال: داخلی، انٹی سپٹک۔ ڈس انفکٹنٹ اور الٹریٹو ہے۔ انڈی جسچن اور ٹیپی نائیٹس میں اور خون کی بیماریوں میں استعمال کرتے ہیں۔ خارجی۔ انٹی سپٹک۔ ڈیوڈورائزرس۔ اور ڈس انفکٹنٹ ہے۔ السریٹڈ۔ سورتھروٹ۔ فیجی ڈینک السرون اور زخموں میں استعمال ہوتا ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 1/2 .1 اونس
مویشی کے واسطے	......	2 سے 4 اونس
بھیڑ و خوک کے واسطے	......	2 سے 6 ڈرام
کتے کے واسطے	......	20 سے 60 گرین

کئی بار دن میں دے سکتے ہیں۔

طریق استعمال: داخلی طور پر پانی میں حل کر کے استعمال کرتے ہیں۔ خارجی استعمال میں دو یا تین ڈرام فی اونس کے حساب سے پانی میں ملا کر استعمال کرتے ہیں۔

مانع استعمال: ایسڈ اور بہت سے دھاتی نمکوں کے ساتھ دینا منع ہے۔

کلورائیڈ آف سوڈیم

اس کو سوڈی کلورائیڈ اور کامن سالٹ بھی کہتے ہیں۔

خواص: یہ نمک کافی ہوتا ہے۔ جس کے اڑانے سے اس کی قلمیں نکل آتی ہیں اور یہ سمندر کے پانی میں بھی کثرت سے پایا جاتا ہے۔ اس کے چھوٹے چھوٹے سفید قلمدار دانے ہوتے ہیں یا شفاف مکعب شکل کی قلمیں ہوتی ہیں۔ اس کا خالص نمکین ذائقہ ہوتا ہے۔ پانی میں حل ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی زیادہ مقدار میں اری ٹنٹ زہر ملی خوراکوں میں کتھارٹک انجل منیٹک۔ ایسے ٹک۔ ڈائیوریٹک۔ ٹانک۔ الٹریٹو اور ریزالونیٹ۔ مویشیوں اور بھیڑوں کے لئے انجل منیٹک ہے اور اس قسم کی ڈاریا میں جو خراشدار شے یا زیادہ کھانے سے پیدا ہو جاتے ہیں۔ فارڈول باؤنڈ میں بھی دیتے ہیں یا جب معدہ خوراک کے ذریعہ تن جائے۔ بھیڑوں میں راٹ کی مرض روکنے اور آنتوں کے کرموں کو مارنے کیلئے استعمال کرتے ہیں سردی اور ناقص چارہ کے برے نتیجہ کو روکنے کے واسطے بھی استعمال کرتے ہیں۔ کتوں کو بطور ایمے ٹک کے دیتے ہیں۔ عام نمک سب جانوروں کو بطور ٹانک اور اسٹی میولنٹ کے بدہضمی میں بار بار کی خوراکوں میں دے سکتے ہیں۔ کھانے کا نمک ہمیشہ گھوڑے گائے بیل اور بھیڑیوں کی کھرلی اور ناندوں میں اشتہار بڑھانے کیلئے رکھا رہنا چاہیے۔ خارجی کرانک اسپرین جوڑوں کے بہت سے امراض اور سم کی بعض بیماریوں میں خاص کر مویشی اور بھیڑوں میں بطور اسٹی میولنٹ کے استعمال ہوتا ہے۔ کھانے کا نمک ملین پچکاریوں میں ملایا جاتا ہے۔

خوراک: بطور انجل منیٹک

مویشیوں کے واسطے	......	12 سے 24 اونس
بھیڑ کے واسطے	......	1 سے 3 اونس

خوراک: بطور ایمے ٹک

کتے کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام

خوراک: بطور ٹانک

گھوڑا کے واسطے	......	1 سے 2 اونس
مویشی کے واسطے	......	2 سے 4 اونس
بھیڑ کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
کتے کے واسطے	......	10 سے 30 گرین

طریق استعمال: داخلی طور پر کتھارٹک ۔ ایپے ٹک ہے ۔ شیر گرم پانی میں حل کر کے دیتے ہیں ۔ بعض اوقات ذ نے خوراک کلورائیڈ آف سوڈیم اور سلفیٹ آف میگنیشم ۔ کوئنجر ۔ پائی منٹو اور دوسرے ایرو ماٹک اور ٹریکل کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں اور یہ مکسچر بھیڑ اور مویشی اچھی طرح خود پی لیتے ہیں ۔ کروٹن آئل اور کیلومل ۔ کھانے کے نمک کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں ۔ تا کہ اس سے اس کا کتھارٹک اور انتھل مینٹک اثر بڑھانے کے واسطے ملاتے ہیں ۔ ٹانک اور اسٹوماکک کے طور پر جانور کی خوراک پر چھڑک دیتے ہیں ۔ پوڈر یا سلوشن کی صورت میں بھی چھڑکتے ہیں ۔ خارجی استعمال میں ایک پاؤنڈ نمک کو ایک گیلن سرد پانی میں حل کر کے استعمال کرتے ہیں یہ لوشن جب نمک گھل رہا ہو تو تب لگاتے ہیں ۔ یا نمک گھلنے کے بعد فوراً لگاتے ہیں ۔

اسپرٹ آف ایتھر ۔ یا اسپرٹ ایتھر سلفیورک

ترکیب: ایتھر ...... 10 اونس

ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ...... 1 پائنٹ

فائدہ اور استعمال: ڈفیوزیبل ۔ اسٹی میولنٹ ۔ انٹس پازماڈک ہے ۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 3 سے 6 فلوئیڈ اونس

مویشیوں کے واسطے ...... 5 سے 15 فلوئیڈ اونس

بھیڑ و خوک کے واسطے ...... 1 سے 2 فلوئیڈ اونس

کتے کے واسطے ...... 1 سے 5 ڈرام

اسپرٹ آف نائٹرس ایتھر

اس کو اسپرٹ ایتھر نائٹروسائی یا سوئٹ اسپرٹ آف نائٹر بھی کہتے ہیں ۔

ترکیب: نائٹرک ایسڈ ...... 2 اونس

سلفیورک ایسڈ	......	2اونس
باریک تارکاپرکی	......	2اونس
ریکٹیفائیڈاسپرٹ	......	حسب ضرورت

لیکر تیار کرتے ہیں۔

خواص: شفاف اور تقریباً بے رنگ ہوتا ہے۔لیکن قدرے زرد اڑ جانے والا اور جلنے والا بو مثل سیب کے ہوتی ہے۔تیز سرد اور میٹھا ذائقہ ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: زیادہ مقدار میں۔ نارکاٹک اور سیڈیٹو۔طبی خوراکوں میں اسٹی میولنٹ انٹس پازماڈک۔ڈایوریٹک۔اور ڈایوفوریٹک ہے۔اور کالک۔انڈائی جسچن۔ ٹمپی نائٹس اور لولکل کنجسچن میں استعمال ہوتا ہے۔اور ٹنکچر اوپیم کے ساتھ گائیوں کو دردوں اور تشنج رفع کرنے کے واسطے جو بعد وضع حمل کے ہوتے ہیں دیتے ہیں۔کمزور کرنے والی بیماریوں کے بعد ضعف میں اس کو دیا کرتے ہیں۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے	......	1سے 2فلوئیڈ اونس
مویشی کے واسطے	......	3سے 4فلوئیڈ اونس
بھیڑ کے واسطے	......	3سے 6ڈرام
کتے کے واسطے	......	1/2سے 2ڈرام

یہ خوراکیں بار بار دے سکتے ہیں۔

طریق استعمال: کافی مقدار سرد پانی میں ملا کر ڈرافٹ یا مکسچر بنا کر دیتے ہیں۔

ارومائٹک اسپرٹ آف ایمونیا

ترکیب: کاربونیٹ آف امونیہ	......	8اونس
اسٹرانگ سلوشن آف ایمونیا	......	4فلوئیڈ اونس

نٹ گ آئل	......	4فلوئیڈ ڈرام
آفل آف لیمن	......	6فلوئیڈ ڈرام
ریکٹی فائیڈ اسپرٹ	......	6پائنٹ
واٹر	......	3پائنٹ

کو لے کر ملاؤ اور 7 پائنٹ مقطر کرلو۔

فائدہ اور استعمال: ڈائفیوزیبل اسٹی میولنٹ انٹا سڈ اور انٹس پاز ماڈک ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے	......	1/2 سے 1 اونس
مویشی کے واسطے	......	1/2 سے 2 اونس
بھیڑ و خوک کے واسطے	......	2 سے 4 فلوئیڈ ڈرام
کتے کے واسطے	......	10 سے 20 بوند

پانی کے ساتھ ملا کر دیتے ہیں۔

فیڈ اسپرٹ اف ایمونیا

ترکیب: اسافی ٹیڈا	......	12 اونس
اسٹرانگ سلوشن آف ایمونیا	......	2 اونس
ریکٹیفائیڈ اسپرٹ	......	حسب ضرورت

اسافی ٹیڈا کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ایک بند برتن میں ڈال دو۔ پندرہ اونس اسپرٹ میں 24 گھنٹہ تک ڈال کر بھگو رکھو۔ پھر شراب کو ٹپکالو اور اُس حاصل شدہ عرق کو ایمونیا میں ملالو اور اس قدر ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ملاؤ کہ کل ایک پائنٹ ہو جائے۔

فائدہ اور استعمال: اسٹی میولنٹ اور انٹس پاز ماڈک ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے	......	1/2 سے 1 اونس

مویشی کے واسطے	......	1/2 سے 2 اونس
بھیڑ وخوک کے واسطے	......	2 سے 4 ڈرام
کتے کے واسطے	......	10 سے 20 بونڈ

پانی کے ساتھ ملا کردیتے ہیں۔

اسپرٹ آف کمفر

ترکیب: کمفر	......	1 اونس
ریکٹیفائیڈ اسپرٹ	......	4 فلوئیڈ اونس

لے کر ملالو۔

فائدہ اور استعمال: خارجی طور پر۔اسٹی میولنٹ اور انوڈائن اور ڈسکوشنٹ ہے۔

اسپرٹ آف کلورافارم

اس کو کلورک ایتھر بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: کلورافارم	......	1 اونس
ریکٹیفائیڈ اسپرٹ	......	19 اونس

لے کر ملالو۔

فائدہ اور استعمال: اسٹی میولنٹ۔انٹس پاز ماڈک اور انوڈائن ہے۔

خوراک: گھوڑوں اور مویشی کیلئے	......	2 سے 4 فلوئیڈ اونس
بھیڑ وخوک کے واسطے	......	1/2 سے ایک اونس
کتے کے واسطے	......	1 سے 3 ڈرام

پانی کے ساتھ ملا کردیتے ہیں۔

کمپونڈ اسپرٹ آف پرکلورائیڈ آف مرکری

اس کولائیکوار ہائیڈرارجرائی بائی کلورائیڈ ڈائی بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: سفوف پرکلورائیڈ آف مرکری 1اونس
ہیڈروکلورک ایسڈ 1اونس
ریکٹیفائیڈ اسپرٹ 7اونس

ایسڈ کو اسپرٹ میں ملالو اور مکسچر میں پرکلورائیڈ آف مرکری کو حل کرلو۔

فائدہ اور استعمال: خارجی گاہے گاہے فارسی کے السروں اور سنوویا کے اخراج کو بند کرنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔

میتھی لے ٹڈ اسپرٹ

ترکیب: میتھی لے ٹڈ اسپرٹ 90 حصہ ریکٹیفائیڈ اسپرٹ کو 10 حصہ لکڑی کی اسپرٹ میں جس کو میتھلیک الکوحل کہتے ہیں ملانے سے حاصل ہوتی ہے۔

فائدہ اور استعمال: یہ ٹنکچر وغیرہ بنانے میں بجائے قیمتی اسپرٹ آف وائن یا شراب کے کام آتی ہے۔ جو ٹنکچر وغیرہ خارجی استعمال میں آتے ہیں۔ قانوناً میتھی لے ٹڈ اسپرٹ یا کوئی اس کا مرکب داخلی استعمال میں لانا منع ہے۔

ریکٹی فائیڈ اسپرٹ

اس کو اسپرٹ آف وائن کہتے ہیں۔

شکردار عرقوں کو خمیر کرتے ہیں۔ تو الکوحل اور کاربالک ایسڈ انہائیڈ رائیڈ کاربانک ایسڈ گیس پیدا ہوتے ہیں۔

خواص: بے رنگ شفاف اڑ جانے والا عرق ہے۔ جو ذرا سی آنچ سے بھڑک اٹھتا ہے

اور خاص قسم کی خوشگوار بو ذائقہ تیز شراب کی طرح کا جلنے والا ہوتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: داخلی اسٹی میولنٹ ڈایوریٹک ڈایوفوریٹک ہے۔ اسٹی میولنٹ کے طور پر کالک ۔ٹمپی نائیٹس میں دیتے ہیں۔ اور انفلیو انزا کی اخیری حالت برانکائٹس اور دوسری سوزش دار امراض میں استعمال ہوتے ہیں اور کمزور کرنے والی بیماریوں کے بعد ضعف میں اس کو دیتے ہیں۔ خارجی استعمال میں کولنگ لوشن میں اُس کی ریفرجرنٹ طاقت کو بڑھانے کے واسطے ملاتے ہیں۔ اسپرٹ ونکچر وا یکسٹریکٹ کے تیار کرنے کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 1 سے 3 اونس

مویشی کے واسطے ...... 3 سے 6 اونس

بھیڑ کے واسطے ...... 1/2 سے 1.1/2 اونس

خوک کے واسطے ...... 1/2 سے 1.1/2 اونس

کتے کے واسطے ...... 1 سے 3 ڈرام

ہر دو گھنٹہ کے بعد دے سکتے ہیں۔

پروف اسپرٹ

ترکیب: ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ...... 5 پائنٹ

ڈسٹلڈ واٹر ...... 3 پائنٹ

لیکر ملالو۔

فائدہ اور استعمال: اس سے ٹنکچر تیار کرتے ہیں۔

اسٹیوزا ایکر سیڈ

یہ اسٹیوزا ایکر سیڈ یا اسٹیوزا ایکر کے بیج ہوتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: ایک حصہ بیجوں کا 20 یا 30 حصہ کھولتے پانی میں ملا کر عرق بنا لیتے ہیں اور یہ عرق بطور پر اسٹی سائیڈ یا کرم کش لوشن کے استعمال ہوتا ہے۔

اسٹرکنائن یا جوہر کچلا

ترکیب: کسوا میکا یا کچلے کے بیج	......	1 پونڈ
ایسی ٹیٹ آف لڈ	......	18 گرین
سلوشن آف ایمونیا	......	حسب ضرورت
ریکٹیفیا ئیڈ اسپرٹ	......	حسب ضرورت
ڈسٹلڈ واٹر	......	حسب ضرورت

کو لے کر تیار کرتے ہیں۔

خواص: بے رنگ مربع ہشت پہلو یا منشور قلمیں یا ڈلیاں ہوتی ہیں۔ جو کہ مشکل سے پانی میں حل ہوتی ہیں۔ ذائقہ سخت کڑوا اور ابلتے ہوئے ریکٹیفائیڈ اسپرٹ۔ کلوروفارم اور ایتھر میں حل ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: زیادہ مقدار میں زہر اور طبی خوراکوں میں مرض فالج میں اسٹی میولنٹ اور ٹانک اور کتوں کے کوریہ میں اسی فائدہ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

خوراک: گھوڑا اور مویشی کے واسطے	......	1 سے 3 گرین
بھیڑ کے واسطے	......	1/3 سے 1 گرین
کتے کے واسطے	......	1/30 سے 1/10 گرین

ایک یا دو دفعہ میں دے سکتے ہیں۔

طریق استعمال: بولس یا گولی کی صورت میں حل کر کے یا ایسٹک ایسڈ اور سلفیورک ایسڈ کے ساتھ ترش کر کے استعمال کرتے ہیں۔

انٹی ڈوٹ۔ مثل مکسوامیکا کے ہیں۔اوراس سے لائیکواراسٹرکنیایااسٹرکنائن تیار کرتے ہیں۔

بکتھارن یا بکتھارن کی رس

معمولی بکتھارن کودبا کریاپیڑ کررس نکال لیتے ہیں۔

اس سے سرپ ریمنائی یابکتھارن تیار ہوتے ہیں۔

اثراوراستعمال:لیکسیٹو اور کتھارٹک ہے۔کتوں کودیاجاتا ہے۔

سبلائیمڈ سلفر

اس کوسلفر کے پھول بھی کہتے ہیں یا صاف اورتصعید شدہ سلفر

خام سلفر ملک سسلی اور نیلپس اور ملک اٹلی اور دوسرے کوہ آتش فشاں سے آتی ہے۔اس کوایک ایسے ریٹارٹ میں ڈالتے ہیں۔جوکہ مٹی کے برتن کے ساتھ ملا ہوا ہواور حرارت دیتے ہیں توسلفر دوسرے برتن میں چلی جاتی ہےاوراس کی دیواروں سے لگ جاتی ہےاورباقی ناقصات نیچے رہ جاتے ہیں۔اورجب برتن کی دیواروں کے ساتھ کافی مقدار میں جم جاتی ہے۔توکھرچ لیتے ہیں۔

خواص: یہ ایک دانہ دار قلمدار سفوف ہے رنگ سبزی مائل زرد بے ذائقہ اور بے بو ہوتی ہے۔اگرہوا میں جلائیں تونیلے شعلہ سے جلتی ہےاوراس کے بخاروں میں سلفیوروزایسڈ کی بوہوتی ہے۔جس سے یہ پہچانی جاتی ہے۔گرم کرنے سے اڑجاتی ہےالکوحل۔پانی۔ایتھر میں حل نہیں ہوتی اورکاربان ڈائی سلفائیڈاورٹرپن ٹائن میں حل ہوجاتی ہے۔

فائدہ اوراستعمال: داخلی طور پرزیادہ مقدار میں ایری ٹنٹ زہراورطبی خوراکوں میں لکسی ٹو۔اورروماٹیزم۔جلدی امراض اوربہت سے دیگر امراض میں بطور۔الٹریٹو کے دیتے ہیں۔خارجی استعمال میں اسکیبیز اوردوسری جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں۔

خوراک: بطور لکسی ٹو

گھوڑوں کے واسطے	......	3 سے 4 اونس
مویشی کے واسطے	......	5 سے 6 اونس
بھیڑ کے واسطے	......	1/2 سے 2 اونس
خوک کے واسطے	......	1/2 سے 2 اونس
کتے کے واسطے	......	2 سے 8 ڈرام

خوراک: بطور الٹریٹو

گھوڑوں کے واسطے	......	3/4 سے 1.1/2 اونس
مویشی کے واسطے	......	1 سے 2 اونس
بھیڑ کے واسطے	......	4 سے 6 ڈرام
خوک کے واسطے	......	4 سے 6 ڈرام
کتے کے واسطے	......	1/2 سے 2 ڈرام

طریق استعمال: داخلی استعمال بولس گولی کی صورت میں گرونل میں ملا کر یا تیل میں حل کر کے دیتے ہیں۔ خارجی استعمال مرہم سلفر کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

☆ مرہم سلفر ☆ کمپونڈ مرہم سلفر

اس سے تیار کرتے ہیں۔

آئیوڈائڈ آف سلفر

آئیوڈین	......	4 اونس
سب لائیڈ سلفر	......	1 اونس

لے کر تیار کرتے ہیں۔

خواص: خاکی رنگ کی سیاہ قلمیں ہوتی ہیں اور بو اور چہرہ کو داغ ڈالنے میں مثل آئیوڈین

کے ہے 60 حصہ گلیسرین میں حل ہو جاتا ہے پانی میں حل نہیں ہوتا۔ لیکن اس کے ساتھ جوش دینے سے بگڑ جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: خارجی طور پر اسکیب۔ آرٹی کیریہ۔ اور دوسری جلدی امراض میں استعمال کرتے ہیں۔ نیز انڈولنٹ السر اور فارسی کے السروں پر لگاتے ہیں۔

طریق استعمال: مرہم سلفیورس آئیوڈائڈ کے طور پر مستعمل ہے۔

سرپ آف ہائیڈریٹ آف کلوریل

ترکیب: ہائیڈریٹ آف کلوریل ...... 80 گرین

ڈسٹلڈ واٹر ...... 1.1/2 ڈرام

سرپ ملا کر بنالو حتی کہ کل مجموعہ ایک اونس ہو جائے۔

فائدہ اور استعمال: کیلئے دیکھو بیان کلوریل اس کے ایک ڈرام میں دس گرین کلورل ہیڈریٹ ہوتا ہے۔

خوراک: کتے کے واسطے ...... 30 بوند سے 2 ڈرام

سرپ آف پے پیز۔ شربت پوست

ترکیب: پوست کے ڈوڈوں کا دردرا سفوف ...... 36 اونس

ریکٹفیا ئیڈ اسپرٹ ...... 16 اونس

ریفائنڈ شوگر صاف قند ...... 4 پونڈ

ابلتا ہوا پانی ...... حسب ضرورت

لیکر تیار کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: کتوں کیلئے سیڈیٹو۔ انوڈائن اور ہپناٹک ہے۔

خوراک: کتے کے واسطے ...... 2 سے 5 فلوئیڈ ڈرام

اس سے کاسٹر آئل مکسچر تیار کرتے ہیں۔

سرپ آف بک تھارن

ترکیب: بک تھارن جوس ...... 4 پائنٹ

دردرا سفوف سونٹھ اور پائی منٹو ...... 3/4 اونس

صاف قند ...... 5 پونڈ یا حسب ضرورت

ریکٹفائیڈ اسپرٹ ...... 6 فلوئیڈ اونس

لے کر تیار کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: نرم کتھارٹک اور کتوں کے لئے کتھارٹک ہے اور اس سے کاسٹر آئل مکسچر بنتا ہے۔

خوراک: کتے کے واسطے ...... 1/2 سے 2 اونس

بلی کے واسطے ...... 2 سے 6 ڈرام

ٹوباکو کے پتے

تمباکو کے پتوں کو جو کہ امریکہ میں پیدا ہوتا ہے۔ خشک کر لیتے ہیں۔

خواص: اس کے پتے بڑے بڑے داغدار یا بھورے رنگ کے بیضوی صورت کے یا اور طرح کے بھی ہوتے ہیں۔ جن پر بہت سے چھوٹے چھوٹے غدود والے بال ہوتے ہیں۔ بھاری بو تے آور اور تلخ ذائقہ۔

☆ ڈیکاکشن ٹوباکو ☆ انیما ٹوباکو ☆ انفیوژن ٹوباکو

اس سے تیار ہوتے ہیں۔

ڈنڈیلیئن یاٹریکسی کم

ٹریکسی کم۔یاڈنڈیلین کی جڑ دوائی میں استعمال کی جاتی ہے۔

فائدہ اور استعمال: ہپاٹک۔اٹی میولنٹ ہے۔بطور لکسی ٹو۔اور ڈایوریٹک کے اور نیز ڈیوڈینل ڈسپیپسیا میں استعمال ہوتا ہے۔اس کا تازہ رس دوائی کے طور پر کام آتا ہے۔

خوراک: رس کی

گھوڑوں کے واسطے	......	1 اونس
کتے کے واسطے	......	1.1/2 سے 4 ڈرام تک

کنیڈا بالسم

یہ ٹرپن ٹائن ہے جو کہ ابیس بالمیہ درخت کے تنہ کو پاچھنے سے حاصل ہوتا ہے۔ کینڈا میں پیدا ہوتا ہے۔

خواص: زرد روغن دار رال ہے جو پتلے شہد کی طرح کا قوام رکھتی ہے۔خاص قسم کی خوشگوار بو ذائقہ تلخ اور کرخت ہوا میں پڑے رہنے سے خشک ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: کلوڈین فلیکسبل کے تیار کرنے میں کام آتا ہے۔

ٹریکل یا شیرہ یا راب

خواص: گاڑھا اور بھورے رنگ کا شربت ہے اور بہت میٹھا ہوتا ہے پڑا رہنے یا اڑنے سے اس کی قلمیں نہیں بنتیں۔

فائدہ اور استعمال: لیکسٹیو ہے کتھارٹک کے اثر کو بڑھانے کیلئے اور دواؤں میں جن کا بو ذائقہ بدہو بطور بدرقہ کے دیا جاتا ہے۔دواؤں کے ذائقہ کو درست کرتا ہے۔اور اس

وغیرہ کے تیار کرنے میں کام آتا ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے	......	1 سے 1/2 پاؤنڈ
مویشی کے واسطے	......	1 سے 1.1/2 پاؤنڈ
بھیڑ وخوک کے واسطے	......	3 سے 4 اونس

بار بار دے سکتے ہیں جب تک لکسی ٹو اثر نہ ہو۔

تھائمول

یہ ایک سدار بہار جھاڑی ہے جو جنوبی یورپ کے خشک مقاموں میں کثرت سے ملتی ہے اس میں ایک خوشبودار اڑنے والا روغن ہوتا ہے۔ جس کو آئیل آف تھائیم کہتے ہیں۔

خواص: شش پہلو تقریباً بے رنگ قلمیں ہوتی ہیں۔ خوشگوار بو ذائقہ خوشگوار اور چرپرا ہے۔ ایک حصہ 1200 حصہ سرد پانی میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔

فائدہ اور استعمال: ایک طاقتور ڈس انفکٹنٹ اور انٹی سپٹک۔ ڈایوفوریٹک۔ ڈالیوریٹک ہے۔ زیادہ تر خارجی استعمال میں خراش کو رفع کرتا ہے۔ ایک سے دو گرین اسپرٹ میں ڈائیلوٹ کر کے یا 8 سے 10 گرین فی اونس ویسلین میں ملا کر مرہم بنا لیتے ہیں اور یہ پورائی اگزیما اور سورائی سس کے چھلکوں کو چھڑانے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

ٹنکچر آف ایکونائٹ

ترکیب: درد را سفوف ایکونائٹ روٹ ...... 2.1/2 اونس

ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ...... 1 پائنٹ

لے کر تیار کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: داخلی طور پر سیڈیٹو۔ خارجی طور پر انوڈائن ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 30 سے 50 بونڈ

مویشی کے واسطے ...... 40 سے 80 بونڈ

بھیڑ کے واسطے ...... 8 سے 12 بونڈ

خوک کے واسطے ...... 8 سے 12 بونڈ

کتے کے واسطے ...... 3 سے 10 بونڈ

پانی میں ملا کر ہر دو گھنٹہ کے بعد دے سکتے ہیں۔

نوٹ: فلیمنگ صاحب کا ٹنکچر اس سے چار گنا طاقت میں زیادہ ہوتا ہے۔

کمپونڈ ٹنکچر آف ایلوز

ترکیب: دردرا سفوف باربیڈوز ایلوز ...... 10 ڈرام

مرہ ...... 5 ڈرام

میتھی لیٹڈ اسپرٹ یا ریکٹفائیڈ اسپرٹ ...... 14 فلوئیڈ اونس

واٹر ...... 6 فلوئیڈ اونس

لے کر تیار کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: خارجی استعمال میں۔ اسپرین بروز یعنی موچ اور چوٹ اور کرانک روماٹیزم میں اسٹی میولنٹ ہے۔

اسپرٹ آف کے نے بس انڈیکا

ایکسٹریکٹ آف انڈین ہمپ ...... 1 اونس

ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ...... 20 اونس

لے کر ملا لو۔

فائدہ اور استعمال: داخلی استعمال کیلئے دیکھو بیان کے نے بس انڈیکا ایکسٹریکٹ

خوراک: گھوڑوں کیلئے ...... 1 سے 2 اونس

کتے کے واسطے ...... 10 سے 40 بونڈ

ٹنکچر آف کنتھاریڈیز

ترکیب: درور اسفوف کنتھاریڈیز ...... 1/4 اونس

مویشی ...... 1 پائنٹ

خوک و بھیڑ ...... 1/2 سے 1.1/2 فلوئیڈ اونس

کتا ...... 1 سے 3 فلوئیڈ ڈرام

اسٹرانگ ٹنکچر آف کنتھاریڈیز

کنتھاریڈیز کا درور اسفوف ...... 1 اونس

پروف اسپرٹ ...... 1 پائنٹ

لیکر تیار کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: خارجی اسٹی میولنٹ روبی فیشنٹ ہے۔

کمپونڈ ٹنکچر آف کارڈیم

بیج کارڈیم کوفتہ ...... 1 اونس

سی مم کوفتہ ...... 2 اونس

پروف اسپرٹ ...... 80 اونس

لے کر تیار کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: کارمی نیٹو۔ اور انٹی اسپازماڈک ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے لئے ...... 1 سے 4 اونس

مویشی کے لئے	......	2 سے 6 اونس
بھیڑ وخوک کیلئے	......	1 سے 2 اونس
کتا کیلئے	......	2 سے 6 ڈرام

اس سے کمپونڈ ٹنکچر کلورافارم بھی تیار کرتے ہیں۔

کمپونڈ ٹنکچر کلورافارم

ترکیب: کلورافارم	......	1 فلوئیڈ اونس
ریکٹیفیا ئیڈ اسپرٹ	......	4 فلوئیڈ اونس
کمپونڈ ٹنکچر آف کارڈیم	......	10 فلوئیڈ اونس

لے کر ملالو۔

فائدہ اور استعمال: مثل اسپرٹ کلورافارم کے ہے۔

خوراک: بھی مثل اسپرٹ کلورافارم کے ہے۔

ٹنکچر آف بیلوسنکونہ

ترکیب: بیلوسنکونہ بارک کا باریک سفوف	......	4 اونس
پروف اسپرٹ	......	1 پائنٹ

لیکر تیار کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: داخلی۔ اینٹی میولنٹ۔ اسٹوماکک اور ٹانک ہے۔

خوراک: گھوڑا کے واسطے	......	1 سے 3 فلوئیڈ اونس
مویشی کے واسطے	......	3 سے 6 فلوئیڈ اونس
بھیڑ وخوک کے واسطے	......	1/2 سے ایک اونس

کتے کے واسطے ...... 2 سے 5 ڈرام

ٹنکچر آف کالچیکم سیڈس

ترکیب: کوٹے ہوئے کالچیکم کے بیج ...... 2.1/2 اونس

پروف اسپرٹ ...... 1 پائنٹ

لیکر تیار کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: داخلی طور پر سیڈیٹو۔ خارجی طور پر انوڈائن ہے۔

خوراک: گھوڑا اور مویشی کے واسطے ...... 1/2 سے 2 اونس

بھیڑ و خوک کے واسطے ...... 1 سے 4 ڈرام

کتے کے واسطے ...... 20 سے 80 بوند

ٹنکچر آف ہملوک

اس کو ٹنکچر آف کونائم بھی کہتے ہیں۔

ہملوک ...... 2.1/2 اونس

پروف اسپرٹ ...... 1 پائنٹ

لیکر تیار کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: داخلی استعمال میں۔ الٹریٹو۔ اور سیڈیٹو ہے۔

خوراک: گھوڑا اور مویشی کے واسطے ...... 1 سے 2 اونس

بھیڑ و خوک کے واسطے ...... 3 سے 6 ڈرام

کتے کے واسطے ...... 10 سے 40 بوند

ٹنکچر آف کروٹن

کوٹے ہوئے کروٹن کے بیج	......	1.1/2 اونس
ریکٹیفائیڈ اسپرٹ	......	1 پائنٹ

لیکر تیار کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: داخلی کتھارٹک۔ خارجی۔ روبی فیشنٹ اور کونٹرا ایری ٹنٹ ہے۔

خوراک: گھوڑا کے واسطے	......	1/2 سے 1 اونس
مویشی کے واسطے	......	1/2 سے 1.1/2 اونس
بھیڑ و خوک کے واسطے	......	1 سے 3 ڈرام
کتے کے واسطے	......	20 سے 50 بوند

ٹنکچر آف ڈیجی ٹیلس

ترکیب: ڈیجی ٹیلس کی پتیاں	......	2.1/2 اونس
پروف اسپرٹ	......	1 پائنٹ
خوراک: گھوڑا کے واسطے	......	1 سے 2 ڈرام
بھیڑ کے واسطے	......	30 بوند سے 1 ڈرام
خوک و کتا	......	2 سے 10 بوند

ٹنکچر آف ارگٹ

ترکیب: دردرا سفوف ارگٹ	......	5 اونس
پروف اسپرٹ	......	1 پائنٹ

لے کر تیار کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: داخلی۔ پارچیوری امینٹ۔ دردزہ پیدا کرتا ہے۔

خوراک: گھوڑی کے واسطے ...... 1 سے 2 اونس

گائے کے واسطے ...... 1 سے 3 اونس

بھیڑنی و خوکنی کے واسطے ...... 1.1/2 سے 3 ڈرام

کتی کے واسطے ...... 20 سے 60 بوند

ٹنکچر پرکلورائیڈ آف آئرن

ترکیب: اسٹرانگ سولیوشن آف پرکلورائیڈ آئرن ...... 5 فلوئیڈ اونس

ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ...... 15 فلوئیڈ اونس

ملا کر ایک بوتل میں ڈال دو۔

فائدہ اور استعمال: داخلی استعمال میں ہیچوریا۔ فارسی۔ ٹائی فائڈ۔ امراض اور انڈرائی جیچن کتوں کی ڈسٹیمپر میں بطور اسٹرنجنٹ اور ٹانک کے مستعمل ہے۔ خارجی استعمال میں اسٹرنجنٹ اسٹپٹک اور کاسٹک ہے۔

خوراک: گھوڑا اور مویشی ...... 1 سے 2 اونس

بھیڑ اور خوک ...... 1 سے 2 ڈرام

کتے کے واسطے ...... 10 سے 40 بوند

ٹنکچر آف اوپیم

اس کو لاڈنم بھی کہتے ہیں۔

ترکیب: درد را سفوف اوپیم ...... 1.1/2 اونس

پروف اسپرٹ ...... 1 پائنٹ

لیکر تیار کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: انوڈائن۔ ہپناٹک۔ سیڈیٹو۔ اور اینٹی اسپازموڈک ہے۔

خوراک: گھوڑا اور مویشی کے واسطے ...... 1 سے 3 فلوئیڈ اونس

بھیڑ و خوک کے واسطے ...... 2 سے 8 ڈرام

کتے کے واسطے ...... 10 سے 30 بوند

اس سے انیما اوپیم۔ اور اوپیم لینی منٹ تیار کرتے ہیں۔

ٹنکچر پائی منٹو

ترکیب: پائی منٹو کے دانہ ...... 2.1/2 اونس

پروف اسپرٹ ...... 1 پائنٹ

لیکر تیار کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: اینٹی اسپازموڈک اور کارمی نے ٹو ہے۔

خوراک: گھوڑا ...... 2 سے 4 فلوئیڈ اونس

مویشی کے واسطے ...... 3 سے 6 اونس

بھیڑ و خوک کے واسطے ...... 1 سے 3 اونس

کتے کے واسطے ...... 1 سے 3 ڈرام

ٹنکچر صندل

ترکیب: صندل کی لکڑی ...... 1/2 اونس

پروف اسپرٹ ...... 1 پائنٹ

لے کر تیار کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: ڈرافٹ کو رنگ دیتا ہے۔

ٹنکچر آف جنجر

ترکیب: جنجر کا دردرا سفوف ...... 2.1/2 اونس

ریکٹیفائیڈ اسپرٹ ...... 1 پائنٹ

فائدہ اور استعمال: کارے نیٹو۔ ٹانک۔ اسٹی میولنٹ اور پرگے ٹو دواؤں میں بطور بدرقہ اور مددگار کے ملایا جاتا ہے۔

خوراک: گھوڑوں کے واسطے ...... 1 سے 2 اونس

مویشی کے واسطے ...... 2 سے 6 ڈرام

بھیڑ و خوک کے واسطے ...... 1/2 سے 2 ڈرام

کتے کے واسطے ...... 1/2 سے 2 ڈرام

آئینٹمنٹ آف کاربالک ایسڈ

ترکیب: کاربالک ایسڈ ...... 1 اونس

صاف چربی ...... 6 اونس

لے کر خوب ملاؤ۔

فائدہ اور استعمال: سلفنگ اور ان ہیلتھی یعنی گندے اور نا تندرست زخموں پر لگاتے ہیں۔

کمپونڈ آئینٹمنٹ آف کاربالک ایسڈ

ترکیب: آئینٹمنٹ آف کاربالک ایسڈ...... 7اونس

سب لائمڈ سلفر 2اونس

لے کرخوب ملاؤ۔

فائدہ اور استعمال: بیخ اور اسکیب کے علاج میں استعمال کرتے ہیں۔

آئینٹمنٹ آف ٹینک ایسڈ

ترکیب: ٹینک ایسڈ 1حصہ

صاف چربی 6حصہ

لے کراچھی طرح ملالو۔

فائدہ اور استعمال: اسٹر نجٹ۔بعض اوقات اس میں 1/2 سے ایک حصہ افیون بھی ایزاد کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: انوڈائن ہے۔

کمپونڈ آئیٹمنٹ آف ایلم

ترکیب: باریک سفوف ایلم 1اونس

معمولی ٹرپن ٹائن 1اونس

صاف چربی 3اونس

لے کرتیار کرتے ہیں۔

فائدہ اور استعمال: اسٹر نجٹ اور گریس میں۔ڈائی جسٹو یعنی جاذب ہے۔

آئینٹمنٹ آف ٹارٹریٹڈ انٹی منی

ترکیب: باریک سفوف انٹی منی ٹارٹریٹ ...... 1 اونس

صاف چربی ...... 4 اونس

لے کر ملاؤ۔

فائدہ اور استعمال: چھاتی پر پھیپھڑہ کی مرضوں میں بطور کونٹرا یری ٹنٹ کے اور جوڑوں پر پرانی مرضوں میں اسی فائدہ کے واسطے لگاتے ہیں۔

آئینٹمنٹ آف نائٹریٹ آف سلور

ترکیب: باریک سفوف نائٹریٹ آف سلور ...... 5 سے 10 گرین

صاف چربی ...... 1 اونس

لے کر تیار کرو۔

کرانک۔ آفتھلمیا میں بھی 1/2 مٹر کے برابر آنکھ میں تین روز کے بعد رکھتے ہیں۔

آئینٹمنٹ آف آرسنک

ترکیب: باریک سفوف ارسینو ایسڈ ...... 6 گرین

صاف چربی ...... ایک چربی

آئینٹمنٹ آف کلوریٹڈ لائم

ترکیب: کلوریٹڈ لائم ...... 1 اونس

چربی ...... 4 سے 8 اونس

ملا کر تیار کرتے ہیں۔

گریس میں اس کو استعمال کرتے ہیں۔ جب اس کے ساتھ بہت بدبو شامل ہو۔

آئینٹمنٹ آف کنتھاررِیڈیز

اس کو آبلہ زن مرہم بھی بولتے ہیں۔

ترکیب: کنتھاررِیڈیز کا سفوف 1اونس

صاف چربی 6اونس

لیکر ملالو۔

